


# آخری جنگ

شیطان کے خلاف انسان کا اعلان جنگ

ابو یحییٰ

انذار پبلیشرز

**A Non-Profit Organization**

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب : آخری جنگ

ISBN نمبر : 978-969-9807-11-4

مصنف : ابو یحییٰ

ناشر : انذار پبلیشرز: 03323051201

ویب سائٹ : www.inzaar.org

فیس بک : facebook.com/abuyahya.inzaar

ای میل : abuyahya267@gmail.com

ٹائٹل : عبدالمتین، حافظ محمد حسن سلیم

قیمت : 300روپے

ملنے کا پتہ : پوری دنیا میں کسی بھی جگہ گھر بیٹھے یہ کتاب
حاصل کرنے کے لیے رابطہ کیجیے۔

(0092)-03323051201

(0092)-03458206011

مزید مقامات کے لیے دیکھیے ہماری
ویب سائٹ www.Inzaar.org

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام

اور ان انبیائے بنی اسرائیل کے نام
جنھوں نے یہود کے دورِ زوال میں
حق کی شمع کو روشن کیے رکھا

تم میں سے جولوگ ایمان لائے اور جنہوں نے
عمل صالح کیے، ان سے اللہ کا وعدہ ہے کہ ان
کو زمین میں اقتدار بخشے گا جیسا کہ ان لوگوں کو بخشا
جو ان سے پہلے گزرے۔

(النور 55:24)

آرزوئیں نہ تمہاری پوری ہونی ہیں نہ اہل کتاب کی۔
جوکوئی برائی کرے گا اس کا بدلہ پائے گا اور وہ اپنے
لیے اللہ کے مقابل کوئی حامی ومددگار نہ پا سکے گا۔

(النساء 123:4)

## لبيك اللهم لبيك

تاریخ کے طالب علم یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ انسانی تاریخ کا ایک بڑا حصہ اُن جنگوں سے عبارت رہا ہے جن میں انسانوں کی جان، مال اور آبرو سب بے وقعت ہو جاتی ہیں۔ مگر یہ بات کم لوگ جانتے ہیں کہ اس دھرتی پر لڑی جانے والی اصل جنگ جس کے نتیجے میں باقی تمام جنگیں، خونریزی اور فساد برپا ہوتا ہے، انسانوں کے مابین نہیں بلکہ انسان اور شیطان کے درمیان لڑی جانے والی جنگ ہے۔

قرآن مجید سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس جنگ کا آغاز روزِ ازل اُس وقت ہوا جب ابلیس نے ہمارے باپ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ ابلیس نے اللہ تعالیٰ کے حکم کے باوجود نہ صرف یہ کہ انکار کیا بلکہ اللہ تعالیٰ سے تا قیامت اس بات کی مہلت مانگی کہ اسے انسانوں کو گمراہ کرنے کا موقع دیا جائے۔ یہ بات مان لی گئی مگر اس جرم کے نتیجے میں اللہ کی طرف سے شیطان پر ہمیشہ کے لیے لعنت کر دی گئی۔ یہ گویا کہ آج کی اصطلاح میں انسانیت پر کیا جانے والا تاریخ کا سب سے بڑا خودکش حملہ تھا جس میں شیطان نے اپنی مکمل تباہی کی قیمت پر انسانوں کو برباد کرنے کا فیصلہ کیا۔ بدقسمتی سے شیطان کا یہ حملہ اتنا کامیاب رہا ہے کہ ایک صحیح حدیث (بخاری، رقم 3348، مسلم، رقم 1028) کے الفاظ مستعار لیے جائیں تو ہر ہزار میں سے نوسوننانوے لوگ اس کی زد میں آ کر جہنم کے مستحق ہو چکے ہیں۔

اس حملے کی کامیابی کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ انسانوں کی اکثریت اپنے اِس بدترین دشمن

اور اپنے خلاف اِس کی جنگ سے سرے سے واقف ہی نہیں۔ وہ بے خبری میں انسانوں پر وار کرتا اور ان کی کمزوریوں کا فائدہ اٹھا کر ان کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور ناشکری میں مبتلا کر دیتا ہے۔ تاہم اللہ تعالیٰ کی یہ بڑی عنایت ہے کہ اس نے انسانوں کی اس بے خبری کو دور کرنے کے لیے ہر دور اور ہر قوم میں ہزار ہا انبیائے کرام کو بھیجا۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا ادارہ ختم کر دیا گیا اور اب تا قیامت انسانوں کو یہ بتانا کہ شیطان ان کا سب سے بڑا دشمن ہے، امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے۔

شیطان اور انسان کی اس جنگ میں امت مسلمہ ایک انتہائی اہمیت کا حامل گروہ ہے۔ وہ اگر اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہیں تو انسانیت کی بڑی تعداد کو شیطان کے چنگل سے چھڑا سکتے ہیں۔ وہ ایسا نہیں کریں گے تو گویا خود شیطان کے مشن میں اس کے مددگار بن جائیں گے۔ چنانچہ امت مسلمہ شیطان کا سب سے بڑا نشانہ ہے۔ شیطان کے لیے اس امت کو نشانہ بنانے کا آسان ترین طریقہ یہ ہے کہ لوگ اپنی خواہشات کو دین اور اپنے تعصّبات کو حق سمجھنے لگیں۔ جبکہ شیطان کے شر سے بچنے کا طریقہ صرف یہ ہے کہ لوگ قرآن مجید کو اپنی خواہشات اور تعصّبات پر ترجیح دینے لگیں۔ چنانچہ انسان اور شیطان کی یہی جنگ، اس جنگ میں امت مسلمہ کی اہمیت اور شیطان کا طریقہ کار ہی میرے اس نئے ناول ''آخری جنگ'' کا مرکزی خیال ہے۔

میرا پہلا ناول ''جب زندگی شروع ہوگی'' حادثاتی طور پر وجود میں آیا، مگر اس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کی بات اتنے زیادہ لوگوں تک پہنچی جس کی مجھے کوئی امید نہ تھی۔ یہی معاملہ میرے دوسرے ناول ''قسم اُس وقت کی'' کا رہا۔ ''آخری جنگ'' میرے انھی دو ناولوں کا تسلسل ہے جس کی کہانی اُن کے مرکزی کرداروں یعنی عبداللہ اور ناعمہ کے اردگرد گھومتی ہے۔ تاہم یہ واضح رہے کہ اِس ناول کے تمام کردار چاہے شیاطین ہوں یا انسان اور ان کے حوالے سے بیان کئے



گئے متعین واقعات، سب فرضی ہیں۔ اس وضاحت کی ضرورت اس لیے اہم ہے کہ قارئین میرے ناول کے کرداروں سے بہت زیادہ وابستہ ہو جاتے ہیں۔ خاص کر عبداللہ اور ناعمہ سے۔ یہ دونوں دراصل علامتی کردار ہیں۔ یہ بتاتے ہیں کہ ایک داعی اور ایک مسلمان کو کیسا ہونا چاہیے۔ قارئین کو اِن کرداروں کو اِسی پہلو سے دیکھنا چاہیے۔

اس ناول میں شیاطین کی سوچ اور کارفرمائی زیر بحث آئی ہے۔ اس لیے ممکن ہے کہ چند مقامات پر استعمال ہونے والے بعض اسالیب کچھ صالح طبیعت لوگوں پر گراں گزریں۔ اسی طرح میرا اصل مقصد ناول نگاری نہیں تھا۔ اس لیے اختصار کے پیش نظر چند مقامات پر کہانی اور کردار نگاری کے بعض پہلوؤں سے صرف نظر کیا گیا ہے جو کچھ اہل ذوق کے لیے بار خاطر ہوگا۔ امید ہے کہ میرا عذر قبول کر کے دونوں طرح کے قارئین ان چیزوں پر درگزر فرمائیں گے۔

بحیثیت دین کے ایک ادنیٰ طالب علم کے میں نے اس مختصر ناول میں قرآن مجید کا ایک اہم اور بنیادی پیغام پہنچانے کی کوشش کی ہے۔ جو بات اس امت کے جلیل القدر اہل علم امت کے خواص کو سمجھانے کی کوشش کرتے رہے ہیں، یہ ادنیٰ طالب علم اپنے سادہ اسلوب میں اب اسے عوام الناس تک پہنچانا ضروری سمجھتا ہے۔ اس لیے کہ اس پیغام کو سمجھ کر عمل کرنے ہی میں دنیا اور آخرت کی ہماری نجات پوشیدہ ہے۔ اس پیغام کو بھولنے کا نتیجہ ماضی میں بھی تباہ کن رہا ہے اور شدید اندیشہ ہے کہ مستقبل میں بہت بڑی تباہی کا باعث بنے گا۔ میرے نزدیک اِس حقیقت کو سمجھ لینے ہی میں ہمارے عروج و زوال کا راز پوشیدہ ہے۔ تاہم ایک ناول تفصیلی علمی استدلال کا متحمل نہیں ہوسکتا، اس لیے اپنے ماہنامے ''انذار'' کے نومبر 2015 کے شمارے میں اپنے نقطہ نظر کا علمی استدلال اور پس منظر بیان کر دیا گیا ہے۔ جن لوگوں کو دلچسپی ہو وہ یہ شمارہ پڑھ لیں یا ویب سائٹ inzaar.org پر دیکھ لیں۔

مجھے اس قوم سے بڑا حسن ظن ہے کہ یہ اللہ رسول سے محبت کرنے والی قوم ہے۔ انہیں اگر درست بات بتائی جائے تو یقیناً یہ توجہ سے سنیں گے۔ چنانچہ اسی احساس کے تحت آج یوم العرفہ کے دن جب خدا کے بندے اور بندیاں عرفات کے میدان میں خدا کی بندگی کا اقرار اور شیطان کے خلاف جنگ کا اعلان کررہے ہیں، میں اس ناول کو مکمل کرکے اپنی قوم کے سامنے پیش کررہا ہوں۔ اس عاجز نے اپنی بساط بھر کوشش کرکے قوم کے دل پر دستک دی ہے۔ مجھے نہیں خبر کہ یہ دستک کتنے دلوں کے دروازے کھولے گی ...... مجھے نہیں خبر کہ اس قرآنی دعوت کے جواب میں کتنے لوگ لبیک کہیں گے۔ لیکن جو لوگ شیطان کے خلاف اس آخری جنگ میں اترنے کا عزم کریں گے۔ جو لوگ قرآن مجید کی پکار کے جواب میں لبیك اللھم لبیك کہتے ہوئے خدا کی طرف سے اٹھیں گے، انہیں دو باتیں یاد رہنی چاہییں۔ ایک یہ کہ اب وہ اپنے بدترین دشمن شیطان کے حملوں کی زد میں آجائیں گے۔ شیطان اپنے دشمنوں کو کبھی نہیں چھوڑتا۔ مگر اس سے زیادہ اہم دوسری بات ہے۔ وہ یہ کہ اللہ اپنے دوستوں کو کبھی نہیں چھوڑتا۔ جب عالم کا پروردگار ان کے ساتھ ہے تو ساری دنیا مل کر بھی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ پروردگار عالم ان کا محافظ بن کر اس دنیا میں بھی ان کی حفاظت کرے گا اور قیامت کے دن بھی انہیں اپنی بہترین رحمتوں سے نوازے گا۔ اس جنگ میں شکست شیطان کا مقدر ہے۔ اس جنگ میں فتح عباد الرحمٰن کا مقدر ہے۔ شرط یہ ہے کہ لوگ اپنی خواہشات کو دین نہ بنائیں بلکہ اللہ کی مرضی کے مطابق جو قرآن مجید کی شکل میں ہمارے پاس موجود ہے، خود کو ڈھالیں۔ یہی اس ناول کا اصل پیغام ہے۔

ابو یحییٰ

یوم العرفہ

1436 ہجری



اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عبداللہ صاحب ایک منٹ رکیے! مجھے آپ سے کچھ کام ہے۔

اپنا نام سن کر عبداللہ کے قدم رک گئے۔ اس نے پلٹ کر دیکھا۔ آواز اور لب و لہجے سے کانوں نے جو سمجھا تھا، نگاہوں نے اس کی تصدیق کردی۔ درمیانی عمر کا ایک سفید فام شخص اس کی سمت آرہا تھا۔ وہ ایک دراز قد شخص تھا...... جسم چھریرا...... اور چہرہ...... زندگی کی رونق سے بھرپور...... لیکن یہ چہرہ عبداللہ کے لیے بالکل غیر مانوس تھا...... گرچہ غرناطہ کے اس شہر میں اسے کسی جاننے والے سے ملنے کی کچھ زیادہ توقع بھی نہ تھی۔ عبداللہ نے ذہن پر زور ڈالا...... اس مشقت کا حاصل ایک ہی نکلا...... اس شخص کے چہرے پر پڑے ہوئے اجنبیت کے پردے اور گہرے ہوگئے۔

ہوسکتا ہے کانفرنس میں کہیں ملا ہو اور مجھے یاد نہ رہا ہو۔

عبداللہ نے دل میں سوچا...... وہ اسی سوچ میں ڈوبا ہوا تھا کہ اجنبی نے قریب آکر مصافحے کے لیے ہاتھ بڑھاتے ہوئے اپنا تعارف کرایا۔

السلام علیکم! میرا نام ڈیوڈ ہے۔ آپ داؤد کہہ سکتے ہیں۔

عبداللہ نے سلام کا جواب دیتے ہوئے اپنا ہاتھ بھی آگے بڑھا دیا۔ عبداللہ کو اندازہ ہوگیا تھا کہ اس کا مخاطب ایک مسلمان بلکہ نومسلم ہے۔ رواں انگریزی لہجے میں سلام اور لفظ داؤد کا

استعمال اس کے اسلام اوران کا تلفظ اس کے نومسلم ہونے کا قرینہ تھا۔عبداللہ کے چہرے پر اس کی روایتی مسکراہٹ اور گہری ہوگئی،مگراس کی آنکھوں میں شناسائی کی کوئی جھلک ابھی تک پیدا نہ ہوئی تھی۔ یہ بات اجنبی نے بھی محسوس کر لی۔اس نے اپنا مزید تعارف کرایا۔

میں نے آج کے سیشن میں آپ کی تقریر سنی تھی۔آپ تقریر کے بعد یہاں ہوٹل کی لابی میں آ گئے تو میں بھی آپ کے پیچھے چلا آیا۔سیشن تو ابھی جاری ہے۔

جی ہاں سیشن جاری ہے۔میں فریش ہونے کے لیے تھوڑی دیر باہر آیا تھا۔

جی یقیناً......آپ کو واپس سیشن میں جانا ہوگا۔لیکن میں آپ سے ملنا چاہتا ہوں۔مجھے بہت ضروری کام ہے۔ویسے میں ایک مسلمان ہوں......نومسلم۔

آخری بات کہتے ہوئے داؤد کے لہجے میں جوش آ گیا تھا۔اس جملے نے عبداللہ کے تاثر کی تصدیق کر دی تھی۔اس نے داؤد سے دوبارہ بڑی گرمجوشی سے مصافحہ کیا۔

بہت خوشی ہوئی آپ سے مل کر۔ہدایت کے راستے اور جنت کی منزل کی طرف بڑھنے والے قدموں پر سلام ہو۔میرے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اس راہ پر خوش آمدید۔

عبداللہ کی بات سے داؤد ایک دم کھل اٹھا۔اس نے خوش ہو کر کہا:

مجھے اسلام قبول کرنے پر اس طرح مبارکباد پہلے کبھی کسی نے نہیں دی۔مجھے اس لمحے محسوس ہو رہا ہے کہ میں پیغمبر اسلام کے دور میں پہنچ گیا ہوں۔میرا دل گواہی دے رہا ہے کہ میں اپنے اور آپ کے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی وارث سے مخاطب ہوں۔

شکریہ۔میں تو دو دن سے یہاں موجود ہوں۔آج کانفرنس کا آخری سیشن ہے جو رات تک جاری رہے گا۔کل علی الصبح ہی میری روانگی ہے۔



عبداللہ نے اپنے بارے میں کہے گئے تعریفی کلمات کو نظر انداز کرتے ہوئے داؤد کے اصل سوال کے جواب میں اسے اپنے مسئلے سے آگاہ کیا۔تاہم اس کے لہجے میں تردد تھا۔وہ ملاقات سے منع نہیں کرنا چاہ رہا تھا......مگر اس کے پاس ملنے کا موقع نہیں تھا۔

اس کی بات سن کر داؤد کے چہرے پر مایوسی طاری ہوگئی۔لمحہ بھر کو دونوں خاموش ہو گئے۔

داؤد کے مرجھاتے چہرے کو پڑھتے ہوئے عبداللہ نے ایک راہ نکالی۔

ایک شکل ہوسکتی ہے۔کانفرنس کا آخری سیشن سوال و جواب کا ہے۔یہ سیشن شام میں ہوگا۔دوپہر سے شام تک وقفہ ہے۔میں اس وقفے میں الحمرا دیکھنے جاؤں گا۔آپ چاہیں تو میرے ساتھ وہاں چلیں۔مگر خبر نہیں آپ کو وہاں جانے میں کوئی دلچسپی ہے یا نہیں......

عبداللہ کی بات پوری بھی نہیں ہوئی تھی کہ داؤد خوشی سے بول اٹھا:

کیوں نہیں۔میں ضرور چلوں گا۔یہ تو میری دلچسپی کی چیز ہے کیونکہ میں پیشے کے اعتبار سے ماہر آثار قدیمہ ہوں۔اس قدیم تاریخ کا ماہر جو پرانے آثار کے اجڑے ہوئے در و دیوار اوران میں پوشیدہ دفینوں میں لکھی ہوتی ہے۔

چلیے یہ تو بہت خوب ہوا۔ہماری ملاقات پکی ہوگئی۔آج کی سہ پہر الحمراء کے ساتھ آپ کے نام بھی ہے۔میں انشاءاللہ یہیں لابی میں آپ کو مل جاؤں گا۔

جی ضرور۔یہ میرے لیے اعزاز کی بات ہوگی۔

اس کے ساتھ ہی انہوں نے باہمی مصافحہ کیا اور عبداللہ آڈیٹوریم کی طرف جہاں کانفرنس ہو رہی تھی واپس جانے کے لیے آگے بڑھ گیا۔

-----------------

جمیلہ سو رہی تھی۔مگر اس کے چہرے پر بے چینی و اضطراب کے آثار نمایاں تھے۔وقفے

وقفے سے وہ کچھ بڑبڑا رہی تھی۔ الفاظ واضح نہیں تھے، مگر خوف واذیت کی اُس کیفیت کے عکاس ضرور تھے جس سے وہ خواب میں گزر رہی تھی۔ وہ یقیناً کوئی بھیانک خواب دیکھ رہی تھی۔

پھر ایک گھگیاتی ہوئی چیخ مار کر وہ بیدار ہوگئی اور گھبراہٹ میں اٹھ کر بستر پر بیٹھ گئی۔ اس نے گھڑی پر نگاہ ڈالی۔ رات کے دو بج رہے تھے۔ ہر طرف خاموشی اور سناٹے کا راج تھا۔ مگر اس کا دل سکون کی کیفیت سے بالکل خالی تھا۔ وہ مایوسی اور جھنجھلاہٹ کے عالم میں بڑبڑائی:

میرے خدا! پھر یہی خواب۔ اس اذیت سے کب پیچھا چھوٹے گا؟

یہ کہتے ہوئے اس نے دونوں ہاتھوں سے اپنا سر پکڑ لیا۔ خیالات کی ایک رو تھی جو اس کے ذہن میں چل رہی تھی۔ جو اذیت خواب کی شکل میں اس نے نیند میں بھگتی تھی، وہ جاگنے پر خیال کی شکل میں اس پر مسلط ہوگئی۔ یا شاید یہ خیال ہی تھا جس نے برسہا برس سے خواب کے روپ میں اس کو اذیت سے دوچار کر رکھا تھا۔ وہ ساری زندگی یہ خواب دیکھتی آئی تھی۔ رسوائی اور ذلت کی داستان اس پر ایک ہی دفعہ مسلط ہوئی، لیکن خیال اور خواب کی دنیا میں یہ اذیت زندگی بھر کے لیے ایک روگ بن کر رہ گئی تھی۔

کچھ عرصہ ہوا کہ یہ خواب کچھ کم ہو گئے تھے۔ مگر جب سے اس کی بڑی بیٹی سارہ کی شادی ہوئی تھی اسے یہ خواب دوبارہ ستانا شروع ہو گئے۔ کبھی اس کے شوہر کا غضب ناک چہرہ اس کی نگاہ کے سامنے آجاتا۔ کبھی اس کی کفن پوش لاش نظر کے سامنے آجاتی اور کبھی طلاق کے الفاظ اس کے کانوں میں گونجتے اور کبھی......

اس سے زیادہ وہ کچھ نہ سوچ سکی...... وہ سوچنا بھی نہیں چاہتی تھی۔ اس نے برابر میں لیٹی ہوئی اپنی چھوٹی بیٹی صبا کی طرف دیکھا۔ وہ ہر چیز سے بے خبر سو رہی تھی۔ اس کے چہرے پر معصومیت تھی، سکون تھا اور نوجوانی کی گہری اور بےفکر نیند کے آثار تھے۔



اللہ ان دونوں کو ہمیشہ اپنی پناہ اور عافیت میں رکھے۔ اپنے گھروں کا سکھ دکھائے۔

اس نے صبا کے ساتھ سارہ کے لیے بھی دعا کی۔ سارہ کو اس کی دعاؤں کی واقعی بہت ضرورت تھی۔ سارہ کی شادی کو چند ہی مہینے ہوئے تھے۔ وہ اپنے چچازاد حمزہ سے بیاہی گئی تھی۔ مگر جب سے اس کی شادی ہوئی جمیلہ کا سکون غارت ہو گیا تھا۔ حمزہ اس کے دیور کا لڑکا تھا۔ مگر دونوں گھرانوں میں عرصے سے کچھ زیادہ ملنا جلنا نہ تھا۔ اس لیے انہیں حمزہ کے مزاج کا زیادہ اندازہ نہ تھا۔ انہوں نے حمزہ کو بچپن میں دیکھا تھا۔ دوبارہ اُس وقت دیکھا جب ان کے دیور شفقت اور دیورانی ثمینہ اس کا رشتہ لے کر آئے۔

ایک بیوہ کے گھر جس کے دونوں لڑکے کام کاج سے فارغ ہوں، کھاتے پیتے گھرانے کا رشتہ آجائے؛ وہ بھی اتنے قریبی رشتہ داروں کے ہاں سے، اس سے زیادہ سکون کی کوئی بات اس کے لیے نہیں ہو سکتی تھی۔ وہ ماضی کی ساری شکایتیں بھول گئیں۔ یہ بھول گئیں کہ ان کے شوہر کے بعد شفقت نے مرحوم بھائی اور اس کے چار یتیم بچوں کی کفالت کرنے کے بجائے منہ پھیر لیا تھا۔ وہ یہ بھی بھول گئیں کہ جس وقت وہ اور ان کے بچے غریبی کے انبار میں دبے ہوئے زندگی کی گاڑی کسی نہ کسی طرح کھینچ رہے تھے، شفقت صاحب نے انہیں پلٹ کر بھی نہ پوچھا۔ نہ سگی رشتہ داری کا لحاظ کیا نہ بھائی کے یتیم بچوں کا۔ وہ انتہائی خودغرض شخص تھے۔ یہی زندگی میں ان کی ترقی کا راز بھی تھا۔ انہوں نے زندگی بھر اپنے بیوی بچوں کے علاوہ کبھی کسی کا نہ سوچا۔ اپنی ترقی کی راہ میں انہوں نے کسی جائز و ناجائز، حلال و حرام کی پروا نہ کی۔ اور آج وہ دنیوی ترقی کے عروج پر کھڑے تھے۔ ان کی بیوی ثمینہ اپنے شوہر سے بھی دو ہاتھ آگے تھیں۔ درحقیقت شوہر کو ایسا بنانے میں بہت کچھ ان کا بھی عمل دخل تھا۔

مگر قسمت کو کیا کہیے کہ کچھ عرصہ قبل کسی شادی میں حمزہ نے سارہ کو دیکھ لیا۔ وہ تھی بھی بہت

خوش شکل۔ پھر شادی کے موقع پر پہن اوڑھ کر ایسی لگ رہی تھی کہ ہزاروں میں نمایاں ہوجائے۔ وہ حمزہ کے من کو بھا گئی۔اس نے ماں باپ کو صاف بتادیا کہ شادی کرے گا تو سارہ ہی سے کرے گا۔شفقت اور ثمینہ ان دنوں اپنے اکلوتے بیٹے حمزہ کے لیے رشتہ دیکھ رہے تھے۔ شروع میں دونوں نے مزاحمت کی مگر آخرکار بیٹے کی ضد کے آگے ہتھیار ڈالنے پڑے۔اگرچہ وہ اس رشتے پر دل سے راضی نہ تھے اور خاص کر ثمینہ تو کسی طور آمادہ نہ تھی، مگر بیٹے نے کسی بھی اور جگہ شادی کرنے سے صاف انکار کردیا تھا۔مجبوری کے عالم میں بیوہ بھابھی اور مرحوم بھائی کی اولاد کی محبت دوبارہ جاگی۔ پھر آنا جانا شروع ہوگیا۔ملنا جلنا ہوا، تحفے تحائف دیے گئے اور پھر آخرکار سارہ کا رشتہ حمزہ کے لیے مانگ لیا گیا۔جمیلہ کس منہ سے اور کس طرح نہ کہتی۔قریبی رشتہ، دولت کی ریل پیل، اچھا کھانا پینا اور یہاں ...... ہر جگہ مفلسی نے ڈیرے ڈال رکھے تھے۔ بیٹے بے روزگار تھے۔بیٹیوں کو کسی نہ کسی طرح پڑھا لکھا دیا تھا۔لیکن سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ ان کی شادی کیسے ہوگی۔مگر شفقت اور ثمینہ نے یہ اطمینان بھی دلا دیا کہ ان کا جہیز کے نام پر کوئی مطالبہ نہیں۔گرچہ اس میں بھی اصل وجہ ان کی شرافت سے زیادہ یہ تھی کہ جہیز کے نام پر جو کچھ سارہ کے ساتھ آنا متوقع تھا، وہ ملنے جلنے والوں میں ان کی ناک کٹوانے کا سبب بن جاتا۔

یوں ایک روز جب قسمت ایسے مہربان ہوئی تو انہوں نے کچھ نہیں دیکھا۔سارہ حمزہ کے ساتھ بیاہی گئی۔ یہ بات بعد میں کھلی کہ حمزہ کا غصہ آگ کی بھٹی کی طرح دہکتا ہے۔اور جب غصہ آجاتا ہے تو وہ کچھ نہیں دیکھتا۔بالکل اپنے تایا یعنی جمیلہ کے شوہر پر گیا تھا۔

اس مماثلت کے خیال ہی سے جمیلہ ایک دفعہ پھر لرز گئیں۔بے اختیار انہوں نے فون اٹھایا اور سارہ کا نمبر ملایا۔کافی دیر تک بیل بجتی رہی۔پھر نیند میں ڈوبی ہوئی سارہ کی آواز آئی۔

امی سب خیریت تو ہے۔رات کے تین بجے آپ نے کیوں فون کیا ہے؟



بیٹا بس تم سے پوچھنا ہے۔تم خیریت سے ہو؟

امی رات کے اِس پہر آپ نے صرف یہ پوچھنے کے لیے مجھے نیند سے اٹھایا ہے کہ میں خیریت سے ہوں؟

سارہ نے دبی دبی آواز سے پوچھا۔اس کے لہجے سے بیزاری ٹپک رہی تھی۔

آپ کو پتہ ہے کہ حمزہ اٹھ گئے تو غصہ ہوں گے۔

یہی تو پوچھ رہی ہوں کہ حمزہ کو آج کل غصہ تو نہیں آرہا۔

امی خدا کے لیے......انہیں غصہ نہیں بھی آرہا تو اِس بے وقت کے فون پر ضرور آجائے گا۔

پلیز فون بند کر کے سو جائیں......صبح میں بات کروں گی آپ سے۔

سارہ نے یہ کہا اور جواب کا انتظار کیے بغیر فون رکھ دیا۔

جمیلہ کچھ دیر فون ہاتھ میں لیے بیٹھی رہیں۔ پھر وہ ہاتھ جوڑ کر اللہ کے سامنے دست بدعا ہوگئیں کہ جس پل صراط سے وہ گزر رہی ہے، اس کی بیٹی کو کبھی اس پر قدم نہ رکھنا پڑے۔ وہ دیر تک یہ دعا مانگتی رہیں۔

-----------------

نجانے رات کا کون سا پہر تھا۔آسمان پر چاند موجود نہ تھا کہ یہ قمری مہینے کی ابتدائی تاریخ تھی۔ وہ ہوتا بھی تو گہرے سیاہ بادلوں کے سامنے خود کو اسی طرح مجبور پاتا جس طرح تاروں کی روشنی ان بادلوں کی قید میں بے بس ہوچکی تھی۔ یہ آسمان کا حال تھا۔ رہی زمین تو اس صحرائی علاقے میں دور دور تک روشنی کی ایک رمق بھی موجود نہ تھی۔اندھیرے کی مہیب چادر نے ہر منظر کو ڈھانپ رکھا تھا......گرچہ اس صحرا میں کوئی منظر ویسے بھی موجود نہ تھا۔ ہوا بالکل بند تھی۔ چاروں طرف ایک ہولناک سناٹا طاری تھا۔غرض اندھیرے اور سناٹے کا ایسا راج تھا کہ کوئی

انسان یہاں آ جاتا تو دہشت سے مر جاتا۔اس سناٹے میں وقفے وقفے سے اگر کوئی آواز گونجتی تو وہ اس اندھیرے میں نظر نہ آنے والے سانپوں کی پھنکار تھی۔ یہ پھنکار اس وحشت زدہ ماحول میں مزید دہشت پیدا کر رہی تھی۔

ایسی ہی وحشت زدہ تاریکی اور سکوت اس مجلس پر طاری تھا جو اس صحرا میں ایک پہاڑی ٹیلے کے دامن میں ہو رہی تھی۔تمام حاضرین سر تا پیر سیاہ چوغوں میں ملبوس تھے۔ چہرے کی جگہ ایک عجیب مکروہ سی شکل نظر آ رہی تھی۔ یہ لوگ کسی طور انسان نہیں تھے...... یہ واقعی انسان نہیں تھے۔مگر یہ کیا تھے اس کا کچھ اندازہ کرنا ممکن نہ تھا۔ایسا لگتا تھا کہ جیسے یہ اندھیرے کی کوئی مخلوق تھی جس کے لیے اندھیرا روشنی کے برابر تھا۔قیاس اگر کچھ بتاتا تھا تو وہ یہ کہ ابلیس کے بہت سے فرزند ایک ساتھ جمع ہیں۔

کچھ دیر بعد اس خاموشی کو حاضرین میں سے ایک کی پھنکارتی ہوئی آواز نے توڑا۔اس نے سامنے بیٹھے ہوئے شخص کو مخاطب کر کے کہا۔

عزت مآب زاریوس! آج سردار نے ہم کو اس طرح اچانک کیوں بلایا ہے؟

محترم سوگویال! مجھے بھی نہیں خبر کہ اس اجتماع کی کیا خاص وجہ ہے۔ بظاہر تو سب ٹھیک ہے۔

زاریوس نامی شخص نے جواب دیا۔اس کے لہجے اور آواز سے ظاہر ہوتا تھا کہ وہ اس مجلس میں کوئی نمایاں مقام کا شخص ہے۔

آپ نے بالکل درست فرمایا عزت مآب زاریوس! سب ٹھیک ہی نہیں ہے بلکہ بہت اچھا جا رہا ہے۔

پہلے شخص نے جسے سوگویال کہہ کر مخاطب کیا گیا تھا ایک دفعہ پھر اپنی پھنکارتی ہوئی آواز بلند



کی۔

ایک طویل عرصے کی مشکل کے بعد پچھلے کچھ عرصے سے ہمارا اقتدار پھر دنیا پر قائم ہو چکا ہے۔ ہر طرف ہماری مرضی چل رہی ہے۔ایسا شاندار وقت تو ہماری تاریخ میں شاید ہی کبھی آیا ہو۔

میں آپ کی مکمل تائید کرتا ہوں۔

اس پھنکار کی تائید میں ایک اور پھنکار بلند ہوئی۔ سیاہ چوغے میں ملبوس ایک اور شخصیت نے گفتگو میں حصہ لیا۔

زاریوس نے اس آواز کی طرف متوجہ ہو کر اس شخصیت کو دیکھا۔ پھر سوگویال کی طرف رخ کیا۔سوگویال نے اس کا مدعا سمجھتے ہوئے اس شخصیت کا تعارف کرایا۔

عزت مآب زاریوس! یہ ہمارے نئے اور نوجوان ساتھی ہیں جو اپنے بیش بہا کارناموں کی کی بدولت ترقی پا کر پہلی دفعہ ہماری مجلس میں شرکت کا اعزاز پا رہے ہیں۔ میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں اپنے ہونہار ساتھی منایوس کو۔

منایوس آپ کو اس مجلس میں خوش آمدید۔زاریوس نے خوش دلی کے ساتھ منایوس کا استقبال کرتے ہوئے کہا۔منایوس نے بھی والہانہ انداز میں جواب دیا۔

میرے لیے بڑی عزت کی بات ہے کہ ایسے بڑے لوگوں کی مجلس میں مجھے شریک ہونے کا موقع ملا ہے۔ یہ کتنا بڑا اعزاز ہے کہ جس عظیم مشن کو میرے آقا عزازیل نے شروع کیا تھا، اس کو پورا کرنے والی مجلس کا رکن بنوں۔

مگر آپ کا اس مجلس میں ہونا اہل مجلس کے لیے اعزاز کی بات ہے۔

سوگویال نے شاندار طریقے سے منایوس کی حوصلہ افزائی کی اور پھر اس کے کارناموں کی

تحسین کرتے ہوئے زاریوس سے کہا:

عزت مآب زاریوس! ہمارے اس نوجوان ساتھی نے پچھلے کچھ عرصے سے تہلکہ مچا رکھا ہے۔ ہر جگہ ان کی دھوم ہے۔

بہت خوب۔ کیا کارنامے ہیں ان کے؟

آپ جانتے ہیں کہ اولادِ آدم کے خلاف ہمارے پاس سب سے اہم ہتھیار جنسی بے راہ روی کا ہے۔ ہر دور میں ہم مرد وزن کو اسی کے ذریعے سے اپنے راستے پر لاتے رہے ہیں۔

بالکل درست فرمایا آپ نے محترم سوگویال۔ مگر اس کے باوجود انسانی معاشروں میں زنا کو ہر دور میں برا سمجھا گیا ہے۔ لیکن اب تو صورتحال بدل چکی ہے۔ ہمارے ساتھیوں نے دنیا بھر میں زنا کو سماجی سطح پر قابل قبول شے بنا دیا ہے۔ بلکہ زنا کے بعد اب تو ہم جنس پرستی کو بھی ہم نے دنیا بھر میں نہ صرف عام کیا ہے بلکہ لوگوں کے لیے قابل قبول بھی بنا دیا ہے۔

زاریوس نے سر ہلاتے ہوئے سوگویال کی تائید کی۔ اس کی تائید پر سوگویال نے فخر سے منایوس کے بارے میں تفصیلات بیان کرنا شروع کیں۔

جناب عالی! آپ نے بالکل درست فرمایا۔ یہ عظیم کارنامہ جن ساتھیوں نے سرانجام دیا ہیں، ان میں اہم ترین نام سردار منایوس کا ہے۔ آپ کی ذہانت، صلاحیت اور ان تھک کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج دنیا کے بیشتر معاشروں میں زنا کو برائی نہیں سمجھا جاتا۔ بہت سے ملکوں میں ہم جنس پرستی کو قبول عام حاصل ہو چکا ہے۔ بلکہ اس سے آگے بڑھ کر سردار منایوس کا یہ کارنامہ بھی ہے کہ عریاں فلموں، فحش رسالوں اور انٹرنیٹ کے ذریعے سے انہوں نے فحاشی کو دنیا کے ہر گھر میں پہنچا دیا ہے۔ فلموں اور ٹی وی پروگراموں کے ذریعے سے اب تمام دنیا میں نیم عریاں لباس کا چلن عام ہو چکا ہے۔ یہ سب بھی منایوس اور ان کے ساتھیوں کا عظیم کارنامہ ہے۔



سوگویال نے بڑے فخر سے منایوس کے کارنامے بیان کیے جو سینہ چوڑا کیے اپنے کارناموں کے بیان پر خوش خوش بیٹھا تھا۔

عزازیل کے عظیم فرزند منایوس! تم قابل تعریف ہو۔ اس دور میں عفت اور پاکدامنی کو دنیا سے ختم کرنے، دنیا بھر میں زنا اور عریانی کو عام کرنے اور خدا کی ناپسندہ چیزوں کو انسانوں کی نظر میں سب سے زیادہ محبوب بنانے پر میں تمھیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

زاریوس نے دل کھول کر منایوس کی تعریف کی۔ منایوس نے بڑے فخر سے کہا۔

یہی نہیں محترم زاریوس اور سردار سوگویال۔ اب تو صورتحال یہ ہے کہ ہر دوسرا نوجوان اپنے موبائل فون اور کمپیوٹر پر عریاں فلموں اور تصویروں کا ذخیرہ لیے پھرتا ہے۔ زیادہ وقت نہیں گزرے گا کہ آپ کو اس دنیا میں کوئی پاکدامن مرد اور عورت ڈھونڈنا مشکل ہو جائے گا۔

ہمیں تم سے یہی امید ہے منایوس۔ اب تو تمہارے مقابلے میں ہمیں اپنے کام بہت چھوٹے لگنے لگے ہیں۔

سوگویال نے بظاہر اس کی حوصلہ افزائی کی۔ مگر آخری جملہ اس کی اندرونی کیفیت کا عکاس تھا کہ وہ درحقیقت اپنی تعریف سننا چاہ رہا تھا۔

ارے یہ کیسی بات کی ہے آپ نے محترم سوگویال۔ میرے کام کی جہاں انتہا ہوتی ہے وہاں سے تو آپ کے کارنامے شروع ہوتے ہیں۔ میں نے اتنی محنت اس لیے کی ہے کہ زنا کے ذریعے سے خاندانی نظام تباہ ہو جائے۔ خاندانی تربیت کے بغیر پلنے والے بچے ہمارا سب سے آسان نشانہ ہوتے ہیں۔ مگر آپ تو نکاح کے مضبوط تعلق سے بننے والے میاں بیوی کے رشتے کو توڑ کر یہی مقصد حاصل کرتے ہیں۔ میرے لیے تو بڑا آسان ہے کہ ایک نوجوان کو اپنے رخ پر لے آؤں، مگر وہ توبہ کر کے فوراً خدا کی طرف لوٹ سکتا ہے۔ مگر آپ تو وہاں وار کرتے ہیں

جہاں وار کرنا سب سے مشکل ہے۔ جہاں سے لوٹنے کا امکان نہیں ہوتا۔ آپ تو خاندان کی اس ڈور کو کاٹتے ہیں جس کو پورا معاشرہ مل کر مضبوطی سے باندھتا ہے۔

منایوس بول رہا تھا اور اس کی آواز میں یہ احساس پوری طرح جاگزیں تھا کہ وہ واقعی سوگویال کے کام کی اہمیت سمجھتا ہے۔

ہاں بھئی سوگویال کے کام کے کیا کہنے۔ زاریوس نے بھی اس کی تائید کرتے ہوئے کہا:

انہیں بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔ میاں بیوی کے تعلق کی ڈور کاٹنا آسان نہیں ہوتا۔ کتنے مواقع ڈھونڈنے پڑتے ہیں۔ کتنے لوگوں کو استعمال کرنا ہوتا ہے۔ کیسے کیسے وسوسے ڈالنے پڑتے ہیں۔ مزاج کے ہر رنگ کو سمجھنا ہوتا ہے۔ انسانی طبیعت کے ہر انداز کو کام میں لانا پڑتا ہے۔ پھر کہیں جا کر گھر میں جھگڑا ہوتا ہے۔

جی آپ نے بالکل درست فرمایا۔ اتنی محنت کے بعد ہی کہیں جا کر ہماری مرضی کا معاملہ ہوتا ہے۔ ایک دفعہ جھگڑا شروع ہو جائے تو الزام، بہتان، نفرت، بغض، عداوت، بدکلامی، جھوٹ، ظلم جیسی چیزیں گھر کی فضا کا حصہ بن جاتی ہیں۔ دل خراب ہوتے ہیں۔ بچے برباد ہوتے ہیں۔ اور آخر کار میاں بیوی کا تعلق ہی ٹوٹ جاتا ہے۔

منایوس نے زاریوس کی بات میں گرہ لگاتے ہوئے ماہرانہ تبصرہ کیا۔

یہ نہ بھی ہو تب بھی رشتے ناطے ختم ہو جاتے ہیں۔ اولاد، والدین، بہن بھائی، سسرال اور میکے کے سارے رشتوں ناطوں کا تانا بانا نکاح کی مرکزی ڈور سے جڑا ہوتا ہے۔ یہ ڈور کٹ جائے تو کیا ہی کہنے۔ نفرت کی بھٹی دہک جاتی ہے جس میں خاندان در خاندان جلتا اور نسل در نسل برباد ہوتی ہے۔ اس رشتے کی ڈور نہ بھی کٹے تو تعلق اور ناطے کی ڈور ضرور ٹوٹتی ہے اور لوگ ایک دوسرے کی شکل دیکھنے کے روادار نہیں رہتے۔



منایوس کے تبصرے پر خوش ہوتے ہوئے سوگویال نے اپنے کام پر مزید روشنی ڈالنا شروع کی:

آپ تو جانتے ہی ہیں کہ صرف میاں بیوی ہی نہیں میں تو ہر رشتہ اور تعلق کی ڈور کو کاٹتا ہوں۔ خدا کو جتنی دلچسپی انسانوں کو باندھ کر رکھنے سے ہے، مجھے اتنی ہی دلچسپی انہیں کاٹنے سے ہے۔ میاں بیوی کا رشتہ نہ بھی کٹے تو والدین، اولاد، بہن بھائیوں اور دیگر رشتہ داروں میں نفرت پھیلانا اور تعلق خراب کرنا میرا کام ہے۔

کیا کہنے ہیں تمہارے میرے بھائی سوگویال۔ تم ہمارے سر کا تاج ہو۔ زاریوس نے شدت محبت سے سوگویال سے کہا:

یہ کیا بات کہی آپ نے...... ہمارے سر کا تاج تو آپ ہیں۔ ہماری کیا جرأت کہ آپ کی برابری کر سکیں۔ سوگویال نے ایک لمحے کی تاخیر کے بغیر جواب دیا۔

سردار زاریوس کے کارناموں کا مجھے زیادہ علم نہیں۔ صرف نام سے واقف ہوں۔ یا یہ کہ آپ فرزندان عزازیل میں سے اہم ترین کاموں کے ذمہ دار ہیں۔

منایوس نے تجسس کے ساتھ زاریوس کے بارے میں دریافت کیا۔ اسے معلوم تھا کہ زاریوس اس مجلس کا اہم ترین شخص ہے۔ لیکن وہ اس کے بارے میں زیادہ نہیں جانتا تھا۔

میں بتاتا ہوں ان کے کارنامے۔ سوگویال نے اس کی بے خبری کو دور کرنے کے لیے پورے جوش وخروش سے بولنا شروع کیا:

ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں اس کے جواب میں انسانوں کے تحفظ کے لیے خدا نے ایک دفاعی حصار بنا رکھا ہے...... اہل مذہب کا دفاعی حصار...... مذہبی پیشواؤں کی دفاعی لائن۔ یہ اُن کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ معاشرے کو ہمارے جال میں پھنسنے سے روکیں۔ چنانچہ یہ محترم زاریوس کا

مشن ہے کہ وہ اہل مذہب کو ان کے اصل کام سے ہٹا کر دوسرے کاموں میں لگا دیں۔ چنانچہ جس طرح آپ جنسی جذبے کو استعمال کرکے انسانوں کو گمراہ کرتے ہیں محترم زاریوس انا، حسد، تعصب کی انسانی کمزوریوں کو استعمال کرکے اہل مذہب کی بیخ کنی کرتے ہیں۔ یہ ان کا کارنامہ ہے کہ آج اہل مذہب فرقہ واریت کے اسیر ہیں۔ یہ دین کی اصل دعوت کو چھوڑ کر باہمی جھگڑوں میں الجھے رہتے ہیں۔ خدا کے مطلوب ترین کاموں اور دین کے اہم ترین مطالبات کو چھوڑ کر انتہائی سطحی اور غیر اہم کاموں کو جن سے ہمیں کوئی نقصان نہیں، اصل دین بنا کر پیش کرتے ہیں۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ جن غیر مسلموں کو انہیں دین اسلام کی دعوت دینی ہے، ان کے خلاف اپنی قوم میں نفرت کا صور پھونکتے رہتے ہیں۔ اس نفرت اور دشمنی میں جو چیز ذبح ہو جاتی ہے وہ اسلام کی دعوت ہے۔ یہ ہماری عظیم کامیابی ہے جو سردار زاریوس کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے۔

کیا بات ہے آپ کی سردار زاریوس۔ اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ دشمن کے دفاعی حصار کو تو آپ گرا دیتے ہیں۔ اس کے بعد ہمارا کام بہت آسان ہو جاتا ہے۔

منایوس نے زاریوس کی تحسین کرتے ہوئے کہا تو سوگویال نے زاریوس کے کام کے نتیجے کو اس طرح بیان کیا۔

بالکل۔ مذہب کی رہنمائی سے محرومی کے بعد ہمارے سامنے بس نہتے اور بے بس عوام بچتے ہیں جن کی فطرت کب تک ان کو ہمارے داؤ سے بچا سکتی ہے۔

بہت خوب۔ میں اہل مذہب کے دفاعی حصار کو ڈھانے پر آپ کی عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں۔ منایوس نے بہت عقیدت سے زاریوس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جو اپنے کارناموں کی تفصیل سنتے ہوئے سینہ اکڑائے بیٹھا تھا۔

زاریوس نے خوشی سے سر ہلاتے ہوئے منایوس کے سلام کو شرف قبولیت بخشا۔



زاریوس کی خوشی کو دیکھتے ہوئے سوگویال نے اس کے کارناموں کو دوسرے پہلو سے بیان کرنا شروع کیا۔

صرف مذہبی لیڈر ہی نہیں بلکہ محترم زاریوس مال اور اقتدار کے ایوانوں پر بھی اپنا راج قائم کیے ہوئے ہیں۔ سیاسی لیڈر اور طبقہ اشرافیہ کے لوگ ہی دنیا بھر میں جنگیں اور فساد برپا کرواتے ہیں۔ یہ لوگ کرپشن اور ظلم و زیادتی سے مال و دولت کے خزانے جمع کرتے اور عوام الناس کو غربت اور جہالت کی تاریکیوں میں سسکنے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔ جہالت اور غربت کے مارے لوگوں کو اپنا شکار بنانا ہمارے لیے بہت آسان ہوتا ہے۔ اسی طرح جنگیں اور فساد ہمارے بنیادی مقاصد کی تکمیل کرتی ہیں۔ بے گناہوں کا قتل، عصمتوں کا لٹنا، جان و مال کی بربادی وہ چیزیں ہیں جو لوگوں کی زندگی کو مصیبت بنا دیتی ہیں۔ یہ سب اس بات کا نتیجہ ہوتا ہے کہ سردار زاریوس سیاسی طبقات اور طبقہ اشرافیہ کو اپنے اشاروں پر نچاتے ہیں۔

واہ کیا خوب کام ہیں آپ کے محترم زاریوس! مجھے فخر ہے کہ میں ابلیس کے اتنے عظیم فرزند کی صحبت کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ منایوس نے فدویانہ لہجے میں زاریوس کو داد دی۔

ہاں مگر مجھے اس بات کا کھلے دل سے اعتراف ہے کہ جب تک انسانوں میں سے کچھ لوگ ہمارے مخلص ساتھی نہ بنیں، ہم کبھی بھی اپنا مقصد حاصل نہیں کر سکتے۔ مجھے اور آپ سب کو انسانوں میں سے اپنے اِن ساتھیوں کی عظمت کا اعتراف کرنا چاہیے جو کئی پہلوؤں سے ہم سے بہت آگے ہیں، مگر انسان ہونے کی بنا پر ہماری مجلس کے رکن نہیں بن سکتے۔

زاریوس نے شیطانیت کے ایک اہم دائرے کی طرف ان کی توجہ مبذول کرائی۔

آپ نے سو فیصد درست فرمایا۔ جب تک کچھ انسان شیطان نہ بنیں، ہم کبھی زمین پر فساد برپا نہیں کر سکتے۔ جان، مال اور آبرو کی ساری بربادی کا باعث تو یہی لوگ بنتے ہیں۔

سوگویال نے اس کی تائید کرتے ہوئے شیاطین انس کو بھرپور طریقے سے خراج تحسین پیش کیا۔ پھر کچھ دیر کے لیے وہ تینوں خاموش ہو گئے۔ مجلس میں اب جگہ جگہ ویسی ہی پھنکاریں بلند ہو رہی تھیں جیسی ان تینوں کی گفتگو سے پیدا ہوئی تھیں۔ باقی اہل مجلس بھی انتظار سے تنگ آ کر باہمی گفتگو شروع کر چکے تھے۔ زاریوس نے اہل مجلس پر نظر ڈالتے ہوئے کہا:

کافی تاخیر ہوگئی۔ کیا سبب ہے کہ سردار ابھی تک تشریف نہیں لائے......

زاریوس کے الفاظ کی بازگشت ابھی ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ ایک سمت سے اندھیرے میں تیرتی ہوئی ایک اور شخصیت نمودار ہوئی۔ اس کی آمد کا احساس ہوتے ہی زاریوس نے اپنی بات بیچ میں چھوڑی اور یہ کہتے ہوئے کھڑا ہو گیا۔

سردار کا اقبال بلند ہو۔

اس کے ساتھ ہی سب حاضرین خاموش ہو گئے اور سردار کی آمد پر احتراماً کھڑے ہو گئے۔

-----------------

ٹیکسی روانہ ہوئی اور چکنی سڑک پر پھسلتی ہوئی اپنی منزل کی طرف بڑھنے لگی۔ گاڑی کے اندر خاموشی چھائی ہوئی تھی۔ عبداللہ غور سے اردگرد کے مناظر دیکھ رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں تجسس تھا۔ اندلس آنا ہمیشہ سے اس کا خواب تھا۔ مسلمانوں کی عظمت رفتہ کا امین یہ ملک جہاں سے مسلمان حرف غلط کی طرح مٹا دیے گئے، اپنے اندر عبرت اور تاریخ کی بہت سی داستانیں سمیٹے ہوئے تھا۔ سب سے بڑی عبرت جو عبداللہ کو نظر آئی وہ یہ تھی کہ وہ ملک جہاں آٹھ سو برس تک مسلمانوں نے حکومت کی، جہاں کے مسلمانوں نے یورپ کے اندھیروں کو علم کی روشنی سے روشناس کرایا، آج وہاں اسلام کی ایک رمق اور مسلمانوں کے ماضی کی کوئی جھلک باقی نہ تھی۔ سوائے ان چند آثار کے جو مسلمانوں نے اپنے عروج کے زمانے میں یہاں چھوڑے تھے۔



وہ اپنے غور و فکر میں یہ بات بھولا ہوا تھا کہ ٹیکسی کی پچھلی نشست پر اس کے ساتھ داؤد بھی بیٹھا ہوا ہے۔ صبح کے سیشن کے بعد عبداللہ فارغ ہو کر لابی میں آ گیا جہاں اسے داؤد مل گیا تھا۔ پھر ایک ٹیکسی لے کر وہ الحمراء کی سمت چل پڑے۔ داؤد عبداللہ کا انہماک دیکھ کر خاموش تھا۔ آخر کار عبداللہ نے اس سے خود ہی سوال کیا۔

اسپین میں اب کتنے مسلمان ہیں؟

تقریباً دس لاکھ کے قریب ہیں۔

دس لاکھ......عبداللہ کے لہجے میں حیرت تھی۔

ہاں مگر یہ زیادہ تر باہر سے بطور مہاجر آنے والے مسلمان ہیں۔ کچھ نومسلم بھی ہیں۔ اسلام نے یہاں دوبارہ جنم لیا ہے۔

ہاں ہم پیدائشی مسلمان اسلام کے قدر دان نہیں۔ مگر غیر مسلموں میں سے کتنے لوگ ہیں جن کی پیاس سوائے اسلام کی فطری تعلیمات کے کوئی نہیں بجھا سکتا۔ ویسے آپ کا تعلق اسپین سے تو نہیں لگتا۔

عبداللہ کا اشارہ داؤد کی گوری رنگت کی طرف تھا جو صدیوں تک عرب خون کی آمیزش سے گندمی ہو جانے والی اسپینی رنگت سے کافی مختلف تھی۔

میرا تعلق اسپین سے نہیں ہے۔ میں برطانوی شہری ہوں۔ میرے آباواجداد کا تعلق اسپین سے تھا۔ خاص اسی جگہ یعنی غرناطہ سے۔ جب شاہ فرنانڈز اور ملکہ ازابیلا کی مشترکہ فوجوں نے غرناطہ کے آخری امیر عبداللہ کو شکست دی اور غیر مسیحی لوگوں پر ظلم و ستم، ان کے قتل عام، بالجبر ان کا مذہب تبدیل کرانے اور ان کو دیس نکالا دینے کا عمل شروع ہوا تو مسلمانوں کے ساتھ یہود بھی زد میں آ گئے۔ میرے آباواجداد بھی جان اور مذہب بچا کر یہاں سے بمشکل فرار ہوئے۔

اچھا۔عبداللہ نے جوخود بھی تاریخ پر گہری نظر رکھتا تھا سر ہلاتے ہوئے کہا۔داؤد بولتا رہا:

اس زمانے کے مشہور امیر البحر خیر الدین بار بروسہ نے ان کی جان بچائی تھی۔امیر البحر نے جو عثمانی سلطنت کے عظیم سلطان سلیمان عالیشان کے بحری بیڑے کے سردار تھے، انہوں نے اندلس سے جان بچا کر نکلنے والے لوگوں کی بہت مدد کی تھی۔میرے آباواجداد بھی مسلمانوں کے ایک گروہ کے ساتھ ان کی مدد سے قسطنطنیہ پہنچے تھے۔پھر کئی صدیوں بعد وہاں سے برطانیہ چلے گئے۔جبکہ میرے خاندان کے کئی لوگ اب یروشلم میں رہتے ہیں۔

بہت خوب۔آپ کو تو اپنے آباواجداد کی پوری تاریخ ازبر ہے۔

عبداللہ نے ہنستے ہوئے تبصرہ کیا۔

ہاں۔یہودیوں کو اپنی تاریخ دنیا کی کسی بھی دوسری قوم سے زیادہ یاد رہتی ہے۔اسی نے ان کو آج کے دن تک زندہ رکھا ہوا ہے۔

نہیں۔یہودیوں کو اللہ تعالیٰ نے زندہ رکھا ہوا ہے۔ اس لیے نہیں کہ ان کو اپنی تاریخ یاد ہے۔بلکہ اس لیے کہ وہ اپنی تاریخ بھول چکے ہیں۔جس روز ان کو اپنی تاریخ یاد آ گئی، یہودی دنیا سے ختم ہو جائیں گے۔

میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا؟

داؤد کے چہرے پر سوالیہ نشان تھا۔

شاید یہ بات اتنی آسانی سے سمجھائی نہیں جا سکتی۔اس لیے سرِ دست اسے جانے دیجیے۔یہ فرمائیے کہ آپ یہاں غرناطہ کیسے تشریف لائے؟

عبداللہ نے بات کا رخ ایک دوسری طرف موڑ دیا۔

دراصل مغربی کلچر میں سیاحت اب زندگی کا لازمی جزو ہے۔ہفتہ میں پانچ دن اور سال میں



گیارہ مہینے ہم ڈٹ کر کام کرتے ہیں۔مغرب نے زراعتی دور کے خاندانی نظام کو تو عرصہ ہوا خیر باد کہہ دیا ہے۔اس لیے کسی رشتہ دار سے ملنا تو ہوتا نہیں۔ چنانچہ چھٹیوں کا سب سے اچھا مصرف یہی ہے کہ ہم کہیں نہ کہیں گھومنے نکل جاتے ہیں۔

آپ نے درست کہا۔مغرب نے ٹورازم کو واقعی بہت ترقی دے دی ہے۔ ہر جگہ اتنی سہولیات ہیں کہ کچھ حد نہیں۔عربی کا مقولہ ہے۔السفر کالسقر یعنی سفر کرنا جہنم میں جانے کے مترادف ہے۔مگر مغرب نے ہر پہلو سے سفر کو اتنا باسہولت بلکہ پرتعیش بنا دیا ہے کہ اب یہ ایک مکمل تفریح میں تبدیل ہو گیا ہے۔ میں تو اکثر یہ سوچتا ہوں کہ مغرب کا انسانیت پر سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ اس نے آنے والی آخرت کی دنیا اور اس کی نعمتوں کا بھرپور تعارف ہم سے کرا دیا ہے۔آج انسانی تاریخ میں یہ پہلی دفعہ ممکن ہوا ہے کہ ایک عام آدمی آنے والی اس جنت کا تصور کر سکے جو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے لیے تیار کر رہے ہیں۔

جی آپ درست کہتے ہیں۔داؤد نے اس کی تائید کی۔عبداللہ نے سلسلہ کلام جاری رکھا:

آج ہم اپنی مرضی سے موسم کنٹرول کرتے ہیں۔سخت سردی میں ہیٹر اور گیزر جیسی نعمتوں نے جاڑے کی اذیت کو راحت میں اور ایئرکنڈیشن نے گرمی کی مشقت کو خوشگوار ٹھنڈک میں بدل دیا ہے۔ ہزاروں میل کا اذیت ناک سفر چند گھنٹوں کا آسان راستہ بن چکا ہے۔دنیا کے ایک براعظم میں بیٹھ کر دوسرے براعظم میں موجود شخص سے رابطہ کرنا چٹکی بجانے جیسا کام ہو چکا ہے۔ان جیسی ان گنت چیزوں نے جنت کا ابتدائی تعارف کرا دیا ہے۔جنت اسی زندگی کی کامل ترین شکل ہوگی۔

عبداللہ دورِ جدید کی ان نعمتوں کو گنوار ہا تھا جن سے استفادہ تو سب لوگ کرتے ہیں، مگر شکر کرنے کے بجائے غفلت میں رہتے ہیں۔

مگر پھر بھی آج کا انسان خوش نہیں۔

اس کی بات پر داؤد نے پر تاسف لہجے میں انسانیت کا ایک المیہ بیان کر دیا۔

ہاں۔ وہ اس لیے خوش نہیں کہ انسان نے اس دنیا ہی کو منزل بنالیا ہے۔ جنت کو مقصد زندگی کے طور پر فراموش کر دیا ہے۔ انسان اِسی دنیا کو اپنی جنت بنانے کی جدوجہد میں لگ گیا ہے۔ یہاں جنت نہیں بن سکتی۔ اس لیے آخر میں مایوسی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

عبداللہ نے بات ختم کی تو ایک لمحے کے لیے گاڑی میں خاموشی چھا گئی۔ عبداللہ نے کچھ دیر بعد اس خاموشی کو ایک سوال سے توڑا۔

غرناطہ اور اسپین آنے کی وجہ یہی ہے کہ آپ کے آباواجداد کا تعلق یہاں سے تھا؟

ہاں یہ سبب بھی ہے۔ لیکن زیادہ بڑا سبب یہ ہے کہ اسپین کے تاریخی مقامات کلچر کے لحاظ سے بہت اہم ہیں۔ الحمراء جہاں ہم جارہے ہیں دنیا کا ایک اہم ترین تاریخی ورثہ ہے۔ اقوام متحدہ نے اس کو اہمیت کے لحاظ سے عالمی ثقافتی ورثے کی پہلی کیٹگری میں شامل کر رکھا ہے۔

تو آپ اسے پہلی دفعہ دیکھنے جارہے ہیں؟

نہیں میں تو کئی دن سے یہاں مقیم ہوں اور الحمراء دیکھ چکا ہوں۔ آج تو جانے کا اصل سبب آپ ہیں۔

ویسے میں بھی ایک دفعہ تو الحمرا ہو کر آچکا ہوں، مگر یہ صرف ایک دفعہ دیکھنے والی جگہ نہیں ہے۔ اس لیے سوچا تھا کہ آج جانے سے قبل ایک دفعہ اور دیکھ لوں۔ مگر معاف کیجیے گا کہ میری وجہ سے آپ کو دوبارہ جانا پڑ رہا ہے۔ آپ کو زحمت ہوئی۔

نہیں ایسا بالکل نہیں ہے۔ جیسا کہ میں نے آپ کو بتایا تھا کہ میں خود ایک آرکیالوجسٹ ہوں۔ قدیم آثار سے مجھے عشق ہے۔ اس لیے مجھے کوئی زحمت نہیں ہوئی۔ بلکہ خوشی ہو رہی ہے



کہ ایک مسلمان اسکالر کے ساتھ کچھ وقت ایک تاریخی جگہ پر گزرے گا۔ شاید اس جگہ کا کوئی نیا پہلو سامنے آجائے۔

چلیے یہ تو اچھی بات ہے، مگر ابھی تک آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ آپ مجھ سے ملاقات کے خواہشمند کیوں تھے؟ بلکہ میں تو یہ بھی جاننا چاہوں گا کہ آپ نے اسلام کس طرح قبول کیا؟

میرا قبول اسلام تو ایک لمبی کہانی ہے۔ ہاں آپ سے مل کر میں کچھ پوچھنا چاہتا تھا۔ دراصل میں آپ ہی کے ہوٹل میں ٹھہرا ہوا تھا۔ اتفاق سے لابی کے نوٹس بورڈ پر اس کانفرنس کی تفصیل پڑھی۔ مجھے مذہب سے کوئی زیادہ دلچسپی کبھی نہیں رہی۔ لیکن تبدیلی مذہب کے عمل سے گزرنے کے بعد اب یہ میری دلچسپی کا موضوع ہے۔ وہاں داخلہ عام تھا اور میں فارغ تھا۔ لہٰذا سوچا کہ دیکھ لوں کیا ہو رہا ہے۔ اتفاق سے میں وہاں پہنچا تو آپ کی تقریر سننے کا موقع ملا۔ آپ نے اسلام کا تعارف بہت اچھے طریقے سے کرایا اور بہت سی غلط فہمیوں کا ازالہ کیا۔ مگر میرے کچھ ذاتی سوال تھے جن کا جواب آپ کی تقریر میں نہیں تھا۔ چنانچہ میں نے سوچا کہ مجھے آپ سے بات کرنی چاہیے۔

فرمایئے کیا سوال ہیں آپ کے ذہن میں؟

ٹیکسی ایک بلند ہوتی ہوئی سڑک پر مختلف موڑ کاٹتی ہوئی اپنی منزل کے قریب پہنچ رہی تھی۔

داؤد نے باہر نظر ڈالتے ہوئے جواب دیا۔

جی میں ضرور بتاؤں گا۔ مگر اس وقت ہم اپنی منزل الحمراء پہنچ چکے ہیں۔ آیئے ان چیزوں پر یہیں چل کر کچھ گفتگو ہوگی۔

داؤد کے توجہ دلانے پر عبداللہ نے دیکھا کہ اونچے اونچے درختوں کے درمیان مسلسل بلندی کی طرف چڑھتی ہوئی سڑک جبل سبیقہ پر واقع الحمرا کے قریب پہنچ رہی تھی۔ الحمراء کی سرخ

فصیل اپنے مہمانوں کو سر اٹھائے خوش آمدید کہہ رہی تھی۔ سیرا نواڈا پہاڑ کے پس منظر میں جبل سبیقہ پر تعمیر شدہ الحمرا صدیوں سے حالات کے ستم کا مقابلہ کر رہا تھا۔ اس کی خوبصورتی کو اگرچہ گہن لگ چکا تھا، مگر آج بھی اس کا جمال اور کمال دنیا بھر سے لاکھوں سیاحوں اور مداحوں کو اپنی دید کی دعوت دیتا تھا۔ ایسے ہی دو مداح اس کی جانب کھنچے چلے آرہے تھے۔

-----------------

آدھی رات گزرنے کے بعد یہ کس کا فون آیا تھا؟

حمزہ نے بریف کیس بند کرتے ہوئے سارہ سے دریافت کیا جو اس کا کوٹ ہاتھ میں لیے کھڑی تھی۔ حمزہ دفتر جانے کے لیے تیار ہو چکا تھا اور گھر سے نکلنے والا تھا کہ جاتے جاتے اس نے یہ سوال کر ڈالا۔ سارہ ایک لمحے کو گڑبڑا گئی۔ وہ اپنے شوہر کو اب کیا بتاتی کہ اس کی ماں نے اسے یہ جاننے کے لیے فون کیا تھا کہ آج کل حمزہ کو غصہ تو نہیں آرہا۔ اس نے ایک لمحہ سوچ کر جواب دیا۔

سوری آپ کی نیند ڈسٹرب ہوئی۔ دراصل امی کا فون تھا۔ پریشان تھیں اس لیے مجھے فون کیا تھا۔

خیر میری نیند تو خراب نہیں ہوئی۔ بس یہ اندازہ ہوا کہ تم کسی سے فون پر بات کر رہی ہو۔ مگر ایسی کیا افتاد آپڑی تھی کہ تائی امی نے آدھی رات کو تمھیں نیند سے اٹھا دیا؟

وہ دراصل بات یہ ہے کہ سعد کافی عرصے سے بے روزگار ہے اور جنید کی جاب زیادہ اچھی نہیں تھی۔ بہت معمولی تنخواہ تھی۔ مگر پچھلے دنوں یہ جاب بھی ختم ہوگئی۔ اس کی وجہ سے امی کافی پریشان رہتی ہیں۔ ساری زندگی انہوں نے مشقت اٹھا کر ہم بھائی بہنوں کو پالا ہے۔ مگر اولاد کے جوان ہونے پر بھی ان کو سکون نہیں ملا۔ میرے بھائیوں کو اچھی ملازمت مل جائے تو ان کی



پریشانی دور ہو جائے۔ کیا آپ اس سلسلے میں کچھ کر سکتے ہیں؟

سارہ نے اپنی والدہ جمیلہ کی پریشانی کا ایک دوسرا سبب حمزہ کے سامنے رکھ دیا۔ وہ پہلے بھی دبے لفظوں میں ایک دو دفعہ یہ بات کہہ چکی تھی، مگر اب موقع غنیمت جان کر اس نے اپنی ماں کی وہ پریشانی شوہر کے سامنے رکھ دی جو قابل بیان تھی۔

ارے بھئی آج کل جاب ملنا آسان تھوڑا ہی ہے۔ وہ بھی ایسے لوگوں کو جن کی تعلیم بس واجبی سی ہو۔ پھر تمہارے دونوں بھائیوں میں آگے بڑھنے کا جذبہ بالکل نہیں ہے۔ دونوں ملا کی دوڑ مسجد تک کی تصویر بنے رہتے ہیں۔ ملازمت گھر بیٹھے نہیں ملتی۔ بہت بھاگ دوڑ کرنا پڑتی ہے۔ تعلیم، قابلیت اور صلاحیت بڑھانی ہوتی ہے۔ تب کہیں جا کر ملازمت ملتی ہے۔

مگر سرکاری ملازمت تو مل سکتی ہے نا۔ ابو سے اس کی بات کریں نا پلیز۔

حمزہ کے جھلائے ہوئے لہجے کے جواب میں سارہ نے بڑی لجاجت سے التجا کی۔

ہاں سرکاری دفتر ہر نکھٹو اور نکمے آدمی کی بہترین جگہ ہے۔ سرکاری ملازمت ان دونوں کے لیے سب سے اچھی ہے۔ مگر بیگم صاحبہ آپ کو پتہ ہے سرکاری ملازمت آج کل ملتی نہیں ہے، بلکہ بکتی ہے۔ سرکار کا ہر عہدہ سیاستدان کی کمائی کا ذریعہ ہے۔ حکومت ملازمتوں کو اپنی پسند کے سیاستدانوں میں بانٹ دیتی ہے۔ وہ یا تو اپنے چہیتوں کو اس میں لگاتے ہیں یا پھر بازار میں نیلام کر دیتے ہیں۔ ہیں تمہارے پاس لاکھوں روپے کہ بھائیوں کے لیے ملازمت خرید سکو!

حمزہ نے بدستور تیز لہجے میں کہا۔ اس کا پارہ چڑھنے لگا تھا۔

میرے پاس تو بس آپ ہیں۔ آپ کی محبت ہے۔ کیا آپ میری خاطر ابو سے بات نہیں کر سکتے۔ ان کے تعلقات سرکاری محکموں میں بہت سارے لوگوں سے ہیں۔ وہ کسی سے کہیں گے تو ملازمت کا بندوبست ہو ہی جائے گا۔ آخر کار میرے بھائی ان کے بھتیجے بھی تو ہیں۔

ابو سے بات کروں؟ حمزہ نے منہ بنا کر کہا۔ اس کا لہجہ قدرے نرم ہو گیا تھا۔ سارہ کی محبت والی بات نے اس کے گرم ہوتے ہوئے مزاج پر پانی کی ٹھنڈی پھوار کا کام کیا تھا۔

جانتی ہو کہ تمہیں یعنی ان کی بھتیجی کو اس گھر میں لانے کے لیے مجھے ایک جنگ لڑنی پڑی ہے۔ تمہیں تو وہ کسی نہ کسی طرح برداشت کر گئے، مگر اب میں ان سے تمہارے بھائیوں کی بات کروں گا تو ان کا پارہ آسمان پر جا پہنچے گا۔ نہ بابا نہ یہ مجھ سے نہ ہوگا۔

حمزہ نے اپنی مجبوری بیان کر دی۔

چلیں جیسے آپ کی مرضی۔ سارہ نے یہ کہا مگر اس کی آواز روہانسی ہو رہی تھی۔ اس نے سر جھکا کر وہ کوٹ حمزہ کی طرف بڑھا دیا جو بہت دیر سے وہ ہاتھوں میں لیے کھڑی تھی۔ حمزہ نے کوٹ پہنتے ہوئے خاموش کھڑی سارہ کو غور سے دیکھا۔ اس کی بڑی بڑی سیاہ آنکھیں حمزہ کو بہت اچھی لگتی تھیں۔ ان آنکھوں میں اس وقت آنسوؤں کے قطرے جھلملا رہے تھے۔ اسے اپنی بیوی سے بہت محبت تھی۔ وہ کوئی غلط مطالبہ بھی نہیں کر رہی تھی۔ اس نے اپنے خاندان کی مجبوری اور ضرورت بیان کی تھی۔ حمزہ نے کوٹ پہنا اور نرمی سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

اچھا تم اداس مت ہو۔ میں ابو سے بات کروں گا۔

سارہ کا چہرہ کھل اٹھا۔ حمزہ نے بریف کیس اٹھایا اور کمرے سے باہر نکل گیا۔

----------------

نئے ماڈل کی لگژری گاڑی وسیع و عریض بنگلے سے نکلی۔ سیکیورٹی گارڈ نے دروازہ بند کیا اور گاڑی آگے بڑھتی چلی گئی۔ گاڑی کی پچھلی نشست پر حمزہ اپنے والد شفقت کے ہمراہ دراز تھا۔ گاڑی ڈرائیور چلا رہا تھا۔ تیزی سے دوڑتی گاڑی کے اندر باہر کا شور معدوم تھا۔ صرف تیزی سے ٹھنڈی ہوا پھینکتے ہوئے ایئر کنڈیشنر کی آواز تھی یا پھر ائیر فریشنر کی وہ خوشبو جس نے گاڑی کی



اندرونی فضا کو معطر کر رکھا تھا۔ ڈرائیور کے ساتھ اگلی نشست پر سیکیورٹی گارڈ اپنی بندوق لیے مستعد بیٹھا تھا۔

یہ سیکیورٹی گارڈ ''جاگتے رہو ہم پر نہ رہو'' کے اس نعرے کا عملی اظہار تھا جو ملک کی حکمران کلاس نے اپنے طرز حکمرانی سے لوگوں کو دے رکھا تھا۔ دنیا بھر میں حکومتیں تین کام کرنا اپنی بنیادی ذمہ داری سمجھتی ہیں۔ ایک مفت معیاری بنیادی تعلیم، دوسرے علاج معالجے کی مفت سہولیات اور تیسرے امن و امان کا قیام، عوام کی جان، مال آبرو کا تحفظ اور معاش کی فراہمی۔ اس ملک کی سیاسی لیڈرشپ نے تین دوسرے کام اپنے لیے پسند کیے ہیں۔ ایک اقتدار سے کس طرح چمٹے رہنا ہے۔ دوسرے اقتدار میں رہ کر پیسہ کس طرح کمانا ہے۔ تیسرے اس پیسے کو ملک سے باہر کس طرح محفوظ طریقے سے انویسٹ کرنا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ آخری تین کام اگر ترجیح پر ہوں تو پہلے تین کام نہیں کیے جا سکتے۔ قوم کا یہی مرثیہ یہ سیکیورٹی گارڈ اپنی خاموش زبان میں پڑھ رہا تھا۔

گاڑی میں کچھ دیر خاموشی طاری رہی پھر شفقت نے حمزہ سے کہا۔

بیٹا شام میں میری کچھ اہم لوگوں کے ساتھ میٹنگ ہے۔ وہ جو ہائی وے کی سڑک والا ٹھیکہ تھا، اس کی فائنل بات کرنی ہے۔

معاملہ کہاں تک پہنچا؟ حمزہ نے دریافت کیا۔

ان لوگوں نے منہ بہت پھاڑ لیا ہے۔ پہلے کروڑوں کے ٹھیکوں میں لاکھوں دیے جاتے تھے۔ مگر اب تو حال یہ ہے کہ کروڑوں کے ٹھیکے میں کروڑوں ہی مانگتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اب اوپر سے نیچے تک ہر شخص براہ راست حصہ دار ہوتا ہے۔

جانے دیجیے ابو۔ اس ملک میں جینے کا یہی طریقہ ہے۔ ہم کو تو پھر بھی کئی کروڑ بچ جائیں

گے۔ہم نے کون سا متعین معیار کے مطابق کام کرنا ہے۔

حمزہ نے آگے بیٹھے لوگوں کا خیال کر کے یہ جملہ انگریزی میں ادا کیا تھا۔مگر یہ سن کر شفقت صاحب بھڑک اٹھے۔

یہ کیا بات کر رہے ہو تم۔ہم کام کرتے ہیں۔محنت کرتے ہیں۔یہ لوگ تو صرف قلم ہلانے اور اختیار استعمال کرنے کے کروڑوں لے لیتے ہیں۔

ابو کیا کریں۔اس ملک کی سیاسی ایلیٹ جاگیردار ہے۔جاگیردار خود کچھ نہیں کرتا۔اس کے مزارعے فصل اگاتے ہیں اور وہ گھر بیٹھے ایک حصہ لے لیتا ہے۔یہی لوگ جب منتخب ہو کر اقتدار میں آتے ہیں تو حکومت بھی اسی طریقے سے چلاتے ہیں۔

ہاں کیا کریں۔جیسی روح ویسے فرشتے۔جب دودھ زہریلا ہو تو مکھن بھی ویسا ہی نکلے گا۔جب عوام ہی ایسے ہیں اور خوشی خوشی ایسے لوگوں کو منتخب کرتے ہیں تو پھر یہی ہوگا۔

آپ کی بات ٹھیک ہے۔یہاں کے عوام بھی کوئی دودھ کے دھلے نہیں۔مگر آپ کی یہ بات ٹھیک نہیں کہ وہ ان لوگوں کو خوشی خوشی منتخب کرتے ہیں۔عوام اگر کبھی اپنی تقدیر بدلنا چاہیں بھی تو یہ لوگ نہیں بدلنے دیں گے۔دنیا نے بائیومیٹرک سسٹم لا کر دھاندلی کا راستہ ہمیشہ کے لیے بند کر دیا۔مگر میری بات آپ لکھ لیں یہ حکمران ایلیٹ کلاس کبھی اس ملک میں اسکینر کے ذریعے سے ووٹنگ اور بائیومیٹرک سسٹم نہیں آنے دیں گے۔یہ ان کے لیے خودکشی کے مترادف ہوگا۔

بائیومیٹرک سسٹم سے کیا فرق پڑے گا؟

اس سے ہر قسم کی دھاندلی کا راستہ رک جائے گا۔اس کے بعد ہر شخص بیلٹ پیپر پر انگوٹھے کا نشان لگانے کے بجائے اسکینر پر انگوٹھے کا نشان لگا کر ووٹ ڈالے گا۔اگر یہ نشان اس کے شناختی کارڈ کے مطابق ہے تو ہی اس کا ووٹ ڈلے گا۔جس کے بعد کوئی شخص نہ کسی دوسرے کی



جگہ ووٹ ڈال سکے گا نہ کسی شخص کے لیے ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنا ممکن ہوگا۔نہ جعلی ٹھپے لگیں گے نہ طاقتور لوگ زبردستی منتخب ہوں گے۔اس کے بعد عوام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جس کو چاہیں اپنی مرضی سے اقتدار میں لائیں اور جس کو چاہیں اقتدار سے ہٹا دیں۔یوں حکمرانوں کو خوف ہوگا کہ انہوں نے کام نہیں کیا تو اگلے الیکشن میں ہار جائیں گے۔ابھی تو یہ لوگ طاقت اور پیسے کے بل بوتے پر بار بار منتخب ہوتے چلے جاتے ہیں۔

ہاں۔پھر تو یہ ان کی خودکشی ہوگی۔اور یہ لوگ یہ خودکشی کبھی نہیں کریں گے۔یہ لوگ انتخابی اصلاحات کے نام پر ایک لالی پاپ لوگوں کو پکڑا دیں گے اور کچھ نہیں ہوگا۔ہمیں ایسے ہی جینا ہوگا۔

شاید آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔حمزہ ایک لمحے کو رکا اور جھجکتے ہوئے کہا:

ابو! مجھے ایک ضروری بات کرنی تھی آپ سے......وہ......دراصل سارہ آج کافی پریشان تھی......دراصل پریشانی تو تائی امی کی تھی۔ جنید اور سعد کی جاب کا مسئلہ ہے۔اگر آپ اسمبلی کے کسی ممبر، کسی سرکاری افسر سے بات کر لیں تو ان کے لیے کچھ ہو سکتا ہے۔

تمہارا دماغ خراب ہوا ہے۔مجھے اور کوئی کام نہیں کہ ان نکھٹو لڑکوں کی ملازمتوں کی بات کرتا پھروں۔پہلے تمہاری وجہ سے ہمیں سارہ کے معاملے میں ہاں کہنی پڑی ہے۔تمہاری ماں نے نجانے کتنے بڑے خاندانوں کی لڑکیاں دیکھ رکھی تھیں۔مگر تمہارے سر پر سارہ کا بھوت سوار ہو گیا۔میرا ابھی دل پسیج گیا کہ چلو بھتیجی ہے۔مگر اب تمہاری بات سن کر لگتا ہے کہ تمہاری ماں کا کہنا درست تھا۔وہ اپنے ساتھ اپنے خاندان کے سارے مسائل اس گھر میں لے کر آئی ہے۔

شفقت ناراضی کے عالم میں بول رہے تھے اور ادھر ڈرائیور اور گارڈ کی موجودگی کا خیال کر کے حمزہ کا عالم یہ تھا کہ کاٹو تو بدن میں لہو نہیں۔اس نے باپ سے انگریزی میں کہا۔

ابو آپ کو بات نہیں کرنا تو نہ کریں۔ ان لوگوں کے سامنے پلیز خاموش ہو جائیں۔

گاڑی میں ایک دفعہ پھر خاموشی چھا گئی۔

-----------------

مجلس میں پراسرار سناٹا چھایا ہوا تھا۔ ہر دل میں خوف، رعب اور دبدبے کی کیفیت طاری تھی۔ ایسا لگتا تھا کہ اس نئی آنے والی شخصیت کے اندر سے دہشت کی غیر مرئی شعاعیں نکل کر ہر شخص کے اندر اترتی چلی جارہی ہیں۔ اس کا لباس بھی ایک سیاہ چوغا تھا۔ مگر اس کو دہشت کی علامت بنا دینے والی چیز اس کا سر اور چہرہ تھا جو خوفناک حد تک عجیب تھا۔ سر اور چہرہ ایک دھاتی خول سے ڈھکا ہوا محسوس ہوتا تھا۔ سر پہ گویا موٹے موٹے نوکیلے کانٹے اگے ہوئے تھے۔ شاید یہ اس کا تاج تھا۔ چہرہ انتہائی بدہیبت جس پر سب سے نمایاں چیز دو شعلے برساتی آنکھیں تھیں۔ یہ سرخ اور پراسرار آنکھیں ہر شخص کے دل و دماغ میں اتری چلی جارہی تھیں۔ گویا یہ آنکھیں ہر شخص کے اندر تک کا جائزہ لینے کی قدرت رکھتی ہوں۔

یہ شخصیت دھیرے سے چلتی ہوئی مرکزی جگہ پر براجمان ہوئی اور ہاتھ سے حاضرین کو بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ سب لوگ خاموشی سے بیٹھ گئے۔ سوگویال نے سردار سے مخاطب ہو کر کہا:

میرے آقا! آج ہم سب کو حاضر ہونے کا حکم ہوا ہے۔ ویسے تو آپ کا دیدار ہر حال میں ایک اعزاز ہے۔ مگر سب خیریت تو ہے؟

ہاں سوگویال! سب خیریت ہے۔

اس شخصیت نے عجیب سے لہجے میں جواب دیا۔ اس کی آواز میں ایک ناقابل بیان وحشت تھی۔ ایسا لگ رہا تھا کہ صحرا کے سناٹے میں سیکڑوں بدروحیں بین کر رہی ہوں۔

اس شخصیت نے جسے سوگویال نے سردار کے لقب سے پکارا تھا، تمام حاضرین کو غور سے



دیکھنا شروع کیا۔ اس کی نظریں جس طرف اٹھتیں ایک تھرتھری چھوٹ جاتی۔ پھر اس کی نگاہیں منایوس پر آ کر ٹھہر گئیں۔ منایوس کو یوں لگا جیسے یہ نگاہیں اس کے آر پار ہو رہی ہیں۔ اس نے خوفزدہ ہو کر اپنا سر جھکا لیا۔

خوش آمدید! منایوس۔

سردار نے اپنے ٹھہرے ہوئے وحشتناک انداز میں منایوس کو مخاطب کیا۔

منایوس نے فدویانہ انداز میں جواب دیا۔

میرے آقا! آپ کا مجھ پر احسان ہے کہ آپ نے اپنی خصوصی مجلس میں مجھے یاد کیا۔ یہ میرے لیے زندگی کا سب سے بڑا اعزاز ہے۔

سردار نے اس کی بات پر دھیرے سے گردن ہلائی۔ اور پھر حاضرین سے مخاطب ہو کر کہا۔

آج آپ سب کو یہاں بلانے کا مقصد ایک اہم معاملے پر اعتماد میں لینا تھا۔

یہ جملہ ادا کرنے کے بعد سردار کچھ دیر تک خاموش ہو گیا۔ حاضرین جو پہلے ہی متوجہ تھے، ان کے جذبہ تجسس کو خاموشی کے اِس وقفے نے مزید بھڑکا دیا۔ وہ ہمہ تن گوش ہو کر اپنے سردار کے ارشادات سننے کے منتظر تھے۔

-----------------

الحمرا کا قلعہ اندر سے بہت سی عمارات پر مشتمل تھا۔ داؤد کے کہنے پر عبداللہ نے قلعے میں اپنے سفر کا آغاز قصر الحمرا کی مرکزی عمارت سے شروع کیا۔ بلاشبہ یہاں کے سنہرے در و دیوار، چھت اور ستونوں پر جو نقش بنائے گئے اور جو کمال خطاطی کی گئی تھی، اس کے حسن کو بیان کرنے کے لیے الفاظ ڈھونڈنا مشکل تھے۔ نفیس، جمیل، دیدہ زیب، شاندار، عالیشان، خوبصورت جیسا ہر لفظ اس کمال فن کی بارگاہ میں سجدہ ریز تھا۔ ہر دیکھنے والے کے دل میں یہ سوال پیدا ہو رہا تھا

کہ صدیوں بعد جس تعمیر کی کشش کا یہ عالم ہے وہ اپنی تخلیق کے وقت میں کیسی ہوگی ۔عبداللہ کا ذوق جمال اس سے اس کی گویائی چھین چکا تھا۔ وہ سوچ رہا تھا یہ کیسے ممکن ہے کہ صدیوں تک مسیحی انتہا پسندوں کے تعصب اور بے اعتنائی کے باوجود یہ حسن اپنی آب وتاب باقی رکھے ہوئے ہے۔ یہاں نقش ونگار کے ساتھ ساتھ جگہ جگہ دلفریب خطاطی تھی۔اس جمال کے ساتھ عبداللہ جیسے خدا پرست کے دل پر جو چیز خدا کے جلال کا عکس روشن کررہی تھی وہ اس بے مثل خطاطی میں بے گنتی دفعہ دہرایا گیا ایک جملہ تھا۔

لا غالب الا اللہ

عبداللہ نے داؤد کی توجہ ان الفاظ کی طرف مبذول کراتے ہوئے دریافت کیا۔

کیا آپ کو اس جملے کا مطلب معلوم ہے؟

ہاں۔اس کا مطلب ہے کہ اللہ کے سوا کوئی غالب نہیں۔ یہ غرناطہ کے آخری حکمران خاندان کا سرکاری نعرہ تھا۔غرناطہ اسپین میں مسلمانوں کے آٹھ سو سالہ اقتدار کی آخری پناہ گاہ تھی۔تقریباً دوڈھائی صدی تک مسلمانوں کا یہ قلعہ بڑھتے ہوئے مسیحی غلبے کی راہ میں آخری رکاوٹ بنا رہا۔ یہاں تک کہ ملکہ ازابیلا اور شاہ فرنینڈز نے اتحاد کرکے غرناطہ پر حملہ کیا اور آخر کار یہاں قبضہ کرکے پہلے مسلمانوں کی حکومت اور پھر ان کے وجود اور نام ونشان کو مٹا ڈالا۔

داؤد نے آثار قدیمہ اور تاریخ سے اپنی واقفیت کا ثبوت ایک دفعہ پھر پیش کیا۔

ہاں آپ کی معلومات بالکل درست ہیں۔عبداللہ نے اس کی تحسین کی۔

لیکن پھر تاریخی واقعات میں پوشیدہ اصل حقائق کی طرف اس کو متوجہ کرتے ہوئے کہا:

لیکن الحمرا میں نقش یہ جملہ 'لا غالب الا اللہ' اپنے اندر موجود دو بہت بڑے حقائق کا آئینہ دار بھی ہے۔ یہ حقائق شاید غرناطہ ہی میں کھڑے ہو کر زیادہ سمجھے جا سکتے ہیں۔



وہ کیا؟

پہلی حقیقت یہ ہے کہ ہم ایک ایسی دنیا میں جیتے ہیں جہاں بظاہر مادی طاقت اور انسانی ذہن کی حکمرانی ہے۔زندگی کے ہر معرکے میں یہی چیزیں فیصلہ کن کردار ادا کرتی ہیں۔

جی بظاہر تو ایسا ہی ہے۔

داؤد نے تائید کرتے ہوئے سر ہلایا۔عبداللہ نے اپنی بات جاری رکھی۔

جیسے اس غرناطہ کو ملکہ ازابیلا اور شاہ فرنانڈز نے فتح کرلیا۔ان کی مرضی نافذ ہوگئی۔انہوں نے مسلمانوں کو یہاں سے ختم کرڈالا۔ بظاہر یہاں ان ہی جیسے حکمران دنیا کا نظام چلاتے ہیں۔ یہ جب چاہیں کسی ملک پر حملہ کردیں اور جہاں چاہیں قبضہ کرلیں۔ یہاں بظاہر ایک سرمایہ دار لوگوں کو روزگار دیتا ہے اور جب چاہے ان کو ملازمت سے نکال دیتا ہے۔ یہاں ایک ڈاکو یا قاتل کسی بھی خاندان کو تباہ وبرباد کردیتا ہے،مگر......

اس مگر کے بعد عبداللہ نے ایک گہرا سانس لیا اور بولا۔

یہ فریب نظر ہے۔حقیقت یہ ہے کہ یہاں سارا اختیار اللہ کے پاس ہے۔ اصل میں یہاں اسی کا فیصلہ نافذ ہوتا ہے۔ وہ خدا جو نظر نہیں آتا، جو حواس کی پہنچ سے دور ہے، یہ دنیا دراصل اسی کی ہے اور اسی کی مرضی کے مطابق چل رہی ہے۔

جی یہی ہمارا عقیدہ ہے۔داؤد نے ایمان سے بھرپور لہجے میں کہا۔

یہ کسی کا عقیدہ ہو یا نہ ہو، اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا......یہی حقیقت ہے۔ ویسے آپ نے کبھی شطرنج کھیلا ہے؟

شطرنج......نہیں۔کوئی خاص نہیں۔نوجوانی میں کچھ شوق ہوا تھا۔مگر اب نہیں کھیلتا۔

شطرنج ہارڈ بورڈ یا لکڑی کے بنے ہوئے جس تختے پر کھیلا جاتا ہے اسے بساط کہا جاتا ہے۔

اس بساط پر سیاہ اور سفید خانے بنے ہوتے ہیں۔ان میں مختلف مہرے ہوتے ہیں۔ بادشاہ جیسے مرکزی مہرے سے لے کر پیادے تک سب اپنی اپنی جگہ موجود ہوتے ہیں۔

جی یہ تو مجھے معلوم ہے۔اس بساط پر شطرنج کے مہروں کو آگے پیچھے کر کے ہم چالیں چلتے ہیں اور مخالف کو مات دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

بس تو آپ بات سمجھ گئے۔ یہ دنیا بھی ایک ایسی ہی بساط ہے۔ خدا نے اپنی قدرت اور حکمت کی بنیاد پر دنیا کی یہ بساط بچھائی ۔ ہم سب اس کی بچھائی ہوئی بساط کے ادنیٰ مہرے ہیں۔مکمل بے بس اور مکمل غافل مہرے......

عبداللہ یہیں تک پہنچا تھا کہ ان دونوں کے قریب ہی ایک مغربی جوڑا آ کر کھڑا ہوا۔مرد نے عورت سے کہا۔

میں تمہارے لیے ایسا ہی ایک الحمرا بناؤں گا۔

پھر قول کے بعد وہ فعل سے خاتون کو اپنی محبت کا قائل کرنے لگا۔یا شاید یہ کبھی نہ بننے والے الحمرا کی ایڈوانس قیمت تھی۔

عبداللہ جو اِن دونوں کے آنے پر خاموش ہو گیا تھا مزید کچھ کہہ کر انہیں ڈسٹرب کرنے کے بجائے داؤد کا ہاتھ پکڑ کر ذرا آگے چلا گیا۔یہاں ہر جگہ سیاح تھے۔ وہ آپس میں خوش گپیاں کر رہے تھے۔اس جگہ کی خوبصورتی سے لطف اندوز ہو رہے تھے اور اپنی چھٹیوں کے اس وقت کو خوب انجوائے کر رہے تھے۔عبداللہ ان کو دیکھتے ہوئے بولا:

اس دنیا کے سب لوگ اس حقیقت سے بے خبر ہیں کہ وہ کچھ نہیں......بس اِس بساط کے ادنیٰ مہرے ہیں۔مرد اور عورت، بادشاہ اور فقیر، آجر اور اجیر، عالم اور جاہل، شوہر اور بیوی، اولاد اور والدین، امیر اور غریب، محروم اور مالک ، حکمران اور رعایا غرض سب اس بساط کے حقیر



مہرے ہیں۔بس فرق یہ ہے کہ اس بساط کے مہرے بے جان، بے حس اور بے شعور نہیں بلکہ اپنی ذات اور ہستی کا مکمل شعور رکھتے ہیں۔ ہر مہرہ اپنے دائرے میں خود کو طاقتور سمجھتا ہے۔ بڑا سمجھتا ہے۔اعلیٰ سمجھتا ہے۔ بادشاہ اور حکمران سمجھتا ہے۔مگر لوگ نہیں جانتے۔ انسان نہیں جانتے۔ حکمران بھی نہیں جانتے۔شیاطین بھی نہیں جانتے کہ وہ سب پروردگار عالم کی بچھائی ہوئی بساط کے ادنیٰ مہرے ہیں اور کچھ نہیں۔

اور اللہ تعالیٰ اس بساط کے واحد کھلاڑی ہیں؟ داؤد نے اشتیاق سے سوال کیا:

یہی دنیا اور شطرنج کا دوسرا فرق ہے۔اللہ تعالیٰ کھیلنے کھلانے جیسی چیزوں سے بہت بلند ہیں۔ وہ تو اس بساط پر امتحان لے رہے ہیں۔امتحان میں وہ اپنے پسندیدہ بندوں کو چن رہے ہیں جن کو ہمیشہ باقی رہنے والی جنت میں اپنا قرب عطا کریں گے۔لوگ سمجھتے ہیں کہ دنیا کا نظام وہ چلا رہے ہیں۔ وہ چالیں چلتے ہیں۔دوسروں کے فیصلے کرتے ہیں۔اپنی مرضی نافذ کرتے ہیں لیکن......

لیکن کے بعد عبداللہ نے ایک گہرا سانس لیا اور پھر کچھ رک کر بولا۔

’لا غالب الا اللہ ‘ کا مطلب یہی ہے کہ اصل فیصلہ یہاں اللہ ہی کا نافذ ہوتا ہے۔اس بساط پر صرف اسی کی مرضی چلتی ہے۔ یہی اس کی عظمت ہے۔ وہ اس بساط پر کہیں نہ ہوتے ہوئے بھی مکمل کنٹرول رکھتا ہے۔اسی لیے وہ القہار ہے۔

لیکن اللہ نہیں تو پھر اس بساط پر کھیل کون رہا ہے۔کھیل کن دو کھلاڑیوں کے بیچ ہو رہا ہے؟

یہ اس بساط کا تیسرا فرق ہے۔ یہاں کھیل نہیں ہو رہا۔ جنگ ہو رہی ہے۔انسان اور شیطان کے بیچ کی جنگ۔ چاہیں تو آپ ان دونوں کو کھلاڑی بھی کہہ سکتے ہیں۔مگر درحقیقت دونوں حالت جنگ میں ہیں۔لیکن سانحہ یہ ہے کہ اس کھیل کے ایک فریق یعنی انسانوں کی غالب ترین

اکثریت کو معلوم ہی نہیں کہ وہ مستقل طور پر شیطان اور اس کی اولاد سے حالت جنگ میں ہے۔ یہی انسانوں کا اصل المیہ ہے۔

عبداللہ بول رہا تھا اور داؤد کو ایسا لگ رہا تھا کہ ایک بارش ہو رہی ہے جس نے فضا میں ہر طرف چھائے گرد و غبار کو دور کر کے زندگی کے اصل حقائق کو اس کے سامنے کھول دیا تھا۔

-----------------

مجلس میں دیر تک سناٹا طاری رہا۔ خوف، دہشت اور وحشت کے اس امتزاج میں خاموشی کا شور کانوں کے پردوں پر بہت گراں گزر رہا تھا۔ کچھ دیر بعد سردار کی وحشتناک آواز بلند ہوئی اور سماعتوں کے در و دیوار پھر روندنے لگی۔

آپ جانتے ہیں کہ ہم صدیوں سے اس دھرتی پر راج کرتے رہے ہیں۔ ہم نے ہر دور میں یہ ثابت کیا ہے کہ اس دھرتی کے بادشاہ ہم ہیں۔ اس پر حکومت کرنا ہمارا حق ہے۔ خدا نے ہمارے ساتھ بہت زیادتی کی جب اس نے ہمارے سردار عزازیل کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ کیچڑ اور سڑی ہوئی مٹی سے بنے آدم کے سامنے سجدہ کرے۔ ہم فرشتوں کی طرح بے وقوف نہیں تھے کہ طاقت اور اختیار ہوتے ہوئے بھی ایک گھٹیا مخلوق کے سامنے سجدہ ریز ہو جائیں۔ اس لیے ہمارے سردار نے خدا کے خلاف بغاوت کر دی۔ آپ لوگ بتائیے کہ عزت سے بڑی بھی کوئی چیز ہو سکتی ہے؟

سردار نے حاضرین کے سامنے ایک سوال رکھا۔ اس کی آواز میں تمکنت اور غرور کا عنصر بالکل نمایاں تھا۔

ہرگز نہیں۔ تمام حاضرین نے بیک آواز جواب دیا۔ سردار عزازیل نے جو کیا وہ بالکل ٹھیک تھا۔



ہاں سردار عزازیل نے بالکل ٹھیک کیا تھا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی عزت مآب عزازیل نے اپنی جان پر کھیل کر بہادری اور دلیری کی بے مثال تاریخ رقم کرتے ہوئے خدا کو چیلنج کر دیا۔ یہ چیلنج کیا کہ وہ ہمیں مہلت دے تو ہم ثابت کر دیں گے کہ خدا نے انسانوں کا انتخاب کر کے، اس گھٹیا مخلوق کو ہم پر ترجیح دے کر ٹھیک نہیں کیا۔ اس کے بعد سے لے کر آج تک ہم نے صدیوں اور قرنوں تک اپنی بات کو سچا ثابت کیا ہے۔ ہم نے یہ ثابت کیا ہے کہ انسان خدا کا نافرمان ہے۔ اگر ہم مجرم ہیں تو ہم سے بڑا مجرم انسان ہے۔ اگر ہم شیطان ہیں تو ہم سے بڑا شیطان انسان ہے۔ ہمارے اس مشن میں کبھی کوئی انسان حتیٰ کہ کوئی پیغمبر بھی کبھی ہمارا راستہ نہیں روک سکا۔

سردار بول رہا تھا اور اس کے لہجے میں اعتماد تھا، رعونت تھی اور پورا یقین تھا۔ اس کی بات میں وقفہ آیا تو سوگویال نے کھڑے ہو کر پورے جوش کے ساتھ کہا:

یہ دنیا ہماری ہے۔ یہاں کے اصل حکمران ہم ہیں۔ آدم اور اس کی اولاد کا انجام یہی ہے کہ ہمارے اشاروں پر ناچے۔ ہم اپنے آقا عزازیل کا مشن پورا کریں گے۔ ہم خدا کو بتا کر رہیں گے کہ آدم اور اس کی اولاد اس قابل نہیں ہیں کہ ہمیں ان کے سامنے جھکنے کا حکم دیا جائے۔ ہم یہ جنگ جیت کر رہیں گے۔ ہم یہ جنگ جیت کر رہیں گے۔

سوگویال کی آواز شدت جذبات سے تھرتھرا رہی تھی۔ اس کے جذبے نے حاضرین کو بھی جوش دلا دیا۔ ان میں سے ایک نے زور سے نعرہ بلند کیا۔

سردار عزازیل کی جے ہو۔

تمام لوگوں نے پوری قوت سے اس کی تائید میں آواز بلند کی۔

سردار کی جے ہو۔

اس نعرے کی گونج کے ساتھ ایسا لگا کہ فضا میں زلزلے کی گڑگڑاہٹ بلند ہوئی ہے۔ کوئی

انسان اس وقت وہاں موجود ہوتا تو خوف و دہشت سے اس کی روح پرواز کر جاتی۔مگر اس تاریک صحرا میں نہ آدم تھا نہ آدم زاد۔سوائے تاریکی اور دشت و بیاباں کی وحشت کے وہاں کسی اور چیز کا بسیرا نہ تھا۔

---------------

داؤد کو محسوس ہو رہا تھا کہ الحمراء کے ماحول کی خوبصورتی، اردگرد سیاحوں کی آمد و رفت، اردگرد پھیلے مناظر ہر چیز دھندلا گئی ہے۔الحمراء کی سنہری چھتوں پر لکھے گئے لا غالب الا اللہ کے الفاظ میں پوشیدہ حقیقت کے سوا ہر چیز اپنا وجود کھو چکی ہے۔عبداللہ حقیقت کی ایک نئی دنیا سے اسے روشناس کرا رہا تھا۔ایسے میں ایک سوال نے اس کے شعور پر دستک دی جسے اس نے عبداللہ کے سامنے رکھ دیا۔

مگر اس بساط کو بچھانے کا اصل مقصد کیا تھا؟

مقصد شیطان کو یہ بتانا تھا کہ خدا نے جس آدم کے سامنے فرشتوں کو سجدہ کرنے کا حکم دیا تھا اور جس کو سجدہ کرنے سے شیطان نے انکار کیا تھا، وہ واقعی اس عزت کا مستحق تھا۔ چنانچہ اس مقصد کے لیے اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کی یہ بساط بچھائی ہے۔جس میں انسان اور شیطان کی جنگ ہو رہی ہے۔اس بساط پر انسان کا امتحان ہو رہا ہے کہ وہ شیطان کے خلاف جنگ میں ہارتا ہے یا جیت جاتا ہے۔وہ چاہے تو شیطان سے لڑ کر اللہ کی مرضی کے مطابق زندگی گزارے اور چاہے تو شیطان کی بندگی کا راستہ اختیار کر لے۔اسے دونوں راستے اختیار کرنے کی مکمل آزادی ہے۔

مگر بیشتر لوگ تو شیطان کی راہ پر چلتے ہیں؟

بے شک ایسا ہی ہے۔مگر اللہ کے پیش نظر یہ نہیں کہ زبردستی لوگوں کو نیک بنایا جائے۔اصل اسکیم یہی ہے کہ بدترین حالات پیدا کر کے بہترین لوگوں کا انتخاب کیا جائے۔یہ بدترین حالات



اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب شیاطین اور ان کی پیروی کرنے والے انسان دنیا میں اپنی بدکاریوں کی بنا پر نیکی کرنا مشکل بنا دیتے ہیں۔ بظاہر ایسے شیاطین اور ان کے پیرو انسان جن میں ظالم حکمران، کرپٹ لیڈر، بے ایمان تاجر اور ان جیسے دیگر لوگ شامل ہیں، خود کو کامیاب سمجھتے ہیں، مگر یہ احمق نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ ان کو استعمال کر کے اپنا مقصد حاصل کر رہے ہیں۔

اور وہ مقصد امتحان کے حالات پیدا کرنا ہے؟

داؤد نے سوالیہ انداز میں کہا۔

بالکل! اور یہی کمال ہے اللہ تعالیٰ کا۔ بظاہر جب اس دنیا میں اللہ کی نافرمانی ہوتی ہے۔ بظاہر جب ان کی بات نہیں مانی جاتی۔ بظاہر جب ان کی مرضی پوری نہیں ہو رہی ہوتی ہے۔ جب وہ دنیا میں کہیں نظر نہیں آتے تب بھی درحقیقت لوگ ان ہی کی مرضی پوری کر رہے ہوتے ہیں۔ ان کی بساط پر مہروں کی طرح استعمال ہو رہے ہوتے ہیں۔ یہی میرے رب کی عظمت ہے۔

خدا کی عظمت کو بیان کرتے ہوئے عبداللہ کی آواز تھرا گئی تھی۔ اس کے دل میں خدا کی محبت اور عظمت کا جو طوفان اٹھا تھا وہ آنسوؤں کے سیلاب کی صورت آنکھوں سے نکلنے کے لیے بے چین ہو گیا۔مگر داؤد کی موجودگی کا خیال کر کے اس نے بمشکل خود پر قابو پایا۔خود پر قابو پانے کے عمل میں عبداللہ نے داؤد سے نظر ہٹا کر اردگرد لوگوں کو دیکھنا شروع کر دیا تاکہ داؤد اس کی آنکھوں سے جھلملاتے نمی کے ستاروں کو نہ دیکھ سکے۔ داؤد بھی یہی سمجھا کہ عبداللہ اردگرد آتے جاتے سیاحوں کا جائزہ لے رہا ہے۔ کچھ دیر بعد عبداللہ نے ٹھہرے ہوئے انداز میں بولنا شروع کیا:

یہ غافل لوگ۔ یہ نافرمان لوگ۔ یہی لوگ امتحان کا وہ ذریعہ بن جاتے ہیں جس سے اعلیٰ ترین لوگوں کا انتخاب ہو رہا ہے۔ اب بہت جلد یہ اعلیٰ ترین لوگ جنت کی بستی میں بسائے

جائیں گے اور ابدی طور پر خلافت ارضی کے حقدار ہوں گے۔ یہی موجودہ دنیا کے بنانے کا اصل مقصد تھا۔ باقی لوگ تو شیطان اور اس کی ذریت کے ساتھ جہنم رسید ہوں گے۔ چنانچہ یہاں ہر گھڑی اور ہر لمحہ ایمان کا یہ امتحان ہے کہ انسان اللہ اور آخرت کو یاد رکھتا ہے یا ظاہری دنیا میں کھو جاتا ہے۔ اخلاق کا یہ امتحان ہے کہ انسان نفس، انا، تعصّبات اور خواہشات کی پیروی کرتا ہے یا پھر اخلاقی پاکیزگی کا مظاہرہ کرتا ہے۔

----------------

سارہ ذرا ٹھہرو! مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے۔

ثمینہ نے چائے کی پیالی سارہ کے ہاتھ سے لیتے ہوئے کہا۔ وسیع و عریض بنگلے کے سرسبز وشاداب لان میں بیٹھی ہوئی ثمینہ بیگم خوبصورت شام کے ڈھلتے ہوئے سائے میں بیٹھی ہوئی تھیں۔ ملازم ٹیبل پر چائے رکھ کر چلا گیا تھا۔ سارہ جو اپنی نگرانی میں چائے بنوا کر اندر سے آئی تھی ساس کی چائے تیار کر کے جا رہی تھی کہ ساس نے اسے اپنے پاس بیٹھنے کے لیے کہا۔

گرچہ عام حالات میں سارہ اسے اپنی خوش بختی ہی سمجھتی کہ ساس اسے ساتھ چائے پینے کے لیے بٹھائیں، کیونکہ شادی سے اب تک کبھی انہوں نے اسے اپنے برابر درجہ نہیں دیا تھا۔ کبھی اسے بہو سمجھ کر محبت سے بات نہیں کی تھی۔ تاہم اس وقت ان کے ساتھ بیٹھنا اس پر بڑا بھاری تھا کیونکہ ان کے تیور بالکل اچھے نہیں لگ رہے تھے۔ اب ان کا حکم تھا اس لیے وہاں بیٹھنا سارہ کی مجبوری تھی۔

جی امی فرمایئے! کیا بات ہے۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ مجھے امی نہ کہا کرو۔ میں تمہاری چچی ہوں مجھے چچی ہی کہا کرو۔ یہ پہلے بھی میں تمہیں سمجھا چکی ہوں، مگر تمہیں ایک دفعہ کی بات سمجھ میں نہیں آتی۔



ثمینہ نے بالکل کھردرے لہجے میں بغیر کسی لحاظ سے سارہ کو تنبیہ کی۔

وہ دراصل امی...... چچی! میں تو آپ کی مرضی کے مطابق آپ کو چچی کہہ رہی تھی، مگر حمزہ نے ایک روز سن لیا تو وہ کہنے لگے کہ اس سے غیریت ٹپکتی ہے۔ تم امی کہا کرو۔ اس لیے میں آپ کو امی کہنا چاہتی ہوں۔ اگر آپ اجازت دیں تو......؟

سارہ نے وضاحت پیش کی تو ثمینہ نے تیوری پر بل ڈال کر جواب دیا:

ہاں تم دونوں میاں بیوی ایک دوسرے کی خوب مانتے ہو۔ وہ امی کہلوانا چاہتا ہے اور تم اس کے ذریعے سے اپنے نکھٹو بھائیوں کو ملازمتیں دلوانا چاہتی ہو۔ جانتی ہو تمہارے چچا شفقت کتنے ناراض ہو رہے تھے۔ نہ ان کی تعلیم ہے نہ تربیت۔ نہ ان کو کچھ آتا جاتا ہے۔ خوامخواہ میں شفقت ان کو ملازمتیں دلوائیں۔

سارہ مجرموں کی طرح سر جھکائے بیٹھی رہی۔ ثمینہ نے اپنی تلخ وتند گفتگو جاری رکھی۔

تمہاری ماں کو چاہیے تھا کہ ان کو اچھا پڑھاتی لکھاتی۔ یا ان لڑکوں میں خود کچھ صلاحیت ہوتی۔ نہ تمہاری ماں نے ان کو پڑھایا نہ ان لڑکوں نے کچھ کر کے دیا۔ اب تم اپنا بوجھ میرے بیٹے کے ذریعے سے ہم پر ڈلوانا چاہتی ہو۔ یہ نہیں چلے گا۔ آئی سمجھ۔

جی چچی سمجھ گئی۔ آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔ دراصل ہمارے مالی حالات ایسے نہیں تھے کہ بھائیوں کو اعلیٰ تعلیم دلوا سکتے۔ امی نے تو سلائی کڑھائی کر کے ہم کو بمشکل تمام پڑھایا ہے۔ ہمارے گھر میں تو کھانے کو کچھ نہیں ہوتا تھا۔ پتہ نہیں جتنا پڑھ لیا وہ کیسے پڑھ لیا۔

سارہ نے اداس لہجے میں جواب دیا۔

ہاں غریب رشتہ داروں کا یہ بڑا مسئلہ ہوتا ہے۔ ان کے ساتھ جب بیٹھو سوائے اپنے دکھوں اور پریشانیوں کے ان کے پاس بتانے کے لیے کچھ نہیں ہوتا۔ ان کا بس نہیں چلتا کہ ہر وقت اپنی

غربت کا رونا روتے رہیں کہ کہیں سے کچھ مدد مل جائے۔اسی لیے مجھے یہ رشتہ اول دن سے پسند نہ تھا۔مگر صاحبزادے کچھ سنتے ہی نہیں تھے۔خیر مگر اب دوبارہ کبھی یہ بات مت کرنا۔نہ اپنے خاندان کے دکھڑے ہمیں دوبارہ سنانا۔سمجھ گئیں۔

سارہ کی شکل اتر چکی تھی۔اسے اپنی ساس سے کسی مدد کی توقع تو ہرگز نہ تھی،مگر اتنی بے حسی کی امید بھی نہ تھی۔وہ جواب میں اس کے سوا کچھ نہ کہہ سکی۔

جی چچی۔سمجھ گئی۔

اور ہاں کل عنیبہ گھر آئے گی۔خالد بھی آئے گا۔رات کا کھانا دونوں یہیں کھائیں گے۔ کھانا اپنی نگرانی میں اچھی طرح بنوانا۔ملازموں پر نہ چھوڑ دینا۔ہم رکھ رکھاؤ والے لوگ ہیں۔ دامادوں کی بہت عزت کرتے ہیں۔ایسے ہی نہیں بھیج دیتے۔

سارہ بہت اچھا کہہ کر خاموش ہوگئی۔وہ اچھی طرح سمجھ رہی تھی کہ اس کی ساس اپنے داماد کی عزت افزائی سے زیادہ اس پر طنز کررہی ہیں۔اس کی ماں جمیلہ کے لیے یہ کیسے ممکن تھا کہ اس کے شوہر حمزہ کی اسی طرح آؤ بھگت کرے جس طرح اس کی نند عنیبہ اور اس کے شوہر خالد کی اس گھر میں کی جاتی تھی۔سارہ کے پاس خاموشی سے طنز کے اس تیر کو سہنے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔

-----------------

عبداللہ کی باتیں سنتے ہوئے داؤد گہری سوچ میں ڈوبا ہوا تھا۔اس کے ذہن میں ایک الجھن نے جنم لیا تھا۔اس نے اپنی الجھن عبداللہ کے سامنے رکھتے ہوئے کہا:

آپ کی باتیں اپنی جگہ ٹھیک ہیں مگر دو تین باتیں آپس میں الجھ گئی ہیں۔انسان ایک طرف آزاد ہے اور امتحان دے رہا ہے۔یہ بات سمجھ میں آگئی۔وہ شیطان سے حالت جنگ میں ہے۔ یہ بات بھی سمجھ میں آگئی۔لیکن ان باتوں کے ساتھ جب آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم خدا کی بساط کے



بے بس مہرے ہیں تو اپنی جگہ ہوسکتا ہے یہ بات ٹھیک ہو،لیکن اس کے ساتھ امتحان والی بات سمجھ میں نہیں آتی۔جو بے بس ہیں،ان کا کیا امتحان؟امتحان کے لیے اختیار شرط ہے۔

سوال پوچھتے ہوئے داؤد کے لہجے میں الجھن تھی۔

دراصل امتحان اس بات کا ہو رہا ہے کہ جو اختیار ہم کو دیا گیا ہے وہ ہم اللہ کی مرضی کے مطابق استعمال کرتے ہیں یا نہیں۔اگر کریں گے تو جنت کا بدلہ پائیں گے اور نہیں کریں گے تو جہنم کی سزا کے حقدار ہوں گے۔

یہی تو مسئلہ ہے۔

داؤد پریشان کن انداز میں بولا۔

اگر اچھا برا عمل کرنے میں آزاد ہیں تو بے بس مہرے کیسے ہوئے؟

جی میں یہی بتارہا ہوں۔ہم اخلاقی رویہ اختیار کرنے میں مکمل طور پر آزاد ہیں۔ہم میں سے ہر شخص اپنی ذاتی زندگی میں یہی امتحان دے رہا ہے۔جبکہ باقی جو عملی اور مادی نتائج ہم دنیا میں پیدا کرنا چاہتے ہیں،ان کے معاملے میں ہم بے بس مہرے ہیں۔کیونکہ ہمارے اعمال میں سے صرف وہی موثر ہوتے ہیں جو خدا چاہتا ہے۔مثال کے طور پر ایک شخص کسی کو قتل کرنا چاہے تو پورا منصوبہ بنا کر کوشش کرسکتا ہے۔اپنی کوشش اور ارادے کی بنیاد پر اس کے ذمے گناہ ڈال دیا جائے گا۔مگر کسی کی زندگی کو ختم کرنا کسی انسان کا اختیار نہیں۔اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کرتے ہیں۔گرچہ افراد کی زندگی میں اللہ تعالیٰ اکثر و بیشتر لوگوں کے اعمال موثر ہونے دیتے ہیں لیکن اقوام کی زندگی میں تو ہم ہر وقت یہ دیکھ سکتے ہیں کہ لوگ جو چاہیں منصوبہ بنالیں،آخری فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی کرتے ہیں۔

داؤد نے بات سمجھنے کے انداز میں سر ہلایا۔عبداللہ نے اپنی بات جاری رکھی۔

اِسی غرناطہ کو دیکھ لیجیے۔ یہ ریاست اندلس میں مسلمانوں کی آخری پناہ گاہ تھی جو سوا دو سو برس تک یہاں مسلمانوں کی آخری پناہ گاہ بنی رہی۔ اس عرصے میں مسیحی حکمران یہاں سے مسلمانوں کے وجود کو مٹانے کی کوششیں کر رہے تھے۔ مگر وہ مکمل ناکام رہے۔ حالانکہ ایک دفعہ تو ایسا ہوا کہ پورے یورپ کی افواج نے جمع ہو کر غرناطہ پر حملہ کیا۔ یہ جنگ البسیر ہ کا موقع تھا جس میں صرف ساڑھے پانچ ہزار مسلمانوں نے دو لاکھ عیسائیوں کو شکست دی۔ صرف 13 مسلمان شہید ہوئے اور ایک لاکھ عیسائی مارے گئے۔ یہ معجزہ اس لیے ہوا کہ اُس وقت اللہ کا فیصلہ نہیں ہوا تھا۔ مگر جب فیصلہ ہوا تو ایک طرف ازابیلا ور فرنینڈز کی شادی ہوگئی جس سے دو ریاستیں ایک بن گئیں اور دوسری طرف سلطان ابوالحسن اور زغول جیسے بہادر بھائیوں کے گھر ابوعبداللہ محمد ثانی جیسا بزدل شخص پیدا ہوا جس نے غداری کر کے غرناطہ کھو دیا۔

اچھا۔ مجھے یہ آخری بات تو معلوم تھی مگر یہ بات آپ نے نئی بتائی ہے کہ اپنی تباہی سے قبل ریاست غرناطہ تنہا پوری یورپی قوت کو شکست دے چکی تھی۔ مگر یہ کیسے ممکن ہوا تھا؟

یہ کہتے ہوئے داؤد کے لہجے میں حیرت تھی۔

یہ واقعی انسانوں کے بس کی بات نہیں تھی۔ یہ صرف خدا کی قدرت سے ممکن ہوا۔ گرچہ اس کے پیچھے خدا کا ایک خاص قانون کام کر رہا تھا۔

کون سا قانون؟ داؤد نے اشتیاق کے ساتھ پوچھا۔

اسے ابھی جانے دیں۔ ابھی یہ قانون بھی سمجھانے لگوں گا تو بات الجھ جائے گی۔

آپ شاید ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ آپ کی باتیں میرے لیے بالکل نئی اور مختلف ہیں۔ ہر بات ایک ساتھ نہیں سمجھ آ سکتی۔ مگر دماغ میں ایک گرہ سی رہ جائے گی۔ وہ یہودیوں کے اپنی تاریخ بھول جانے والی بات بھی آپ نے واضح نہیں کی تھی۔



عبداللہ نے ہنستے ہوئے کہا۔

کوئی بات نہیں...... ایک سے دو گرہیں اچھی ہوتی ہیں۔ ویسے بھی یہ دونوں گرہیں آپس میں ملی ہوئی ہیں۔ خیر وقت ملا اور آپ کی دلچسپی باقی رہی تو یہ دونوں باتیں ایک ساتھ سمجھا دوں گا۔ ابھی تو یہ سمجھ لیں کہ پورے یورپ پر غرناطہ کی چھوٹی سی ریاست کی فتح ایک مثال ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ دنیا میں ہر جگہ اصل کارفرما طاقت اور ارادہ صرف اللہ کا ہے اور اسی کی مرضی یہاں چل رہی ہے۔ ہم اس کی بساط کے حقیر مہرے ہیں اور کچھ نہیں۔

یہ کہتے ہوئے عبداللہ رکا اور ارد گرد کا جائزہ لے کر مسکراتے ہوئے بولا۔

لیکن میرا خیال ہے کہ ہم باتیں ہی کیے جا رہے ہیں کچھ دیکھ نہیں رہے۔ آیئے اب کچھ دیر یہاں کی مختلف جگہوں کو دیکھتے بھی جاتے ہیں تاکہ آنے کا مقصد تو حاصل ہو۔

جی ضرور! داؤد نے آگے بڑھتے ہوئے کہا۔

----------------

عنیبہ شاپنگ کے تھیلوں سے لدی پھندی کمرے میں داخل ہوئی تو اس نے دیکھا کہ اس کا شوہر خالد آنکھیں بند کیے مسہری پر لیٹا ہے۔ مگر اس کے انداز سے ظاہر تھا کہ وہ سو نہیں رہا۔ عنیبہ چہک کر بولی۔

ہیلو خالد! تم کب آئے؟

خالد نے آہستگی سے آنکھیں کھولتے ہوئے کہا۔

تمہاری بلا سے۔ کم از کم بتا کر تو جایا کرو کہ کہاں جا رہی ہو۔ میں کب سے گھر آیا ہوا ہوں۔ مگر تمہارا اتا ہے نہ پتہ۔ گھر میں کسی کو بھی نہیں معلوم کہ تم کہاں گئی ہو۔

خالد کے لہجے میں بیزاری تھی۔ ان دونوں کی شادی محبت کی تھی۔ لیکن یہ محبت اب ماضی کی

داستان تھی۔ اب تو ہر دوسرے دن ان دونوں میں جھگڑا ہوتا رہتا تھا۔اس وقت ایک نئے جھگڑے کی شروعات تھی۔شوہر کے سامنے خاموش رہنا کیا ہوتا ہے، یہ نبیہہ کی تربیت میں شامل نہیں تھا۔وہ اسی لہجے میں تنک کر بولی۔

بھئی اور کہاں جاتی شاپنگ کرنے گئی تھی۔

تو کم از کم موبائل تو سن لیا کرو۔فون کر کر کے تھک گیا۔مگر تمہارا فون بھی بند آ رہا تھا۔تم میں ذمہ داری کا ذرا بھی احساس نہیں ہے۔

خالد نے درشتی کے ساتھ کہا تو نبیہہ مزید بدک گئی۔

دوپہر کو سونے لیٹی تو موبائل بند کر دیا تھا۔ پھر اٹھی تو موبائل آن کرنا یاد نہیں رہا اور میں شاپنگ پر نکل گئی۔میں کوئی بچی تو نہیں ہوں جو تم میرے لیے اتنا پریشان ہو رہے ہو۔ ویسے تم اتنا جھلا کیوں رہے ہو۔طبیعت تو ٹھیک ہے تمہاری؟

میری طبیعت ٹھیک ہے مگر تمہارے مزاج ٹھیک نہیں ہیں۔تم شوہر کو شوہر نہیں سمجھتیں۔یہی تمہارا مسئلہ ہے۔

ہاں اب تو تم شوہر بن چکے ہو۔ یاد نہیں شادی سے پہلے ہر وقت میرے پیچھے لگے رہتے تھے۔مجھ سے کہتے تھے کہ ہم دوست بن کر رہیں گے۔

نبیہہ نے بھی ترکی بہ ترکی جواب دیا۔

وہ میری غلطی تھی۔شادی سے پہلے لڑکا لڑکی دوست ہو سکتے ہیں۔شادی کے رشتے میں شوہر شوہر ہوتا ہے اور بیوی بیوی ہوتی ہے۔ذرا اپنے گھر میں دیکھو کہ تمہاری بھابھی سارہ کس طرح رہتی ہیں۔شوہر کو وہ کیا درجہ دیتی ہیں۔

مائی ڈیئر خالد!، نبیہہ طنزیہ لہجے میں بولنا شروع ہوئی۔



وہ لوئر مڈل کلاس گھرانے کی لڑکی ہے۔۔۔۔۔۔میں سیٹھ شفقت کی بیٹی ہوں اور بائی داوے۔۔۔۔۔۔ تم شاید بھول گئے۔تم میرے عشق میں آہیں بھرتے تھے۔ یونیورسٹی میں ہر وقت میرے آگے پیچھے گھومتے تھے۔اب تمہیں کیا ہو گیا ہے؟

ہاں کسی نے ٹھیک کہا ہے۔محبت اندھی ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔اور شادی دوبارہ بینائی لوٹا دیتی ہے۔

خالد نے بے بسی سے کہا اور کروٹ لے کر دوسری طرف لیٹ گیا۔نبیہہ کچھ دیر تک کھڑی اسے کھا جانے والی نظروں سے دیکھتی رہی اور پھر پاؤں پٹختی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی۔

-----------------

دروازے کی گھنٹی بجی۔صبا نے دروازے پر جا کر پوچھا۔

کون؟

باہر سے آواز آئی۔

میں ہوں جنید! دروازہ کھولو۔

صبا نے دروازہ کھول دیا۔جنید خاموشی سے گھر کے اندر داخل ہو گیا۔اس کا چہرہ پژمردہ ہو رہا تھا۔وہ خاموشی سے اندر آ کر بیٹھ گیا۔اس پر اداسی کے گہرے بادل چھائے ہوئے تھے۔وہ ایک بے حد حساس اور ذہین نوجوان تھا۔اسے اپنی غربت کی بنا پر بہت اعلیٰ تعلیم کا موقع تو نہیں ملا تھا مگر جو کچھ بھی پڑھا اس میں اس کی کارکردگی بہت اچھی تھی۔مگر ملازمت نہ ملنے اور زندگی کی مسلسل تلخیوں نے اسے خود بھی تلخ بنا دیا تھا۔مایوسی اور منفی سوچ نے ہر سمت سے اس کا احاطہ کر لیا تھا۔آج ایک اور ناکامی نے اسے بہت دلبرداشتہ کر دیا تھا۔

اسی اثنا میں جمیلہ بھی اپنے کمرے سے گھنٹی کی آواز سن کر باہر آ گئی۔اسے دیکھتے ہی وہ بولی۔

بیٹا کیا ہوا۔تم انٹرویو دینے گئے تھے۔کچھ بات بنی؟

اس کی بات پر جنید پھٹ پڑا۔وہ چلاتے ہوئے بولا۔

امی جب تقدیر ہی بگڑی ہوئی ہو تو بات کیسے بن سکتی ہے۔میں نے کوئی باہر سے انجینئرنگ یا فائنانس کی ڈگری تو لے نہیں رکھی ہے کہ جہاں جاؤں جاب مل جائے۔گریجویشن چاہے فرسٹ کلاس میں ہو،اس کی کوئی حیثیت نہیں۔یہاں جاب تو بس تعلق اور ریفرینس سے ملتی ہے۔یہ کوئی کیوں نہیں سمجھتا کہ غریبوں کے سارے جاننے والے غریب ہی ہوتے ہیں۔

اور جو امیر ہوتے ہیں وہ بے کار اور بے فائدہ ہوتے ہیں۔

صبا نے اپنے بھائی کی تائید کرتے ہوئے کہا۔اس کا اشارہ اپنے بہنوئی حمزہ اور چچا شفقت کی طرف تھا۔

صبا!، جمیلہ نے اسے ڈانٹتے ہوئے کہا۔

تو بھائی کے زخموں پر نمک مت ڈال۔جا اور بھائی کے لیے کھانا لا۔

اچھا اچھا۔لا رہی ہوں۔پھر وہ بھائی کو دیکھ کر شوخی سے سے بولی۔

بھائی۔تم منہ ہاتھ دھولو۔میں تمہارے لیے فائیو اسٹار کھانا لاتی ہوں جو تم کئی ماہ سے کھا رہے ہو......دال اور روٹی۔

یہ کہہ کر ہنستے ہوئے کچن کی طرف چلی گئی۔اسے جاتا ہوا دیکھ کر جمیلہ غصے سے بولی۔

شکر کر یہ بھی بوڑھی ماں کی وجہ سے کھانے کو مل رہا ہے۔

پھر وہ جنید کے سر پر محبت سے ہاتھ رکھ کر بولی۔

بیٹا مایوس مت ہو۔اللہ جاب ضرور دلوائے گا۔

مایوس نہ ہوں تو کیا خوشی سے ناچنا شروع کر دوں۔ایک سال ہو گیا ہے ملازمت ڈھونڈتے ہوئے۔پتہ نہیں ان حکمرانوں کو احساس ہے یا نہیں کہ بے روزگاری کیا چیز ہوتی ہے۔بازاروں



میں دیکھو تو لوگوں کے رش سے لگتا ہے کہ پیسوں کے انبار ہیں جو لوگوں کے پاس لگے ہیں۔کبھی کبھی تو دل چاہتا ہے کہ ایک بندوق خرید کر سب کو لوٹنا شروع کر دوں۔

نہیں بیٹا ایسا نہیں سوچتے۔ایسا سوچنا بھی گناہ ہے۔تم فارغ وقت میں مسجد میں جا کر بیٹھا کرو۔زیادہ سے زیادہ وقت وہیں گزارو۔شیطان دور بھاگے گا۔جاب نہیں ملتی تو نہ ملے۔ابھی تمہاری ماں زندہ ہے۔تم پریشان نہ ہو۔نہ ملے ملازمت۔گھر کا خرچہ چلتا رہے گا۔

جمیلہ نے اسے تسلی دیتے ہوئے کہا۔وہ بیٹے کے اندر اٹھتے ہوئے طوفان کو دیکھ کر ڈر گئی تھی۔اسے یہی راستہ نظر آیا کہ بیٹے کو مسجد کے راستے پر لگا دے۔

-----------------

عبداللہ اور داؤد قصر الحمرا کے مختلف حصوں کو دیکھتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے۔تاہم داؤد کا دھیان تو عبداللہ کی باتوں میں اٹکا ہوا تھا۔آخر کار اس سے رہا نہ گیا۔اس نے عبداللہ کو مخاطب کر لیا۔

میرا بس ایک آدھ سوال اور ہے پھر یہ بات شاید پوری ہو جائے گی۔دراصل میرے ذہن میں یہ الجھن بدستور ہے کہ اگر ہم مہرے ہیں تو پھر وہ امتحان کہاں گیا؟

داؤد نے اپنی اصل الجھن کو دوبارہ سامنے رکھ دیا۔

مہرے ہم مجموعی بساط کے لحاظ سے ہیں۔خارج کی دنیا کے لحاظ سے ہیں۔امتحان کا تعلق اس خارجی بساط سے نہیں جو دنیا میں بچھی ہے۔امتحان یہ نہیں ہے کہ خارج کی دنیا کو ہم نے کیسا بنا دیا۔خارج کی دنیا اور اس بساط کا فیصلہ تو اللہ کرتے ہیں۔امتحان اس بات کا ہے کہ اپنے اندر کی دنیا،اپنی ذات،اپنے نفس اور اپنی شخصیت کو ہم نے کس رنگ میں ڈھالا ہے۔دوسرے الفاظ میں کہوں تو ہم اخلاقی پہلو سے حالت امتحان میں ہیں۔اخلاقی طور پر اچھا یا برا عمل کر کے ہم

جنت اور جہنم کو کماتے ہیں۔ جو دوسری چیز میں بار بار واضح کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ خارجی اعتبار سے ہم میں سے کسی کی اس سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں ہے کہ اللہ کی مرضی کی تکمیل کرے۔ لوگ اس بات کو نہیں سمجھتے اور خارج کی دنیا کی کامیابی اور ناکامی کو اپنا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔ وہ دنیا میں تبدیلی لانے اور انقلاب برپا کرنے کو اپنی زندگی بنا لیتے ہیں۔ حالانکہ یہ اول تا آخر اللہ کی حکمت پر موقوف ہوتا ہے۔ فرد کے لیے تو اصل مسئلہ یہ ہے کہ اس نے اپنی شخصیت کو ٹھیک کیا ہے یا نہیں۔ اس کی نجات اسی پر موقوف ہے۔ اس بات کو قرآن مجید نے بار بار بیان کیا ہے کہ جنت کی فلاح اپنی ذات کی اصلاح اور تبدیلی پر موقوف ہے نہ کہ خارجی دنیا میں کسی قسم کی تبدیلی لانے پر۔ کیونکہ خارج میں تبدیلی اگر کوئی شخص لانا بھی چاہے تو بغیر اذن رب کے نہیں لا سکتا۔

تو کیا ہم خارج کو بدلنے کی کوشش نہ کریں؟

نہیں ایسا نہیں ہے۔ بالکل کریں۔ ضرور کریں۔ مگر اس کے ساتھ یاد رکھیں کہ خارج کا فیصلہ اللہ کی حکمت کرتی ہے۔ اس لیے کبھی مایوس نہ ہوں۔ نہ اسے زندگی کا مشن بنائیں۔ ورنہ شدید مایوسی ہوگی۔ اصل مشن اور اصل امتحان یہ ہے کہ اخلاقی طور پر اپنے وجود کو پاکیزہ بنا کر اس کی اصلاح کرتے رہیں۔ اس میں ناکامی کا مطلب آخرت کی تباہی ہے۔

اور شیطان؟

وہ کوئی امتحان نہیں دے رہا۔ شیطان اور اس کی ذریت اور اولاد کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ ان کو تو بس مہلت ملی ہوئی ہے۔ اسی مہلت کا نتیجہ ہے کہ دنیا میں انسان اور شیطان کی جنگ جاری ہے۔ یاد رکھنا داؤد! بظاہر اس دنیا کی بساط پر بہت سی کشمکشیں بپا ہیں، مگر درحقیقت ایک ہی جنگ اصل ہے۔ وہ ہے ابلیس و آدم کی جنگ۔ اس جنگ کے سوا درحقیقت یہاں اور کچھ نہیں ہو رہا۔ جو ہے وہ فریب نظر ہے۔ اصل حقیقت صرف ایک ہے۔ ذریت ابلیس اور ذریت آدم کی جنگ۔



خوب۔ بہت خوب۔ بس اس حوالے سے ایک آخری بات بتا دیں۔ کہتے ہیں کہ شیطان تو بہت پہنچی ہوئی ہستی تھا۔ شاید عزازیل اس کا نام تھا اور وہ فرشتوں کا بھی استاد تھا۔ اتنے بڑے شخص نے اللہ کی نافرمانی کرتے ہوئے آدم کو سجدہ کرنے سے کیوں انکار کیا۔ اس نے یہ غلطی کیوں کی؟

داؤد کا سوال سن کر عبداللہ کے چہرے پر ایک مسکراہٹ آ گئی۔ وہ ہنستے ہوئے بولا:

قرآن مجید اس کو ابلیس کے نام سے پکارتا ہے۔ مگر شیطانوں کے نام اہم نہیں ہوتے۔ ان کا کام اہم ہے۔ وہ کام ہے اللہ کے بندوں کو اللہ کی نافرمانی پر آمادہ کرنا۔ یاد رکھنے کی یہی اصل بات ہے۔ بہرحال ابلیس کو اپنی بڑائی کا زعم تھا۔ وہ احمق بڑائی کے اس زعم میں یہ نہیں سمجھ سکا کہ اصل حکم یہ نہیں تھا کہ آدم کو سجدہ کرو۔ اس حکم کی اصل حقیقت یہ تھی کہ اللہ کے فیصلے کو سجدہ کرو۔ فرشتے اس حقیقت کو پا گئے تھے۔ چنانچہ انہوں نے اس فیصلے سے متعلق اسکیم کو سمجھنے کے لیے ایک دو سوالات کیے اور جیسے ہی اصل بات واضح ہوئی سب سجدے میں گر گئے۔ گویا شیطان یہ حقیقت نہیں دیکھ سکا کہ انسان خدا کی بساط کا ایک مہرہ ہے۔ سجدہ انسان نامی مخلوق کو نہیں کرنا تھا بلکہ اللہ تعالیٰ کو کرنا تھا جس نے اس مہرے کو آگے بڑھایا تھا۔ لوگ آج بھی یہی غلطی کرتے ہیں۔ بساط کے مہروں کو اصل حقیقت سمجھ لیتے ہیں اور اس حکیم رب کو نہیں دیکھ پاتے جو ان سب کے پیچھے ہے۔ ایسے لوگ اپنی من مانی کرتے ہیں اور بظاہر بہت کامیاب اور خوش نظر آتے ہیں، مگر جب قیامت آئے گی تو حقیقت کھلے گی کہ ظاہری چیزوں کو اہمیت دے کر اور خدا کو فراموش کر کے وہ ہمیشہ کے لیے شکست کھا چکے ہیں۔

----------------

سردار عزازیل کی جے ہو۔

سردار کی جے ہو۔

بار بار یہ نعرے فضا میں گونج رہے تھے۔اس گونج سے ماحول میں ایک دہشتناک ارتعاش پیدا ہو رہا تھا۔سردار نے اپنا ہاتھ بلند کیا تو نعروں کی گونج معدوم ہونا شروع ہوگئی۔فضا میں ایک دفعہ پھر مہیب اور پراسرار خاموشی چھا گئی ۔ خاموشی کے اس پردے کو سردار کی دلدوز صدا نے چاک کرنا شروع کیا:

خدا نے آدم کو دنیا میں اپنا پیغمبر بنا کر بھیجا اور اس کی اولاد سے یہ وعدہ کیا کہ وہ ان کی رہنمائی کے لیے ہر دور میں پیغمبر بھیجے گا۔ان پیغمبروں نے کبھی چند لوگوں کو ورغلایا بھی تو ہم نے ان کی نسلوں کو دوبارہ اپنے راستے پر ڈال دیا۔ یہ سلسلہ چلتا رہا یہاں تک کہ عرب میں ایک پیغمبر ابراہیم کو پیدا کیا گیا۔ایک بت پرست آزر کے گھر میں ایک خدا پرست پیدا ہوا۔اس نے اور پھر اس کی اولاد نے ہمارے خلاف ایک منظّم بغاوت پھیلا دی ۔پہلی دفعہ یہ سانحہ ہوا کہ اس دھرتی پر شیطان کے بجائے خدا کی عبادت ہونے لگی ۔ یہ گھٹیا انسان خدا پرست بننے لگے۔یروشلم اور مکہ میں خدا کے گھر بنا دیے گئے جہاں پوری پوری قومیں ایک خدا کی عبادت کرنے لگیں۔مگر ہم نے اپنی جنگ جاری رکھی یہاں تک کہ خدا کے گھر کو ہم نے بتوں سے بھر دیا اور اس کے معبد یروشلم کو ہم نے خدا کے نام لیواؤں کا قبرستان بنا دیا۔نہ کلیم خدا کا عصا ہمیں روک سکا نہ مسیح ناصری کے معجزات ہماری راہ کی دیوار بن سکے۔

سردار عزازیل کی جے ہو۔ایک دفعہ پھر نعرہ بلند ہوا۔

اس سے قبل کہ سردار کچھ مزید کہتا سوگویال کی پھنکارتی ہوئی آواز بلند ہوئی۔

میرے آقا یہ بھی فرمائیے کہ ہم نے مسیح ناصری کے پیروکاروں کے ساتھ کیا کیا تھا۔

خوب یاد دلایا تم نے سوگویال۔مسیح نے مچھلیوں کے شکاریوں کو انسان پکڑنا سکھایا۔ یہ لوگ



توحید کے مبلغ بن کر دنیا بھر میں پھیلے۔مگر ہم نے انسانوں کے روپ میں موجود اپنے ایجنٹوں سے خود مسیح ناصری کو خدا کا بیٹا بنوا دیا۔اب مسیح کے شکاری ساری دنیا میں انسانوں کا شکار تو کرتے ہیں،مگر خدا کے لیے نہیں ہمارے لیے۔ یہ عیسائی مشنری انسانوں کو خدا کے بجائے مسیح کی پرستش کے کام پر لگا دیتے ہیں۔ وہ خدا کے پیغمبر کو خدا کا بیٹا بنا چکے ہیں اور دو ہزار سال سے باقی دنیا کو اسی کام پر لگا رہے ہیں۔اس سے بڑا لطیفہ اور کیا ہوسکتا ہے۔

یہ کہتے ہوئے اس نے ایک زوردار قہقہہ لگا دیا۔اس کی ہنسی کی مکروہ آواز تمام حاضرین کے دلوں میں ایک جلترنگ کی طرح گونجی اور وہ بھی اس لطیفے پر زوردار آواز میں ہنسنے لگے۔ یہ ہنسی کیا تھی گویا ہزاروں اژدہوں کی پھنکار سے فضا آلودہ ہوگئی۔ یہ پھنکار ختم ہوگئی تو سردار کی وحشتناک آواز نے اس کی جگہ لے لی۔

مگر پھر وہ وقت آیا جب عرب کے پہلے پیغمبر کی اولاد میں آخری پیغمبر کا ظہور ہوا۔ یہ بہت مشکل مرحلہ تھا۔ یہ ہماری تاریخ کا سب سے بڑا چیلنج تھا۔ پورے عرب سے ہمیں دیس نکالا مل گیا۔ایک خدا کی عبادت کی رو چل پڑی۔پیغمبر کے پیروکاروں نے پوری انسانیت کو گمراہ کر کے شیطان کے خلاف عظیم بغاوت پھیلا دی۔

مگر سردار آپ کی اجازت سے میں یہ عرض کروں گا کہ مکمل شکست ہم نے اس وقت بھی نہیں کھائی تھی۔ہم نے ایک نسل بعد ہی عرب کے پیغمبر کے پیروکاروں کو آپس میں لڑوا دیا تھا۔

زاریوس نے سردار کی گفتگو میں مداخلت کرتے ہوئے کہا۔

ہاں تم نے بالکل ٹھیک کہا زاریوس۔ہم اس وقت یہ نہیں کر پاتے تو یہ لوگ پورے کرہ ارض کے انسانوں کو گمراہ کر دیتے۔ چنانچہ ہم نے باہمی جھگڑوں سے ان کی اس ابتدائی یلغار کو روک دیا۔اور پھر اگلی نسلوں کی توجہ کبھی اس مشن کی طرف نہیں ہوئی۔مگر اس کے باوجود کچھ لوگ اٹھتے

رہے جو اس امت کے اندر بھی ہماری بات کو پھیلنے سے روکتے رہے اور دوسری قوموں میں بھی اسلام کی دعوت پہنچاتے رہے۔

ان لوگوں کی کوششوں سے پیغمبر کے نام لیواؤں نے ایک ایک کر کے بہت سی قوموں اور نسلوں کو ہماری غلامی سے نکالا۔عرب اور مصر کے بعد، فارس، شمالی افریقہ، ہندوستان، وسط ایشیا، مغربی ایشیا، مشرقی یورپ، جنوبی یورپ، اسپین اور شمال مشرقی ایشیا کی ملائی قومیں، ایک ایک کر کے ہمارے ہاتھوں سے نکلتی چلی گئیں۔ یہ سلسلہ اگر جاری رہتا تو اس دنیا سے ہمیشہ کے لیے شیطان کا اقتدار ختم ہو جاتا۔ چنانچہ ہزار برس بعد ہم نے فیصلہ کن مزاحمت شروع کی۔ہم نے اپنی قوت کو دوبارہ مجتمع کیا۔ مذہب کے نام پر ایسے جال بنے جنہوں نے مسلمانوں کو مکمل طور پر غفلت کی نیند سلا دیا۔انہیں نہ اپنے معاملات کی اصلاح کی فکر رہی نہ دوسری اقوام تک اپنے دین کی دعوت پہنچانے کا وہ کام یاد رہا جو نبوت کے خاتمے کے بعد ان کی ذمہ داری تھا۔ ہماری اس زبردست کوشش ہی کا نتیجہ ہے کہ پچھلی کئی صدیوں سے مسلمان کسی نئی قوم کو گمراہ کر کے اسلام کے دائرہ میں نہیں لا سکے۔

یہ کہہ کر سردار رکا اور فخریہ نگاہوں سے تمام حاضرین کی طرف دیکھنے لگا۔زاریوس نے خاموشی کے وقفے میں اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

میں آپ کو یقین دلاتا ہوں میرے آقا! ہم آئندہ بھی مسلمانوں کو یہ کام نہیں کرنے دیں گے۔کوئی نئی قوم اسلام کے دائرے میں داخل نہیں ہوگی۔ بلکہ جو مسلمان ہیں وہ بھی ایک دوسرے کو کافر قرار دے کر اسلام کے دائرے سے خارج کرتے رہیں گے۔

یقیناً یقیناً۔ ہر طرف سے زاریوس کی تائید میں صدائیں بلند ہونا شروع ہو گئیں۔منایوس اپنی جگہ سے کھڑے ہوتے ہوئے بولا۔



میرے آقا اور مولیٰ عزازیل کی قسم! آئندہ دنیا کی کوئی قوم اسلام کے دائرے میں داخل نہیں ہوگی۔ یہ کہتے ہوئے اس نے شدت جذبات سے نعرہ بلند کیا۔

سردار عزازیل کی جے ہو۔

تمام حاضرین نے اسی جوش سے جوابی نعرہ بلند کر کے اس کی تائید کی۔فضا میں پھیلے ہوئے شیطانیت کے سائے اور گہرے ہو گئے۔

-----------------

بھئی بہت اچھی دعوت رہی۔تم نے اچھا انتظام کیا تھا۔

حمزہ نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے سارہ سے کہا۔وہ دونوں ابھی ابھی عنیبہ اور خالد کو دروازے تک رخصت کر کے لوٹے تھے۔

جی اللہ کا شکر ہے سب ٹھیک ہو گیا۔ خالد بھائی تو بہت دنوں بعد آئے تھے۔مگر وہ کچھ اکھڑے اکھڑے لگ رہے تھے۔یہی حال عنیبہ کا تھا۔اس نے ایک دفعہ بھی ان سے ٹھیک طرح بات نہیں کی۔ایسے تھوڑا ہی ہوتا ہے۔

ارے بھئی میاں بیوی میں کچھ نوک جھونک ہو گئی ہوگی۔اور کیا ہوا ہوگا۔

مگر یہ تو کوئی بات نہ ہوئی۔وہ اپنے گھر میں تو نہیں بیٹھے تھے۔مگر اصل ذمہ داری تو عنیبہ کی تھی۔ خالد بھائی اس کے میکے آئے تھے۔ اسے ٹھیک طرح برتاؤ کرنا چاہیے تھا۔ویسے بھی لڑکیوں کو تحمل سے کام لینا چاہیے۔ امی مجھے کیا کچھ نہیں کہہ دیتیں، مگر میں کتنا برداشت کرتی ہوں۔

اب میری بہن کے ساتھ تمہیں میری ماں میں بھی خرابیاں نظر آنے لگیں۔آخر کیا کہہ دیا انہوں نے؟

وہ ہر وقت کچھ نہ کچھ کہتی ہی رہتی ہیں۔ میں آپ سے کیا کیا کہوں۔ آپ کے کہنے پر انہیں امی کہنے لگی تو انہوں نے پھر ڈانٹ پلا دی کہ امی نہ کہا کرو۔ چچی کہا کرو۔

تو جیسے انہوں نے کہا ہے ویسے ہی کرو۔ حمزہ ایک دم جھلا اٹھا۔ وہ غصے سے بولا۔

اور میرے سامنے میری ماں اور بہن کی برائی کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

میں کسی کی برائی نہیں کر رہی۔ عنیبہ کے بھلے کے لیے کہہ رہی ہوں۔ رہی چچی کی بات تو میں ان کی بھی شکایت نہیں کر رہی۔ شکایت کروں تو ہر روز ایک نئی داستان سنانی پڑے گی۔ صرف اس لیے آپ کو بتایا ہے کہ آئندہ ان کو آپ کے سامنے چچی کہوں تو آپ برا نہ مان لیں۔

سارہ نے قدرے ناراضی سے کہا۔ وہ سارا دن کے کام کاج کے بعد بری طرح تھک چکی تھی۔ اپنی دانست میں اس نے عنیبہ کے بھلے کی بات کی تھی، مگر یہاں بھی اسے بلا وجہ ڈانٹ پڑ گئی۔ حمزہ کو بھی احساس ہوا کہ سارہ کا کوئی قصور نہیں ہے۔ وہ بلا وجہ غصہ ہوا ہے۔ وہ اپنے لہجے کی تلافی کرتا ہوا بولا۔

چلو چھوڑو ان فضول باتوں کو۔ تمہارے لیے ایک خوشخبری ہے۔ بوجھو تو کیا ہے؟

سارہ نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔

دیکھو تمہاری خاطر میں نے پہلے ابو سے بات کی۔ وہ الٹا ناراض ہو گئے۔ مگر پھر بھی میں نے اپنی طرف سے کوشش کی اور جنید کی جاب کی ایک جگہ بات کر لی ہے۔ اس کے پاس نہ اس جاب کا کوئی تجربہ ہے نہ کوئی اعلیٰ ڈگری۔ اس لیے تنخواہ کوئی بہت زیادہ نہیں ہے۔ مگر ایک تو اسے تجربہ ملے گا اور دوسرے کم از کم بے روزگاری سے تو بہتر ہے۔ پھر اور کچھ دیکھ لیں گے۔

حمزہ نے جنید کی ملازمت کی تفصیل بتائی تو سارہ ایک دم خوش ہو گئی۔

سچ! آپ نے کتنا بڑا کام کر دیا ہے۔ تھینک یو حمزہ۔ آپ کتنے اچھے ہیں۔ آپ نے مجھ پر



بڑا احسان کیا ہے۔

حمزہ نے اس کی بات پر مسکرا کر کہا۔

ارے بے وقوف میاں بیوی ایک دوسرے پر احسان نہیں کرتے۔ ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہیں۔

سارہ نے احسان مندی سے گردن جھکا لی۔

----------------

اندھیرے سائے بڑھتے جا رہے تھے۔ مگر شیطانی طاقتوں کے لیے یہ اندھیرے زندگی کی نوید تھے۔ سردار کی تقریر اسی طرح جاری تھی۔ اس کے ساتھ ان سب کا جوش و خروش بھی بڑھ رہا تھا۔ خاص کر اسلام کے دائرے میں پچھلی کئی صدیوں سے کسی نئی قوم کے داخل نہ ہونے کی حقیقت کو یاد دلا کر سردار نے ان کے اندر مسرت اور شادمانی کی لہر دوڑا دی تھی۔ کیونکہ یہی ان کا اصل مشن تھا۔ اسلام کی دعوت کا راستہ ہر قیمت پر روکنا۔ انہیں یقین ہو چلا تھا کہ عنقریب دنیا پر ان کا مکمل اقتدار قائم ہو جائے گا۔ جب نعروں کا غلغلہ کچھ تھما تو وہ دوبارہ گویا ہوا۔

ہم نے مغرب میں یاجوج ماجوج کے لشکروں کو منظّم کیا۔ دنیا کا اقتدار ان کے قدموں میں آ گیا۔ ان کے ذریعے سے انکار خدا، آخرت فراموشی اور دنیا پرستی کی ایک نئی لہر کو منظّم کر دیا۔ جس کے بعد اب دنیا کی قومیں اسلام کے دائرے میں داخل نہیں ہوتیں بلکہ مغربیت کے دائرے میں داخل ہوتی ہیں۔ حتیٰ کہ مسلمانوں کے خواص اور عوام بھی اب مغربی تہذیب کے سامنے سجدہ کرنے پر مجبور ہیں۔

سردار کے الفاظ ان سب کے لیے بارش کے وہ قطرے تھے جو ان کے وجود کو مسرت اور شادمانی کی برسات میں بھگو رہے تھے۔

رہے ان کے مذہبی لوگ تو ہم نے ان کو انھی ہتھیاروں سے قابو کر رکھا ہے جن سے یہودیوں اور مسیحیوں کو قابو کیا تھا۔ آج کا مسلمان نصاریٰ کی طرح یا تو خدا کو چھوڑ کر بزرگ ہستیوں کی بڑائی اور عظمت کے احساس میں جیتا ہے یا پھر یہود کی طرح ظاہری اعمال کی دینداری، شدید تعصب اور قوم پرستانہ احساس میں جیتا ہے۔ جس کے نتیجے میں یہ لوگ آپس میں لڑتے رہتے ہیں یا پھر دوسری اقوام کے ساتھ جھگڑتے رہتے ہیں۔

سردار کا نام بلند رہے۔

اس موقع پر سوگویال نے کھڑے ہو کر کہا۔

آپ کی اور بزرگ عزازیل کی رہنمائی سے ہم نے سمجھ لیا ہے کہ ہمیں مسلمانوں کو کبھی دو کام نہیں کرنے دینا چاہییں۔ ایک کوئی شخص ان میں ایمان، اخلاق اور عمل صالح کی صدا بلند نہ کرنے پائے اور دوسرا یہ کہ یہ لوگ کبھی دوسری اقوام تک اسلام کا پیغام نہ پہنچانے پائیں۔

ہاں! تم نے بالکل ٹھیک کہا سوگویال۔ ہم نے ان چیزوں سے دور رکھنے کے لیے مسلمانوں کو بہت سے دوسرے کاموں میں لگا رکھا ہے۔ یہ اب کبھی بھی ہمارے پھندے سے نہیں نکل سکیں گے۔

یہ کہہ کر سردار کچھ دیر کے لیے خاموش ہوا۔ اور پھر ٹھہرے ہوئے انداز میں دوبارہ گویا ہوا:

مگر اب کچھ عرصے سے نئے خطرات منڈلانا شروع ہو چکے ہیں۔

سردار نے اچانک رخ بدلا اور سابقہ تقریر سے ایک بالکل مختلف بات کہی۔ یہ جملہ گویا کہ پوری تقریر کا انٹی کلائمکس تھا۔ مجلس پر مکمل سناٹا چھا گیا۔ آخر کار سوگویال نے اس سناٹے کو توڑا۔

وہ خطرہ کیا ہے؟ اس کے انداز سے پریشانی عیاں تھی۔

آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ساتھی آسمانوں پر سن گن لیتے رہتے ہیں تاکہ ہمارے خلاف



کوئی فیصلہ اترے تو اس کی روک تھام کے لیے پیشگی منصوبہ بندی کی جا سکے۔ ہمیں اس میں بڑی مشکلیں پیش آتی ہیں اور فرشتے آگ برسا کر ہمیں بہت چوٹ پہنچاتے ہیں۔ یہ سلسلہ اسی وقت رکا تھا جب قرآن کی وحی آرہی تھی اور ہمارے قدیم دشمن جبرائیل کے ساتھ ہونے کی بنا پر اس کا کوئی امکان ہی نہیں تھا کہ ہم کچھ سن گن لے سکیں۔ لیکن اس کے بعد سے ہمارے ساتھی اپنی جان پر کھیل کر کچھ نہ کچھ سن گن لینے میں کامیاب ہو ہی جاتے ہیں۔ ایسی ہی کچھ نامکمل مگر انتہائی اہم اطلاعات مجھ تک حال ہی میں پہنچی ہیں۔

وہ بولتے بولتے ایک لمحے کو رکا۔ تمام لوگ یکسو ہو کر اس کی اگلی بات کے منتظر تھے۔

ان معلومات کے مطابق خدا اپنے کام کو پورا کرنے کا فیصلہ کر چکا ہے۔

اس کا کام کیا ہے میرے آقا؟ سوال کرنے والا ایک دفعہ پھر منایوس ہی تھا۔

اس کا کام جو اس نے اپنے ذمے لے رکھا ہے، اپنی ہدایت اور اپنی رہنمائی کو دنیا بھر کے انسانوں تک پہنچا دینا ہے۔ یہی وہ کام ہے جس کے کرنے سے ہم نے صدیوں سے مسلمانوں کو روک رکھا ہے۔ مگر اب اس مقصد کے لیے خدا نے عرب کے پیغمبر کے کچھ نام لیواؤں کو استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اور اس دفعہ اس کے ارادے خطرناک لگتے ہیں۔

مگر ہمیں کیا پروا۔

حاضرین میں سے ایک اور شخص نے پورے اعتماد کے ساتھ کہا۔

ہم نے تو پیغمبروں کی بھی نہیں چلنے دی تو یہ عام لوگ ہمارا کیا بگاڑ سکتے ہیں۔

ہاں! تم ٹھیک کہتے ہو۔ اسی لیے میں نے تمھیں آج پوری داستان سنائی ہے کہ تم لوگ حوصلہ بلند رکھو۔ یہ گندی نالی کے گندے کیڑے ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اصل خطرہ عرب کے پیغمبر سے ہے۔

جو شخص اب موجود ہی نہیں اس سے کیا خطرہ؟

اس دفعہ تبصرہ کرنے والا زار یوس تھا۔

خطرہ ہے۔ پیغمبر کا دین پوری طرح موجود ہے۔ رہنمائی پوری طرح موجود ہے۔ ہم نے جب موسیٰ کی قوم کو شکست دی تھی تو دوہرا وار کیا تھا۔ ایک طرف اصل تعلیم میں ہم تحریف کروادیتے تھے اور دوسری طرف موسیٰ کے ماننے والوں کے لیے ہم ان چیزوں کو اہم بنادیتے تھے جن پر ان کی نجات موقوف نہ تھی۔ اس دوہرے ہتھیار سے ہم نے موسیٰ کی قوم کی بغاوت کو کچل ڈالا۔ مگر عرب کے پیغمبر کا معاملہ الگ ہے۔ اس پیغمبر کی اصل تعلیم اس کی کتاب میں محفوظ ہے۔ یہ کتاب ہماری پہنچ سے محفوظ کردی گئی ہے۔ ہم اس میں تحریف کر کے اسے بگاڑ نہیں سکتے۔ صرف یہ کیا جاسکتا ہے کہ اصل تعلیم سے ہٹا کر لوگوں کو دوسرے کاموں میں لگا دیا جائے۔ تاہم اگر کچھ ایسے لوگ پیدا ہوجائیں جو اصل تعلیم کو پوری طرح سمجھ کر اپنا مسئلہ بنالیں تو وہ اسی طرح خطرناک ثابت ہوں گے جیسے پیغمبر کے ابتدائی ساتھی ہمارے لیے خطرناک ثابت ہوئے تھے۔

اس موقع پر زار یوس اپنی جگہ پر کھڑا ہوگیا اور ادب سے بولا۔

میرے آقا! آپ تو جانتے ہیں کہ ہم نے صدیوں سے مسلمانوں کو اس کتاب کو بغیر سمجھے پڑھنے کی مشق پر لگا رکھا ہے۔ ویسے بھی اس وقت مسلمان کے نام پر دنیا میں جو لوگ موجود ہیں وہ اپنے تعصّبات میں مبتلا فرقہ پرست لوگ ہیں۔ ان لوگوں کے لیے قرآن بس زبانی طور پر خدا کا کلام ہے۔ ورنہ ان کی اصل محبت دوسری چیزوں کے ساتھ ہے۔ وہ چیزیں جیسے ہی سامنے آتی ہیں۔ وہ مختلف تاویلیں کر کے خدا کے کلام کو اٹھا کر کمر کے پیچھے پھینک دیتے ہیں۔ میرے آقا جن لوگوں نے خدا کے کلام کے ساتھ یہ سلوک کر رکھا ہو ان سے ہمیں کیا خطرہ ہوسکتا ہے؟

بیٹھو زار یوس! مجھے تمہاری صلاحیت اور خدمات کا اعتراف ہے۔ یہ سب تمہارا ہی کارنامہ



ہے۔ مگر میں سب مسلمانوں کی بات نہیں کر رہا۔ کچھ لوگوں کی بات کر رہا ہوں۔

سردار نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے کہا۔

تو کیا کچھ ایسے لوگ پیدا ہوگئے ہیں؟

اس دفعہ سوگو یال نے سوال کیا۔

پیدا ہوئے نہیں ہیں۔ پیدا کیے گئے ہیں۔ خدا کی طرف سے خاص طور پر اٹھائے گئے ہیں......

سردار نے تشویشناک لہجے میں کہا۔

اور یہی آج کے اس اجلاس کا مقصد تھا۔ ہمارے لوگوں نے جو سن گن لی ہے اس میں کئی لوگوں کے نام سامنے آئے ہیں۔ مگر ان میں سے ایک بہت خطرناک ہے۔ اس شخص کے ذریعے سے سردار عزازیل کے خلاف بہت بڑی بغاوت آسکتی ہے۔

کون ہے وہ فتنہ پرور؟

سوال کرتے ہوئے سوگو یال کے لہجے سے حقارت ٹپک رہی تھی۔

وہ اسی خطے کا باسی ہے۔ اس کا نام عبداللہ ہے۔

-----------------

عبداللہ اور داؤد قصر الحمرا کے مختلف گوشے دیکھتے ہوئے دیوان خاص تک آ گئے تھے۔ یہاں موجود محرابی جھروکوں سے قدیم غرناطہ کا منظر نظر آ رہا تھا۔ جبکہ ایک طرف سے جبل سبیقہ پر دور تک پھیلی ہوئی قلعے کی فصیل نظر آ رہی تھی۔ اوپر نیلگوں آسمان تھا اور نیچے پہاڑ کی ڈھلان سبزے سے ڈھکی ہوئی تھی۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے وقفے وقفے سے آتے اور جھروکے میں کھڑے لوگوں کے وجود پر ٹھنڈک کا مساج کر دیتے۔

عبداللہ اور داؤد خاموشی کے ساتھ کھڑے اس خوشگوار منظر سے لطف اندوز ہو رہے تھے کہ ایک مترنم آواز نے ان کی سماعتوں کے دروازے پر دستک دی۔

کیا آپ لوگوں کو اسکورٹ (Escort) کی ضرورت ہے۔

عبداللہ اور داؤد دونوں نے پلٹ کر دیکھا۔ اسپینش لہجے میں بولی گئی یہ انگریزی کا جملہ ادا کرنے والی لڑکی ان کے پیچھے کھڑی تھی۔ وہ لڑکی کیا تھی اپنے سراپے میں سیاحوں کے قتل کا سامان تھی۔

آپ کا شکریہ! ہمیں ضرورت نہیں ہے۔ یہ میرے مہمان ہیں، میں ان کو الحمرا خود دکھادوں گا۔

داؤد جو صورتحال کو بھانپ چکا تھا کہ اسکورٹ کی سہولیات میں وہ لڑکی کیا کچھ پیشکش کرنے والی تھی، اس نے تیزی سے جواب دیا۔ وہ عبداللہ کے سامنے ایسی کسی بات کو سن کر شرمندہ نہیں ہونا چاہتا تھا۔

داؤد کی بات سن کر اس لڑکی کے چہرے پر طاری مسکراہٹ اور گہری ہوگئی۔ ایسا لگا کہ جیسے اسے داؤد کے انکار سے کوئی فرق نہیں پڑا۔ وہ بہت اعتماد سے چلتے ہوئے ان دونوں کے اور قریب آگئی۔ اس کے وجود سے اٹھنے والی خوشبو نے اس کی شخصیت کے تاثر کو کئی گنا بڑھا دیا تھا۔ ہسپانوی حسن صدیوں سے مغربی اور عربی حسن کا امتزاج رہا ہے۔ اس لڑکی کے سیاہ بالوں اور سفیدی مائل گندمی رنگ، ستواں نقوش، متناسب قد و قامت اور نیم عریاں لباس سے چھلکتے نسوانی جمال میں اتنی خوبصورتیاں جمع تھیں کہ ناممکن تھا کہ وہ کسی مرد کی توجہ حاصل نہ کر لے۔

سینیور۔ آپ تو یقیناً میرے ساتھ کچھ وقت گزارنا چاہیں گے۔ غرناطہ میں مجھ جیسی اسکورٹ کوئی اور نہیں۔ آپ کی قسمت اچھی ہے کہ میں آپ کو پیشکش کر رہی ہوں۔



لڑکی نے پورے اعتماد کے ساتھ عبداللہ کو مخاطب کیا تھا۔ اس کی بڑی بڑی آنکھیں عبداللہ کے چہرے پر گڑی ہوئی تھیں۔ ہونٹوں پر دلفریب مسکراہٹ تھی۔ عین اس وقت ہوا کا ایک تیز جھونکا آیا اور لڑکی کے وجود سے ٹکرا گیا۔ اس کے وجود سے مہک اٹھی اور ہوا کے دوش پر ان دو سیاحوں کے مشام جان کو معطر کر گئی۔ ہوا نے لڑکی کے بالوں کی لٹیں اس کے چہرے پر پھیلا دی تھیں۔ اس کے ریشمی بالوں نے اس کے چہرے کو ایسے ہی چھپا لیا جس طرح چودھویں کے چاند کو بادلوں کا آوارہ ٹکڑا کچھ دیر کے لیے ڈھانپ لیتا ہے۔ اس نے ایک دلفریب ادا کے ساتھ اپنے سر کو جھٹکا اور چہرے کو بالوں کی قید سے چھڑا لیا۔ اس لڑکی میں پہلے ہی بلا کی کشش تھی۔ ان اداؤں نے اس کی کشش کو کئی گنا بڑھا دیا تھا۔

ویسے لڑکی نے اپنے بارے میں کسی مبالغے سے کام نہیں لیا تھا۔ اتنی خوبصورت لڑکیاں کم ہی ہوتی ہیں۔ عبداللہ کو خاموش دیکھ کر وہ اس سے دوبارہ مخاطب ہوئی۔

سینیور! میں آپ سے مخاطب ہوں۔

سینیوریٹا! آپ کے سروس چارجز کیا ہیں؟

عبداللہ کی بات سن کر داؤد کو ایک زبردست جھٹکا لگا۔ اس سے پہلے کہ لڑکی کوئی جواب دیتی اس نے عبداللہ کا بازو پکڑا اور اسے ایک طرف کرتے ہوئے سرگوشی کے انداز میں بولا۔

عبداللہ صاحب! آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ یہ لڑکی گائڈ نہیں ہے۔ کال گرل ہے۔

سینیور! آپ سے پیسے لینے کا دل نہیں چاہتا۔ جو دل چاہے دے دیجیے گا۔

لڑکی کو اندازہ ہو گیا تھا کہ داؤد عبداللہ کو منع کر رہا ہے۔ اس نے ماہر شکاری کی طرح محبت آمیز مسکراہٹ کے ساتھ نیا داؤ لگایا۔ لڑکی کو اپنے اوپر بلا کا اعتماد تھا۔ اس نے یہ جملہ کہتے ہوئے تیکھی نظروں سے داؤد کو دیکھا۔ وہ خاموشی سے اسے پیغام دے رہی تھی کہ تم کچھ بھی کر لو۔ تمہارا

ساتھی گیا۔

پھر بھی۔آپ پہلے پیسے طے کریں۔دو گھنٹے کے آپ کتنے پیسے لیں گی؟

عبداللہ نے لڑکی سے دریافت کیا۔ یہ کہتے ہوئے اس کی نظر نیچے ہی تھی۔اس نے پہلی دفعہ کے بعد دوبارہ اس لڑکی کو نظر اٹھا کر نہیں دیکھا تھا۔

آپ اتنے اچھے ہیں آپ سے زیادہ پیسے لینے کا دل نہیں چاہتا۔صرف دو سو یورو۔

ٹھیک ہے۔مگر سروس میں کیا شامل ہوگا۔

جو آپ چاہیں۔

لڑکی نے اس انداز میں یہ جملہ کہا کہ سننے والے فدا ہو جاتے۔ ویسے اردگرد چند مغربی سیاح اور موجود تھے اور دل ہی دل میں اس لڑکی کے حسن اور عبداللہ کی قسمت کو داد دے رہے تھے۔

عبداللہ نے ان سب سے بے نیاز ہو کر لڑکی سے کہا۔

ٹھیک ہے۔میرے ساتھ چلو۔

یہ کہہ کر عبداللہ نے ایک سمت قدم آگے بڑھا دیے۔لڑکی اس کے پیچھے چلنے لگی۔داؤد اپنی جگہ کھڑا رہ گیا۔اس کی کیفیت یہ تھی کہ کاٹو تو بدن میں لہو نہیں۔اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔یہ وہی عبداللہ ہے جو کچھ دیر قبل انسان اور شیطان کی جنگ پر گفتگو کر رہا تھا اور اب الحمرا اور داؤد کو چھوڑ کر ایک کال گرل سے بھاؤ تاؤ کر کے اسے ساتھ لے جا رہا ہے۔

----------------

سردار کے منہ سے عبداللہ کا نام سن کر سوگویال نے درشت لہجے میں سوال کیا۔

یہ کمینہ عبداللہ اس وقت کہاں ہے؟

سردار نے ایک اور شخص کی طرف دیکھا جو ابھی تک بالکل خاموش بیٹھا تھا۔وہ شخص کھڑا ہوا



اور بہت ادب سے بولا۔

میرے آقا۔وہ اس وقت مغرب کے ایک خطے میں موجود ہے۔وہاں بھی وہ مسلسل گمراہی پھیلا رہا ہے۔وہاں اس کی ملاقات ایک اور گمراہ اور باغی شخص داؤد سے ہوگئی ہے۔یہ دونوں کوئی بہت بڑا فتنہ پھیلا سکتے ہیں۔ہمیں ان کا فوری انتظام کرنا ہوگا۔

اس بات پر منایوس پورے اعتماد سے کھڑا ہوا اور اکڑ سے بھرپور لہجے میں کہا۔

سردار! آپ کی عنایت سے آپ کے اس غلام نے عبداللہ سے نمٹنے کا انتظام کر دیا ہے۔ آپ نے اس نشست میں مجھے بلاتے وقت عبداللہ کے فتنے کا ذکر کر دیا تھا۔ چنانچہ میں نے اپنے طور پر پوری معلومات جمع کیں اور پھر وہاں کے مقامی سردار کو اس کی آمد کی اطلاع کر دی۔ ان کا پیغام آیا ہے کہ انہوں نے اس فتنے کی سرکوبی کا بندوبست کر لیا ہے۔

کیا بندوبست کیا ہے؟، سردار نے سوال طلب نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔

انہوں نے ایک انتہائی حسین دوشیزہ کا جال اس کے لیے تیار کیا ہے۔وطن سے دور ایک اجنبی ملک میں جہاں کوئی جاننے والا نہ ہو، یہ جال اپنا کام کر جائے گا۔

ارے بے وقوف! کس دنیا میں رہتے ہو تم۔وہ عبداللہ بہت کمینہ ہے۔اس کے خلاف پہلے بھی یہ جال استعمال کیا گیا تھا۔ناعمہ نام کی اپنی ایک وفادار کے ذریعے سے ہم نے اسے جال میں پھنسانے کی کوشش کی تھی۔جانتے ہو آخر میں کیا ہوا تھا؟

سردار کی آواز میں اتنا شدید غضب تھا کہ سب لرز اٹھے۔

وہ جال کاٹ کر ہماری خادمہ ہم سے چھین کر لے گیا۔جال بھی گیا اور وہ لڑکی بھی ہمارے ہاتھ سے چلی گئی۔وہ شیطان کے بجائے خدا کی بندی بن گئی۔

تھوڑی دیر کے لیے خاموشی چھا گئی۔پھر زاریوس نشست سے اٹھا اور اپنی خدمات پیش

کرتے ہوئے بولا:

آپ مجھے موقع دیجیے۔ وہ واپس آتا ہے تو میں کسی اور طرح اس فتنے کی سرکوبی کی کوشش کروں گا۔

ٹھیک ہے زاریوس۔ مجھے تم پر اعتماد ہے۔لیکن بہتر ہے کہ سوگویال کو بھی ساتھ میں کرلو۔ میں کسی صورت ناکامی برداشت نہیں کرسکتا۔

مگر سردار میں پہلے ہی بہت اہم ذمہ داریاں سرانجام دے رہا ہوں۔ اور پھر ایک حقیر کیڑے کے لیے عزازیل کے دو خادموں کی کیا ضرورت ہے۔ بلکہ میری رائے میں سردار زاریوس جیسی اہم شخصیت کی بھی ضرورت نہیں۔اس کے لیے آپ کا ایک اشارہ کافی ہے۔ ہمارا ایک ادنیٰ سا کارکن ہی اس کم بخت کے لیے کافی ہے۔ یہ انسان ہمارے سامنے کیا ٹھہر سکتے ہیں۔

یہ کہتے ہوئے سوگویال کے لہجے سے تکبر جھلک رہا تھا۔

تم ابھی عبداللہ کو نہیں جانتے۔اس جیسے لوگ جو خدا کی یاد میں جیتے ہیں، ان سے نمٹنا آسان نہیں ہوتا۔بس میں نے فیصلہ کرلیا ہے۔

سردار نے حتمی لہجے میں کہا۔ پھر زاریوس اور سوگویال کو مخاطب کر کے حکم دیا۔

تم دونوں رکو! باقی لوگ اب جاسکتے ہیں۔ضرورت پڑی تو آپ لوگوں کو پھر بلایا جائے گا۔

اور ہاں منایوس تم بھی ٹھہرو۔

اس کے ساتھ ہی باقی لوگ اپنی نشستوں پر سے تحلیل ہونا شروع ہوگئے اور تھوڑی دیر میں ان تینوں کے علاوہ کوئی اور نہیں رہا۔

----------------



لاؤنج میں رکھے فون کی گھنٹی بجی۔ سارہ نے جو وہیں کھڑی تھی فون اٹھالیا۔اس نے ہیلو کہا تو دوسری طرف سے عنیبہ کی جھلائی ہوئی آواز آئی۔

میں عنیبہ بات کررہی ہوں۔ سارہ امی کہاں ہیں۔ میں بہت دیر سے ان کا موبائل ملا رہی ہوں۔مگر وہ اٹھا کر نہیں دیتیں۔

اچھا تم فون رکھو۔ میں ان کے کمرے میں جا کر دیکھتی ہوں اور تم کو کال بیک کراتی ہوں۔ ہوسکتا ہے وہ واش روم میں ہوں۔

سارہ نے فون منقطع کیا اور ثمینہ کے کمرے کی طرف چلی گئی۔تھوڑی دیر میں وہ لوٹی اور عنیبہ کا نمبر ڈائل کرنے لگی۔ کچھ دیر بیل بجتی رہی اور پھر عنیبہ کی آواز آئی۔

امی آپ فون کیوں نہیں اٹھاتیں۔

نہیں...... یہ میں ہوں سارہ۔ چچی نہارہی ہیں۔ وہ تھوڑی دیر میں فون کرلیں گی۔تم بتاؤ کیسی ہو۔خالد بھائی کیسے ہیں؟

سارہ نے بڑی نرمی اور محبت سے پوچھا۔

میں ٹھیک ہوں۔عنیبہ نے سپاٹ لہجے میں جواب دیا۔خالد کے بارے میں وہ کچھ نہیں بولی۔

عنیبہ تم سے ایک بات کرنی تھی۔اگر تم مائنڈ نہ کرو تو......

بولو۔عنیبہ نے بیزاری کے ساتھ کہا۔ وہ فون رکھنا چاہ رہی تھی، مگر سارہ بات کرنے پر مصر تھی۔

دراصل تم گھر آئی تھیں تو محسوس ہوا کہ تم خالد بھائی سے ٹھیک طرح بات نہیں کررہی تھیں۔تم دونوں میں سب ٹھیک تو ہے نا؟

تم اپنی اوقات میں رہو۔اپنے کام سے کام رکھو۔ مجھے تمہاری مدد، ہمدردی اور مشورے کی کوئی ضرورت نہیں۔ میں اپنے مسائل سے خود نمٹنا جانتی ہوں۔

عنیبہ نے انتہائی بدتمیزی سے سارہ سے یہ سب کچھ کہا اور کال منقطع کردی۔ سارہ سناٹے میں آگئی۔اس نے تو اپنی طرف سے ہمدردی کرنا چاہی تھی۔مگر عنیبہ کے لہجے نے اس کے دل کو کرچی کرچی کردیا تھا۔اس کی آنکھ سے آنسو بہہ نکلے۔اس نے خاموشی سے ریسیور کریڈل پر رکھ دیا۔

-----------------

ناعمہ باجی میں کیا کروں؟ میری ساس مجھے بہت تنگ کرتی ہیں۔ ہر وقت جلی کٹی باتیں۔ ہر وقت میرے اور میرے خاندان کی غربت کے طعنے۔ ہر وقت میری ماں کے بارے میں باتیں۔ میرے شوہر کو میرے خلاف بھڑکانا۔ یہ سلسلہ کب تک جاری رہے گا؟

سارہ روتی جارہی تھی اور اپنا دکھڑا ناعمہ کو سناتی جارہی تھی۔وہ ناعمہ اور اس کے توسط سے اس کے شوہر عبداللہ سے اپنی شادی سے قبل ہی واقف تھی۔زندگی کے مختلف مسائل میں ناعمہ نے ہمیشہ اس کی مدد کی تھی۔ابھی بھی وہ اپنا گھریلو مسئلہ لے کر ناعمہ کے پاس آئی ہوئی تھی۔اپنے مسائل بیان کرتے کرتے وہ رونے لگی تھی۔ناعمہ نے اسے پانی کا گلاس دیتے ہوئے تسلی دی۔

یہ لو۔ پانی پیو۔شاباش۔آنسو پونچھ لو۔

سارہ نے پانی پیا اور پھر بولنا شروع ہوئی۔

میرے لیے یہ حالات بڑے حوصلہ شکن ہیں۔اس گھر میں میرا واحد سہارا میرے شوہر حمزہ ہیں۔مگر وہ سارا دن گھر سے باہر رہتے ہیں۔میرے سسر کو کسی گھریلو معاملے کی زیادہ پروا نہیں نہ وہ کسی بات میں بولتے ہیں۔لیکن ان کا رویہ میرے ساتھ مناسب ہے۔وہ بہر حال میرے اپنے



سگے چچا بھی ہیں۔مگر اصل مسئلہ یہ ہے کہ سارا دن مجھے ساس کے ساتھ رہنا پڑتا ہے۔وہ حمزہ کے ساتھ میری شادی سے بالکل خوش نہیں۔ مجھے سارا دن طنز و تعریض کے تیروں اور ڈانٹ پھٹکار کا سامنا رہتا ہے۔اور جس روز میری نند عنیبہ اپنے سسرال سے میکے آجاتی ہے یہ سلسلہ اور بڑھ جاتا ہے۔کل تو اس نے مجھ سے فون پر بہت بدتمیزی بھی کی۔

سارہ اپنی داستان غم سنا رہی تھی اور ناعمہ اسے خاموشی سے سن رہی تھی۔آخر میں اس نے اپنا سوال پھر دہرا دیا۔

اب آپ ہی بتایئے میں کیا کروں؟

میں نے پچھلی دفعہ تم کو عبداللہ صاحب کی کچھ تحریریں پڑھنے کو دی تھیں۔تم نے ان سے کیا سیکھا ہے؟

جی وہ مجھے پڑھنے کا وقت نہیں ملا۔بس پڑھنے کی عادت بھی تو نہیں ہے۔

سارہ نے شرمندگی کے ساتھ جواب دیا۔

پڑھنے کی عادت ڈالو۔ پڑھنے سے انسان میں زندگی کو سمجھنے،اس کی الجھنوں کو سلجھانے اور مشکل حالات کا حل نکالنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ بڑے لوگ جب کچھ لکھتے ہیں تو وہ ہزاروں زندگیوں کے تجربات کا نچوڑ ہوتا ہے۔ وہ اس حکمت کا بیان ہوتا ہے جس کے تحت اللہ تعالیٰ انسانی معاملات اور دنیا کو چلا رہے ہوتے ہیں۔ پڑھو گی تو یہ سب کچھ تم بھی سیکھ لو گی۔ پھر اپنے مسائل بھی حل کرسکتی ہو اور دوسروں کے بھی۔

جی میں اب ضرور پڑھوں گی۔لیکن آپ نے تو یقیناً پڑھا ہوگا۔آپ تو عبداللہ صاحب کی بیوی ہیں۔اتنی ذہین ہیں۔اتنی پیاری بھی ہیں۔آپ ہی مجھے بتادیں۔

اب مکھن مت لگاؤ۔ میں بتادیتی ہوں۔

ناعمہ نے ہنستے ہوئے جواب دیا۔سارہ بھی ہنسنے لگی۔

دیکھو سارہ! عبداللہ کے ساتھ برسہا برس رہ کر میں نے یہ سیکھا ہے کہ زندگی امتحان کے لیے بنی ہے۔وہ کہتے ہیں کہ اللہ میاں نے یہ دنیا امتحان کے لیے بنائی ہے۔یہاں پھول اور کانٹے ساتھ ساتھ ہوتے ہیں۔کانٹوں کا شکوہ کرنے کے بجائے انہیں نظر انداز کر دینا چاہیے۔

لیکن اگر کانٹے چبھنے لگیں تو بہت تکلیف ہوتی ہے۔خون نکل آتا ہے۔

سارہ نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔

ہاں تم نے ٹھیک کہا۔کانٹا چبھتا ہے تو تکلیف ہوتی ہے۔خون بھی نکل آتا ہے۔مگر اللہ تعالیٰ نے انسانی جسم میں یہ صلاحیت دی ہے کہ تھوڑی دیر میں جسم خون کو خود ہی روک دیتا ہے۔زخم بھی بھر جاتا ہے۔تم کانٹے اور اس سے ملنے والی تکلیف کو نظر انداز کر دو۔اس کے ساتھ موجود پھول کی خوشبو کو سونگھو۔اس کی خوبصورتی سے محظوظ ہو۔اس کے پھلوں سے فائدہ اٹھاؤ۔

مگر جب کانٹیں بار بار چبھیں۔جب لوگ جان بوجھ کر زندگی میں کانٹیں بچھائیں تو کیا کیا جائے؟

جب کانٹا چبھے تو صبر کرو۔جب لوگ کانٹے بکھیریں تو تم کانٹے سمیٹنے کو اپنا کام بنا لو۔اصل مسئلہ سمجھ لو۔کانٹوں کا ہونا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔یہ تو امتحان کا حصہ ہے۔اصل مسئلہ اس حقیقت کو بھول جانا ہے کہ ہم حالت امتحان میں ہیں۔ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں ہر طرح کے مسائل سے پاک زندگی ملے۔دیکھو یہ اللہ کا قانون نہیں ہے۔زندگی کبھی مسائل سے پاک نہیں ہوتی۔ایک مسئلہ ختم ہوگا تو دوسرا پیدا ہو جائے گا۔اس لیے کہ یہ تو امتحان کا حصہ ہے۔بس یہ کرو اس امتحان میں جینا سیکھ لو۔

مگر یہ جینا تو نہیں ہوا...... یہ زندگی تو نہیں ہوئی۔



سارہ نے بڑی شدت سے اپنی بات کو دہرایا۔

میں کب کہہ رہی ہوں کہ یہ زندگی ہے۔سارہ زندگی تو موت کے بعد شروع ہوگی۔کانٹوں سے پاک پھل اور پھول والے درخت صرف جنت میں ہوں گے۔دنیا میں اگر یہ بنانے کی کوشش کرو گی تو اصل زندگی میں جہنم کے کانٹوں سے بچنے کا سامان نہیں جمع کر سکو گی۔

سارہ خاموش رہی۔

مجھے ایک بات بتاؤ۔کیا تمہاری زندگی میں کوئی خوشی کوئی آسودگی نہیں ہے۔کیا تم ایک اچھے گھر میں نہیں رہتیں۔کیا تمہارا شوہر تم سے بہت محبت نہیں کرتا۔یہ سب تو تم مجھے بتا چکی ہو۔ان چیزوں کی طرف کیوں نہیں دیکھتیں۔اچھی چیزوں کو نہ دیکھنا اور صرف ناپسندیدہ چیزوں کو ذہن میں رکھنا تو منفی سوچ ہے۔یہ تو انسان کو ذہنی مریض بنا دیتی ہے۔

مگر میری ساس مجھے بہت تنگ کرتی ہیں۔

دیکھو گھر ایسے نہیں بنتے۔سسرال میکہ نہیں ہوتی۔ساس ماں نہیں ہوتی۔یہ بھی ٹھیک ہے کہ ہمارے جوائنٹ فیملی سسٹم میں لڑکیوں کے لیے کم یا زیادہ مشکلات ہوتی ہیں، مگر ان کو ذہنی طور پر یہ ماننا چاہیے کہ یہی ہمارے معاشرے کا رواج ہے۔صبر، برداشت، حسن سلوک سے نوے فیصد معاملات ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

مجھے تو نہیں لگتا کہ چیزیں ٹھیک ہوں گی۔وہاں میری اور میری ماں کی توہین ہوتی ہے۔ایسی باتوں پر جن میں ہمارا کوئی قصور نہیں۔سارہ نے مایوسی کے ساتھ کہا۔

دیکھو اس مایوس ذہن کے ساتھ تو کچھ بھی ٹھیک نہیں ہوگا۔اپنے انداز فکر کو بدلو۔یاد رکھو جب تک تم نہ چاہو کوئی بھی تم کو ذہنی تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔بس اپنے احساسات کو کنٹرول کرنا سیکھ لو۔میں اس کا آسان طریقہ بتائے دیتی ہوں۔یہ بتاؤ تمہاری پسندیدہ چیز کیا ہے؟

مجھے اچھے کپڑے بہت پسند ہیں۔ مجھے پرفیوم کا بھی بہت شوق ہے۔

سارہ نے شوق سے اپنی پسند بیان کی۔

تو پھر جب کبھی تمہیں زندگی میں کوئی تکلیف پہنچے تم یہ سوچو کہ ہر تکلیف کے بدلے میں تمہیں جنت میں اللہ تعالیٰ بہترین کپڑے گفٹ کریں گے۔ ہر تکلیف کے بدلے میں بہترین پرفیوم ملے گا۔ یہ تجارت ہے جو تم اللہ کے ساتھ کرلو۔ دنیا کی تکلیف اٹھاؤ اور آخرت میں اپنی پسند کی چیز لو۔ بتاؤ یہ تجارت کرو گی اللہ میاں کے ساتھ۔ اپنے پیارے اللہ میاں کے ساتھ۔

سارہ خاموش رہی۔ ناعمہ نے اس کے چہرے کو پڑھتے ہوئے مزید کہا۔

دیکھو تجارت تو وہ پہلے ہی شروع کر چکے ہیں۔ تم کو ایڈوانس کے طور پر انہوں نے زندگی دی ہے۔ اچھی شکل دی ہے۔ ہاتھ پاؤں، صحت عافیت، شادی شدہ زندگی سب دی ہے۔ ہزاروں لاکھوں نعمتیں ہیں جو صرف تمہارے جسم میں ہیں۔ رشتے ناطے، کھانا پینا، لباس گھر اور ان گنت چیزیں اس کے علاوہ ہیں۔ یہ سب کچھ انہوں نے تمہاری محنت کے بغیر تمہیں دیا ہے۔ یا یہ بتاؤ کہ ان میں سے کوئی چیز تمہاری کمائی ہے۔

نہیں یہ سب تو اللہ میاں ہی نے دیا ہے۔

تو بس یقین رکھو کہ جس نے عدم سے یہ دنیا بنائی ہے۔ مجھے اور تمہیں بنایا ہے۔ ایک دن وہ نئی دنیا بنائیں گے اور وہاں اپنا ہر وعدہ پورا کریں گے۔ تم ان سے تجارت کرلو۔ دکھ کے بدلے میں جنت کی نعمت کی تجارت۔ یقین جانو پھر ہر دکھ میں تم کو مزہ آئے گا۔ زندگی کی ہر ناخوشگوار بات تم کو اچھی لگنے لگے گی۔

سارہ بے اختیار ناعمہ کے گلے لگ گئی۔

ناعمہ باجی اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی دے۔ آپ کے شوہر کو لمبی عمر دے۔ آپ لوگ



ہمارے مردہ وجود کو زندہ کر دیتے ہیں۔ بس اب مجھ میں جینے کا حوصلہ ہو گیا۔ اب مجھ میں ہر طرح کے حالات کا سامنا کرنے کا حوصلہ ہو گیا ہے۔

-----------------

عبداللہ اس لڑکی کو لے کر آگے جا رہا تھا۔ داؤد نے اپنی جگہ کھڑے رہنا ہی مناسب سمجھا۔ اسے کچھ صدمہ ہوا تھا۔ وہ عبداللہ کی شخصیت اور باتوں سے متاثر ہونے لگا تھا......مگر......مگر سے آگے اس نے کچھ نہیں سوچا۔ وہ بہرحال مغربی ملک کا باشندہ تھا۔ اس نے سوچا کہ اگر عبداللہ کو یہ لڑکی پسند آ ہی گئی ہے تو بہرحال یہ عبداللہ کا ذاتی معاملہ ہے۔ وہ بلاشبہ بہت حسین لڑکی تھی۔ داؤد نے اپنی زندگی میں اتنی حسین لڑکی نہیں دیکھی تھی۔ اسے دیکھ کر کسی کے قدم بھی ڈگمگا سکتے تھے۔ ویسے بھی اس نے یہ سن رکھا تھا کہ مسلمان خوبصورت عورتوں کے بہت شوقین ہوتے ہیں۔ آج اپنی آنکھوں سے یہ دیکھ بھی لیا۔ اب وہ یہ سوچ رہا تھا کہ یہاں آ گیا ہے تو الحمرا کا قلعہ دیکھ کر ہی جائے۔ عبداللہ کے ساتھ جانے کا تو اب کوئی سوال ہی نہ تھا۔ یہ سوچ کر اس نے ایک دوسری سمت میں جانے کے لیے قدم اٹھائے ہی تھے کہ پیچھے سے عبداللہ کی آواز آئی۔

میں سووینیر شاپ جا رہا ہوں۔ میرے ساتھ آؤ۔

عبداللہ اس لڑکی کے ساتھ دور کھڑا ہوا اسے اپنی طرف بلا رہا تھا۔ داؤد نے ایک لمحے کو سوچا پھر کچھ سمجھ نہ آیا تو مجبوری میں قدم آگے بڑھا دیے۔ وہ ڈھیلے قدموں سے عبداللہ اور اس لڑکی کے نقش قدم پر چلتا ہوا سووینیر شاپ پہنچا تو دیکھا کہ عبداللہ اس طرف کھڑا تھا جہاں الحمرا کی تصویر والی ٹی شرٹس لٹکی ہوئی تھیں۔ لڑکی اس کے ساتھ ہی کھڑی ہوئی تھی۔ داؤد وہاں پہنچا تو عبداللہ ایک بڑے سائز کی ڈھیلی ڈھالی اور مکمل آستینوں والی ٹی شرٹ خرید چکا تھا۔ یہ شرٹ اس نے لڑکی کو دیتے ہوئے کہا۔

واش روم میں جاؤ۔اور یہ شرٹ پہن کر آؤ۔ ہاں ایک کام اور کرنا۔منہ، ہاتھ اور پاؤں اچھی طرح دھولینا۔

اب حیرت زدہ ہونے کی لڑکی کی باری تھی۔ وہ شرٹ ہاتھ میں پکڑے تاثرات سے خالی چہرے کے ساتھ کھڑی رہی۔

اسے بے حس وحرکت دیکھ کر عبداللہ نے کہا۔

تمہارے دو گھنٹے شروع ہو چکے ہیں۔جاؤ جلدی کرو۔

لڑکی نے نہ سمجھنے والے انداز میں سر ہلایا اور چلی گئی۔داؤد بھی حیرانگی سے عبداللہ کو دیکھ رہا تھا کہ وہ کیا کر رہا ہے۔اس نے کوئی سوال کرنا مناسب نہ سمجھا۔عبداللہ نے بھی کچھ نہ کہا۔وہ اِدھر اُدھر دیکھتا رہا۔ پانچ منٹ بعد وہ لڑکی واپس آ گئی۔لیکن اب اس کی شخصیت کا تاثر بہت مختلف ہو چکا تھا۔اس سے قبل وہ جینز کی ٹائٹ پینٹ پر ایک چست اور نیم عریاں بلاؤز پہنے ہوئے تھی۔ گرچہ اس ڈھیلی ڈھالی ٹی شرٹ میں اس کا حسن اب بھی سحر انگیز تھا،مگر جنسی کشش کے بجائے اب اس کی شخصیت پر معصومیت غالب آ گئی تھی۔منہ ہاتھ دھونے سے میک اپ بھی اتر چکا تھا۔ گرچہ وہ فطری طور پر بہت حسین تھی،لیکن میک اپ اترنے سے سادگی کا عنصر نمایاں ہو گیا تھا۔ بلاشبہ وہ پہلے بھی ایک قتل کر دینے والی تلوار تھی اور ابھی بھی اس تلوار کی کاٹ کم نہیں ہوئی تھی۔مگر وہ ننگی تلوار اب میان میں رکھی جا چکی تھی۔داؤد نے اس لڑکی کو دیکھا اور دل میں سوچا۔

عبداللہ نے اس لڑکی سے صرف دو کام کروائے اور اس کی شخصیت کا تاثر مکمل طور پر بدل گیا۔

اسے عبداللہ پر بہت حیرت ہو رہی تھی۔

عبداللہ نے لڑکی کو دیکھا تو دھیرے سے مسکرایا اور اپنے بیگ سے ایک کتاب نکالی۔ پھر



بٹوے سے سو یورو کا ایک نوٹ نکالتے ہوئے کہا۔

ویری گڈ سینوریٹا! یہ سو یورو ایڈوانس میں رکھو۔اور وہاں کافی ٹیریا میں بیٹھ کر اس کتاب کو دو گھنٹے تک پڑھو۔اگر تم نے پڑھ لی تو تم کو دو سو یورو اور دوں گا۔

لڑکی ہکا بکا کھڑی تھی۔اس نے پریشانی کے عالم میں پوچھا۔

ہم کہیں چل نہیں رہے؟

سینوریٹا! ہماری کہیں چلنے کی بات نہیں ہوئی تھی۔تم نے اپنے دو گھنٹے مجھے دیے ہیں اور کہا تھا کہ جو میں چاہوں گا تم کرو گی۔سو جواب میں کہہ رہا ہوں وہ کرو۔

عبداللہ کے چہرے پر ایک دلنواز مسکراہٹ تھی۔گرچہ یہ الفاظ کہتے ہوئے اس کے لہجے میں تحکم تھا۔ویسے بھی اب دو گھنٹے تک وہ اس لڑکی کا باس بن چکا تھا۔

مگر اس کتاب میں کیا ہے؟

یہ انگریزی میں ہے۔اور تمہیں انگریزی آتی ہے۔تم اسے پڑھو۔واپسی پر میں تم سے پوچھوں گا کہ اس کتاب میں کیا لکھا ہے۔اگر تم نے میرے سوالوں کا درست جواب دے دیا تو میں خوش ہو کر دو سو یورو اور دوں گا۔یوں دو گھنٹے میں پانچ سو یورو تمہیں مل جائیں گے۔

یہ کہہ کر عبداللہ واپس مڑا اور لڑکی کو حیران چھوڑ کر داؤد کا ہاتھ پکڑ کر آگے بڑھ گیا۔

-----------------

داؤد اور عبداللہ سووینیر شاپ سے باہر نکل آئے اور آہستہ آہستہ آگے بڑھنے لگے۔داؤد کو ابھی تک سمجھ نہیں آیا تھا کہ یہ کیا ہوا ہے۔آخر کار اس نے عبداللہ کو مخاطب کر کے کہا:

یہ کیسی کتاب دی ہے آپ نے اس کو؟

قرآن مجید کی منتخب آیات کا ترجمہ ہے۔توحید، رسالت، انبیا، جنت، جہنم اور قیامت سے

متعلق کچھ آیات ہیں۔ پھر کچھ آیات وہ اعمال بیان کرتی ہیں جن پر آخرت کی فلاح موقوف ہے۔آخر میں کچھ احادیث اور سیرت طیبہ کے مختصر احوال ہیں۔ یہ گویا اسلام اور پیغمبر اسلام کی زندگی کا ایک تعارف ہے۔

مگر پانچ سو یورو تو بہت بڑی رقم ہے۔

کانفرنس کے منتظمین نے اخراجات کے لیے دیے تھے۔ مجھے سمجھ میں نہیں آرہا تھا ان پیسوں کا کیا کروں۔ اللہ نے کرم کیا کہ ان پیسوں کا ایک بہتر مصرف سامنے آ گیا۔

تو آپ کا خیال ہے کہ یہ لڑکی ایک کتاب پڑھ کر اسلام قبول کر لے گی؟

تم بھول گئے داؤد کہ تھوڑی دیر قبل میں نے کیا کہا تھا۔ خارج میں تبدیلی لانا ہمارا کام نہیں۔ ہم اس بساط کے ادنیٰ مہرے ہیں۔ اللہ کے اِس حقیر مہرے نے شیطان کے خلاف ایک چال چلی ہے۔ اللہ چاہے گا تو موثر ہو جائے گی ورنہ نہیں۔

ایک لمحے کو وہ رکا اور داؤد کو دیکھتے ہوئے بولا!

داؤد! لوگوں کو مسلمان بنانا ہمارا کام نہیں۔ ہمارا کام اسلام کا پیغام پہنچانا ہے۔ وہ میں نے کر دیا۔ اسے وضو بھی کرا دیا۔ کپڑے بھی بہتر کرا دیے۔ اب اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ اس کے دل میں اسلام کو ڈال دے۔ باقی اس کا نصیب اور اللہ کا فیصلہ۔ ہمارا کام ختم۔

یہ کہہ کر عبداللہ خاموش ہو گیا۔ وہ دونوں الحمرا کے در و دیوار کو دیکھتے ہوئے اور مختلف پگڈنڈیوں سے ہوتے ہوئے آہستہ آہستہ آگے بڑھ رہے تھے۔ داؤد نے کچھ دیر خاموشی کے بعد جھجکتے ہوئے کہا:

میں آپ سے معذرت چاہتا ہوں۔ کچھ دیر کے لیے تو میں سمجھا تھا کہ اسلام کا سفیر ہسپانوی حسن کا اسیر ہو گیا ہے۔



اللہ نہیں ہوتا تو یقیناً ہو جاتا۔ شیطان کا داؤ بہت خوفناک ہوتا ہے اور انسان کا نفس اسے برائی کی طرف ہی لے کر جاتا ہے۔

داؤد نے یہ الفاظ سنے تو اسے حضرت یوسف علیہ السلام یاد آ گئے۔ اس نے قرآن میں ان کا قصہ پڑھا تھا۔ انہوں نے بھی مصری عورتوں کے حسن کے جال سے خود کو بچانے کے بعد ایسے ہی کچھ الفاظ کہے تھے۔

دوسری طرف یہ الفاظ کہتے ہوئے عبداللہ کے چہرے پر احسان مندی کے گہرے اثرات تھے۔ اس کے لہجے میں اللہ کا نام لیتے ہوئے اتنی مٹھاس تھی کہ اس کی تاثیر داؤد نے اپنے دل میں اترتی ہوئی محسوس کی۔ اسے یہ شخص بہت عجیب محسوس ہوا۔ وہ عبداللہ کی بات کے جواب میں صرف اتنا ہی بول سکا۔

آپ اپنی پارسائی کو کتنی آسانی سے خدا کے کھاتے میں ڈال رہے ہیں۔

اسی کے کھاتے میں ڈالنا چاہیے۔ وہی کریم ہم مجرموں کا پردہ رکھنے والا ہے۔

ویسے سچی بات یہ ہے کہ یہ لڑکی اتنی حسین تھی کہ میں نے اپنی پوری زندگی میں اتنی خوبصورت لڑکی نہیں دیکھی۔ کال گرلز کبھی ایسی نہیں ہوتیں۔ باخدا مجھے نہیں خبر کہ میں تنہا ہوتا اور یہ مجھ کو پیشکش کرتی تو منع کر پاتا یا نہیں۔

داؤد کی بات سن کر عبداللہ مسکرا دیا۔ اسے معلوم تھا کہ مغربی دنیا میں اسپین کی خواتین سب سے زیادہ خوبصورت سمجھی جاتی ہیں۔ اس نے آسمان کی طرف نظر کر کے کہا:

اللہ نے یہ نوبت آنے ہی نہیں دی۔ اسی لیے اس نے ہم دونوں کو اکٹھا کر کے یہاں بھیجا تھا تا کہ شیاطین کا یہ جال غیر موثر ہو جائے۔ شیاطین ہماری بے خبری میں اپنے جال بنتے ہیں۔ مگر وہ احمق نہیں جانتے کہ ان سے اوپر خدا موجود ہے۔ وہ ان شیاطین کی بے خبری میں ان کے ہر جال

کو غیر موثر کر دیتا ہے۔

کیا اللہ تعالیٰ کے پاس ہم جیسے چھوٹے اور معمولی لوگوں کے لیے وقت ہوتا ہے کہ ہمیں شیطان سے بچاتے پھریں؟

اس کی بات سن کر عبداللہ چلتے چلتے رکا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر وہاں موجود ایک بینچ پر بیٹھ گیا۔

داؤد! یہ اہم بات ہے۔ اسے سمجھ لو۔ اللہ تعالیٰ عظمت کی اس بلندی پر فائز ہیں کہ ہماری نظر کا ہر بڑا ان کے سامنے بہت حقیر اور بہت ہی چھوٹا ہے۔ ان کے سامنے کوئی بھی بڑا نہیں ہوتا۔ جیسے تم اگر جہاز میں بیٹھ کر 33 ہزار فٹ کی بلندی پر پہنچ جاؤ تو دریا، انسان، درخت اور پہاڑ تمہیں یکساں طور پر پست لگیں گے۔ بلند اور اعلیٰ رب کے سامنے سب حقیر ہیں۔ مگر وہ کریم ہے اسی لیے وہ ہر چھوٹے بڑے پر ایک جیسی توجہ رکھتا ہے کہ اس کے سامنے کوئی بڑا نہیں۔ خاص طور پر وہ لوگ جو اس سے مخلص ہوں۔ جیسے آپ۔ جس نے اپنا آبائی مذہب چھوڑ کر سچائی کو قبول کیا ہو۔ ان پر تو اس کی خصوصی نظر کرم رہتی ہے۔

داؤد کے دل پر ایک چوٹ سی لگی۔ اس نے اس سے پہلے کبھی اللہ تعالیٰ کے بارے میں اس طرح نہیں سوچا تھا۔ اس کا دل اللہ کی محبت سے سرشار ہو گیا۔ وہ کچھ دیر سر جھکا کر بیٹھا رہا۔ پھر مسکرا کر بولا۔

چلیے یہ اچھی بات ہے کہ شیطان نے ہمیں بھی کوئی اہمیت دی ہے۔ اور ہماری طرف بھی کوئی جال پھینکا۔

یقیناً! آپ اہم آدمی ہیں۔ آپ نے اسلام قبول کیا ہے۔ وہ آپ کے ایمان کو ضائع کرنا چاہتا تھا۔

ویسے معاف کیجیے، مگر میرا تاثر یہ ہے کہ یہ جال آپ کے لیے تھا۔ اس لڑکی نے تو ایک دفعہ



بھی میری طرف نہیں دیکھا۔ اس کے مخاطب تو آپ ہی تھے سینیور۔

داؤد نے سینیور کہتے ہوئے بالکل اس لڑکی کے لہجے کی نقل اتاری تھی۔ اس کے چہرے پر ہنسی کا تاثر تھا۔ عبداللہ بھی ہنسنے لگا پھر داؤد سے دریافت کیا۔

آپ برطانوی ہیں۔ آپ کو کرکٹ کا شوق تو ہوگا؟

بہت زیادہ تو نہیں۔ لیکن ہے۔ اس کھیل کو سمجھتا ہوں۔ داؤد نے جواب دیا۔

تو پھر آپ شیطان کے کھیل کو بھی سمجھ سکتے ہیں۔ دیکھیے انٹرنیشنل کرکٹ میں دنیا کے بہترین کھلاڑی شریک ہوتے ہیں۔ مگر اس کے باوجود وہ ہر فن مولا نہیں ہو سکتے۔ ان میں کچھ نہ کچھ کمزوری رہ جاتی ہے۔ چنانچہ ہر ٹیم اپنے مخالف کو اس کی طاقت کے بجائے اس کی کمزوری کے میدان میں لے جا کر اس کو شکست دیتی ہے۔ جیسے کرکٹ میں کچھ بیٹسمین لیگ اسٹمپ کی طرف بہت اچھا کھیلتے ہیں۔ مگر آف اسٹمپ پر کمزور ہوتے ہیں۔ اچھے باؤلر ہمیشہ ان کو آف اسٹمپ پر بال کراتے ہیں۔ وہ وہاں رنز نہیں کر پاتے اور کوشش کرتے ہیں تو آؤٹ ہو جاتے ہیں۔

بات تو آپ صحیح کہہ رہے ہیں، مگر اس کا ہماری گفتگو سے کیا تعلق؟

تعلق ہے۔ بالکل ہے۔ شیطان انسان کا دشمن ہے۔ وہ جانتا ہے کہ جنسی جذبہ انسان کی سب سے بڑی کمزوری ہے۔ وہ اکثر لوگوں کو اسی ''آف اسٹمپ'' پر گیندیں کرا کر انہیں سلپ میں کیچ آؤٹ کراتا ہے۔

مگر آپ تو ''سلپ'' نہیں ہوئے۔ داؤد نے مسکراتے ہوئے کہا

مگر اس کی وجہ میں پہلے بتا چکا ہوں۔ ایک دنیا ہم انسانوں کی ہے۔ اس سے پوشیدہ ایک دنیا شیطانوں کی ہے جو ہمارے لیے جال تیار کرتے رہتے ہیں۔ اس سے بلند ایک اور دنیا فرشتوں کی ہے۔ اور ان سب سے بلند اللہ کی اپنی ہستی ہے۔

عبداللہ ایک لمحے کو رکا اور پھر آسمان کی طرف سر اٹھا کر کہا۔

قرآن مجید اور احادیث مبارکہ کے ذریعے سے جو میں دیکھ سکتا ہوں، کاش میں تمہیں دکھا سکوں۔ میرا مالک یہ بساط بچھا کر کہیں چلا نہیں گیا ہے۔ اس کا عرش قائم ہے۔ پوری کائنات کی لمحہ بہ لمحہ اطلاعات عرش تک پہنچ رہی ہیں۔ ہر ہر غلام پر آقا کی نظر ہے۔ ہر ہر مخلوق کی اسے خبر ہے۔ ہر کسی کے حسب حال احکام جاری ہو رہے ہیں۔

کیا یہاں ہر جگہ فرشتے موجود ہیں؟ داؤد نے قدرے تعجب سے پوچھا تو عبداللہ نے کہا۔

ہر جگہ موجود ہیں۔ ہر لمحہ نگرانی کر رہے ہیں۔ ہر لمحہ کی اطلاع اسے دیتے ہیں اور ہر لمحہ اس کا فیصلہ نافذ کر رہے ہوتے ہیں۔ گرچہ خدا کی یہ دنیا انسان اور شیاطین دونوں سے پوشیدہ کر دی گئی ہے۔ مگر انسان اور شیاطین کی جنگ پر اس کی خصوصی نظر رہتی ہے۔ وہ جانتا ہے کہ انسان بہت کمزور ہے اور شیاطین اس پر چھپ کر وار کریں گے تو وہ ان کا مقابلہ نہیں کر پائے گا۔ چنانچہ جو لوگ اللہ کی یاد میں جیتے ہیں تو پھر پروردگار اپنی تدبیر کرتا ہے۔ اس تدبیر میں کبھی وہ فرشتوں کو استعمال کرتا ہے اور کبھی انسانوں کو۔ مگر اس کے نتیجے میں شیطان کی ہر تدبیر آخر کار الٹی اس کے گلے پڑ جاتی ہے۔

عبداللہ کے خاموش ہوتے ہی داؤد نے کہا:

اور اس وقت اس کی تدبیر یہ تھی کہ اللہ نے مجھے آپ کے ساتھ کر دیا تاکہ آپ کے دل میں کوئی برا خیال نہ آئے۔ کیونکہ اللہ کو پہلے سے پتہ تھا کہ وہ لڑکی یہاں آپ کو ملے گی۔

پھر وہ ایک لمحے کو رکا اور غور سے عبداللہ کو دیکھتے ہوئے بولا:

میرا خیال نہیں ہے کہ آپ تنہا ہوتے تب بھی آپ کا رویہ کچھ مختلف ہوتا۔ سچ بتائیے کہ آپ تنہا ہوتے تو کیا کرتے؟



یہ تو صرف اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ میں کیا کرتا، مگر مجھے اللہ سے حسن ظن ہے کہ وہ مجھے بھٹکنے نہیں دیتے کیونکہ جس وقت وہ لڑکی مجھ سے مخاطب ہوئی اور اپنی خدمات پیش کیں تو میرے دل میں پہلا خیال یہ آیا تھا کہ اس تک اسلام کی دعوت کیسے پہنچائی جائے۔

پھر وہ خود ہی ہنستے ہوئے بولا:

ایسی لڑکی کو دیکھ کر یہ خیال صرف فرشتہ ہی دل میں ڈال سکتا ہے۔ اتنا ''غیر فطری'' اور غیر مردانہ خیال کبھی کسی انسان کو نہیں آ سکتا۔

عبداللہ کی بات پر داؤد نے زور کا قہقہہ لگایا اور کہا۔

اچھا تو آپ اس کی بات سن کر اتنی دیر جو خاموش رہے تھے تو یہ سوچ رہے تھے۔ میں سمجھا تھا کہ آپ میرے ساتھ ہونے پر پچھتا رہے ہیں اور مجھے بھگانے کا طریقہ سوچ رہے ہیں۔

پھر وہ چونک کر بولا:

یہ سب چھوڑیں۔ وقت ختم ہو رہا ہے۔ ہمیں تو الحمرا کا باقی حصہ بھی دیکھنا ہے۔

----------------

عبداللہ اور داؤد الحمرا کے مختلف حصے دیکھ رہے تھے۔ داؤد اپنے پیشہ ورانہ پس منظر اور الحمرا میں کئی دفعہ پہلے بھی آنے کی بنا پر عبداللہ کے لیے بہترین گائڈ ثابت ہو رہا تھا۔ اس کی رہنمائی میں عبداللہ نے نہ صرف قلعے کے تمام حصے مختصر وقت میں دیکھ لیے بلکہ بہت سی ایسی تاریخی معلومات جو اس کے پاس نہیں تھیں، داؤد کے ذریعے سے اسے مل رہی تھیں۔ وہ دونوں چلتے چلتے تھک گئے تو سرو کے بلند و بالا درختوں کے نیچے بہتے فواروں کے پاس پڑی ایک بینچ پر بیٹھ گئے۔ الحمرا پر نظر ڈالتے ہوئے داؤد نے عبداللہ کو بتایا۔

مسلمانوں کے اخراج کے بعد ایک زمانے تک اسپین کے متعصب عیسائیوں نے الحمرا کو نظر

انداز کیے رکھا۔ پھر اس کے بعد ایک امریکی مصنف نے انیسویں صدی میں الحمرا پر کچھ کہانیاں لکھیں جن کو بہت مقبولیت ملی۔ جس کے بعد اس پر توجہ دی گئی اور اب اقوام متحدہ نے اسے ایک شاہکار ثقافتی ورثہ قرار دے دیا ہے۔ یہ اسپین کا سب سے بڑا سیاحتی مرکز ہے جسے دیکھنے سالانہ 20 لاکھ سے زیادہ سیاح آتے ہیں۔

مگر وہ ہی دیکھ کر نہیں جاتے جو سبق یہاں پر سب سے زیادہ نمایاں طور پر لکھا ہوا ہے۔ عبداللہ نے دھیرے سے تبصرہ کیا۔ الحمراء کو دیکھنے کے بعد عبداللہ بہت کھویا کھویا سا لگ رہا تھا۔

داؤد کو خیال ہوا کہ عبداللہ اسی عربی عبارت کی بات کر رہا ہے جس پر کچھ دیر پہلے گفتگو ہوئی تھی یعنی لاغالب الا اللہ۔

''ہاں آپ صحیح کہہ رہے ہیں۔ بیشتر لوگوں کو عربی نہیں آتی، اس لیے وہ لاغالب الا اللہ کا مطلب نہیں سمجھ پاتے۔''

میں اس کے لفظی مطلب کی بات نہیں کر رہا۔ عبداللہ نے بدستور کھوئے ہوئے انداز میں کہا۔

پھر؟، داؤد کی آنکھوں میں سوال تھا۔

تم جانتے ہو کہ میں خاص طور پر الحمرا کیوں آیا ہوں۔

ظاہر ہے کہ غرناطہ آ کر بھی اگر الحمرا جیسے شاہکار کو نہ دیکھا تو کمال کیا۔

بے شک یہ ٹھیک ہے۔ مگر میں صرف الحمرا کو دیکھنے کے لیے نہیں آیا، وہ تحریر پڑھنے آیا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے یہاں پر نقش کی ہے۔

داؤد کے کچھ سمجھ میں نہ آیا۔ مگر کچھ پوچھنے کے بجائے اس نے خاموش رہنا مناسب سمجھا۔ وہ انتظار کرنے لگا کہ عبداللہ نے اپنی بصیرت سے جو کچھ دیکھا ہے، اس کو بھی دکھائے۔



-----------------

عبیہہ کے فون کی گھنٹی بجی۔ اس نے نمبر دیکھا۔ اس کی ماں ثمینہ کا فون تھا۔

ہیلو۔ کیسی ہیں امی؟

تمہاری بلا سے میں کیسی ہوں۔ تم نے تو پلٹ کر پوچھا ہی نہیں کہ میں زندہ ہوں یا مر گئی۔

امی میں نے کل آپ کو فون کیا تھا۔ کیا اُس سارہ نے آپ کو نہیں بتایا تھا۔

ارے بتایا تھا، مگر میں اس وقت نہا رہی تھی۔ مگر مجھے ایک ملنے والی کے ہاں جانا تھا۔ پھر میں بھول گئی تھی۔ مگر تم تو دوبارہ فون کر لیتیں۔

امی میں مصروف ہوگئی تھی۔ پھر اس سارہ نے بلاوجہ فون پر ایسی بات کہی کہ دل خراب ہو گیا۔

کیا کہا اس نے؟

کہنا کیا تھا میرے اور خالد کے معاملے میں بلاوجہ دخل دے رہی تھی۔

اس کی یہ مجال کہ اب میری بیٹی کا گھر خراب کرنے کی کوشش کرے۔ دیکھ لوں گی میں اسے۔

رہنے دیں امی۔ ایسی کوئی خاص بات نہیں تھی۔ آپ اس سے کوئی بات نہ کیجیے گا۔

یہ کہتے ہوئے عبیہہ کے ذہن میں سارہ کی ہمدردی سے زیادہ یہ احساس تھا کہ اس کا اور خالد کا معاملہ زیر بحث آ جائے گا۔ ثمینہ مزید بگڑ کر بولیں۔

اس کی تو شکل دیکھنے کا دل نہیں چاہتا۔ کتنی لڑکیاں دیکھ رکھی تھیں میں نے اپنے حمزہ کے لیے۔ لیکن اس نے ایسا جادو کیا حمزہ پر کہ وہ کسی اور لڑکی سے شادی کے لیے تیار ہی نہیں ہوا۔ ہمارا سونے جیسا بیٹا۔ کیسا لاڈلا بیٹا۔ کیسے خاک میں مل گیا۔

امی لاڈلے بچے تو اپنی مرضی کرتے ہیں۔

ارے تو کیا لاڈ نہ اٹھاتے۔اور تمہیں کون سا تمہاری مرضی کرنے سے روک دیا تھا؟

ان کا اشارہ نبیہہ کی شادی کی طرف تھا۔

امی مگر میں نے دیکھ بھال کر شادی کی ہے۔ بھائی کی طرح گٹر کی نالی سے آپ کے لیے کوئی تحفہ لے کر نہیں آئی۔

نبیہہ کا اشارہ اپنی سسرال کی مالی حیثیت کی طرف تھا۔اس کی ماں اس کی سنی ان سنی کرتے ہوئے بولی

گٹر کی اس پرورش کو تو میں واپس گٹر میں پہنچا کر دم لوں گی۔

ان کا چہرہ غصے سے تمتما رہا تھا۔

امی یہ کرنا تھا تو شادی ہی نہیں کرنے دیتیں بھائی کو۔

نبیہہ کی آواز میں جھنجھلاہٹ تھی۔

ارے اس وقت تمہارے ابا کی اپنے بھائی اور بھتیجی سے محبت جاگ اٹھی تھی۔وہ ذرا بھی میرا ساتھ دیتے تو میں یہ رشتہ ہونے ہی نہیں دیتی۔مگر اب میرا راستہ کوئی نہیں روک سکتا۔اسے طلاق دلوا کر ہی دم لوں گی۔

یہ کہہ کر انہوں نے فون پٹخ دیا۔

-----------------

عبداللہ کچھ دیر تک خاموش رہا۔پھر دھیرے دھیرے دوبارہ گویا ہوا۔

تم جانتے ہو داؤد کہ اللہ تعالیٰ دو طریقوں سے انسانوں سے گفتگو کرتے ہیں۔

ایک طریقہ تو مجھے معلوم ہے کہ وہ وحی بھیج کر نبیوں کے ذریعے سے کلام کرتے ہیں۔دوسرا طریقہ کیا ہے؟



دوسرا طریقہ یہ ہے کہ وہ کائنات میں اپنی نشانیاں بکھیرتے ہیں۔قوموں اور انسانوں کے حالات میں عبرت کے نشان چھوڑتے ہیں۔

ہاں یہ بات تو ٹھیک ہے۔مگر یہ بتائیے کہ یہاں الحمرا اور غرناطہ میں کیا نشانیاں ہیں جنہیں آپ دیکھ رہے ہیں اور باقی لوگ نہیں دیکھ پا رہے۔

داؤد کے لہجے میں تجسس بہت نمایاں تھا۔اسے عبداللہ کے ساتھ گزارے ہوئے چند گھنٹوں میں اندازہ ہو چکا تھا کہ عبداللہ کا علم، چیزوں کو دیکھنے، سمجھنے اور بیان کرنے کا انداز عام لوگوں سے کہیں زیادہ غیر معمولی ہے۔

تمہیں یاد ہوگا کہ کچھ دیر قبل میں نے کہا تھا الحمرا میں نقش 'لا غالب الا اللہ' اپنے اندر موجود دو بہت بڑے حقائق کا آئینہ دار بھی ہے۔ یہ حقائق شاید غرناطہ ہی میں کھڑے ہو کر زیادہ سمجھے جا سکتے ہیں۔

جی بالکل یاد ہے۔اور آپ نے پہلی حقیقت یہ سمجھائی ہے کہ ہم سب اس بساط کے ادنیٰ مہرے ہیں۔اصل طاقت اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔

داؤد نے پوری بات کا خلاصہ کر دیا۔پھر وہ سر پر ہاتھ مار کر بولا۔

اس پہلی بات ہی میں اتنی تفصیل ہو گئی اور پھر وہ لڑکی آ گئی۔جس کی بنا پر دوسری حقیقت بیان کرنے کی نوبت ہی نہیں آئی۔

تمہیں یہ بھی یاد ہوگا کہ ٹیکسی میں یہاں آتے ہوئے میں نے کہا تھا کہ یہودی اپنی تاریخ بھول چکے ہیں۔

جی بالکل یاد ہے۔بلکہ آپ نے خدا کے کسی قانون کا ذکر کیا تھا جس کی بنا پر اہل غرناطہ نے کم تعداد کے باوجود پورے یورپ کی متحدہ فوج کو شکست دی تھی۔یہ دو گر ہیں تو میرے ذہن میں

اٹکی ہوئی ہیں۔ خاص کر یہود کی تاریخ والی۔ کیونکہ یہودی تو دوسری قوموں سے کہیں زیادہ اپنی تاریخ اور اپنے ماضی سے جڑے ہوئے ہیں۔

عبداللہ نے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے داؤد سے سوال کیا۔

کیاتم جانتے ہو کہ یہودی کون ہیں؟

میں اس سوال کو نہیں سمجھا۔ یہودی تو بس یہودی ہیں۔

داؤد نے الجھے ہوئے انداز میں کہا۔ وہ واقعی عبداللہ کی بات نہیں سمجھ سکا تھا۔

یہودی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں۔ حضرت ابراہیم کسی ایک فرد کا نام نہیں۔ وہ ایک تاریخ کا نام ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کی غیر معمولی قدرت کا نام ہیں۔ وہ اس بات کی علامت ہیں کہ اللہ تعالیٰ کس طرح زندہ اور فعال طریقے پر اہل دنیا کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔

ہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام تو بہت بڑی ہستی ہیں۔ سارے مذاہب کے پیروکار ان کا یکساں احترام کرتے ہیں۔ یہ بھی میں جانتا ہوں کہ یہود ان کے بیٹے حضرت اسحٰق اور پوتے حضرت یعقوب کی اولاد ہیں۔

داؤد نے عبداللہ کی تائید کی۔

بے شک یہود، مسیحی اور مسلمان سب ان کا احترام کرتے ہیں لیکن میں ایک دوسری بات بتا رہا ہوں۔ میں یہ بتا رہا ہوں کہ آج سے چار ہزار برس قبل اللہ تعالیٰ نے اپنے اس عظیم بندے کو بہت سی آزمائشوں سے گزارا اور جب وہ ان میں سرخرو ہو گئے تو پھر یہ فیصلہ کرلیا تھا کہ تا قیامت دنیا کی امامت اور رہنمائی حضرت ابراہیم کی اولاد کرے گی۔

اچھا۔ داؤد بس اتنا ہی کہہ سکا۔

ان کی اولاد کو اللہ تعالیٰ نے دنیا کے مرکز یعنی مشرق وسطیٰ میں بسا دیا اور ان کے لیے یہ



قانون بنا دیا کہ جب وہ اللہ کی فرمانبرداری کریں گے تو دنیا میں عروج پائیں گے اور جب اس کی نافرمانی کریں گے تو ذلت، محکومی اور عذاب ان پر مسلط ہو جائے گا۔ پہلے مرحلے پر ان کی اولاد میں سے بنی اسرائیل پر یہ قانون نافذ کیا گیا۔ وہ فرمانبرداری کرتے تو دنیا پر غالب رہتے اور نافرمانی کرتے تو بدترین عذاب کا شکار ہوتے۔

عبداللہ یہیں تک پہنچا تھا کہ داؤد نے اپنی معلومات بیان کرنا شروع کر دیں۔

جی یہ تو مجھے معلوم ہے۔ یہود حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے تو ان کو فرعون کی غلامی سے نجات ملی۔ ان کی نافرمانی کی تو سخت سزا پائی۔ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان کے دور میں بہت عروج حاصل کیا۔ پھر بخت نصر کے دور میں ذلت وعذاب کا شکار ہوئے۔ پھر مکابیوں کے دور میں دوبارہ عروج حاصل کیا اور پھر مسیح علیہ السلام کے بعد رومیوں کے ہاتھوں پھر بدترین تباہی کا سامنا کیا۔ میں اس تاریخ سے واقف ہوں۔ مگر یہ نہیں جانتا تھا کہ یہ کسی قانون کے تحت ہو رہا ہے۔

ہاں اسی کو میں نے کہا تھا کہ یہود اپنی تاریخ کے اصل سبق کو بھول چکے ہیں۔

عبداللہ نے اپنے اس جملے کی وضاحت شروع کی جو اس نے ٹیکسی میں داؤد سے کہا تھا۔

یہ یہود کی بڑی بدقسمتی تھی اور ہے کہ وہ عروج و زوال کے اس قانون کو تاریخی عوامل کا نتیجہ سمجھتے ہیں۔ حالانکہ یہ قانون واضح طور پر یہودیوں کی کتاب تورات میں لکھا ہوا موجود ہے۔ مگر بدقسمتی سے جب کسی قوم پر فکری اور اخلاقی زوال طاری ہوتا ہے اور اقتدار کی محبت ان پر غالب آجاتی ہے تو اسے واضح ترین حقائق بھی نظر نہیں آتے۔ چنانچہ آخری دفعہ جب یہود کو ایک موقع دیا گیا اور وہ مسیح بھیجا گیا جس کے وہ منتظر تھے تو انہوں نے اس کی بات ماننے کے بجائے اس کا انکار کر دیا۔ بلکہ اسے قتل کرنے کی کوشش کی۔

آپ کا اشارہ حضرت عیسیٰ کی طرف ہے۔

جی ہاں۔ یہودی ان کے آنے کے منتظر تھے۔ انہیں یقین تھا کہ ان کا مسیحا آ کر ان کو رومیوں کی غلامی سے نکالے گا۔ مسیحا واقعی آ گئے۔ مگر وہ ان کو اللہ کا قانون سمجھانے لگے۔ یہ بتانے لگے کہ اس اخلاقی پستی کے ساتھ جس کا یہود شکار تھے، وہ کبھی اس غلامی سے نہیں نکل سکتے۔ کیونکہ قانون یہ تھا کہ اگر ایمان و اخلاق میں لوگ پست جگہ پر کھڑے ہیں تو ان پر ذلت اور غلامی مسلط ہو جائے گی۔ وہ ایمان و اخلاق میں بہتر جگہ پر آئیں گے تو غلبہ اور دنیوی اقتدار ان کا منتظر ہوگا۔ بدقسمتی سے یہودی لیڈرشپ کو یہ بات پسند نہیں آئی۔ وہ مسیحا کی شکل میں کسی فوجی جرنل کے منتظر تھے جو رومی غلامی سے ان کو نجات دلائے۔ چنانچہ وہ ان کی تنقید پر اپنی اصلاح کرنے کے بجائے ان کے دشمن ہو گئے اور آخر کار نتیجہ بھگت لیا۔ رفع مسیح کے بعد یہود نے بغاوت کر دی جسے کچلنے کے لیے ٹائٹس کی قیادت میں رومی فوج نے حملہ کیا اور یروشلم کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ بڑے پیمانے پر یہود کا قتل عام ہوا اور تمام یہودی فلسطین سے نکال دیے گئے۔

داؤد کے چہرے پر عجیب کیفیات تھیں۔ وہ کچھ بولنا چاہتا تھا، مگر بول نہیں پا رہا تھا۔ عبداللہ بولتا رہا۔

مسیح کے کفر کی پاداش میں یہود کو امامت کے منصب سے ہمیشہ کے لیے معزول کر دیا گیا۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم کے بڑے بیٹے حضرت اسماعیل کی اولاد کو اسی منصب پر فائز کر دیا گیا جب ان کے درمیان آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی۔ بنی اسماعیل آپ پر ایمان لائے۔ جس کے بعد بطور انعام دنیا کا اقتدار ان کے حوالے کر دیا گیا۔ کئی صدیوں تک وہ وفاداری کے اپنے عہد و پیمان پر قائم رہے۔ مگر جب انہوں نے وہی روش اختیار کی تو خدائی عذاب کا کوڑا ان پر مسلط ہو گیا۔ پہلے بغداد میں تاتاریوں کی شکل میں عذاب الٰہی ان پر



نازل ہوا اور اس کے بعد یہاں غرناطہ میں عربوں کی آخری سلطنت بھی برباد ہوگئی۔ یورپی مسیحی اقوام نے اسپین کے عربوں کے ساتھ جنہیں وہ مور کہتے تھے وہی سلوک کیا جو رومیوں نے یہود کے ساتھ کیا تھا۔

داؤد بدستور خاموش تھا۔ اس سے کچھ بولا نہیں جا رہا تھا۔

غرناطہ کا حکمران خاندان جو اندلس میں عربی اقتدار کی آخری نشانی تھی، انصار کے قبیلے بنوخزرج سے تعلق رکھتا تھا۔ ان کا اقتدار معجزانہ طریقے پر ڈھائی سو برس کے طویل عرصے تک یہاں قائم رہا۔ اس لیے کہ وہ لاغالب الا اللہ کے علمبردار تھے۔ یہی ایمان ہے۔ اللہ سے وابستگی کا یہی وہ سبب تھا جس کی بنا پر پورے یورپ کی متحدہ طاقت بھی مل کر ان کو شکست نہیں دے سکی۔ مگر جب ان کی اخلاقی حیثیت اپنی آخری پستی کو جا پہنچی تو فرنینڈز اور ازابیلا عذاب الٰہی کی طرح نازل ہوئے اور پورے اندلس سے عربوں کا نام و نشان مٹا دیا۔ بس ایک تحریر یہاں الحمرا کے در و دیوار پر نقش ہے۔ جو خاموش زبان میں لوگوں کو یہ پیغام دے رہی ہے کہ خدا برحق ہے۔ وہ زندہ ہے۔ دنیا کا نظام اپنی مرضی کے تحت چلا رہا ہے۔ اس کے ثبوت کے طور پر اس نے یہودیوں اور عربوں کو زندہ رکھا ہوا ہے۔ وہ خدا کی نافرمانی کریں گے تو مغلوب ہو جائیں گے اور فرمانبرداری کریں گے تو غالب ہوں گے۔ بدقسمتی سے یہود اور مسلمان دونوں نے اس قانون خداوندی کو نہیں سمجھا۔ وہ دوسری قوموں کے اپنے اوپر غلبے کو دوسروں کی سازش اور ان کے ظلم کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں۔ جبکہ دراصل وہ خدا کی سزا کا ظہور ہوتا ہے۔ اس بات کا ثبوت ہوتا ہے کہ خدا ہے اور وہ دنیا کا نظام چلا رہا ہے۔ اس بات کا ثبوت ہے کہ روز قیامت وہ اسی طرح افراد کی سزا و جزا کر دے گا۔ خدا کے ہونے اور روز قیامت اس کی سزا و جزا کے برحق ہونے کا اس سے بڑا ثبوت دنیا اور کیا دیکھنا چاہتی ہے؟

-----------------

بیٹا! تم بھی جاب ڈھونڈنے کی کچھ کوشش کرو۔ جنید کو تو بری بھلی ملازمت مل گئی ہے۔ ایک کی جگہ دو تنخواہیں گھر میں آئیں گی تو کچھ ہاتھ فارغ ہوگا۔

جمیلہ نے بستر پر دراز سعد سے کہا جو ٹی وی دیکھ رہا تھا۔ ماں کی بات سن کر سعد نے ٹی وی کا چینل بدلتے ہوئے جواب دیا۔

امی کوشش تو کر رہا ہوں۔ اور کیا کروں؟ آپ سارہ باجی سے کیوں نہیں کہتیں کہ وہ حمزہ بھائی سے بات کریں۔ جنید کی جاب بھی ان کی وجہ سے ہوئی۔ اتنے بڑے لوگ ہیں۔ ہمارے کزن ہیں۔ کیا ہمارے لیے اتنا بھی نہیں کر سکتے؟

کہا ہے بیٹا۔ وہ کوشش بھی کر رہا ہے۔ لیکن کسی کو زبردستی تو نہیں کر سکتے نا۔ ویسے بھی ہمیں شکر کرنا چاہیے کہ اللہ نے تمہاری بہن کا گھر بسا دیا۔ ایسا اچھا رشتہ تو خواب میں بھی نہیں مل سکتا تھا۔ مگر ہر دفعہ نصیب یاوری نہیں کرتا۔ ابھی تمہاری چھوٹی بہن صبا باقی ہے۔

وہ ابھی انٹر میں ہے۔ اس کو تو ابھی بہت وقت ہے۔

لڑکیوں کے پاس کبھی زیادہ وقت نہیں ہوتا۔ بہرحال کوشش کرتے رہو۔ اور یہ کیا ہر وقت ٹی وی دیکھتے رہتے ہو۔ فارغ انسان کا ذہن شیطان کا کارخانہ بن جاتا ہے۔ ٹی وی پر ویسے ہی کوئی اچھی چیزیں نہیں آتیں۔

ہاں امی! آپ ٹھیک کہتی ہیں۔ ہر جگہ مسلمانوں کا قتل عام ہو رہا ہے۔ یہی ٹی وی پر دکھاتے ہیں۔ کافر اقوام نے مسلمان ملکوں پر قبضہ کر رکھا ہے اور ان پر ظلم وستم ڈھا رہے ہیں۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ اللہ مسلمانوں کی مدد کیوں نہیں کرتا۔

ہاں بیٹا خبر نہیں اللہ کافروں کے خلاف مسلمانوں کی مدد کیوں نہیں کرتا۔ ہم تو یہ ظلم وستم دیکھتے



ہوئے بچے سے بوڑھے ہو گئے۔ خیر تم مسجد جا کر بیٹھا کرو۔ کچھ درس وغیرہ سنا کرو۔ بری صحبتوں اور بے کار ٹی وی دیکھنے سے بہتر ہے کہ نیکی کے کاموں میں لگو۔

ٹھیک ہے امی۔ آپ درست کہتی ہیں۔ فارغ انسان کا ذہن شیطان کا کارخانہ بن جاتا ہے۔

یہ کہتے ہوئے سعد نے ٹی وی بند کر دیا۔

-----------------

یقین نہیں آتا۔ داؤد نے گہری سانس لے کر کہا۔

اللہ تعالیٰ اس طرح آج بھی انسانوں کے ساتھ زندہ معاملات کر رہے ہیں۔ انہوں نے دو قومیں یہودی اور مسلمانوں کی شکل میں بنا رکھی ہیں جن کے جرائم کی سزا اسی دنیا میں ملتی ہے اور جن کی نیکیوں کا بدلہ اسی دنیا میں دیا جاتا ہے۔ مگر کیا آج تک یہ قانون جاری ہے؟

داؤد نے تعجب کے ساتھ دریافت کیا۔

ہاں۔ آج کے دن تک یہی قانون جاری ہے۔ یہی وہ قانون الٰہی ہے جس کے مطابق اللہ تعالیٰ پچھلے چار ہزار برسوں سے حضرت ابراہیم اور ان کی اولاد اور متعلقین کے ساتھ معاملہ کر رہے ہیں۔ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ یہود کی طرح عربوں اور باقی مسلمانوں نے بھی خدا کی نافرمانی کی روش اختیار کر لی ہے۔ وہ ایمان واخلاق اور عمل صالح کو چھوڑ کر دنیا پرستی، غفلت، تعصّبات اور فرقہ واریت کا شکار ہو چکے ہیں۔ نتیجے کے طور پر عرب اور وہ سارے مسلمان جو اسلام کو اپنی اصل شناخت سمجھتے ہیں، اس قانون کی زد میں آ کر یہود کی طرح مغلوبیت کی سزا کا شکار ہیں۔ اس وقت اللہ نے ایک تیسری قوم یعنی مسیحیوں کو یہود پر بھی غلبہ دے دیا ہے اور مسلمان بھی ان کے غلبے کے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ جب تک یہود اسلام قبول نہیں

کرتے اور مسلمان نبی آخرالزماں کی لائی ہوئی ایمان واخلاق کی دعوت قبول نہیں کرتے، یہی مغلوبیت ان کا مقدر ہے۔ یہ کتنا بھی زور لگالیں۔ یہ کتنا بھی شور مچالیں۔ یہ کچھ بھی کرلیں اللہ کا قانون نہیں بدلے گا۔ خوف، بدامنی، معاشی تنگی ان کا مقدر رہے گی۔

آپ نے بالکل درست کہا۔ اسلام لانے کے بعد میری بعض مسلمانوں سے بات ہوئی۔ وہ نادان یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا میں ہر چیز یہودی کنٹرول کرتے ہیں۔ جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ میں تو عرصے تک یہودی رہا ہوں اور جانتا ہوں کہ یہودی اپنی زندگی کس خوف میں گزارتے ہیں۔ اسرائیل کو اپنے قیام سے لے کر آج کے دن تک پڑوسیوں کے حملے کا خوف رہتا ہے۔ ہر یہودی ہر وقت حالت جنگ میں رہتا ہے۔ جنگ اور موت کے خوف سے اس کے اعصاب تنے رہتے ہیں۔ یہ ایک مستقل عذاب ہے۔

عبداللہ نے اس کی بات کی تائید کی اور اس میں مزید اضافہ کرتے ہوئے کہا:

ہاں یہی اصل حقیقت ہے۔ لوگ دراصل بین الاقوامی سیاست کو پوری طرح نہیں سمجھتے۔ مغرب کے سفید فام یہود کو استعمال کر کے عربوں کو کنٹرول کر رہے ہیں۔ ان کی معیشت اور وسائل کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ اس کے بدلے میں انہوں نے یہودیوں کو فلسطین میں ایک وطن دے دیا ہے اور اپنے ملکوں میں پنپنے اور آزادانہ کام کرنے کا ایک موقع دے دیا ہے۔ جس روز یہودی انہیں بے قابو ہوتے ہوئے نظر آئے، اس روز مغرب میں دوبارہ ایک ہٹلر پیدا ہوگا اور پھر لاکھوں یہودی قتل کر دیے جائیں گے۔ موجودہ صورتحال یہودیوں کے لیے دو عذابوں کے بیچ میں آنے والا ایک وقفہ ہے اور کچھ نہیں۔ یہ وقفے تو پہلے بھی تاریخ میں کئی دفعہ آئے ہیں۔ اس سے اللہ کا قانون نہیں بدلتا۔ قرآن مجید نے واضح طور پر یہ فیصلہ سنا دیا ہے کہ یہود کو دو قسم کی سزائیں دی گئی ہیں۔ ایک مستقل سزا جو کہ ذلت، مسکنت اور مغلوبیت کی سزا



ہے۔ اور دوسری یہ کہ اللہ تعالیٰ قیامت تک وقفے وقفے سے ان پر ایسے لوگ مسلط کرتے رہیں گے جو ان کو دردناک عذاب دیں گے۔

ہاں ایک یہودی پس منظر کی بنا پر مجھ سے بڑھ کر یہ کون جان سکتا ہے کہ یہود کے ساتھ یہ سب کچھ ہوتا آیا ہے۔

داؤد نے اپنی تاریخ کو سامنے رکھتے ہوئے کہا۔ اس کے ذہن میں یہودی تاریخ کے وہ سارے واقعات تازہ ہو رہے تھے جب مختلف گروہوں کو یہود پر مسلط کیا گیا تھا۔

عبداللہ نے اسے دیکھتے ہوئے کہا:

ابراہیم علیہ السلام کی اولاد کے بارے میں اللہ نے اپنا یہ قانون قدیم کتابوں اور قرآن مجید میں کھول کر بتا رکھا ہے۔

مگر یہ قانون تو کوئی بھی نہیں جانتا۔ حتیٰ کہ مسلمان اور یہودی بھی نہیں جانتے۔

میں بتاتا ہوں اس بے خبری کی وجہ کیا ہے۔

یہ کہہ کر وہ خاموش ہو گیا۔

-----------------

نماز ختم ہوئی تو سعد امام صاحب سے ہاتھ ملانے کے لیے گیا۔ وہ اب باقاعدہ جماعت سے نماز پڑھنے لگا تھا۔ امام صاحب بھی اس کی شکل سے اچھی طرح واقف ہو چکے تھے۔ وہ ایک شریف النفس اور نیک عالم دین تھے۔ اسے دیکھ کر انہوں نے بڑی خوش دلی سے اس کا استقبال کیا۔

سعد بیٹا کیسے ہیں آپ؟

امام صاحب میں بالکل ٹھیک ہوں۔

اور جنید کہاں ہے۔اب وہ کم کم ہی مسجد آتا ہے۔

دراصل اسے ملازمت مل گئی ہے۔سارا دن وہیں گزر جاتا ہے۔

اچھی بات ہے۔چلو اللہ اسے ترقی دے۔

یہ کہہ کر امام صاحب دیگر نمازیوں سے ہاتھ ملانے لگے۔جبکہ سعد پیچھے ہٹ کر امام صاحب کے فارغ ہونے کا انتظار کرنے لگا۔جب ان کے پاس سے مصافحہ کرنے والوں کی بھیڑ کم ہوگئی تو اس نے ان کے قریب جا کر کہا۔

امام صاحب مجھے آپ سے ایک سوال پوچھنا ہے۔

ہاں بیٹا پوچھو۔

مجھے یہ پوچھنا ہے کہ آج دنیا میں مسلمان اتنے ذلیل کیوں ہیں۔کیوں غیر مسلم ہر طرف مسلمانوں پر ظلم کر رہے ہیں؟

بیٹا یہ ہمارے گناہوں کی سزا ہے۔

تو اس کا علاج کیا ہے؟

اس کا علاج یہ ہے کہ ہم سب اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں پر توبہ استغفار کریں۔

جی یہ توبہ تو ہم ہر نماز میں کرتے ہیں۔

بیٹا یہ توبہ ہم زبان سے کرتے ہیں دل سے نہیں کرتے۔اس وقت دیکھو کہ معاشرے میں کون سا برا کام نہیں ہو رہا۔

مگر نیکی کرنے والے بھی تو اتنے زیادہ ہو چکے ہیں۔کتنی زیادہ مساجد بن گئی ہیں۔ان میں کتنے سارے نمازی آتے ہیں۔اب کتنی بڑی تعداد میں عورتیں پردہ کرتی ہیں۔

مگر بیٹا برائی کرنے والے بھی اتنے ہی بڑھ چکے ہیں۔خیر سر دست تو مجھے کہیں جانا ہے۔دیر



ہو رہی ہے۔اس موضوع پر کبھی بعد میں بات کریں گے۔

امام صاحب یہ کہہ کر آگے بڑھ گئے۔سعد کھڑا ہوا ان کو جاتا ہوا دیکھتا رہا۔اسی اثنا میں کسی نے پیچھے سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔اس نے مڑ کر دیکھا۔ایک باریش شخص اس کے سامنے کھڑا تھا۔اس نے کہا۔

میرا نام شاہد ہے۔

میرا نام سعد ہے۔

سعد نے مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔شاہد نے اس کا ہاتھ تھامتے ہوئے کہا۔

میں نے آپ کی گفتگو امام صاحب سے سنی ہے۔آپ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں۔امام صاحب کے پاس آپ کی باتوں کا تسلی بخش جواب نہیں ہے۔آپ میرے ساتھ چلیے۔میں آپ کا تعارف ایسے لوگوں سے کراؤں گا جو بہت نیک ہیں اور جن کے پاس ان سارے سوالوں کا جواب بھی ہے اور اس کا حل بھی۔انشاءاللہ آپ جیسے نوجوانوں کی مدد سے ہم کفار کو شکست دے کر ساری دنیا پر اسلام کا غلبہ ضرور قائم کریں گے۔

جی ضرور میں بخوشی آپ کے ساتھ چلوں گا۔میری بھی یقیناً یہی خواہش ہے۔

شاہد اس کا ہاتھ تھامے مسجد سے باہر نکل گیا۔

-----------------

بھائی آج کل آپ کہاں غائب رہتے ہیں۔پہلے میرا خیال تھا کہ آپ دوستوں میں بیٹھتے ہوں گے۔لیکن اب تو آپ کئی کئی دن تک گھر سے بھی غائب رہتے ہیں۔امی آپ کی طرف سے بہت پریشان رہتی ہیں۔کل بھی وہ مجھ سے آپ کا پوچھ رہی تھیں۔کیا کوئی ملازمت ایسی کر لی ہے جس کی وجہ سے یہ مصروفیت ہے؟

جنید نے اپنے بھائی سعد سے دریافت کیا۔کئی دنوں بعد دونوں بھائیوں کا آمنا سامنا ہوا تھا۔

ہاں ملازمت ہی سمجھو،سعد نے جواب دیا۔

یہ کیسی ملازمت ہے؟ نہ کوئی وقت ہے نہ کوئی تنخواہ۔ یہ تو ٹھیک نہیں ہے۔

تمہارا کیا خیال ہے کہ میں کسی بری صحبت میں پڑ گیا ہوں،سعد نے غصے سے کہا۔

یہ تو میں نے نہیں کہا،جنید نے بھائی کو غصے میں آتا دیکھ کر وضاحت کی۔

لیکن اصل بات کیا ہے یہ تو بتائیں؟

ایک بات بتاؤ یہ جو دنیا بھر میں مسلمانوں پر ظلم ہو رہا ہے۔عیسائی، یہودی، ہندو اور سارے کافر مل کر دنیا بھر میں مسلمانوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ رہے ہیں، کیا وہ تمہیں نظر نہیں آتے۔

بالکل نظر آتے ہیں۔مگر اس سے زیادہ اہم میرے لیے میری ماں اور بہنیں ہیں۔ وہ تو میری ذمہ داری ہیں۔ مجھے ان کے مسائل سے فرصت ملے تو کچھ دیکھوں۔

یہ بتاؤ تمہاری ماؤں بہنوں کی عصمت پر کوئی ہاتھ ڈالے تو کیا تم خاموش بیٹھو گے؟

یہ کیسی بات کر رہے ہیں آپ۔ میں تو اس شخص کو قتل کر دوں گا۔

بس یہی بات ہے۔ جو قومیں مسلمان ملکوں پر قبضہ کیے بیٹھی ہیں۔ان پر ظلم کر رہی ہیں۔ان کی عزتوں پر ہاتھ ڈال رہی ہیں۔ان کو قتل کرنا ہی میری زندگی کا اب مشن بن گیا ہے۔ان سے لڑنا ہی اب میری زندگی ہے۔

لیکن بھائی......

لیکن ویکن کچھ نہیں۔ کیا تم مسلمان نہیں ہو۔ کیا تم میں غیرت نہیں ہے۔ تمہیں تو میرے ساتھ چلنا چاہیے۔ میں جہاد پر جانا چاہتا ہوں۔ اور اگر نہیں چل سکتے تو میرے راستے کی رکاوٹ مت بنو۔ جہاد کی مخالفت کرنا کفر ہے۔



میں تو ایسا سوچ بھی نہیں سکتا۔

تو بس پھر جو میں کر رہا ہوں مجھے کرنے دو۔امی کو سمجھا دو۔

ٹھیک ہے۔جیسے آپ کی مرضی۔

جنید یہ کہہ کر خاموش ہو گیا۔

-----------------

امی مجھے کافروں کے خلاف جہاد پر عرب جانا ہے۔ مجھے اجازت دیجیے؟

جمیلہ سعد کے اس کے سوال پر گم سم بیٹھی ہوئی تھی۔اسے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا جواب دے۔وہ رندھی ہوئی آواز میں بولی۔

بیٹا تم جانتے ہو ہم نے کس مشکل سے پال پوس کر تم کو بڑا کیا ہے۔تم چلے گئے تو ہمارا کیا ہو گا؟

یہ جنید آپ کے پاس ہے۔یہ آپ کا خیال رکھے گا۔

مگر میں تو یہ چاہتی ہوں کہ تم ملازمت کرو۔ میں تمہارا سہرا دیکھوں بیٹا۔تمہارے بچے ہوں۔

امی کفار نے ہم مسلمانوں پر ظلم وستم ڈھا رکھا ہے۔مسلمان ملکوں پر ان کا قبضہ ہے۔ہم سب پر جہاد فرض ہو چکا ہے۔ہمیں ان کو اپنے ملکوں سے نکالنا ہے۔اس کے بغیر ہمیں دنیا میں غلبہ نہیں مل سکتا ہے۔اگر آپ بہادر ماں نہیں بنیں گی تو اسلام کیسے غالب ہو گا۔

غریب ماں کی سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا جواب دے۔اس نے بے بسی سے چھوٹے بیٹے جنید کی طرف دیکھا۔

بیٹا تم کیا کہتے ہو؟

امی جہاد کے بغیر اسلام غالب نہیں ہو سکتا۔آپ کو بہادر بننا ہو گا۔ بھائی کو اجازت دے دیں۔میں آپ کا خیال رکھوں گا۔

جمیلہ گہری سوچوں میں غرق ہوگئی۔

-----------------

عبداللہ کی خاموشی طویل ہوئی تو داؤد نے اسے توڑتے ہوئے کہا۔

کیا ہے اس قانون سے بے خبری کی وجہ؟

اس کی سب سے بڑی وجہ قرآن مجید سے زندہ تعلق ختم ہوجانا ہے۔ یہ قانون اصلاً قرآن مجید میں بیان ہوا ہے۔ آپ خود سوچیے قرآن مجید یہودیوں کی نہیں مسلمانوں کی کتاب ہے۔ اللہ کو معلوم تھا کہ یہود نے اس کتاب کو کبھی نہیں پڑھنا بلکہ مسلمانوں نے پڑھنا ہے۔ پھر بھی اس میں یہودیوں کا ذکر اتنا زیادہ کیوں کیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ قرآن کے پہلے چوتھائی حصے میں تو لگتا ہے کہ ہر جگہ یہود کا ذکر ہے۔

یہود کا اتنا زیادہ ذکر ایک ایسی کتاب میں کیوں ہے جو یہود پڑھتے ہی نہیں نہ اسے کلام الٰہی مانتے ہیں؟ داؤد نے الٹا عبداللہ سے ایک سوال داغ دیا۔

یہ ذکر اس لیے ہے کہ مسلمان جان لیں کہ وہ اب یہود کی جگہ پر کھڑے ہوئے ہیں۔ جو کچھ یہود کے ساتھ کیا گیا تھا ان کے ساتھ بھی بعینہٖ وہی کیا جائے گا۔ مگر بدقسمتی سے مسلمان اول تو قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھتے نہیں۔ اور پڑھتے ہیں تو یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ کو شاید یہود سے اتنی چڑ ہے کہ معاذ اللہ وہ اپنی بھڑاس نکالنے کے لیے ان کی برائیاں اب مسلمانوں کو سنا رہے ہیں۔ حالانکہ بات صرف اتنی تھی کہ یہود کے آئینے میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو تنبیہ کر رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر یہود کو نہیں چھوڑا گیا تو تمہیں بھی نہیں چھوڑا جائے گا۔

بالکل دل لگتی بات کہی ہے آپ نے، داؤد نے عبداللہ کی بات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا۔

اس قانون سے بے خبری کی دوسری وجہ یہ ہے کہ لوگ اسے جاننا بھی نہیں چاہتے۔ ورنہ



بتانے والے موجود ہیں۔ کتابوں میں لکھا ہوا ہے۔ پیغمبروں نے بیان کیا ہے۔ سب سے بڑھ کر تاریخ میں اس کا اتنا واضح ثبوت موجود ہے کہ کوئی انکار ہی نہیں کرسکتا۔

آپ نے بالکل درست کہا۔ داؤد نے عبداللہ کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

میں یہود کی تاریخ کی دو عظیم تباہیوں اور عروج سے واقف تھا۔ مگر اس کی وجہ سے واقف نہیں تھا۔ مگر جب آپ نے وجہ بتائی تو سمجھ میں آ گئی کہ اس عروج و زوال کے پیچھے کیا قانون کارفرما ہے۔

داؤد کی بات پر عبداللہ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

داؤد! یہود ہی نہیں اب تو مسلمانوں کی تاریخ میں بھی اس کا ناقابل تردید ثبوت موجود ہے۔

داؤد جو مسلمانوں کی تاریخ سے زیادہ واقف نہیں تھا عبداللہ کی بات پر سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

حضرت عیسیٰ کے کفر کے بعد یہود کو منصب امامت سے معزول کر دیا گیا۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دوسرے صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کو اللہ تعالیٰ نے یہ موقع دیا کہ وہ ایمان و اخلاق کی دعوت کو قبول کریں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے سے ان کے سامنے دعوت پیش کی۔ جب یہ دعوت انہوں نے قبول کر لی تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی سورہ نور میں یہ اعلان کر دیا کہ ایمان و عمل صالح کی دعوت قبول کرنے کی بنا پر اللہ تعالیٰ ان کو زمین میں اقتدار دیں گے۔

لیکن مسلمانوں نے تو قیصر و کسریٰ سے جنگ کر کے ان کے خلاف فتح حاصل کی تھی؟

بے شک ایسا ہی ہوا تھا۔ لیکن اس جنگ کے آغاز سے بہت پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنے اس فیصلے کا اعلان کر دیا تھا جو سورہ نور میں بیان ہوا ہے۔ اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ فیصلہ ایمان و

اخلاق کی دعوت قبول کرنے اور اسے اپنی زندگی بنانے کی بنیاد پر پہلے ہی کیا جا چکا تھا۔ اصل عامل یہی ہوتا ہے۔ اس کے بعد جو غلبہ ملتا ہے وہ جہاد سے بھی مل سکتا ہے اور دعوت سے بھی۔ اس کا انحصار اللہ کی حکمت پر ہوتا ہے۔ مگر جب قوم ایمان و اخلاق کے تقاضوں سے عاری ہو جاتی ہے تو پھر اس کی تمام تر فوجی قوت اور جنگ و جدل صرف تباہی میں اضافے کا سبب بن جاتی ہے۔ اس کی مثال وہ تباہی ہے جو تاتاریوں کے ہاتھوں مسلمانوں پر آئی۔ اس وقت فوجی قوت کے لحاظ سے مجموعی طور پر مسلمان تاتاریوں سے کہیں زیادہ طاقتور تھے۔ اتنے زیادہ طاقتور کہ شروع میں چنگیز خان کی یہ ہمت ہی نہیں ہو رہی تھی کہ مسلمانوں پر حملہ کرے۔ کیونکہ اس کے مقابلے میں ایک طرف خوارزم کی وہ طاقتور سلطنت تھی جو اس زمانے کی سپر پاور کی حیثیت رکھتی تھی تو دوسری طرف خلافت عباسیہ تھی جس کی ایک پکار پر لاکھوں مسلمان میدان میں آ سکتے تھے۔ پھر خوارزم شاہ نے اپنی طاقت کے زعم میں چنگیز خان کے سفیروں کو قتل کرا دیا۔ یہ وہ وقت تھا جب مسلمان اخلاقی زوال کی آخری حدوں کو چھو رہے تھے۔ چنانچہ خدا کا فیصلہ آ گیا۔ مسلمانوں کی عظیم فوجی طاقت بے کار چلی گئی۔ پھر نہ خوارزم کے حکمران سلطان علاؤ الدین کی فوجی طاقت کام آئی نہ اس کے بہادر بیٹے سلطان جلال الدین کا جذبہ جہاد اور بہادری تاتاریوں کا راستہ روک سکا۔ نہ خوارزم کی عظیم فوجی قوت کچھ کر سکی نہ خلافت کی روحانی اور مرکزی طاقت ان کا مقابلہ کر سکی۔ ہر جنگ میں مسلمانوں کو بدترین شکست ہوئی۔ تاتاریوں کا سیلاب پورے عالم اسلام کو برباد کر گیا۔

جی چنگیز خان اور تاتاریوں کی تباہ کاریوں سے تو کون واقف نہیں۔

داؤد نے عبداللہ کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

ہاں! مگر جب مسلمانوں نے توبہ کی اور دین کی دعوت کو اپنا نصب العین بنا لیا تو تھوڑے ہی



عرصہ میں اللہ کی نصرت کا ظہور ہوا۔ دعوتی جدوجہد سے حملہ آور تاتاری ہی مسلمان ہو گئے اور انہی کی نسلوں نے عظیم مسلم ریاستیں قائم کیں۔ اس دعوتی عمل کے نتیجے میں مسلمان ایک دفعہ پھر صدیوں تک دنیا میں غالب رہے۔ مگر جب انہوں نے دعوت کو بالکل چھوڑ دیا اور ایمان و اخلاق کی بدترین پستی میں دوبارہ گرے تو ایک دفعہ پھر اللہ کا قہر بھڑکا۔ اس دفعہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو سزا دینے کے لیے مغربی طاقتوں کو اٹھایا۔ ایک دفعہ پھر ہر جنگ میں اور ہر محاذ پر مسلمانوں کو شکست ہوتی چلی گئی اور پورا عالم اسلام مغلوب ہو گیا۔ آج اس مغلوبیت کو دو صدیوں سے زیادہ ہو چکے ہیں۔ مسلمان اپنی مغلوبیت کی اصل وجہ کو سمجھ کر نہیں دے رہے۔ اس لیے مسلسل ایک کے بعد ایک شکست کھائے جا رہے ہیں۔ ان کے ملک برباد ہو رہے ہیں۔ ان پر غیر مسلم مسلط ہو رہے ہیں۔ مسلمان حالت سزا میں ہیں۔ مگر وہ اپنی اصلاح کرنے کے بجائے، ایمان اور عمل صالح کی دعوت کو زندگی بنانے کے بجائے فرقہ واریت، منافقت اور بدعملی کا شکار ہیں۔

انہوں نے قرآن و سنت کے نام پر کچھ خود ساختہ نظریات گھڑ لیے ہیں اور ان کی بنیاد پر نفرت اور تشدد کو فروغ دے رہے ہیں۔ ان نظریات کے غلط ہونے کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ قرآن و حدیث ان سے بالکل خالی ہیں۔ جلیل القدر اہل علم نے ان کی غلطی آخری درجہ میں واضح کر دی ہے۔ اور پچھلی ایک صدی میں تو ان کے غلط ہونے کا تاریخی ثبوت بھی سامنے آ چکا ہے۔

وہ کس طرح؟ داؤد نے بے ساختہ پوچھا۔

وہ اس طرح کہ ان نظریات پر قائم جماعتوں کو بہترین انسانی اور مادی وسائل ملے، مگر اس کے باوجود ان کی تمام تر جدوجہد ایک کے بعد دوسری شکست سے دوچار ہوتی چلی گئی۔ مگر یہ لوگ ماننے کے بجائے ضد اور ہٹ دھرمی پر اتر آئے ہیں۔ مگر ان کی ہر تاویل اس لیے فاسد ہے کہ یہ

لوگ اخلاقی طور پر بھی پستی کا شکار ہو چکے ہیں۔ یہ چیز تو اللہ کی لعنت کی علامت ہوتی ہے۔ جب کچھ بندگان خدا ان کو سمجھانے کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو یہ ان کی جان کے دشمن ہو جاتے ہیں۔ ان کے خلاف جھوٹی مہمیں چلا کر ان کو بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بعض کو جھٹلاتے ہیں، بعض کو قتل کر دیتے ہیں اور بعض کو گھر اور وطن چھوڑنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ اس رویے کے بعد مسلمان کچھ بھی کر لیں؛ ان پر اللہ کا غضب، لعنت اور سزا بڑھتی چلی جائے گی۔ ان کی تباہی اور مغلوبیت بڑھتی چلی جائے گی۔ یہ لوگ باز نہ آئے تو خود بھی مارے جائیں گے اور باقی قوم کو بھی اللہ کے عذاب میں ہلاک کروائیں گے۔

عبداللہ یہ کہہ رہا تھا اور شدت جذبات سے اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ وہ خاموش ہو گیا۔ اس کی کیفیت دیکھ کر داؤد بھی خاموش بیٹھا رہا۔ کچھ دیر بعد داؤد نے سوال کیا۔

کیا اس صورتحال سے نکلنے کا کوئی راستہ ہے۔

راستہ وہی ہے جو پیغمبر ہر دور میں دکھاتے چلے آئے ہیں۔ ایمان اور عمل صالح کی دعوت۔ مسلمانوں کے لیے بھی اور غیر مسلموں کے لیے بھی۔ یہی راستہ انبیائے بنی اسرئیل یہود کو دکھاتے چلے آئے۔ یہی راستہ میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں اپنی قوم کے لوگوں کو دکھایا تو اس کے نوجوانوں نے اسے قبول کر لیا۔ انہیں یقین آ گیا کہ ہم نے یہ بات مان لی تو ایک وقت آئے گا کہ ہر طرح کے امن سے محروم عرب میں وہ انقلاب آ جائے گا کہ ایک تنہا عورت عرب کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک طویل سفر اس طرح کرے گی کہ اس کی جان، مال، عزت و آبرو سب محفوظ رہے گی۔ پھر دنیا نے دیکھا کہ ایسا ہوا اور یہ بھی ہوا کہ عرب کے گلہ بان دنیا کے حکمران بن گئے۔ یہ ثمرہ ہے ایمان و اخلاق کی دعوت کو قبول کرنے کا۔

عبداللہ ٹھہرے ہوئے لہجے میں یہ باتیں کر رہا تھا اور داؤد کو لگ رہا تھا کہ یہ باتیں کوئی نئی



نہیں ہیں بلکہ اس کے اندر پہلے سے موجود تھیں۔ عبداللہ بس ان کی یاد دہانی کرا رہا تھا۔

یہی وہ سبق ہے جو میں نے مکے اور مدینے کی بستی میں پڑھا۔ یہی سبق پڑھنے میں الحمرا آیا۔ کاش باقی لوگ بھی یہ سبق پڑھ لیں۔ مسلمانوں کے عروج کی منزل ایمان و اخلاق کی شاہراہ سے گزرے بغیر نہیں آتی۔ کاش لوگ مزید تباہی سے پہلے یہ حقیقت سمجھ لیں۔ کاش لوگ مزید بربادی سے پہلے اس قانون الٰہی کو سمجھ لیں۔

عبداللہ اپنے اردگرد سے بے نیاز دور آسمان پر نگاہ گاڑھے یہ الفاظ ادا کر رہا تھا۔ شام کے سائے ڈھلتے جا رہے تھے۔ سورج کی روشنی مدھم ہو چکی تھی۔ داؤد نے گھڑی پر نظر ڈالتے ہوئے کہا۔

مجھے آپ سے بہت کچھ کہنا ہے۔ بہت کچھ پوچھنا ہے۔ بہت کچھ سمجھنا ہے۔ وہ بتانا ہے جو شاید میں زندگی میں کبھی کسی کو نہیں بتاتا۔ لیکن آج آپ کی باتیں سن کر آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔ لیکن میری بات لمبی اور تفصیلی ہے اور ہمارے پاس اب اتنا وقت نہیں ہے۔ وہ لڑکی بھی آپ کی منتظر ہو گی۔ مجھے تو لگتا ہے کہ آپ سے ملنے کے لیے آپ کے وطن آنا پڑے گا۔ کئی دن آپ کے ساتھ رہنا پڑے گا۔ مجھے آپ کو بہت کچھ بتانا ہے۔

عبداللہ جن خیالوں میں تھا وہاں اس نے داؤد کی بات کو پوری توجہ سے نہیں سنا۔ دوسری طرف جب داؤد یہ سب کچھ کہہ رہا تھا تو اس کے چہرے پر عجیب سی کیفیات تھیں۔ وہ جن رازوں کا امین تھا جنہیں وہ عبداللہ کے سامنے کھولنا چاہتا تھا، وقت کی ڈور اسے ان پر سے پردہ اٹھانے سے باز رکھ رہی تھی۔ وہ اٹھتے ہوئے بولا:

چلیے اس لڑکی سے مل لیں۔ ورنہ دیر ہو جائے گی۔ آپ کو واپس ہوٹل جا کر سیشن میں شریک بھی ہونا ہے۔

----------------

نیہہ چائے تیار ہے۔میز پر آ جایئے۔امی آپ بھی آ جائیں۔

سارہ نے سرگوشی کے انداز میں گفتگو کرتی ہوئی اپنی ساس اور اپنی نند کو شام کی چائے کے تیار ہونے کی اطلاع دی۔اس کے چہرے پر بڑی خوشگوار مسکراہٹ تھی۔

اس کی ساس نے برا سا منہ بنا کر اچھا کہا۔مگر اٹھی نہیں۔

سارہ نے بہت محبت سے نیہہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

آج تو ہماری نیہہ گھر پر آئی ہے۔ہم اکٹھے چائے پئیں گے اور ڈھیر ساری باتیں کریں گے۔

وہ دونوں پھر بھی خاموش بیٹھی رہیں۔سارہ کو اپنی بات کا کوئی جواب نہیں ملا تو بھی ان کے انتظار میں وہیں کھڑی رہی۔ساس نے اسے وہیں کھڑے دیکھا تو درشت لہجے میں کہا۔

کیا تم ہم دونوں ماں بیٹی کو بات بھی نہیں کرنے دو گی؟

نہیں امی !ایسی کوئی بات نہیں۔دراصل چائے ٹھنڈی ہو رہی ہے۔

سارہ نے کچھ شرمندہ ہوتے ہوئے وضاحت پیش کی۔

بھئی ٹھنڈی ہو جائے تو دوبارہ گرم کروا دینا۔تم نے کون سا خود چائے گرم کرنا اور بنانا ہے۔ یہ تو نوکروں کا کام ہے۔لیکن تم نے کبھی نوکر دیکھے ہوں تو تمہیں یہ بات سمجھ میں آئے نا۔

نیہہ نے چبھتے ہوئے لہجے میں کہا۔

سارہ مجرموں کی طرح سر جھکائے ہوئے خاموشی سے کھڑی رہی۔

ہاں انہوں نے نوکر تو ساری زندگی نہیں دیکھنے تھے۔لیکن میرے معصوم بیٹے کو دیکھ لیا تھا۔ اسے اپنی اداؤں سے اس طرح سے اپنے جال میں پھنسایا کہ ہر رشتہ ٹھکرا کر ہمیں مجبور کر دیا کہ اِنہی کو گھر میں لائیں۔اب کیا کریں۔آج کل کی لڑکیوں کی آنکھوں میں تو حیا ہی نہیں ہے۔



یہ کہتے ہوئے انہوں نے نیہہ کی تائید حاصل کرنے کے لیے اس کی طرف دیکھا۔مگر وہ یہ بھول گئیں کہ ان کی اپنی بیٹی نے اپنے کلاس فیلو سے محبت کی شادی کی تھی۔بے چاری نیہہ کیا جواب دیتی۔وہ اتنا کہہ کر رہ گئی:

امی پسند کی شادی کوئی گناہ تو نہیں ہوتی۔بھائی نے کر لی تو کیا ہوا۔

امی میں تو شادی سے پہلے کبھی حمزہ سے ملی بھی نہیں تھی۔

نیہہ کی بات سے کچھ حوصلہ پا کر سارہ نے اپنی صفائی دینے کی کوشش کی تو وہ جھنجلا اٹھیں۔

ہاں ہاں بھئی تم تو ایسی حور پری تھیں کہ میرے بیٹے کی ایک نظر پڑی اور وہ ہوش وحواس کھو بیٹھا۔بی بی جانے دو۔میں تمہیں اور تمہاری ماں کے کرتوتوں کو خوب جانتی ہوں۔مجھے پتہ ہے کہ اس نے کیا کیا تھا کہ تمہارے باپ نے خودکشی کر لی تھی۔

آپ ایسا تو نہ کہیں۔میری امی نے تو کچھ نہیں کیا۔

سارہ روہانسی ہو کر بولی۔

جو کیا وہ ہم کو اچھی طرح پتہ ہے۔ذرا اپنی ماں سے جا کر پوچھو۔

سارہ کے دل پر ایک تیر لگا۔وہ اپنی ماں کی توہین برداشت نہیں کر سکی اور روتی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی۔

اس کی ساس اسے باہر جاتا ہوا دیکھتی رہیں۔پھر بیٹی سے بولیں۔

اے لو۔یہاں کوئی سچ بھی نہیں بول سکتا۔

نیہہ کا موڈ بھی خراب ہو چکا تھا۔وہ بے زاری سے بولی۔

امی تھوڑی دیر کے لیے میں آتی ہوں۔اس میں بھی یہ منحوس صورت سارا موڈ خراب کر دیتی ہے۔

اب اس کا کیا کریں۔تمہارے بھائی کی پسند ہے۔

ساس بھی چڑ کر بولیں۔

چھوڑیں امی! اب چلیں چائے پی لیتے ہیں۔سر بھاری ہو رہا ہے۔

ہاں چلو بیٹا۔اب تو اس گھر میں میرا سر بھی ہر وقت بھاری رہنے لگا ہے۔

یہ کہہ کر دونوں چائے کی میز کی طرف جانے کے لیے اٹھ گئیں۔

-----------------

عبداللہ اور داؤد سوونیئر شاپ پہنچے تو وہ لڑکی ابھی تک وہیں بیٹھی ہوئی کتاب پڑھ رہی تھی۔

داؤد نے عبداللہ کے کان میں سرگوشی کی۔

میرا خیال تھا کہ یہ جا چکی ہوگی۔

پانچ سو یورو بہت بڑی رقم ہوتی ہے۔

عبداللہ نے بھی نیچی آواز میں جواب دیا۔

وہ دونوں چلتے ہوئے لڑکی کے قریب پہنچے تو اس نے نظر اٹھا کر ان دونوں کو دیکھ لیا۔اس کے چہرے پر رونق آ گئی۔

قلعہ بند ہونے کا وقت ہو رہا ہے۔میرا خیال تھا کہ شاید آپ لوگ لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

لڑکی کے چہرے سے واقعی خوشی جھلک رہی تھی...... ملنے والی متوقع رقم کی خوشی۔

سینوریٹا! ہم نے دو گھنٹے کا وعدہ کیا تھا اور دو گھنٹے میں لوٹ کر آ گئے اور آپ کو یہاں دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔یہ لیجیے مزید دو سو یورو۔

عبداللہ نے بٹوے سے دو سو یورو کے نوٹ نکال کر لڑکی کی طرف بڑھائے۔لڑکی نے جھجکتے



ہوئے ہاتھ آگے بڑھایا اور نوٹ تھام لیے۔اس کے چہرے پر ہلکی سی ندامت کے آثار تھے۔وہ اٹکتے ہوئے بولی:

وہ ......دراصل...... میری تعلیم کے اخراجات ملازمت سے پورے نہیں ہو رہے تھے......

اس لیے مجھے کسی نے مشورہ دیا تھا...... یہ کم وقت میں بہت سارے پیسے کمانے کا سب سے آسان ذریعہ ہے......میں اس طرح کی لڑکی......

آپ کے مزید دو سو یورو میرے پاس ہیں۔اگر آپ نے کتاب پڑھ لی ہے تو آپ کو یہ دو سو یورو بھی مل سکتے ہیں۔کیا میں ایک دو باتیں پوچھ سکتا ہوں؟

عبداللہ نے اس کی بات پوری نہیں ہونے دی۔وہ اسے شرمندگی سے بچانا چاہ رہا تھا۔

آپ مور (مسلمان) ہیں نا؟

لڑکی نے عبداللہ کی بات کا جواب دینے کے بجائے خود ہی ایک سوال کر ڈالا۔

جی میں مسلمان ہوں جنہیں آپ کے ہاں مور کہا جاتا ہے۔

لڑکی نے داؤد کی طرف دیکھا۔اسے خیال ہوا کہ یہ مسلمان نہیں ہے۔داؤد کو اندازہ ہو گیا کہ وہ اس کے متعلق پوچھنا چاہ رہی ہے۔اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔

میں پہلے یہودی تھا۔اب الحمدللہ مسلمان ہو گیا ہوں۔میں مور ہو گیا ہوں۔میرا نام داؤد ہے۔یہ عبداللہ صاحب ہیں۔بہت بڑے اسکالر ہیں۔بہت بڑے آدمی ہیں۔آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ کی ان سے ملاقات ہو گئی۔

لڑکی نے بے یقینی کے انداز میں داؤد کو دیکھا۔پھر عبداللہ کو غور سے دیکھنے لگی۔عبداللہ کہیں سے بھی کوئی غیر معمولی شخص نہیں لگ رہا تھا۔اس سے پہلے وہ لڑکی عبداللہ کے بارے میں مزید کچھ پوچھتی یا کہتی، عبداللہ نے فوراً ایک سوال پوچھتے ہوئے موضوع بدل دیا۔

آپ کا نام کیا ہے سینوریٹا؟

میرا نام مارگریٹ ہے۔

آپ نے اس کتاب کو پڑھ کر اگر کوئی بات سمجھی ہے تو وہ بتادیں۔

میں پیدائشی طور پر کیتھولک ہوں۔لیکن اب میں کسی مذہب اور خدا کو نہیں مانتی۔

مارگریٹ نے جواب دینے کے بجائے اپنی بات کہی۔

عبداللہ خاموش رہا۔داؤد بھی خاموش تماشائی کی طرح دونوں کی گفتگو سننے لگا۔کچھ دیر خاموشی رہی......پھر لڑکی خود ہی کتاب کے اہم مضامین کا خلاصہ کرنے لگی۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے......وہ بہت رحم کرنے والا اور معاف کرنے والا ہے......اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو......موسیٰ اور عیسیٰ اللہ کے پیغمبر تھے...... اللہ کے آخری پیغمبر محمد تھے......ان کی تعلیم وہی تھی جو پچھلے پیغمبروں کی تھی کہ ایک اللہ کی عبادت کرو......لوگوں کے ساتھ عدل واحسان سے پیش آؤ......لوگوں پر اپنا مال خرچ کرو...... بری باتوں سے دور رہو......ناحق قتل نہ کرو......زنا مت کرو......کسی پر ظلم اور زیادتی مت کرو۔

لڑکی یہ کہہ کر خاموش ہوگئی۔وہ سوچ سوچ کر بول رہی تھی مگر اس نے بڑی خوبی سے مختصر کتاب کے بیشتر مضامین کا خلاصہ بیان کر دیا تھا۔لیکن اس سے عقیدہ آخرت کا بیان رہ گیا تھا۔
عبداللہ نے اس کمی کو محسوس کر لیا اور بٹوے سے مزید دوسو یورو نکالے اور لڑکی کی طرف بڑھاتے ہوئے کمال مہارت سے اس کی بات کو آخرت کے ذکر سے جوڑ دیا:

اور یہ کہ کبھی غلطی ہوجائے تو اللہ سے معافی مانگ لو وہ بہت معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔اور یقین رکھو کہ جب تم اس طرح زندگی گزارو گے تو اللہ رب العالمین جو تمہارا رب ہے تمہیں مرنے کے بعد ہمیشہ کی زندگی دے گا۔جہاں تم ابدی طور پر اس کی نعمتوں کے باغ میں



جیو گے۔

یہ کہتے ہوئے عبداللہ نے پیسے دینے کے لیے مارگریٹ کی طرف اپنا ہاتھ بڑھایا تھا۔مگر اس کا ہاتھ آگے نہیں بڑھا۔عبداللہ نے زبردستی اس کی مٹھی میں پیسے رکھ دیے۔پھر اسے مخاطب کرتے ہوئے اپنی بات جاری رکھی۔

اور یہ کہ مارگریٹ !وہاں تم ہمیشہ جوان رہوگی۔کبھی بوڑھی نہیں ہوگی۔ ہمیشہ حسین نظر آؤ گی۔تمہارا حسن کبھی نہیں مرجھائے گا۔تمہیں کبھی پیسوں کی کمی نہیں ہوگی۔جو تمہارا دل چاہے گا تمہیں دیا جائے گا اور جو چیز مانگو گی تمہیں ملے گی۔یہ تمہارے رب کا تم سے وعدہ ہے۔وہ اپنے وعدے کے کبھی خلاف نہیں کرتا۔

عبداللہ کے لہجے میں اتنی تاثیر تھی کہ مارگریٹ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔داؤد کی اپنی کیفیت بھی عجیب ہوگئی۔اسے ایسا لگا کہ جنت کی یہ بشارت مارگریٹ کو نہیں اسے دی جارہی ہے۔

مارگریٹ ٹھہرے ہوئے انداز میں بولی۔

یہ سب کیا بہت عجیب نہیں ہے؟

سینوریٹا!اس دنیا میں کیا عجیب نہیں ہے؟تم غور کرو چند برس پہلے تم کچھ بھی نہیں تھیں۔پھر تم اپنے والدین کے گھر پیدا ہوگئیں۔کیا یہ عجیب نہیں ہے؟تم کھانا کھاتی ہو وہ ہضم ہوکر تمہارے جسم کا حصہ بن جاتا ہے۔ ذرا سوچو! کھانا مارگریٹ میں تبدیل ہوجاتا ہے۔کیا یہ عجیب نہیں ہے؟میں ذہن میں ایک بات سوچتا ہوں۔پھر اپنی زبان سے اسے الفاظ کی شکل ادا کرتا ہوں۔یہ الفاظ ہوا کے دوش پر تمہارے کانوں تک پہنچتے ہیں۔پھر تمہارا ذہن میرے ذہن کی بات سمجھ لیتا ہے۔کیا یہ عجیب نہیں ہے؟

عبداللہ کے الفاظ محض الفاظ نہیں تھے۔ وہ حقیقتیں تھیں جن کو فراموش کر کے ہر شخص جیتا ہے۔ اس لیے کہ یہ سارے حقائق بہت عجیب سہی، مگر بہت عام تھے۔ لیکن عبداللہ کے بیان کرنے سے مارگریٹ کو ان عام چیزوں کا خاص اور عجیب ہونا سمجھ میں آ رہا تھا۔

سینوریٹا! اس دنیا میں غافل بن کر رہو گی تو یہاں سب معمول کی بات ہے۔ اور عقلمند بن کر جیو گی تو ہر چیز عجیب ہے۔ ویسے یہ بتاؤ تم خدا کو کیوں نہیں مانتیں؟

پتہ نہیں۔ بس مجھے یقین نہیں آتا۔

اس نے کھوئے کھوئے انداز میں جواب دیا۔

سوچتی رہو۔ غور کرتی رہو۔ یقین آ جائے گا۔

اچھا۔ مارگریٹ قدرے تعجب سے بولی۔

میں جب یہ سوال اپنے والدین اور اپنے پادریوں سے کرتی تھی وہ کہتے تھے کہ سوچنا چھوڑ دو۔ یقین آ جائے گا۔ سینیور! مگر آپ کہہ رہے ہیں کہ سوچتی رہو یقین آ جائے گا۔

عبداللہ نے اپنا کارڈ اسے دیتے ہوئے کہا:

جو انسانوں کی طرف بلاتے ہیں وہ سوچنے سے منع کرتے ہیں۔ جو اللہ پروردگار کی طرف بلاتے ہیں وہ سوچنے پر آمادہ کرتے ہیں۔ سوچتی رہو۔ اور جب سوال پیدا ہو یا یقین آ جائے تو مجھ سے رابطہ کر لینا۔

یہ کہتے ہوئے عبداللہ نے اپنا وزیٹنگ کارڈ نکال کر مارگریٹ کے ہاتھ میں رکھ دیا۔

---------------

جمیلہ سر پکڑے بیٹھی تھی۔ اس کے سامنے سارہ بیٹھی ہوئی تھی۔ برابر میں صبا بھی پریشان بیٹھی تھی۔ سارہ ہچکیاں لے کر روئے جا رہی تھی اور صبا اسے چپ کرانے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔



جمیلہ کو سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ سارہ کو کیسے تسلی دے۔

جمیلہ کی زندگی میں خوشیوں کے لمحے بہت کم آئے تھے۔ خاص کر شوہر کے بعد تو اس کی زندگی سوائے آزمائش کے کچھ نہیں رہی تھی۔ ایسے میں مذہب سے اسے گہرا تعلق پیدا ہو گیا تھا۔ یہی تعلق اس نے اپنی اولاد میں بھرپور طریقے سے پیدا کرنے کی کوشش کی تھی۔ جتنا دین وہ جانتی تھی اتنا دین اولاد کو سکھانے کی کوشش کی۔ کم از کم نماز روزے کی پابند اس کی تمام اولاد تھی۔ سب سے بڑھ کر اسے یہ خوشی تھی کہ اس کے دونوں بیٹے نمازوں کے پابند تھے۔ جب سے یہ بیٹے جوان ہوئے تھے اس کی امیدیں بھی دوبارہ جوان ہو گئی تھیں کہ زندگی بہتر ہو جائے گی۔ اس کی خواہش تھی کہ اس کے بیٹے جلد از جلد برسر روزگار ہو جائیں۔ مگر ان کی تعلیم بس واجبی سی تھی۔ نہ سفارش تھی نہ تعلقات۔ ایسے میں روزگار کہاں سے ملتا۔ مگر چلیے روزگار نہ تھا۔ یہ امید تو تھی کہ آج نہیں کل کچھ نہ کچھ کام مل ہی جائے گا۔ اس کی امیدوں کے دیے اس وقت مزید روشن ہو گئے جب سارہ کی شادی اتنی اچھی جگہ ہو گئی۔ ایک تو شوہر کے بھائی کے خاندان سے ٹوٹے ہوئے رشتے جڑ گئے اور دوسرے ایک کھاتے پیتے گھرانے میں بیٹی کی شادی سے یہ امید پیدا ہو گئی کہ دوسری بیٹی کے لیے بھی اچھا بر ملنے میں سہولت ہو گی۔

مگر اس کے بعد ایسا لگا کہ اس کی خوشیوں کو نظر لگنا شروع ہو گئی۔ اول تو بیٹوں کی ملازمت کا کچھ نہیں ہوا۔ جنید کو ملازمت ملی بھی تو بہت معمولی سی۔ جبکہ بڑا بیٹا سعد کچھ ایسے لوگوں میں اٹھنے بیٹھنے لگا جس سے اس کے مزاج میں شدت آنے لگی۔ وہ گھر سے غائب بھی رہنے لگا۔ ایک آدھ دفعہ اس کے پاس اسلحہ بھی نظر آیا۔ اور اب تو وہ مستقل گھر سے جانے کی باتیں کر رہا تھا۔ پھر سارہ جو شادی کے شروع میں بہت خوش تھی اب گھر آتی تو چہرے پر وہ رونق نہیں نظر آتی تھی۔ اس پر مزید آج سارہ نے جو کہانی سنائی وہ اس کے دل کو ٹکڑے ٹکڑے کر گئی۔

امی آپ نے ایسا کیا جرم کیا تھا جس کی سزا ہمیں مل رہی ہے؟ چچی مجھے جو چاہے کہہ لیتیں۔ بلکہ میں تو ان کی باتیں عرصے سے سن رہی تھی۔مگر کبھی آپ سے کچھ نہیں کہا کہ آپ کو تکلیف نہ ہو۔مگر کل جو کچھ انہوں نے آپ کے بارے میں کہا، ابو کی وفات کے بارے میں کہا وہ مجھ سے برداشت نہیں ہو رہا۔آخر ابو اور آپ کے بیچ کیا بات ہوئی تھی۔آپ نے تو ہمیں یہ بتایا تھا کہ ابو کا ہارٹ اٹیک سے انتقال ہوا ہے۔وہ یہ کہہ رہی تھیں کہ ابو نے خودکشی کی تھی اور اس کی وجہ آپ کے کرتوت......

سارہ نے بات ادھوری چھوڑ دی اور دوبارہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

کیا وجہ بتائی ہے ثمینہ نے تمہیں؟ وہ حمزہ کی ماں ہے۔میری دیورانی ہے۔اسے کچھ تو خدا کا خوف کرنا چاہیے۔

سارہ نے کوئی جواب نہیں دیا۔وہ خاموش رہی۔صبا غصے میں بولی۔

سارہ باجی! چچی بلاوجہ امی پر جھوٹا الزام لگا رہی ہیں۔ہماری امی تو اتنی نیک ہیں۔

سارہ میری بیٹی ثمینہ جو کچھ کہہ رہی ہے وہ اس کے اپنے دل کی خرابی ہے۔اس نے اصل بات کو کچھ سے کچھ کر کے تم کو بتایا ہے۔لیکن اب ضروری ہو گیا ہے کہ میں حقیقت سے تمہیں آگاہ کر دوں۔میں یہ بات تم سب کو بتانا چاہتی تھی، مگر مجھے شرم آتی تھی۔مگر مجھے نہیں خبر تھی کہ تمہاری زندگی میں میری وجہ سے اتنی مشکل آ جائے گی۔میں تو سمجھ رہی تھی کہ شفقت بھائی اور ثمینہ کچھ حیا کا معاملہ کریں گے۔مرحوم بھائی کی عزت کا لحاظ کریں گے۔مگر انہوں نے تو حد کر دی۔

امی چچا نے تو کچھ نہیں کہا۔بس یہ چچی ہی ہیں۔ان کو میرا اس گھر میں جانا پہلے دن ہی سے پسند نہیں آیا۔بات بات پر میرے ساتھ برا سلوک کرتی ہیں۔حمزہ نہ ہوں تو میرا اس گھر میں سانس لینا دشوار ہو جائے۔لیکن آپ مجھے بتایئے کہ آپ کے اور ابو کے بیچ کیا ہوا تھا۔



جمیلہ نے گردن جھکا لی اور گہری سوچ میں ڈوب گئی۔پھر اس نے ایک حتمی فیصلہ کر کے گردن اٹھائی۔جو بوجھ عرصے سے اس کے سینے پر تھا، اس نے اتارنے کا فیصلہ کر لیا۔

-----------------

کانفرنس کا آخری سیشن شروع ہو چکا تھا۔دنیا کے اہم اور نمائندہ مذاہب اسلام، مسیحیت، یہودیت، ہندومت، بدھ مت وغیرہ کی نمائندگی کرنے والے اہل علم اپنی کرسیوں پر موجود تھے۔حاضرین کی ایک بڑی تعداد وسیع آڈیٹوریم میں موجود تھی۔پچھلے دو دنوں میں لوگ ان کی تقریریں سن چکے تھے۔عبداللہ بھی اسلام کے نمائندے کے طور پر اسٹیج پر موجود تھا۔آج شام کانفرنس کا آخری سیشن تھا۔تمام مقررین اپنی تقاریر پہلے ہی کر چکے تھے۔جبکہ عبداللہ کی تقریر صبح کے سیشن میں تھی جس کا موضوع اسلام اور عالمی امن تھا۔

سوالات کا سیشن شروع ہوا تو میزبان نے کہا۔

دہشت گردی اس وقت مغربی دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔مسلمانوں کا ایک نمائندہ ہونے کے ناطے میں عبداللہ صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس بارے میں ان کی کیا رائے ہے۔

عبداللہ نے مائک ہاتھ میں لے کر بولنا شروع کیا۔

میرے خیال میں یہ مسئلہ اس وقت تک ختم نہیں ہوگا جب تک مسلمانوں کو ان کی اصل حیثیت یاد نہ دلائی جائے۔مسلمانوں کو یہ بات یاد دلانے کی ضرورت ہے کہ ختم نبوت کے بعد وہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیا کے قائم مقام ہیں۔نبی اللہ تعالیٰ کا کام کرتے ہیں۔یعنی ان کی ہدایت بندوں تک پہنچاتے ہیں۔دنیا میں ان کی ساری فضیلت اسی بنا پر ہے۔لیکن یہ ایک فضیلت ہی نہیں ایک بہت بڑی ذمہ داری بھی ہے۔وہ اس معاملے میں کوئی اجتہادی معاملہ بھی ایسا

کر جائیں جو اللہ کی منشا کے خلاف ہو تو اللہ تعالیٰ ناراض ہو کر حضرت یونس علیہ السلام کی طرح ان کو مچھلی کے پیٹ میں بند کر دیتے ہیں۔ مسلمانوں نے اس وقت دعوت کا وہ کام چھوڑ رکھا ہے جو دنیا میں ان کے سوا کوئی نہیں کر سکتا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ناراض ہو کر ان کو مسائل اور مغلوبیت کے پیٹ میں بند کر رکھا ہے۔ مسلمانوں کی لیڈر شپ اگر ان کو صحیح بات بتا دے اور مسلمان توبہ کر کے دنیا کو دین کا پیغام پہنچانا شروع کر دیں تو مسلمانوں کا بھی بھلا ہو گا اور دنیا کا بھی۔

عبداللہ کے جواب کے بعد میزبان نے حاضرین کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ کیا کسی کو کوئی سوال کرنا ہے؟ ایک پروفیسر کھڑے ہوئے اور عبداللہ سے سوال کرنے لگے۔

Bernard Lewis کے مطابق جو مغرب میں اسلامی تاریخ پر سب سے بڑی اتھارٹی ہیں، ابتدائی ہزار برس میں اسلام کی بیشتر فتوحات مسیحی ممالک پر مشتمل تھی جن پر مسلمانوں نے قبضہ کیا۔ عراق، شام، فلسطین، مصر، شمالی افریقہ، اسپین، ترکی اور مشرقی یورپ کے ممالک دراصل مسیحی ممالک تھے۔ مسلمانوں نے نہ صرف ان پر قبضہ کیا بلکہ ان کی مسیحی آبادی کو مسلمان کر لیا۔ مسلمانوں نے یہی کچھ دوسرے مذاہب کے ماننے والوں اور ان کے علاقوں کے ساتھ کیا۔ کیا اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اسلام تلوار اور طاقت کے زور پر پھیلا ہے؟

سوال ختم ہوا اور پورا ہال تالیوں سے گونج اٹھا۔ تالیوں کی گونج ختم ہوئی تو عبداللہ بولنا شروع ہوا:

اسلام تلوار کے زور پر پھیلا، یہ جملہ ایک مسیحی ذہن سے اسلام کو دیکھنے کا نتیجہ ہے۔ تاریخ میں مسیحی مذہب زیادہ تر مسیحی مبلغین کی کوششوں سے مختلف علاقوں کے عوام الناس میں پھیلا اور ان علاقوں میں مسیحی مذہب کا سیاسی اقتدار بہت بعد میں قائم ہوا، اس لیے لوگ جب اسلام کی



تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں اور یہ دیکھتے ہیں کہ مسلمانوں کی فتوحات اور وہاں کے لوگوں کے قبول اسلام کے واقعات ایک ساتھ پیش آئے تو ان کو غلط فہمی ہو جاتی ہے کہ مسلمانوں نے تلوار کے زور پر لوگوں کو اسلام میں داخل کیا۔

تاریخ کو ویسے ہی دیکھیے جیسی وہ ہے۔ جن زیادہ تر علاقوں کا آپ نے ذکر کیا ہے، وہ اس زمانے کی دو سپر پاورز یعنی رومی اور ایرانی سلطنت کے حصے تھے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی دیگر ریاستوں کے ساتھ ان دونوں کے حکمرانوں کو بھی اسلام کی دعوت کے خطوط بھیجے تھے۔ میں اپنی بات پھر دہرا رہا ہوں۔ آپ نے دعوتی خطوط لکھے تھے۔ فوجی لشکر نہیں بھیجے تھے۔ مگر ایرانی سلطنت کے حکمران کسریٰ نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے خط کو چاک کر کے یمن میں موجود اپنے گورنر کو آپ کو گرفتار کرنے کا حکم دے دیا۔ جبکہ رومی حکومت کے گورنر شرجیل نے آپ کے سفیر کو قتل کر دیا۔ یہ گویا دونوں سپر پاورز کی طرف سے اعلان جنگ تھا۔

اس اعلان جنگ کے جواب میں مسلمانوں نے بھی جنگی اقدامات کیے۔ یوں جنگوں کا سلسلہ شروع ہوا اور چند برسوں میں ایرانی سلطنت مکمل طور پر ختم ہو گئی اور رومی سلطنت کو ان تمام علاقوں سے نکلنا پڑا جن کا آپ نے ذکر کیا۔ لیکن آپ دیکھیے کہ اس کے برعکس مسلمانوں نے حبشہ کے خلاف کوئی فوجی کاروائی نہیں کی۔ کیونکہ ان کی طرف سے مسلمانوں کے خلاف کسی دشمنی کا مظاہرہ نہیں کیا گیا۔ اور آج کے دن تک حبشہ کی آبادی مسیحی ہے۔

جبکہ دوسری طرف قیصر نے شام سے ہاتھ دھونے کے بعد مسلمانوں سے صلح کر لی تو مسلمانوں نے بھی روم پر مزید حملے نہیں کیے اور رومی سلطنت کئی صدیوں تک باقی رہی۔ ہاں ایرانی مسلسل لڑتے رہے۔ جواب میں مسلمانوں کو مقابلہ کرنا پڑا اور آخر کار ان کی پوری سلطنت کا خاتمہ کر دیا گیا۔ یہ تو تھا جنگوں کا پس منظر۔ اب آیئے ان علاقوں کے باشندوں کے قبول

اسلام کی طرف۔سوال یہ ہے کہ مسلمانوں نے کیا ان علاقوں کے لوگوں کی گردن پر تلوار رکھ کر ان سے اسلام لانے کا مطالبہ کیا؟ تاریخ اس کی مکمل تردید کرتی ہے۔لوگوں کو اپنے مذہب پر قائم رہنے کی مکمل آزادی تھی۔مگر لوگ ایرانیوں اور رومیوں کے ظلم سے اتنے تنگ تھے کہ نئے حکمران یعنی مسلمان ان کو اپنے نجات دہندہ لگے۔اس پر مسلمانوں کا وہ حسن سلوک اور رعایا کے ساتھ وہ عدل وانصاف جس کی مثال نہیں مل سکتی، ان کو متاثر کر گیا۔انہوں نے مسلمانوں کے مذہب کا ہمدردی سے مطالعہ کیا۔خاص کر مسیحیوں کا معاملہ یہ تھا کہ ان کی کتاب آنے والے نبی کی پیش گوئیوں سے بھری ہوئی تھی، اس لیے وہ بلاتردد آخری پیغمبر پر ایمان لے آئے۔

اس ضمن کی آخری بات یہ ہے کہ اسلام میں لوگوں پر زبردستی نہیں کی جاتی۔قرآن کا فیصلہ ہے کہ لا اکراہ فی الدین۔یعنی دین کے معاملے میں کوئی زبردستی نہیں۔ایسے مذہب کے پیروکار کیسے لوگوں کو زبردستی اپنے دین میں داخل کر سکتے ہیں۔اس لیے اطمینان رکھیے کہ تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ مسلمانوں نے زبردستی دوسروں کو مسلمان بنایا ہو۔مسلمان کچھ بھی کر سکتے ہیں۔یہ کام کبھی نہیں کر سکتے۔اور کبھی کریں گے تو یہ اسلام کے خلاف ہوگا۔

عبداللہ خاموش ہوا تو ہال میں تالیوں کی زوردار آواز ایک دفعہ پھر بلند ہوئی۔

----------------

جمیلہ نے اپنی دونوں بیٹیوں کو سر اٹھا کر دیکھا اور بولنا شروع کیا۔

یہ اس وقت کا ذکر ہے جب صبا پیدا ہوئی تھی۔اس کی پیدائش کے کچھ عرصے بعد ہی تمہارے ابا کی ملازمت ختم ہوگئی۔انہوں نے بہت کوشش کی مگر کوئی دوسری ملازمت نہیں ملی۔آخر ہمارے چار چھوٹے چھوٹے بچے تھے۔جمع پونجی کب تک چلتی۔کچھ عرصہ میں گھر میں کھانے کے لالے پڑ گئے۔کچھ عرصے تک رشتہ داروں نے مدد کی۔مگر تمہارے والد کو کسی سے کچھ لینا پسند نہ تھا۔وہ



بہت غیرت والے تھے۔پھر میں نے گھر میں سلائی شروع کر دی۔

وقت گزرتا گیا، مگر ان کو ملازمت نہ مل کر دی۔ان کے مزاج میں پہلے ہی بہت غصہ تھا۔اب بے روزگاری نے اس کو چڑچڑے پن میں بدل دیا تھا۔ہر وقت گھر میں کسی نہ کسی بات پر لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا تھا۔بات بات پر ان کا پارہ چڑھ جاتا تھا۔کبھی غصہ بچوں پر اترتا اور کبھی مجھ پر۔

تو کیا چچا نے بھی کچھ مدد نہ کی؟

سارہ نے دریافت کیا۔

شفقت بھائی ابتدا ہی سے بہت اچھی حیثیت میں تھے۔چاہتے تو بھائی کے لیے بہت کچھ کر سکتے تھے۔مگر وہ صرف اپنے بیوی بچوں میں مگن رہے۔مگر پھر بھی بھائی ہونے کے ناطے انہوں نے شروع میں کچھ تھوڑی بہت مدد کی تھی۔مگر جب ان کی بیوی یعنی تمہاری ساس ثمینہ کو معلوم ہوا تو انہوں نے شوہر کو سختی سے ہماری مدد سے روک دیا۔وہ بھی ان کی باتوں میں آ گئے اور ہمیں ہمارے حال پر چھوڑ دیا۔

اچھا۔سارہ افسردگی کے ساتھ اتنا ہی بول سکی۔

پھر ایک روز کسی بات پر تمہارے ابو نے بلاوجہ لڑکوں کو مارا۔مجھے بھی سخت غصہ آ گیا۔میں نے ان سے جھگڑا کیا۔غصے میں آ کر یہ طعنہ دیا کہ جو کچھ کماتی ہوں اب میں کماتی ہوں وہ بے روزگار ہیں۔ان کو شدید غصہ آ گیا۔آپے سے باہر ہو کر انہوں نے مجھے تین دفعہ طلاق دے دی۔

جمیلہ یہ کہہ کر ٹھہر گئی۔جن زخموں کو وقت عرصہ ہوا سی چکا تھا وہ آج پھر انہیں کھولنے پڑ رہے تھے۔یہ بڑا تکلیف دہ کام تھا۔دونوں لڑکیاں دم سادھے ان کی بات سن رہی تھیں۔

پہلے ہی کوئی کم مصیبتیں تھیں کہ ایک نئی مصیبت آ گئی۔چار چھوٹے چھوٹے بچے لے کر میں کہاں جاتی۔کون مجھے رکھتا۔پھر باپ کے بغیر بچے کیسے پلتے۔پل بھی جاتے تو طلاق یافتہ عورت

کی بیٹیوں کا مستقبل کیا ہوتا۔ پچیس برس کی میری عمر تھی۔ مجھے دنیا کی کچھ خبر نہ تھی۔ یہ سارے سوالات مجھے ہولا رہے تھے۔ دوسری طرف تمہارے ابا بری طرح پچھتا رہے تھے کہ غصے میں یہ کیا ہوگیا۔ وہ کسی صورت یہ رشتہ ختم نہیں کرنا چاہتے تھے۔ ان کی ایسی کوئی نیت اور ارادہ نہ تھا۔ وہ مجھ سے بہت محبت کرتے تھے اور تم سب سے بھی۔ بس بے روزگاری اور پریشانی کی وجہ سے بات کا بتنگڑ بن گیا۔

وہ کوئی راستہ تلاش کرنے کے لیے ہر جگہ گئے۔ مگر وہ جس مولوی کے پاس جاتے وہ تین طلاق کی بات سن کر فوراً کہتا کہ یہ رشتہ ختم ہوگیا ہے۔ ساتھ رہنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ جو حل بتایا جاتا وہ ان کے لیے ناقابل تصور تھا۔ پھر میں نے اپنے طور پر معلومات حاصل کرنا شروع کیں تو مجھے مسجد کے مولوی صاحب نے بتایا کہ دوبارہ یہ رشتہ قائم کرنے کا بس ایک ہی راستہ ہے کہ حلالہ کرلیا جائے۔

امی حلالہ کیا ہوتا ہے؟

صبا نے ناسمجھی کے ساتھ سوال کیا تو شادی شدہ سارہ کا سر شرم سے جھک گیا۔ اس نے بہن کو ڈانٹ کر کہا۔

تم خاموش رہو۔

نہیں بیٹا اسے پوچھنے دو۔ میں اسے بتاتی ہوں۔ صبا! یہ عورت کے ناکردہ گناہوں کی سزا کا نام ہے۔ یہ مذہب کا قانون ہے کہ جب کسی عورت کو تین بار اس کا شوہر طلاق دے دے تو اسے دوبارہ پہلے شوہر کے ساتھ رہنے کے لیے کسی اور مرد کے نکاح میں جا کر اس سے میاں بیوی کا تعلق قائم کرنا پڑتا ہے۔ پھر اس سے طلاق لے کر وہ پہلے شوہر کے لیے حلال ہوتی ہے۔ اس کو حلالہ کہتے ہیں۔



جمیلہ افسردگی کے عالم میں بولتی رہی۔

یہ میرے لیے ناقابل تصور تھا۔ مگر تم سب کو برباد ہونے سے بچانے کے لیے میں تیار ہوگئی۔ پھر میں نے تمہارے ابا کے سامنے یہ راستہ رکھا تو وہ آگ بگولہ ہوگئے۔ مگر کوئی دوسرا راستہ بھی نظر نہیں آتا تھا۔ آخر کار انہیں بھی حالات کے جبر کے سامنے سر جھکانا پڑا۔ نہ پوچھو کس طرح حلالہ کا بندوبست ہوا۔

پھر میں گھر واپس آگئی۔ تمہارے ابا سے دوبارہ نکاح ہوا۔ مگر ہم دونوں دوبارہ میاں بیوی نہیں بن سکے۔ خاندان جڑ گیا۔ مگر تمہارے ابا ٹوٹ چکے تھے۔ ان کو خاموشی لگ گئی۔ زندگی کی امنگ ختم ہوگئی۔ وہ اپنے آپ کو مجرم اور قصوروار سمجھنے لگے۔ پھر ایک روز انہوں نے اپنی زندگی ختم کرلی۔ ہم سب برباد ہوگئے۔ میں بھی مرنا چاہتی تھی۔ مگر تم لوگوں کے لیے زندہ رہی۔ میں نے وہ محلّہ چھوڑ دیا۔ نئے سرے سے نئی زندگی شروع کی۔ کبھی تم لوگوں کو اس تکلیف دہ ماضی سے آگاہ نہ کیا۔ اپنے سارے غم اپنے اندر تن تنہا برداشت کرتی رہی۔ اذیت اٹھاتی رہی۔ پھر سلائی کڑھائی کر کے تم لوگوں کو بڑا کیا۔ میرا خیال تھا کہ زندگی شاید مجھ پر پھر مہربان ہوگی مگر آج ثمینہ نے میرے سارے زخموں کو پھر سے کھرچ ڈالا ہے۔

جمیلہ یہ کہہ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ سارہ کی آنکھوں سے بھی آنسو بہہ رہے تھے۔ البتہ صبا خاموش بیٹھی رہی۔ اس کو اب سمجھ میں آگیا تھا کہ اس کی ماں کے ساتھ کیا ہوا تھا۔ اس کا باپ کیوں اور کیسے مرا تھا۔ پھر ایک دم سے وہ کھڑی ہوئی اور چیخ کر بولی۔

میں لعنت بھیجتی ہوں ایسے ظلم پر۔ خبردار جو آج کے بعد مجھ سے کسی نے نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے کے لیے کہا۔ میں نہیں مانتی ایسے مذہب کو۔ میں نہیں مانتی ایسے خدا کو۔ میں کافر ہوں۔ میں کافر ہوں۔

یہ کہتے ہوئے وہ کمرے سے باہر نکل گئی۔ سارہ اور جمیلہ اپنا رونا بھول کر ہکا بکا اسے کمرے سے باہر جاتا ہوا دیکھتی رہیں۔

----------------

سوالات کا سلسلہ جاری تھا۔ میزبان نے دوسرے سوال کی دعوت دی تو ایک دفعہ پھر عبداللہ ہی سے سوال ہوا۔ سوال کرنے والی یونیورسٹی کی ایک طالبہ تھی۔ اس نے تند و تیز لہجے میں کہا۔

آپ کہتے ہیں کہ اسلام زبردستی نہیں کرتا۔ آپ کی کتاب قرآن میں آج تک یہ لکھا ہے کہ غیر مسلموں سے لڑو۔ ان کو جہاں پاؤ ان کو قتل کر دو۔ اسلام غیر مسلموں کے خلاف مقدس جنگ جہاد کی بات کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ جب یہ اسلام قبول کریں تب ہی ان کو چھوڑو ورنہ ان کو قتل کر دو۔ یہی باتیں آج بھی بہت سے مسلمانوں کی طرف سے کی جاتی ہیں۔ ایسے میں آپ کا یہ کہنا اسلام میں زبردستی نہیں ایک جھوٹ ہے۔ بلکہ آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کی کتاب میں تضاد ہے۔ وہ ایک طرف جبر نہ ہونے کی بات کرتا ہے اور دوسری طرف لوگوں کو اسلام نہ لانے کی بنیاد پر قتل کرنے کی بات کرتا ہے۔

لڑکی کا انتہائی جارحانہ سوال ختم ہوا تو عبداللہ نے اطمینان سے بولنا شروع کیا۔

پہلی بات یہ ہے کہ مذہب اور اس کے پیروکار دو الگ الگ باتیں ہیں۔ اسی اسپین میں مسیحی حکمرانوں نے مسلمانوں کی سیاسی شکست کے بعد ان کے ساتھ جو کیا یا جو صلیبی حملہ آوروں نے مسلمانوں کے ساتھ بیت المقدس کو فتح کرنے کے بعد کیا تھا، کیا وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات تھیں؟ اس لیے مذہب اور اہل مذہب کو ایک ساتھ نہ ملائیں۔ مسلمان جو کہتے یا کرتے ہیں اس کے بجائے وہ دیکھیں جو مسلمانوں کی کتاب میں لکھا ہے۔

دوسری بات اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن مجید جہاد کی بات کرتا ہے۔ مگر جس طرح تاریخ



کے پہلو سے بھی میں نے نتیجہ نکالنے سے پہلے پورا پس منظر بیان کیا تھا قرآن کے احکام کا بھی پس منظر سمجھیں۔ قرآن مجید سو پچاس احکام کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک پیغمبر اور اس کے مخاطبین کے درمیان پیش آنے والے واقعات کی داستان ہے جو اللہ تعالیٰ کی رہنمائی اور تبصروں پر مشتمل ہے۔ اس کے احکام اس داستان کے بیچ بیچ میں آتے ہیں۔ اس لیے پہلے اس داستان کو سمجھیے۔

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں اپنی دعوت دی اور تیرہ برس تک اسلام کی دعوت دیتے رہے۔ مگر جواب میں عرب کے سرداروں نے نہ صرف آپ کا انکار کیا بلکہ آپ کے ماننے والوں پر ہر طرح کے ظلم و ستم کیے۔ ان کو مکہ سے نکلنے پر مجبور کر دیا اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کی کوشش بھی کی۔

اس عرصہ میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں مکہ کے سرداروں کو بہت سمجھایا اور جب وہ نہ مانے تو ان کو بتا دیا کہ اگر انہوں نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کیا تو ان کو اسی طرح ختم کر دیا جائے گا جس طرح ان سے پہلے پچھلے پیغمبروں کا انکار کرنے والوں کو ختم کیا گیا تھا۔ یہ بھی بتا دیا گیا کہ اگر انہوں نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ سے نکالنے کی کوشش کی یا ان کے خلاف کوئی بھی قدم اٹھایا تو ان کو اس سرزمین سے ختم کر دیا جائے گا۔

اسی دوران میں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر یثرب کے لوگ ایمان لے آئے اور انہوں نے آپ کو اپنے حکمران کے طور پر مدینہ آنے کی دعوت دی۔ چنانچہ جب مدینہ میں آپ کی ریاست قائم ہوئی تو اللہ کا فیصلہ آ گیا۔ پہلے جنگ بدر میں وعدے کے مطابق مکہ کے سرداروں کو بطور سزا ہلاک کر دیا گیا۔ آخری زمانے میں باقی عرب کے مشرکین کو بتا دیا گیا کہ اب انہوں نے انکار کیا تو وہ بھی اسی طرح ہلاک کیے جائیں گے۔ مگر وہ سب ایمان لے آئے۔ تاہم اس ہلاکت کی اس وعید کا کوئی تعلق بعد کے غیر مسلموں سے نہیں جیسا کہ آپ نے فرمایا۔

یہ جملہ کہتے ہوئے عبداللہ نے لڑکی کو مخاطب کر کے کہا۔

بلکہ اس کا تعلق خاص پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کرنے والوں سے تھا۔ یہ عرب کے مشرکین تھے جن کے بارے میں یہ حکم دیا گیا۔ بعد کے مسلمان اس بارے میں اس قدر واضح تھے کہ پہلی صدی ہی میں شرک کے سب سے بڑے عالمی مرکز یعنی ہندوستان پر مسلمانوں کا قبضہ ہوگیا، مگر کسی ہندو کو قتل کیا گیا، نہ ان کے مندر تباہ کیے گئے، نہ ان کے بت گرائے گئے۔ بلکہ یہ بھی دلچسپ بات ہے کہ ہندوستان میں ہزار برس تک حکومت کرنے کے بعد بھی مسلمان ایک اقلیت ہی رہے۔ جو کچھ آپ فرماتی ہیں اگر اس کا مطلب وہی ہے تو پھر ایسا کبھی نہیں ہوتا۔ مسلمان تلوار کے زور پر سارے ہندوؤں کو مسلمان کر لیتے۔

یہیں سے یہ بھی واضح ہوجاتا ہے کہ قرآن میں کوئی تضاد نہیں۔ دین میں جبر نہیں یہ ایک عمومی قاعدہ ہے۔ جبکہ مشرکین عرب کے بارے میں جو حکم دیا گیا وہ انہی تک خاص تھا۔ یہ کوئی انسانی فیصلہ نہیں تھا بلکہ حق کو واضح کرنے کے بعد اسے نہ ماننے کی سزا تھی جو اللہ تعالیٰ نے براہ راست ان کو دی۔ اس کا عام غیر مسلموں سے کوئی تعلق نہیں۔ عام انسانیت کا فیصلہ اور ان کی سزا و جزا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ خود دیں گے۔

عبداللہ ایک لمحے کے لیے رکا اور مسکراتے ہوئے بولا:

اللہ کا یہ حق تو بہرحال ماننا چاہیے کہ وہ اپنے وفاداروں کو بہترین اجر دے اور اپنے مجرموں کو سزا دے۔ باقی یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اسلام میں جہاد اور قتال کا حکم ہے اور قیامت تک رہے گا، مگر یہ جہاد ظلم کے خلاف ہے جو صرف اور صرف ایک منظّم ریاست کے تحت ہی کیا جاسکتا ہے۔ ظلم کے خلاف اس جہاد پر آپ کو کوئی اعتراض ہے تو ضرور فرمائیے۔

اپنی بات مکمل کر کے عبداللہ خاموش ہوگیا اور ہال ایک دفعہ پھر تالیوں سے گونج اٹھا۔ اس



سے پہلے کہ مزید کوئی سوال عبداللہ سے کیا جاتا، اس نے میزبان کی طرف دیکھ کر کہا:

اگر آپ کی اجازت ہو تو ایک دو منٹ اور لے سکتا ہوں؟

میزبان نے اثبات میں سر ہلایا تو عبداللہ دوبارہ گویا ہوا:

دیکھیے میں نے اپنی تقریر میں بھی یہ عرض کیا تھا اور پھر دہرا رہا ہوں۔ اسلام میرا نہیں آپ کا مذہب ہے۔ یہ میرے پاس آپ کی امانت ہے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جتنے میرے رسول ہیں اتنے ہی آپ کے رسول ہیں۔ وہ اللہ کے سچے رسول ہیں۔

ان کی سچائی کا کوئی ایک ناقابل تردید ثبوت دے دیں میں ابھی اسلام قبول کرلوں گی۔

وہ لڑکی جس نے جارحانہ سوال کیا تھا اپنی نشست پر بیٹھے بیٹھے بلند آواز سے چلائی۔ میزبان نے فوراً مداخلت کرتے ہوئے کہا۔

مقرر کی گفتگو کے دوران میں مداخلت کی اجازت نہیں ہے۔

اس پر عبداللہ نے کہا۔

میری بہن نے جو سوال کیا ہے مجھے اس کا جواب دینے دیجیے۔ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی کا ناقابل تردید ثبوت مانگا ہے۔ میں ابھی دے دیتا ہوں۔

جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعوت دی آپ نے اپنے ماننے والوں کو بتا دیا تھا کہ اگر مجھ پر ایمان لاؤ گے اور اچھے کام کرو گے تو تم دنیا کے حکمران بنا دیے جاؤ گے۔ عین اس وقت جب پورے عرب کے لوگوں نے مدینہ پر چڑھائی کر رکھی تھی قرآن میں اللہ کا یہ وعدہ نازل ہوا جو آج تک سورہ نور جس کا نمبر 24 ہے اس کی آیت 55 میں لکھا ہے۔ وہ یہ کہ جو لوگ ایمان لائیں گے اور عمل صالح کریں گے اللہ ان کو زمین کا حکمران بنادے گا جس طرح پچھلے لوگوں کو بنایا ہے۔

چنانچہ یہی وہ وعدہ ہے جس کے تحت پہلے پورے عرب میں اور پھر پوری دنیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کو اقتدار دے دیا گیا۔ہم سب جانتے ہیں اورتھوڑی دیر قبل اس پر بات بھی ہوئی ہے کہ کس طرح عرب کے شہسواروں نے بیک وقت دنیا کی دو سپر پاورز کو باآسانی شکست دے دی۔ دنیا بھر میں قوموں کو فتح وشکست ہوتی ہے۔مگر اس طرح کسی گروہ سے عین حالت مغلوبیت میں یہ وعدہ کیا جائے اور پھر چند ہی برسوں میں پورا کر دیا جائے، یہ سوائے ایک سچے رسول کے جسے خدا نے بھیجا ہو اور کون کرسکتا ہے۔ یہ کوئی قصہ کہانی نہیں۔ یہ زمانہ قبل از تاریخ کا کوئی واقعہ بھی نہیں۔ یہ انسانی تاریخ کے سب سے زیادہ مسلمہ واقعات میں سے ایک ہے۔اس کے بعد میں آپ کے رسول کی صداقت کا اور کیا ثبوت پیش کروں جس پر آپ ایمان لائیں گی؟

عبداللہ نے جان بوجھ کر ''آپ کے رسول'' کے الفاظ کہے تھے۔لوگوں کو ان کے رسول کی سچائی کا ثبوت دے کر وہ خاموش ہوگیا۔ ہال میں سناٹا طاری ہوگیا۔لڑکی کی زبان بھی گنگ ہوگئی۔ چند لمحوں بعد میزبان نے حاضرین سے مخاطب ہوکر کہا۔ ہمارے دیگر معزز مہمان بھی موجود ہیں۔ہم چاہیں گے کہ کچھ سوالات ان سے بھی ہوں۔

اس کے بعد سوالات کا رخ دوسرے مندوبین کی طرف ہوگیا۔نشست کے آخر تک مزید کوئی سوال عبداللہ سے نہیں کیا گیا۔عبداللہ کی باتوں کے بعد کسی کے پاس کہنے کے لیے کچھ نہیں بچا تھا۔

---------------

سردار خاموشی سے بیٹھا تھا۔اس کے سامنے زاریوس، منایوس اور سوگویال سر جھکائے بیٹھے ہوئے تھے۔مجلس سے باقی تمام حاضرین رخصت ہو چکے تھے۔ آسمان کی تاریک شب کچھ



اور گہری ہو چکی تھی۔صحرا میں جو سناٹا طاری تھا وہ تیز ہوتی ہوا میں بکھر چکا تھا۔ایک موج کی طرح بڑھتی گھٹتی صحرائی ہوا کی آواز کا رقص جاری تھا۔کچھ دیر بعد ہوا کی جولانی میں سردار کی مرتعش آواز بلند ہوئی۔

معاملہ اس سے کہیں زیادہ خطرناک ہے جتنا میں نے باقی لوگوں کے سامنے بیان کیا ہے۔ میں ان میں سے کسی کا حوصلہ پست نہیں کرنا چاہتا تھا۔اسی لیے میں نے انسانیت پر اپنی فتح کی پوری تاریخ بیان کی تھی۔مگر اب جو معاملہ درپیش ہے وہ بہت خطرناک ہے۔

ایسا کیا ہوا ہے۔کیا انسان اب بہت طاقتور ہو رہے ہیں۔کیا وہ ہماری غلامی سے نکل جائیں گے؟

منایوس نے طنزیہ انداز میں پوچھا۔

ان کیڑے مکوڑوں کی کیا حیثیت کہ ہماری غلامی سے نکلیں۔انہیں تو پیغمبر بھی ہماری غلامی سے مکمل طور پر نہ نکال سکے۔

سردار کے لہجے میں موجود تکبر آخری حد کو چھو رہا تھا۔

تو کیا یہ نیا فتنہ عبداللہ پیغمبروں سے بھی زیادہ موثر ہوسکتا ہے؟

اس دفعہ سوال کرنے والا سوگویال تھا۔

نہیں نہیں۔اس معمولی انسان کی کیا حیثیت کہ جو کام پیغمبر نہ کرسکے وہ یہ کرلے۔

تو پھر پریشانی کس بات کی ہے۔کچھ ارشاد تو فرمائیں؟

آخرکار زاریوس نے متعین طور پر سردار سے سوال کرلیا۔

میں نے آپ لوگوں کو یہ بتایا تھا کہ ہمارے کچھ سرفروش کس طرح اپنی جان خطرے میں ڈال کر فرشتوں کی پیغام رسانی کے نظام سے کچھ سن گن لینے کی کوشش کرتے ہیں۔پچھلے کچھ

عرصے سے ٹکڑوں کی شکل میں جو معلومات سامنے آرہی تھیں، وہ بہت اہم تھیں۔ میں نے ان معلومات کو خدا کے پیغمبروں کے صحیفوں اور ان کے اقوال میں سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ پچھلے کچھ عرصے سے دنیا میں جو کچھ ہوتا رہا ہے اسے سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ ان سب کو ملانے کے بعد اب میں ایک نتیجے پر پہنچ چکا ہوں۔

سردار ایک لمحے کو رکا اور دوبارہ گویا ہوا۔

میرا اندازہ ہے کہ خدا آخری معاملہ شروع کر رہا ہے۔ اختتام کا آغاز کیا جا چکا ہے۔

یہ کہتے ہوئے سردار کی آواز میں ارتعاش تھا۔

یعنی؟، منایوس نے کہا۔ اسے الجھن ہو رہی تھی کہ سردار پہیلیاں کیوں بجھوا رہا ہے۔

یعنی اس دنیا کا خاتمہ۔ سردار نے پہلی دفعہ اپنا مدعا بالکل صاف انداز میں واضح کر دیا۔

پھر تو سارے انسان ہلاک ہو جائیں گے؟ منایوس نے ایسے کہا جیسے دنیا سے لال بیگوں اور مچھروں کے خاتمے کا ذکر کر رہا ہو۔

انسان ہی نہیں ہم سب بھی مارے جائیں گے۔ ہمیں انسانوں کی نہیں اپنی فکر ہے۔ جو مہلت ہم کو دی گئی تھی اس کے خاتمے کا آغاز ہو چکا ہے۔ لگتا ہے کہ خدا نے ہماری موت کے پروانے پر دستخط کر کے اسے اپنے فرشتوں کے حوالے کر دیا ہے۔

سردار کے الفاظ نے ان تینوں کے وجود کی گہرائیوں میں خوف اور دہشت کی لہر دوڑا دی تھی۔

تو پھر کیا کیا جائے۔ ہم خدا سے تو نہیں لڑ سکتے۔ اس کے مقابلے میں ہم کیا کر سکتے ہیں؟

زاریوس جو تجربے میں سب سے زیادہ تھا بے بسی کے عالم میں بڑبڑایا۔

دیکھو! ہم ابلیس کے فرزند ہیں۔ اور ابلیس خدا کا سب سے بڑا عارف تھا۔ وہ جانتا تھا اور ہم



بھی جانتے ہیں کہ کائنات کا بادشاہ ایک انتہائی بااصول اور عدل پسند ہستی ہے۔ وہ دنیا کا خاتمہ ایسے بلاوجہ کبھی نہیں کرے گا۔ یہ واقعہ ایک اصول اور ضابطے کے تحت پیش آئے گا۔

سردار نے ان کا حوصلہ بلند کرتے ہوئے امید کی ایک کرن دکھائی۔

وہ کیا اصول ہے؟ منایوس نے فوراً سوال کیا۔ اس کے لیے سردار کی باتیں ایک ڈراؤنا خواب ثابت ہو رہی تھیں۔

سردار نے اس کی طرف دیکھا اور اسے راستہ بتانا شروع کیا۔

دیکھو خدا نے قرآن میں بتا رکھا ہے کہ قیامت کا واقعہ ایک عذاب ہوگا۔ اس نے اپنی کتاب میں یہ قاعدہ بھی بتا رکھا ہے کہ عذاب ہدایت کو پوری طرح پہنچائے بغیر نہیں آتا۔ چنانچہ ان دو باتوں کا نتیجہ یہ صاف نکلتا ہے کہ قیامت آنے کے لیے شرط ہے کہ خدا کی وہ ہدایت جو عرب کے پیغمبر نے اپنی قوم تک پہنچائی تھی، اب اس دنیا کے ہر گوشے میں پہنچ جائے۔ عرب کے پیغمبر نے جو کچھ اپنی قوم کے معاملے میں کیا تھا، اس کی روداد کو پس منظر سمیت پوری دنیا تک پہنچا دیا جائے۔ یہ چیز دنیا پر حجت قائم کر دے گی۔ اس کے بعد یا تو ساری انسانیت خدا کے سامنے ایسے ہی سر تسلیم خم کرے گی جیسے عرب کے لوگوں نے کیا تھا۔ یا پھر دوسری صورت میں خدا کی مرضی اور منشا پوری طرح سامنے آنے کے بعد سرکشی اور غفلت کے جرم میں ساری دنیا کو اسی طرح ہلاک کر دیا جائے گا جیسے قوم نوح، عاد، ثمود وغیرہ کو ہلاک کیا گیا تھا۔

تو اب ہم کیا کر سکتے ہیں۔ خدا کے سامنے تو ہم بالکل بے بس ہیں۔

زاریوس نے مایوس لہجے میں کہا۔ وہ اپنے باقی دونوں ساتھیوں سے بڑھ کر خدا کو جانتا تھا۔ خدا کی مداخلت کے ذکر سے اس کی کپکپی چھوٹ چکی تھی۔

ہاں خدا کے سامنے ہم بے بس ہیں۔ مگر انسانوں کے سامنے نہیں۔ ہم یہ کر سکتے ہیں اور یہ

کرتے رہے ہیں کہ عرب کے پیغمبر کی بات دنیا تک نہ پہنچے۔ان کے بعدان کے ساتھیوں نے اس کی کوشش کی تو ہم نے ان میں باہمی جنگ شروع کرادی۔جس کی بناپران کا یہ کام رک گیا۔ پھرہم نے آہستہ آہستہ مسلمانوں کواس طرح غافل کیا کہ وہ اپنے اورغیر مسلموں کے حقیقی تعلق سے بے خبر ہوگئے۔اسی کا نتیجہ ہے کہ پچھلی کئی صدیوں سے کوئی نئ قوم اسلام میں داخل نہیں ہوئی۔یہ ہماری بہت بڑی کامیابی ہے۔یہی نہیں جب ہمیں اندیشہ ہوا کہ اسلام اپنی قوت کے بل بوتے پردوبارہ اسی طرح پھیل جائے گا جیسے کئی صدی قبل اس نے تاتاریوں کوفتح کیا تھا تو ہم نے مسلمانوں اورغیر مسلموں کے درمیان خوف اورنفرت کی دیوار حائل کردی ہے۔ہم نے مسلمانوں میں ایسے افکار پھیلا دیے جن کی بنیاد پر مسلمان غیر مسلموں سے نفرت کرنے لگے۔ جن سے نفرت کی جاتی ہے ان کودعوت دین نہیں دی جاتی۔یوں اس نفرت سے ہم نے اپنا مقصد حاصل کرلیا ہے۔

سوگویال نے سردار کی بات پراس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

ہاں آپ نے سچ فرمایا۔ہم نے یہود کی طرح مسلمانوں کوبھی خزانے کا سانپ بنادیا ہے۔ یہ اس خزانے سے نہ خودفائدہ اٹھاتے ہیں نہ کسی اورکوفائدہ اٹھانے دیتے ہیں۔

منایوس نے بھی سوگویال کی تائید کرتے ہوئے کہا:

ہاں ہم نے مسلمانوں کو یا تو دنیا کی محبت میں لگا رکھا ہے یا مذہب کے نام پر اپنے اور دوسروں سے لڑائی جھگڑوں میں۔یہ لوگ اپنے خواہشات اورتعصّبات کودین سمجھ کر جیتے ہیں۔ ان کودوسرے انسانوں تک اللہ کا دین پہنچانے میں کوئی دلچسپی نہیں۔انہوں نے ہمارا کام آسان بنا رکھا ہے۔

شیاطین کی اس امید افزا گفتگو میں زاریوس ابھی تک خاموش تھا۔اس کے چھکے چھوٹ چکے



تھے۔اسے اچھی طرح اندازہ تھا کہ خدا خدا ہے۔آسمان سے لے کرزمین تک سارے انسان اور شیطان مل جائیں تب بھی خدا کے فیصلے کے راستے کی دیوار نہیں بن سکتے۔سردار نے اس کے دل کے احساسات سمجھ لیے۔وہ اس کی طرف رخ کر کے بولا۔

تم لوگ ٹھیک کہتے ہو۔اس دنیا میں مسلمان خدا کے آلہ کار ہیں اور ہم نے اس آلہ کار کو معطل کردیا تھا۔مگر اب مسئلہ یہ ہورہا ہے کہ خدا اب خود بیچ میں آرہا ہے۔اس نے دیکھ لیا ہے کہ مسلمان ہمارے پھندے سے نہیں نکل سکتے۔پیغمبروں کواب آنا نہیں ہے۔اس لیے اب وہ دنیا کے معاملات میں براہ راست مداخلت کررہا ہے۔اس کے پہلے مرحلے کے طور پر اس نے زمانے کی رفتار کو بدل دیا ہے۔اس نے پوری دنیا کو ایک چھوٹی سی بستی میں بدل دیا ہے۔نئ دنیا میں اپنی بات پوری دنیا تک پہنچانا بہت آسان ہوچکا ہے۔اب کچھ انسان بھی خدا کا پیغام پوری دنیا میں پہنچا سکتے ہیں۔

ہاں سردار آپ نے بالکل درست کہا۔ابھی تک تو اس نئے نظام کو ہم اپنے مقاصد کے لیے استعمال کررہے تھے۔فواحش،منکرات ،برائی اورنفرت کے فروغ کے لیے یہ چیزیں استعمال ہورہی تھیں،مگر یہ چیزیں ہمارے خلاف بھی استعمال ہوسکتی ہیں۔

منایوس جس نے سب سے بڑھ کر اس نظام کو انسانوں کے خلاف استعمال کیا تھا، اپنی تشویش کو بیان کرتے ہوئے بولا تو سردار نے اس کی تائید میں کہا۔

ہو کیا سکتی ہیں ہورہی ہیں۔لیکن استعمال کرنے والوں کے پاس وہ بصیرت اورعلم نہیں جو اس بدبخت عبداللہ کے پاس ہے۔اگر اِس کی بات عام ہوگئی تو مصیبت کھڑی ہوجائے گی۔یہ شخص ایک ایک بات کو بالکل ٹھیک جانتا ہے۔یہ خدا کی مرضی ،اس کے قانون،اس کے احکام، اس کی سنت اور طریقہ کار کو ٹھیک ویسے ہی سمجھتا ہے جیسے بنی اسرائیل کے پیغمبروں کوعلم ہوتا

تھا۔اس نے عرب کے پیغمبر کے پیغام کو بالکل درست طور پر پالیا ہے۔ہمیں اس کو ہر حال میں روکنا ہوگا۔کیونکہ جس روز عرب کے پیغمبر کی بات پوری دنیا تک پہنچ گئی،ہزاروں برس سے بچھائی ہوئی ہماری بساط الٹ جائے گی۔ہمارے محکوم انسان تو مارے جائیں گے،مگر ساتھ میں ہم سب بھی ہلاک ہوں گے۔

تو عبداللہ وہ شخص ہے،جس کے ذریعے سے یہ کام ہونا ہے؟

زاریوس بہت دیر بعد کچھ بولا۔اسے غالبًا اپنا نشانہ مل گیا تھا......عبداللہ...... جسے ٹھکانے لگا کر وہ اپنے اور اپنے جیسے دیگر شیطانوں کے لیے کچھ مزید مہلت حاصل کرسکتا تھا۔

ہاں قرائن یہی بتاتے ہیں کہ عبداللہ کا اس معاملے میں اہم کردار ہے۔اتفاق سے اس کا نام ہم تک پہنچ گیا ہے۔مگر ایسے نجانے کتنے لوگ اور ہوں گے۔ہمیں مزید کوئی حل نکالنا ہوگا۔پھر ایک دوسرا مسئلہ بھی ہے۔

وہ کیا؟،سوگویال نے دریافت کیا۔

وہ یہ کہ عام مسلمان چاہے اپنی دعوتی ذمہ داریوں سے غافل ہوں،مگر جب یہ لوگ اجنبی قوموں میں جاتے ہیں تو ان کی ایک بڑی تعداد دین کی سفیر بن جاتی ہے۔ابھی تک تو یہ معاملہ چل رہا ہے،مگر اب مغربی اقوام میں ہجرت کی وجہ سے ان کی تعداد بڑھتی جارہی ہے۔یہ لوگ اسلام کے پیغام کے فروغ کا بالواسطہ ذریعہ بن رہے ہیں۔ہم کو اس مسئلے کو بھی حل کرنا ہے۔

تو اس مسئلے کا کیا حل ہے؟،منایوس نے پرامید نظروں سے سردار کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔

جلد بازی کی ضرورت نہیں ہے۔تم لوگ اچھی طرح سوچ سمجھ کر کوئی حل نکالو۔میں بھی سوچ رہا ہوں۔کچھ عرصے بعد ہم پھر جمع ہوں گے اور پھر کوئی فیصلہ کن لائحہ عمل طے کریں گے۔ہم سب مل کر سوچیں گے تو کوئی نہ کوئی حل نکل آئے گا۔تم لوگ پریشان نہ ہو۔ابلیس نے چاہا تو ہم



ہی کامیاب رہیں گے۔

سردار نے انہیں امید دلانے کی کوشش کی،مگر اس کا لہجہ چغلی کھا رہا تھا کہ خدا کی مداخلت کا جان کر اس کی حالت بھی وہی ہوچکی تھی جو زاریوس کی تھی۔سردار کے منصب پر وہی شخص فائز ہوتا تھا جو اپنے زمانے میں خدا کا سب سے بڑا عارف ہو۔وہ شیاطین میں خدا کا سب سے بڑا عارف تھا اور اچھی طرح جانتا تھا کہ اللہ ذوالجلال کس ہستی کا نام ہے۔اسے خبر تھی کہ اس کی چال ایسی محکم اور مضبوط ہوتی ہے کہ شیاطین کی ہر چال کو الٹ کر رکھ دیتی ہے۔وہ کچھ بھی سوچ لیں،کوئی بھی چال چل لیں،اگر اس کا اندازہ ٹھیک تھا تو پھر ان کی بربادی یقینی ہے۔

وہ ان تینوں کی طرف دیکھ کر مجلس کے اختتام کا اعلان کرتے ہوئے بولا۔

تم لوگ جاسکتے ہو۔

پھر اس نے نعرہ بلند کیا۔

ابلیس کی جے ہو۔

مگر یہ نعرہ بلند کرتے ہوئے سردار کی آواز بہت بوجھل تھی۔

باقی تینوں نے بھی جواب میں یہی نعرہ لگایا۔مگر ان کی آواز میں پہلے جیسا جوش وخروش باقی نہیں رہا تھا۔خدا کی براہ راست مداخلت کا سن کر ان سب کی ہمت جواب دے چکی تھی۔وہ لوگ کسی بھی دوسرے شخص کے مقابلے میں زیادہ جانتے تھے کہ خدا کس قدر طاقتور اور صاحب جبروت ہستی کا نام ہے۔وہ صاحب جبروت ہستی اب ان کی اور ہر مجرم کی مہلت عمل ختم کرنے پر آمادہ ہوچکی تھی۔

-----------------

عبداللہ ٹیکسی میں ہوٹل سے ائیر پورٹ کے لیے روانہ ہوا۔داؤد بھی ضد کر کے اس کے ساتھ

بیٹھ گیا کہ وہ اسے ائیر پورٹ تک چھوڑنے ضرور جائے گا۔ وہ ایک دن کی ملاقات ہی میں عبداللہ سے بے حد مانوس ہو چکا تھا۔

ٹیکسی روانہ ہوئی تو عبداللہ نے کہا۔

آپ نے بلا وجہ زحمت کی۔

یہ زحمت نہیں ہے۔ میرے لیے اعزاز کی بات ہے کہ کچھ اور وقت آپ کی صحبت میں مل رہا ہے۔ ویسے سیشن میں تو آپ نے میلہ ہی لوٹ لیا۔ بہت عمدہ جوابات دیے آپ نے۔

عبداللہ اس کی بات سن کر خاموش ہی رہا۔

مگر میرا خیال تھا کہ دہشت گردی والے سوال کے جواب میں آپ کچھ اور وضاحت کرتے۔ آپ نے اسے دعوت دین سے جوڑ دیا۔ جبکہ میرے خیال میں اس مسئلے کے بہت سے سیاسی پہلو بھی ہیں۔

داؤد کی بات پر عبداللہ نے اسے مسکراتے ہوئے دیکھا اور کہا:

بظاہر ایسا ہی ہے۔ مگر حقیقت بالکل جدا ہے۔ بیسویں صدی میں عالم اسلام مکمل طور پر مغربی طاقتوں کے تسلط میں جا چکا تھا۔ ایسے میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد کا فیصلہ کیا۔ تمام مغربی طاقتیں دو عظیم جنگوں میں آپس میں ٹکرا گئیں۔ اس سے ان کی قوت پارہ پارہ ہوگئی۔ وہ اس قابل ہی نہ رہے کہ مسلمان ملکوں پر اپنا تسلط باقی رکھ سکیں۔ چنانچہ کم وبیش تمام عالم اسلام آزاد ہوگیا۔ اس سیاسی آزادی کے باوجود مسلمان معاشی طور پر پیچھے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ کرم کیا کہ مسلمانوں کو اقتصادی طور پر مضبوط بنانے کے لیے ان کے مرکز میں تیل کے سمندر نکال دیے۔ یوں مسلمان دنیا کی امیر ترین قوم بن گئے۔ مسلمان فوجی طور پر بہت کمزور تھے۔ ان کے تحفظ کے لیے اللہ تعالیٰ نے دوسری جنگ عظیم کے بعد دو سپر پاور یعنی روس اور امریکہ کو ایک دوسرے کے



مقابل کر دیا۔ یوں مسلمان ہر تنازع سے محفوظ رہے اور انہیں نصف صدی کے لیے وقفہ امن میسر آ گیا۔ مگر......

مگر کہنے کے بعد عبداللہ خاموش ہوگیا۔ اس کے چہرے پر گہرے تاسف کے اثرات نمایاں تھے۔

مگر؟، داؤد نے جو بہت توجہ سے اس کی بات سن رہا تھا، ''مگر'' کہہ کر سوالیہ انداز میں اسے دیکھا۔

مگر یہ کہ مسلمان لیڈر شپ ان عظیم مواقع کو نہ دیکھ سکی۔ وہ اللہ تعالیٰ کی عنایات کو نہیں دیکھ سکے۔ انہوں نے اپنے معاشروں کی تعمیر نہیں کی۔ ایمان و اخلاق کی بنیاد پر افراد ملت کی تربیت کو مشن نہیں بنایا۔ اسلام کی دعوت کے لیے کوئی کام نہیں کیا۔ اس کے برعکس انہوں نے سیاسی نظر سے حالات کا جائزہ لیا۔ چنانچہ جن چند علاقوں میں غیر مسلموں کا قبضہ تھا، ان کی بنیاد پر نفرت کی ایک فضا پیدا ہوتی چلی گئی۔ آخر کار ایمان و اخلاق میں پست اور غربت و جہالت کا شکار مسلم معاشرے سپر پاورز کی جنگ میں کود گئے۔ جس کے نتیجے میں نفرت کی آگ اور بھڑکتی چلی گئی۔ یہ آگ دہشت گردی میں بدل گئی۔ اب تو یوں لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے اس رویے پر سخت غضبناک ہو چکے ہیں۔ ایک کے بعد دوسرے اسلامی ملک میں آگ لگی ہوئی ہے۔ حالیہ برسوں میں لاکھوں مسلمان مارے جا چکے ہیں۔ کروڑوں بے گھر ہو چکے ہیں۔ مجھے اس بات کا سخت اندیشہ ہے کہ آنے والے دنوں میں ایک دفعہ پھر یروشلم کی تاریخ نہ دہرائی جائے۔

یروشلم کی تاریخ؟

عبداللہ کی بات دہراتے ہوئے داؤد کے لہجے میں استعجاب تھا۔

ہاں مسلمانوں اور یہود کی تاریخ میں حیرت انگیز مماثلت ہے۔ مسلمانوں کا عروج خلافت

راشدہ میں ہوا۔ یہود میں یہ عروج حضرت داؤد اور حضرت سلیمان کے زمانے میں ہوا۔ پھر یہود پر اخلاقی زوال آیا تو بخت نصر نے مشرق سے اٹھ کر ان کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ مسلمانوں کے ساتھ یہی کام مشرق سے آنے والے تاتاریوں نے کیا۔ یہود نے توبہ کی تو اللہ نے ان کو پھر غلبہ دے دیا۔ مسلمانوں نے توبہ اور دعوت کا کام کیا تو تاتاری مسلمان ہوگئے اور ایک دفعہ پھر مسلمان سپر پاور بن گئے۔

یہ تو بالکل یکساں تاریخ ہے۔ دو کزنز کی اولادوں کی ایک ہی کہانی۔

داؤد نے بہت خوبصورت تبصرہ کیا۔ اس کا اشارہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹوں کی اولادوں کی طرف تھا جو آپس میں کزنز تھے۔

درست کہا آپ نے۔ اس کے بعد کی تاریخ بھی بالکل یکساں ہے۔ یہود پر پھر اخلاقی زوال آیا تو ایک چھوٹی سی مغربی طاقت یونان سپر پاور بن کر ان پر مسلط ہوگئی۔ مسلمانوں پر زوال آیا تو ایک چھوٹے سے جزیرے کی مغربی قوم یعنی انگریز برطانیہ عظمیٰ کی شکل میں ان پر مسلط ہوگئی۔

حیرت انگیز......

داؤد زیر لب بڑبڑایا۔

یہ یہود کی تباہی کا آغاز تھا۔ مگر اس تباہی سے قبل ان میں زبردست اصلاحی تحریک اٹھی۔ چنانچہ اللہ نے یونانیوں کو پیچھے دھکیلا اور یہود ایک دفعہ پھر اپنی عظیم ریاست بحال کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ برطانیہ کے غلبے کے بعد مسلمانوں میں بھی اصلاحی تحریکیں اٹھیں۔ جس کے بعد مغربی اقوام کے آپس میں ٹکرانے کی بنا پر سارا عالم اسلام آزاد ہوگیا۔

یہ تو وہی بات ہے جو ابھی آپ نے بیان کی تھی۔



ہاں اس کا ذکر ابھی تفصیل سے میں نے کیا ہے۔ پھر کچھ ہی عرصے میں یہود میں اصلاحی ذہن ختم ہوا اور بدترین اخلاقی زوال شروع ہوا۔ جس کے نتیجے میں ایک نئی مغربی سپر پاور یعنی روم بالواسطہ طور پر ان پر مسلط ہوگئی اور وہ ان کے ماتحت ہوگئے۔ مسلمانوں میں بھی ٹھیک یہی ہوا ہے۔ اصلاح کے اس وقفے کے بعد مسلمان سو گئے اور حالات سے فائدہ نہیں اٹھایا۔ ان کی اخلاقی پستی ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھتی چلی گئی۔ چنانچہ اس کے بعد وہ بالواسطہ طور پر ایک اور مغربی سپر پاور یعنی امریکہ کے زیر اثر آ چکے ہیں۔ اور اس کے بعد......

میرے خیال میں ائیر پورٹ آ گیا ہے۔

داؤد نے ایئرپورٹ کی روشنیوں کی طرف عبداللہ کی توجہ دلاتے ہوئے کہا۔ ایسا لگتا تھا کہ وہ جان بوجھ کر نہیں سننا چاہ رہا کہ اس کے بعد یہودیوں کے ساتھ کیا ہوا۔ اس کا چہرہ دھواں دھواں ہو رہا تھا۔

ہاں ائیر پورٹ آ گیا ہے۔

عبداللہ نے بھی ان روشنیوں کو دیکھتے ہوئے کہا۔ اس کے بعد گاڑی کو ائیر پورٹ کے داخلی دروازے تک پہنچنے میں دس منٹ لگے۔ مگر عبداللہ بالکل خاموش رہا۔ وہ بھی شاید یہ نہیں بتانا چاہ رہا تھا کہ اس کے بعد یہودیوں اور یروشلم کے ساتھ کیا ہوا تھا۔

-----------------

ایئرپورٹ پر داؤد عبداللہ سے گلے مل رہا تھا۔ وہ دیر تک اسے گلے لگائے رہا۔ اسی حال میں وہ بولا:

آپ سے ملنا میرے لیے اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ نجانے میں کب سے آپ کو جانتا ہوں۔ مگر افسوس کہ جس مقصد کے لیے میں آپ سے ملا تھا، اس پر ابھی تک کوئی

بات نہیں ہوسکی۔

میرے پاس آپ کو بتانے کے لیے بہت کچھ ہے۔ مجھے آپ کو بتانا ہے کہ میں کیسے ایمان لایا۔ کیوں اسلام قبول کیا۔ میں بہت سے رازوں کا امین ہوں۔ یہ امانت مجھے مرنے سے پہلے آپ کے سپرد کرنی ہے۔ میں یہ سب کچھ بتانے کے لیے جلد ہی آپ کے پاس آپ کے وطن آؤں گا۔ اللہ آپ کا نگہبان ہو۔

ضرور۔ میں آپ کی آمد کا منتظر رہوں گا۔

عبداللہ نے اس کی پیٹھ تھپتھپاتے ہوئے جواب دیا۔ پھر عبداللہ اس سے جدا ہوا اور داؤد سے مصافحہ کر کے روانگی کے گیٹ کی طرف چل پڑا۔ داؤد دور کھڑا اسے ہاتھ ہلاتا رہا۔

-----------------

سارہ اپنے گھر لوٹی تو اس کی عجیب کیفیت تھی۔ غصہ، بے بسی، افسردگی اور پریشانی کی ملی جلی کیفیات نے اس کا احاطہ کر رکھا تھا۔ اسے غصہ اپنی ساس پر تھا۔ بے بسی اس مذہبی قانون کے معاملے میں تھی جس کے خلاف وہ کچھ بول نہیں سکتی تھی مگر جس کے غلط ہونے کا اسے یقین تھا۔ افسردگی اپنی ماں کی اذیت اور باپ کی موت کی حقیقت جان کر ہوئی تھی۔ اور پریشانی صبا کی طرف سے تھی جو کھل کر مذہب سے باغی ہوگئی تھی۔

جمیلہ اور سارہ نے بہت کوشش کی کہ صبا کو کچھ سمجھایا جائے، مگر وہ کچھ سننے کو تیار نہیں تھی۔ اس نے بس ایک ہی رٹ لگا رکھی تھی کہ وہ کافر ہوگئی ہے۔ اب وہ اسلام کو نہیں مانتی۔ اس لیے کہ اسلام عورتوں پر ظلم کرنے والا مذہب ہے۔ وہ ایسے مذہب کو اپنا مذہب نہیں بنا سکتی۔

سارہ گھر کے اندر داخل ہوئی ہی تھی کہ ساس نظر آ گئیں جو لاؤنج میں بیٹھی ٹی وی دیکھ رہی تھیں۔ اس نے انہیں دیکھ کر سلام کیا تو انہوں نے ٹی وی کی آواز بند کرتے ہوئے کہا۔



آ گئیں تم۔ ذرا گھر کو بھی دیکھ لیا کرو۔ ہر وقت اپنے میکے بھاگی جاتی ہو۔ ابھی پچھلے ہفتے تو اپنی ماں کے گھر گئی تھیں۔ اب پھر چلی گئیں۔

سارہ ایک لمحے کو خاموش رہی۔ اس سے پہلے وہ اس طرح کے لب و لہجے کو خاموشی سے پی جاتی تھی، مگر اب اس کے انداز مختلف تھے۔ اس نے تلخ لہجے میں کہا۔

جی میں گھر گئی تھی۔ اس لیے گئی تھی کہ اپنی ماں سے پوچھ سکوں کہ اس کے ایسے کیا کرتوت تھے جن کا ذکر آپ نے مجھ سے کل کیا تھا۔

تو بتا دیا اس نے کیا گل کھلایا تھا؟

ساس نے زہر میں بجھا ہوا طنز کا تیر چلایا۔

ایک مظلوم عورت پر اس طرح کے بے ہودہ الزام لگاتے ہوئے آپ کو شرم آنی چاہیے۔

وہ بپھری ہوئی شیرنی کی طرح بولی۔ اس کی ساس کے لیے سارہ کا یہ لب ولہجہ بالکل ناقابل تصور تھا۔ وہ ایک لمحے کے لیے سن ہوگئیں۔ سارہ دھاڑتی ہوئی آواز میں بولتی رہی۔

آپ کے جیٹھ بے روزگار ہو گئے تھے۔ ان کے چھوٹے چھوٹے بچوں پر فاقوں کی نوبت آ گئی تھی۔ آپ نے اپنے شوہر کو ان کی مدد سے روک دیا۔ آپ کے سینے میں کیا دل نہیں تھا؟ میری ماں حالات کے ستم کا شکار ہوئی۔ ایک ایسے جرم کی سزا بھگتی جس کا ارتکاب اس نے نہیں کیا تھا۔ مگر آپ اس معصوم عورت پر الزام لگا رہی ہیں۔ میرے باپ نے میری ماں کی کسی غلطی کی وجہ سے نہیں بلکہ حالات کے آگے اپنی بے بسی کی وجہ سے خودکشی کی، مگر اس کا الزام بھی آپ میری ماں پر لگا رہی ہیں۔ آپ کیسی ظالم عورت ہیں؟

وقتی طور پر لاؤنج میں سناٹا طاری ہو گیا۔ مگر اس کے بعد سارہ کی ساس اپنی جگہ سے اٹھی۔ سارہ کو گھورتی ہوئی اس کے پاس آئی اور زور سے اسے ایک چانٹا مار کر بولی۔

تیری یہ مجال کہ تو مجھ سے اس لہجے اور آواز میں بات کرے۔ نیچ خاندان کی عورت۔ تجھے تو میں مزہ چکھاتی ہوں۔

یہ کہہ کر انہوں نے سارہ کو دونوں ہاتھوں سے مارنا شروع کیا۔ سارہ دونوں ہاتھوں سے خود کو بچانے کی کوشش کرتے ہوئے پیچھے ہٹتی رہی۔ ثمینہ دونوں ہاتھوں سے اس کے جسم، سر، ہاتھوں اور چہرے پر تھپڑوں کی بارش کرتی رہی۔ ساتھ ساتھ چیخ چیخ کر وہ اسے برا بھلا کہے جا رہی تھی۔

کمینی، بدذات، چھوٹے خاندان کی آوارہ عورت۔ طوائف زادی۔ تو شریفوں کے خاندان میں رہنے کے قابل ہی نہیں۔ تجھے تو میں سبق سکھا کر ہی دم لوں گی۔

سارے نوکر لاؤنج میں جمع ہو گئے۔ مگر کسی کی ہمت نہیں تھی کہ انہیں روک سکے۔ وہ سارہ کو مسلسل پیٹ رہی تھیں۔ ان آوازوں اور شور نے آسمان سر پر اٹھا رکھا تھا۔ یہ آوازیں سن کر شفقت اور حمزہ دونوں اپنے کمروں سے نکل کر آ گئے۔ سارہ کو پٹتا ہوا دیکھ کر دونوں نے ثمینہ کو پکڑنے کی کوشش کی، مگر وہ کسی کے قابو ہی نہیں آ رہی تھی۔ بمشکل تمام ان دو مردوں نے ثمینہ کو پکڑ کر الگ کیا۔ مگر اس کی زبان کو بریک نہیں لگ رہا تھا۔ وہ مسلسل سارہ پر چیخے جا رہی تھی اور بے ہودہ گالیوں اور القابات سے اسے نواز رہی تھی۔ آخر شفقت نے اپنے بیٹے حمزہ سے کہا۔

تم سارہ کو اپنے کمرے میں لے جاؤ۔

حمزہ نے سارہ کا بازو تھاما۔ وہ دبی دبی آواز سے سسکیاں لے کر رو رہی تھی۔ تھپڑوں کی برسات نے اس کا برا حشر کر دیا تھا۔ وہ اسے سہارا دے کر کمرے میں لے گیا۔

-----------------

بیٹا ضد و چھوڑ دو۔ شاباش نماز کا وقت ہو گیا ہے نماز پڑھ لو۔

جمیلہ بہت پیار سے صبا کو سمجھا رہی تھی۔ مگر صبا ٹس سے مس ہونے کو تیار نہ تھی۔ سارہ نے بھی



اسے بہت سمجھانے کی کوشش کی تھی۔ مگر وہ سمجھ کر نہ دی۔ سارہ تو اپنی سسرال لوٹ چکی تھی۔ اس کے جانے کے بعد جمیلہ کافی دیر سے اس کو سمجھا رہی تھی مگر بے سود۔ اس نے دوپہر کا کھانا بھی نہیں کھایا تھا اور شام کا وقت ہو گیا تھا اور عصر کا وقت نکل رہا تھا۔

میں نے کہا نا مجھے نہیں پڑھنی ہے کوئی نماز۔ میرا کوئی خدا نہیں ہے۔ میرا کوئی مذہب نہیں ہے۔

صبا کے لہجے میں سخت غصہ تھا۔

بیٹا ایسا نہیں کہتے یہ کلمہ کفر ہے۔

ہاں تو ہوں میں کافر۔ کوئی کیا بگاڑ لے گا میرا؟

صبا نے باغیانہ انداز میں کہا۔

بیٹا جب مجھے اللہ سے کوئی شکایت نہیں تو تم کیوں باغی ہوتی ہو؟

جمیلہ نے ایک دوسرے پہلو سے اپنی چہیتی بیٹی کو سمجھایا۔

مگر مجھے ہے شکایت۔ مجھے ایسا خدا نہیں چاہیے جو غلط کام کرنے کو کہتا ہو۔ جو کمزوروں اور پریشان حال لوگوں کی عزت نفس کو مجروح کر کے انہیں تماشا بنا دے۔

بیٹا بری بات۔ ابھی دونوں بھائی گھر آ جائیں گے۔ وہ کیا سوچیں گے۔ وہ کیا کہیں گے۔ خاص کر سعد کو پتہ چل گیا تو وہ تو بہت ناراض ہو گا۔

ناراض ہو کر بھائی کیا کرے گا۔ زیادہ سے زیادہ مارے گا نا۔ مار لے جتنا مارنا ہے۔ ان مذہبی لوگوں کے پاس ہوتا ہی کیا ہے۔ مارنے اور دھمکانے کے سوا۔

صبا یہ بول رہی تھی جمیلہ کو اندازہ ہو گیا کہ وہ کیا کہہ رہی ہے۔ اس کے بھائی سعد نے کچھ عرصہ قبل ہی اسے جہنم کی آگ کی وعیدیں سنا کر برقعہ پہننے پر مجبور کیا تھا۔

بیٹا ایسا ہر گز نہ کہو۔ مذہبی لوگ تو وہ بات کہتے ہیں جو اللہ کا حکم ہوتا ہے۔ اور تمہیں پتہ ہے کہ جو اللہ کے حکم کی نافرمانی کرتا ہے وہ جہنم کی آگ میں پھینکا جائے گا۔

پھینکنا ہے تو پھینک دے آگ میں۔ اب میں کسی خدا سے نہیں ڈرتی۔ ویسے خدا میرا بگاڑ بھی کیا سکتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ جہنم کی آگ میں پھینک سکتا ہے۔ ہمیں دینے کے لیے اس کے پاس اس کے سوا اور ہے ہی کیا۔

یہ کہہ کر صبا پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ اپنی ماں کی بپتا سننے کے بعد آنسوؤں کے جس سیلاب کے سامنے اس نے غصے کا بند باندھ رکھا تھا وہ آخر کار بہہ نکلا۔ وہ ماں کے سینے سے سر لگائے سسک سسک کر روتی رہی۔ بیٹی کے ساتھ ماں کی آنکھوں سے بھی آنسو برس رہے تھے۔

----------------

سارہ کی سسکیاں بند نہیں ہو رہی تھیں۔ اسے جتنی تکلیف جسم کو ملنے والی اذیت پر تھی اس سے کہیں زیادہ تکلیف میں اس کی روح تھی۔ حمزہ پانی کا گلاس لیے اس کے پاس کھڑا تھا۔ مگر وہ پانی نہیں پی رہی تھی۔ آخر حمزہ نے زبردستی اس کے منہ سے گلاس لگا کر ایک دو گھونٹ اسے پلائے اور کہا:

بتاؤ تو سہی ہوا کیا تھا۔ مجھے تو کچھ سمجھ ہی نہیں آ رہا کہ امی کس بات پر اتنا طیش میں آ گئیں تھیں۔ تم نے کیا کہا تھا۔

پہلے تو سارہ کچھ نہ بولی مگر حمزہ نے دو تین دفعہ اصرار کیا تو سارہ نے سسکیوں کے درمیان اسے پوری داستان سنا دی کہ اس کی ساس نے اس کی ماں پر کیا الزام لگایا۔ اس کی ماں نے اسے اپنی کیا داستان سنائی اور اس نے گھر واپس لوٹ کر اپنی ساس کو کیا کہا۔



ارے تمہیں امی سے اس لہجے میں بات کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ ان سے تو کبھی میں نے بھی اس طرح بات نہیں کی۔

حمزہ نے ناراضی کے ساتھ کہا تو سارہ دنگ رہ گئی۔

آپ کو اس پورے قصے میں صرف میرے الفاظ اور لہجہ نظر آیا۔ یہ نظر نہیں آیا کہ میری ماں پر کیا الزام لگایا گیا۔ میری ماں کے دکھ، بے بسی اور چچا چچی کی بے حسی اور میرے ساتھ ہونے والا یہ بہیمانہ سلوک نظر نہیں آیا۔ یہ آپ کا کیسا انصاف ہے؟

سارہ نے پہلی دفعہ اس تلخی کے ساتھ حمزہ سے بات کی تھی۔

بھئی میں تو تمہاری وجہ سے کہہ رہا تھا۔ امی تو ایسی ہی ہیں۔ تمہیں محتاط رہنا چاہیے تھا۔

میں شادی کے بعد سے اس گھر میں احتیاط کی زندگی ہی تو گزار رہی ہوں۔ ہر وقت طعنے سنتی ہوں۔ برا بھلا سہتی ہوں۔ اپنے گھر والوں اور ماں کی برائیاں سنتی ہوں۔ آج کے دن تک میں اپنے خاندان کی غربت کی قیمت ادا کر رہی ہوں۔ مگر جب میری ماں پر الزام لگا جو بالکل جھوٹا تھا تو مجھ سے برداشت نہیں ہوا۔ جو میرے دل میں آیا وہ میں نے کہہ دیا۔

اچھا تو تمہارے ساتھ ہم یہ ظلم و ستم کر رہے ہیں۔

حمزہ اس وقت اس کی ہر بات کو غلط رنگ دینے پر آمادہ تھا۔

میں آپ کی بات نہیں کر رہی۔ چچا کی بات بھی نہیں کر رہی۔ صرف چچی کی بات کر رہی ہوں۔ حیرت ہے جو کچھ انہوں نے کہا، انہوں نے کیا، جو میرا حشر کیا اس پر آپ ایک لفظ بولنے کے لیے تیار نہیں اور مجھ پر ہی طنز کر رہے ہیں۔

ہاں طنز نہ کروں تو کیا کروں۔ تم مجھ سے بحث کیے جا رہی ہو۔ میرے خیال میں تمہیں کچھ دنوں کے لیے اپنی امی کے ہاں چلے جانا چاہیے۔

حمزہ نے غصے کے ساتھ کہا تو سارہ نے اسی لب و لہجے میں جواب دیا۔

ٹھیک ہے آپ مجھے میری امی کے ہاں چھوڑ دیں۔

-----------------

صبح ہوتے ہی سارہ کو حمزہ اس کے میکے چھوڑ گیا۔ وہ گھر پہنچی تو اسے دیکھ کر جمیلہ ہکا بکا رہ گئی۔ سارہ نے جب اسے اپنی روداد سنائی تو اس نے سر پیٹ لیا۔

بیٹی تجھے کس نے کہا تھا کہ میرے لیے جا کر اپنی ساس کے منہ لگ۔ دیکھ لیا اس کا انجام۔ اس نے مار مار کر تجھے بے حال کر دیا۔

جمیلہ رو رہی تھی اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ پھر وہ بولی۔

میں اب ثمینہ، حمزہ اور شفقت بھائی سے خود بات کروں گی۔ میری بچی کوئی لاوارث تھوڑا ہی ہے۔

سارہ نے روتے ہوئے اسے جواب دیا۔

امی کوئی فائدہ نہیں۔ ثمینہ چچی تو موقع کی تلاش میں ہیں۔ جیسے ہی آپ بات کریں گی۔ وہ بات کا بتنگڑ بنا کر حمزہ کو بالکل بھڑکا دیں گی اور پھر آپ حمزہ کا غصہ بھی جانتی ہیں۔ ابھی بھی وہ مجھ ہی کو دوشی قرار دے رہے ہیں۔ اس ظلم کے باوجود اپنی ماں کو ایک لفظ نہیں کہا۔ آپ کن لوگوں سے انصاف کی توقع لگائے بیٹھی ہیں؟

اتنے میں صبا کمرے میں آ گئی۔ سارہ اس کے آنے پر خاموش ہوگئی۔ وہ ان دونوں کے درمیان ہونے والی گفتگو سے بے خبر تھی۔ مگر روتی ہوئی ماں اور بہن کے منہ پر پڑے ہوئے نیل دیکھ کر اسے اندازہ ہوگیا کہ اس بے وقت اور بلا اطلاع بہن کے گھر آنے میں کوئی خیر نہیں ہے۔ اس نے چھوٹتے ہی پوچھا۔



باجی سب ٹھیک تو ہے۔

صبا کچھ بھی ٹھیک نہیں ہے۔

یہ کہتے ہوئے سارہ نے اسے گلے سے لگایا اور پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے اپنے ساتھ پیش آنے والے سارے واقعات سنانے لگی۔ صبا خاموشی سے سب کچھ سنتی رہی۔ آخر میں سارہ بولی۔

صبا ہم غریبوں کا کوئی بھی نہیں۔ پتہ نہیں اللہ میاں بھی ہماری کیوں نہیں سنتے؟

صبا غصے کے ساتھ بولی۔

اللہ کا نام مت لو۔ وہ کمزوروں کا ساتھ کبھی نہیں دیتا۔ ہمیں جو کرنا ہوگا ہم خود کریں گے۔

اس کی بات پر جمیلہ کو سخت غصہ آ گیا۔ وہ آگ بگولہ ہو کر بولی۔

صبا تم تو خاموش رہو۔ یہ تمہارے کفریہ کلمات کا وبال ہی ہے کہ میری سارہ پر یہ مصیبت آن پڑی ہے۔

صبا جواب میں کچھ کہنا چاہتی تھی کہ سارہ بولی۔

امی پلیز۔ اس کی وجہ سے کچھ نہیں ہوا۔ یہ تو معصوم ہے۔

اس کے چپ ہوتے ہی صبا پھٹ پڑی۔

باجی ہم خاموش نہیں رہیں گے۔ آپ دونوں بھائیوں سے بات کریں۔ وہ حمزہ بھائی سے جا کر بات کریں۔ آخر بھائی کس لیے ہوتے ہیں۔ کیا صرف رعب جھاڑنے اور اپنا کام کرانے کے لیے ہوتے ہیں۔

اس کی بات سن کر جمیلہ فوراً بولی۔

خبردار جو بھائیوں کو اس میں سے کچھ بھی پتہ چلا۔ ابھی کچھ نہیں ہوا۔ اگر دونوں بھائی حمزہ

کے پاس چلے گئے تو نجانے کیا ہو جائے۔اس لیے تم دونوں کان کھول کر سن لو کہ بھائیوں کو ایک لفظ پتہ نہیں چلنا چاہیے۔

سارہ نے بھی جمیلہ کی تائید کی۔

نہیں صبا دونوں بھائیوں کو کچھ نہ بتانا۔حمزہ بہت غصے والے ہیں۔ابھی تو وہ صرف مجھے میکے چھوڑ کر گئے ہیں۔میں نہیں چاہتی کہ اس گھر میں ایک دفعہ پھر طلاق کی کہانی دہرائی جائے۔

تو پھر کیا کریں؟ کیا خود کشی کر لیں۔یا تم طلاق کے خوف سے اپنی ساس سے پٹتی رہو، وہاں ذلیل ہوتی رہو، ہر طرح کا ظلم برداشت کرو اور ہم سب ہنسی خوشی بنسری بجاتے رہیں۔کوئی حل ہے تمہارے پاس؟

صبا نے غصے سے کہا تو سارہ خاموش ہوگئی۔جمیلہ بھی اداس بیٹھی ہوئی تھی۔اس کی سمجھ میں کچھ نہیں آتا تھا کہ کیا کرے۔

سارہ کچھ دیر خاموش رہی پھر بولی۔

ناعمہ باجی...... میں ناعمہ باجی کے پاس جاؤں گی۔ہم سب ان کے پاس جائیں گے۔

اب تک تو عبداللہ صاحب بھی باہر سے لوٹ کر آ چکے ہوں گے۔وہی کوئی راستہ نکالیں گے۔

غریب سارہ کو اندھیرے میں روشنی کی ایک ہی کرن نظر آئی۔ناعمہ......جو اپنے نام کی طرح ایک روشنی تھی۔

-----------------

عبداللہ کے فون کی گھنٹی بجی۔اس نے سلام کرتے ہوئے فون اٹھایا تو دوسری طرف سے ایک انگریزی لہجے کی ایک مانوس آواز میں کہا گیا:

السلام علیکم عبداللہ صاحب۔میں وعدے کے مطابق آپ کے ملک آ چکا ہوں۔



آپ داؤد بات کر رہے ہیں۔عبداللہ نے آواز پہچانتے ہوئے کہا۔اس کے لہجے میں مسرت کا عنصر شامل تھا۔

جی الحمدللہ آپ مجھے پہچان گئے۔

بھئی پہچاننا کیوں نہیں تھا؟ پچھلے ہفتے ہی آپ نے فون پر کنفرم کیا تھا کہ آپ جلد ہی آنے والے ہیں۔مگر یہ بتائیے کہ آپ کہاں پر ہیں؟ میں آپ کو لینے آ جاتا ہوں۔

میں ایک ہوٹل میں ہوں۔مگر آپ زحمت نہ کیجیے میں خود آ جاؤں گا۔

نہیں یہ زحمت نہیں ہے۔آپ مجھے ہوٹل کا نام بتائیے۔

دو گھنٹے بعد داؤد عبداللہ کے گھر میں موجود تھا۔اس کے چہرے سے خوشی دمک رہی تھی۔ساتھ ہی ایسا لگتا تھا کہ اسے کسی چیز کی جلدی تھی۔کھانے کے دوران ہی میں اس نے عبداللہ سے کہا:

مجھے آپ کا کچھ وقت چاہیے۔بلکہ کافی وقت چاہیے۔مجھے آپ کو کچھ دکھانا ہے۔کچھ بتانا ہے۔

ضرور کیوں نہیں۔آپ اپنے وطن سے مجھ سے ملنے کے لیے ہی آئے ہیں۔میرا وقت آپ کے لیے ہے۔آپ مطمئن رہیں۔لیکن وہ کیا چیز ہے جو آپ مجھے بتانا چاہتے ہیں۔

یہ ایک طویل کہانی ہے۔لیکن میں یہ طویل کہانی ہی آپ کو سنانے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے اپنے پیشے کے بارے میں آپ کو بتایا تھا کہ میں ایک ماہر آثار قدیمہ ہوں۔

جی مجھے یاد ہے۔

عبداللہ نے ذہن پر زور ڈالتے ہوئے جواب دیا۔

میں کوئی مذہبی شخص کبھی نہیں رہا۔ میرا اصل عشق اور اصل شوق میرا پیشہ ہی تھا۔ بچپن ہی سے مجھے تاریخ اور تاریخی آثار میں گہری دلچسپی تھی۔ اسی کو میں نے اپنی تعلیم بنایا۔ پھر یہی میرا پیشہ بن گیا۔ تاہم ایک یہودی ہونے کے ناطے میری دلچسپی اس بات سے تھی کہ میں فلسطین کے علاقے میں تاریخی آثار، نوادرات اور پوشیدہ دفینوں کی تلاش کروں۔ ان پر تحقیق کروں۔ یہ مذہب سے زیادہ قومی دلچسپی کی چیز تھی۔ آپ سمجھ رہے ہیں نا میری بات۔

جی میں سمجھ سکتا ہوں۔ آبائی مذہب اور قوم وملت ہمارے بنیادی تعصّبات میں شامل ہوتے ہیں۔ ہم چاہیں نہ چاہیں، ان کی محبت اور ان سے گہرا تعلق ہمارے خمیر میں ہوتا ہے۔

عبداللہ نے گردن ہلاتے ہوئے اس کی بات کی تائید میں کہا۔

چنانچہ ہمیشہ میری ترجیح یہ رہی تھی کہ میں فلسطین کے علاقے، اس کی تاریخ اور وہاں کے آثار قدیمہ پر کام کروں۔ تقریباً چار برس قبل اسرائیل کے آثار قدیمہ سے متعلق محکمے نے مجھ سے رابطہ کیا اور مجھے ایک ٹیم میں شامل کرنے کی خواہش ظاہر کی۔ یہ ٹیم اسرائیل کے بعض علاقوں میں قدیم نوادرات کی تلاش پر معمور تھی۔ میں چونکہ ایک یہودی تھا۔ عبرانی، آرامی اور دیگر قدیم زبانیں اپنی پیشہ وارانہ ضروریات کی بنا پر اچھی طرح جانتا ہوں۔ اپنے کام کا ماہر ہوں۔ اس لیے اس ٹیم میں میرا انتخاب کیا گیا۔ بلکہ اس ٹیم کے سارے لوگ ہی یہودی تھے۔

اس ٹیم کے ذمے کوئی خاص کام تھا؟

جی ہاں! دراصل قدیم اسرائیل میں ایک تاریخی شہر شلو کے قریب ایک بستی کے آثار دریافت ہوئے تھے۔ چنانچہ ٹیم کے ذمے یہ کام تھا کہ وہاں کھدائی کرے اور اس میں موجود آثار و نوادرات کی دریافت کا کام کرے۔ چنانچہ میں اس ٹیم کا حصہ بن گیا۔ تقریباً ایک برس تک ہم وہاں اپنا کام کرتے رہے۔ وہاں کئی اہم اور قدیم چیزوں کو ہم نے دریافت کیا جس کی تاریخی طور



پر بڑی اہمیت تھی۔ مگر وہاں دریافت ہونے والی بعض چیزیں ایسی تھیں جو مذہبی اعتبار سے بڑی اہمیت کی حامل تھیں۔

وہ کیا چیزیں تھیں؟

یہ پوچھتے ہوئے عبداللہ کی آنکھوں میں چمک تھی۔

دراصل وہاں بستی کے قریب ہی کچھ غار بھی تھے۔ میں اپنے ذوق تجسس کی بنا پر ان غاروں میں چلا گیا۔ وہاں محض اتفاق سے قدیم زمانے کا کچھ سامان اور ایک باکس جو احتیاط سے محفوظ کیا گیا تھا، مجھے مل گیا۔ اس میں کچھ متفرق دستاویزات بھی تھیں جو قدیم انداز میں لکھی گئی تھیں۔

یہ دستاویزات کس زبان میں تھیں؟

یہ زیادہ تر آرامی زبان میں لکھی ہوئی تھیں۔ کچھ عبرانی میں بھی تھیں مگر بہت کم۔ بعد میں کاربن ڈیٹنگ سے ہم نے معلوم کیا تو ان تحریروں کا زمانہ بھی مختلف تھا۔ مگر کاربن ڈیٹنگ نہ بھی ہوتی تب بھی ان تحریروں سے صاف معلوم ہو رہا تھا کہ ان کا زمانہ الگ الگ تھا۔

یہ کس زمانے کی دستاویزات تھیں؟

دستاویزات کیا وہ تو کچھ یادداشتیں تھیں۔ کچھ تاریخ تھی۔ کچھ ذاتی بیان تھا۔ ان میں سے بیشتر کا زمانہ دوسری صدی عیسوی کا تھا۔ جبکہ باقی کا ساتویں صدی کا تھا۔ غالباً ان تحریروں کو ساتویں صدی عیسوی ہی میں ایک دھاتی باکس میں اس غار میں محفوظ کیا گیا تھا۔ پھر اس جگہ کو پتھروں سے ڈھک دیا گیا تھا۔ مگر وقت گزرنے کے ساتھ پتھروں نے وہ جگہ چھوڑ دی یا شاید کسی زلزلے کے جھٹکوں سے پتھر وہاں سے ہٹ گئے۔ یوں جب میں اس غار میں گیا تو یہ محفوظ کی گئی تحریریں میرے سامنے آگئیں۔

مگر اب یہ تحریریں کہاں ہیں۔ ان پر کہاں تحقیق ہو رہی ہے؟

یہ تحریریں اب ہمیشہ کے لیے دنیا کی نظروں سے چھپادی گئی ہیں۔ دنیا کے سامنے اس بستی کے کچھ آثار تو پیش کیے گئے مگر ان تحریروں کا ذکر نہیں کیا گیا۔ ٹیم کے سارے اراکین جو خود بھی یہودی تھے معاملے کی نزاکت کو سمجھتے تھے، اس مسئلے پر ہمیشہ کے لیے کچھ نہ بولنے کا عہد کر چکے ہیں۔

مگر آپ تو بول رہے ہیں؟

عبداللہ نے مسکراتے ہوئے کہا:

ہاں! مگر میں بول رہا ہوں، داؤد کے لہجے میں گہری سنجیدگی تھی۔

اس لیے کہ میں یہودی نہیں رہا میں مسلمان ہو گیا...... میں وہ تحریریں پڑھنے کے بعد مسلمان ہو گیا تھا۔

---

عبداللہ اور داؤد کھانے کے بعد عبداللہ کے اسٹڈی روم میں بیٹھے ہوئے تھے۔ کمرے میں خاموشی تھی۔ داؤد کے چہرے پر گہری سنجیدگی تھی۔ جبکہ عبداللہ کا تجسس اس کے تکلم کا منتظر تھا۔ مگر اس نے مزید کچھ نہیں پوچھا۔ داؤد بھی ایک گہری سوچ میں ڈوبا ہوا تھا۔ پھر کچھ دیر بعد وہ خود ہی بولنے لگا۔

میں یہ بات مسلمان ہوجانے کے باوجود بھی شاید کبھی کسی کو نہیں بتاتا۔ میں آپ سے اس بارے میں بات کرنے کے لیے ملا بھی نہیں تھا۔ میں تو صرف یہ پوچھنے کے لیے ملا تھا کہ مسلمان اسلام کا پیغام دنیا کو کیوں نہیں پہنچاتے۔ کیوں مسلمان یہودیوں کی طرح ایک نسل پرست گروہ بن گئے ہیں جنہیں اپنے قومی معاملات اور علاقائی جھگڑوں کے سوا کسی اور چیز میں دلچسپی نہیں ہے۔



مگر آپ نے غرناطہ میں تو مجھ سے یہ نہیں پوچھا تھا؟

دراصل وہاں ایک کے بعد ایک ایسے حالات پیش آئے کہ موقع ہی نہیں ملا۔ پھر آخری وقت میں آپ نے یہودیوں اور مسلمانوں کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا جو قانون بیان کیا اور جو دیگر باتیں اس وقت کیں، اس کی بنا پر مجھے یہ محسوس ہوا کہ جو کچھ میری دریافت تھی وہ میں ضرور آپ تک پہنچاؤں۔ کیونکہ ان باتوں کا میری دریافت سے گہرا تعلق ہے۔ مگر پہلے آپ میرے اس سوال کا جواب دیجیے کہ مسلمان یہودیوں کی طرح ایک گروہ کیوں بن گئے ہیں۔ جس طرح یہودیوں کے لیے سب سے زیادہ اہم چیز فلسطین کا جھگڑا ہے، مسلمانوں کے لیے یہی چیز سب سے زیادہ اہم ہے۔ جس طرح یہود ایک دعوتی گروہ کے بجائے ایک نسل پرست قوم بن چکے ہیں، مسلمان بھی ایک نسلی اور قومی گروپ بن چکے ہیں۔ جس طرح یہودی انتہا پسندوں اور قوم پرستوں اور دیگر فرقوں میں تقسیم ہیں، مسلمان بھی ایسے کیوں ہیں؟

تم ٹھیک کہتے ہو داؤد۔ یہی نہیں بلکہ مسلمان اس وقت بدترین اخلاقی پستی کا بھی شکار ہیں۔ ہمارا حال یہ ہے کہ ہم دنیا بھر میں اسلام کا جھنڈا بلند کرنے کی خواہش رکھتے ہیں، مگر اپنی ذات کی اصلاح کی کوئی سچی خواہش ہم میں نہیں۔ ہم دنیا بھر میں مسلمانوں پر ظلم کے خلاف ہیں لیکن ہمارے ہاں ہر ظلم ہے، ہر تعصب ہے، قتل و غارتگری ہے، مگر ہمیں اس کی فکر نہیں۔ ہمیں بازاروں میں نہ غذا خالص ملتی ہے نہ دوا کے بارے میں یہ گارنٹی ہے کہ یہ ملاوٹ سے پاک ہے۔ کرپشن ہمارے معمولات میں شامل ہے۔ قانون کی خلاف ورزی ہمارا عام چلن ہے۔

ایسے اعلیٰ دین کے پیروکار اتنے پست کیسے ہو سکتے ہیں؟

اس کی وجہ شیطان ہے۔ عبداللہ نے ایک ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے کہا۔

شیطان دنیا کے ہر انسان سے حالت جنگ میں ہے۔ مگر پہلے یہودیوں اور اب مسلمانوں

سے اسے خصوصی دشمنی ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ابتدا میں یہودی امت مسلمہ کے طور پر اللہ تعالیٰ کی ہدایت دنیا تک پہنچانے کے مشن پر مامور تھے۔اُس وقت شیطان کے لیے یہ ضروری ہوگیا تھا کہ اللہ کے اس آلہ کار کو گمراہ کر دیا جائے۔انہیں ہر طرح کی اخلاقی پستی میں مبتلا کر دیا جائے۔ان کے ایمان کا رخ اللہ کے بجائے قوم پرستی اور اپنے تعصّبات کی طرف موڑ دیا جائے۔ چنانچہ شیطانی قوتوں نے پورا زور لگا کر پہلے یہود کو گمراہ کر دیا۔اس کے بعد یہی حیثیت مسلمانوں کو حاصل ہوگئی۔صدیوں کی کوشش کے بعد شیاطین نے مسلمانوں کے ساتھ بھی وہ کر دکھایا جو یہود کے ساتھ کیا تھا۔

یعنی آپ یہود اور مسلمانوں کو بری الذمہ قرار دے رہے ہیں۔

داؤد شاید عبداللہ کی توجیہ کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں تھا۔

شیطان کے بہکاوے میں آنے والا کوئی شخص بری الذمہ نہیں ہوتا۔اس لیے کہ شیطان صرف برائی کو اچھا بنا کر دکھاتا ہے۔وہ وسوسہ ڈالتا ہے۔کسی کو ہاتھ پکڑ کر گمراہی کی طرف نہیں لے جاتا۔قیامت کے دن ایسے لوگوں کو جب پکڑا جائے گا اور وہ واویلا کریں گے تو شیطان صاف کہہ دے گا کہ مجھے ملامت نہ کرو خود کو ملامت کرو۔میں نے تو صرف دعوت دی تھی،تم نے خود میری بات مان لی۔

کیا یہ بات قرآن کریم میں کہی گئی ہے؟

جی ہاں قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ہی نے یہ بتایا ہے۔مگر انسان اپنی کمزوریوں کی بنا پر اس کے فریب میں آجاتے ہیں۔یہی پہلے یہود اور اب مسلمانوں کے ساتھ ہو رہا ہے۔فرقہ واریت اور تعصّبات کے پیچھے انسانی کمزوریاں کارفرما ہیں۔مگر روز قیامت یہ کمزوریاں کوئی عذر نہیں بن سکیں گی۔ ہر شخص کو بتانا ہوگا کہ اس نے سچائی کو چھوڑ کر اپنے تعصّبات کو کیوں اختیار کیے رکھا۔



کیوں ہدایت کے بجائے خواہشات کا راستہ اختیار کیا۔کیوں حلال کو چھوڑ کر حرام میں پڑے۔

عبداللہ ایک لمحے کو خاموش ہوا اور آہ بھر کر بولا۔

مسلمانوں میں سے جو شخص جہاں پیدا ہو جاتا ہے جو شخص جس عالم سے پہلی دفعہ متاثر ہو جاتا ہے، وہ کبھی کسی دوسرے کی بات سننے اور سمجھنے کی زحمت ہی گوارا نہیں کرتا۔ایسے لوگ اپنے تعصّبات کے اسیر ہوتے ہیں اور انہی کو پھیلاتے رہتے ہیں۔حقیقت یہ ہے کہ کوئی متعصب فرقہ پرست اور قوم پرست گروہ دین کی دعوت نہیں دے سکتا۔ یہی اس وقت مسلمانوں کے ساتھ ہو رہا ہے۔ اور یہی کچھ پہلے یہود کے ساتھ ہوا تھا۔وہ راہ ہدایت کی طرف بلانے والوں کے دشمن ہوگئے تھے۔یہاں تک کہ اللہ نے اپنا فیصلہ سنا دیا۔

آپ نے درست کہا۔اللہ کا یہ فیصلہ گویا میں نے اپنی آنکھوں سے خود ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔اپنے کانوں سے اسے گویا خود سنا ہے۔اسی لیے میں آپ سے ملنا چاہتا تھا۔

داؤد نے ایک گہرے تاثر کے ساتھ کہا۔

اسی اثنا میں اسٹڈی کے دروازے پر دستک ہوئی۔ عبداللہ یہ کہتے ہوئے اٹھ گیا۔

آپ کے لیے چائے کا کہا تھا وہ آگئی ہے۔میرے خیال میں چائے پیتے ہوئے آپ بات شروع کیجیے۔

وہ پلٹا تو ہاتھوں میں چائے کی ٹرے تھی۔اس نے چائے داؤد کے سامنے رکھتے ہوئے کہا۔

آپ چائے لیجیے۔میری اہلیہ کے کچھ ملنے والے آئے ہیں۔ان کا کوئی بہت اہم مسئلہ ہے۔ میں تھوڑی دیر میں آتا ہوں۔

آپ اطمینان سے جائیے۔میں چائے پی رہا ہوں۔

----------------

جمیلہ اپنی دونوں بیٹیوں سارہ اور صبا کے ساتھ ناعمہ کے پاس بیٹھی ہوئی تھی۔ سارہ نے اول تا آخر ناعمہ کو اپنا سارا دکھڑا سنا دیا تھا اور اس کے جواب کی منتظر تھی۔ ناعمہ کچھ دیر خاموش رہی۔ پھر بولی۔

مجھے تو سمجھ میں نہیں آ رہا کہ میں آپ لوگوں سے کیا کہوں۔ ٹھہریے میں عبداللہ کو بلاتی ہوں۔ وہ شاید ہماری بہتر رہنمائی کریں۔ اگرچہ اس وقت ان کے ایک بہت اہم مہمان آئے ہوئے ہیں لیکن میں ان سے اصرار کروں گی کہ کچھ وقت آپ کو ضرور دیں۔

ناعمہ عبداللہ کو بلانے کے لیے اٹھ کر چلی گئی تو سارہ اور جمیلہ سنبھل کر بیٹھ گئیں اور اپنے دوپٹوں سے سر اور جسم اچھی طرح ڈھانک لیا۔ البتہ صبا ویسے ہی بیٹھی رہی۔ جمیلہ نے اسے دیکھا کہ اس کا دوپٹہ گلے میں پڑا ہے تو اسے تنبیہ کرتے ہوئے کہا۔

بیٹا دوپٹہ ٹھیک کرو۔ عبداللہ صاحب آ رہے ہیں۔

میں ایسے ہی ٹھیک ہوں۔

صبا نے بے نیازی سے جواب دیا۔

ویسے آپ یہاں بے کار آئی ہیں۔ یہ سارے مولوی ایک جیسے بے کار ہوتے ہیں۔ ہمیں سیدھا چل کر چچی سے بات کرنا چاہیے۔ یہ کوئی اندھیر ہے کہ میری بہن کو وہ بلاوجہ اتنی بے دردی سے ماریں۔

اس کے لہجے میں بے زاری اور غصہ دونوں جمع تھے۔ اس کی بات ابھی مکمل بھی نہیں ہوئی تھی کہ ناعمہ اندر داخل ہوئی۔ اس کے پیچھے عبداللہ سلام کرتا ہوا اندر داخل ہوا۔ جمیلہ اور سارہ سلام کا جواب دیتی ہوئی کرسیوں سے کھڑی ہونے لگیں تو اس نے کہا۔

آپ ہرگز کھڑی نہ ہوں۔ مجھے برا لگے گا۔ دیکھیے یہ بچی بہت پیاری ہے۔ یہ مجھے دیکھ کر



کھڑی نہیں ہوئی۔ ایسا ہی کرنا چاہیے۔

سارہ اور جمیلہ بیٹھ گئیں لیکن ان کے سمجھ میں نہیں آیا کہ کیا جواب دیں۔ عبداللہ کا شکریہ ادا کریں یا صبا کے اس رویے پر معذرت کریں۔ وہ عبداللہ کو دیکھ کر جگہ سے ہلی تک نہ تھی اور اس کے سلام کا جواب بھی نہیں دیا تھا۔ بس سر جھکائے زمین کو تکتی رہی۔

معاف کیجیے گا عبداللہ بھائی! میری بہن اللہ میاں سے کچھ ناراض ہے۔ اب اللہ میاں تو سامنے ہیں نہیں اس لیے وہ آپ کے سامنے ناراضی کا اظہار کر رہی ہے تاکہ آپ اللہ میاں کی طرف سے اس سے بات کر لیں۔

سارہ نے عبداللہ کے سامنے اپنی بہن کی بات رکھ دی۔ اسے خود سے زیادہ بہن کی فکر تھی۔

ناعمہ تو یہ کہہ رہی تھیں کہ غالباً آپ کے ساتھ آپ کے سسرال والوں نے کچھ زیادتی کی ہے۔ آپ اس معاملے میں مشورہ کرنے آئی ہیں۔

عبداللہ نے قدرے حیرت سے دریافت کیا۔

ہاں بیٹا!، جمیلہ نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

مجھ بدنصیب کو تو ہر اولاد کی طرف سے کوئی نہ کوئی مسئلہ ہے۔ ایک بیٹی کی سسرال میں یہ درگت بنی ہے۔ دوسری خدا سے باغی ہو چکی ہے۔ تیسرا بیٹا خدا کا ایسا وفادار ہے کہ ماں کو بدحال چھوڑ کر گھر سے جانے کے لیے تیار بیٹھا ہے۔ میں اپنے دکھوں کی داستان کہاں سے شروع کروں؟

یہ کہتے ہوئے جمیلہ رونے لگی اور دونوں بیٹیاں بے بسی سے اسے دیکھنے لگیں۔

ناعمہ فوراً اٹھ کر اس کے پاس گئی اور گلاس میں پانی لے کر اسے پلانے لگی۔ وہ ایک گھونٹ لے کر بولی۔

بیٹا ہم کیا کریں۔ کہاں جائیں۔ یہ زندگی تو امتحان بن کر رہ گئی ہے۔

عبداللہ نے اس کی بات سن کر اسے دیکھا اور کہا:

آپ نے درست نہیں کہا۔ زندگی امتحان نہیں ہے...... زندگی بہت کڑا امتحان ہے۔

عبداللہ کی بات ابھی پوری طرح ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ صبا کی طنزیہ آواز گونجی۔

ہاں......صرف غریبوں کے لیے۔

کمرے میں موجود ہر شخص نے صبا کے الفاظ سے امنڈتے ہوئے طنز کی شدت کو پوری طرح محسوس کیا تھا۔ ایک لمحے کے لیے خاموشی چھا گئی۔ تھوڑی دیر میں اس خاموشی کو عبداللہ کی ٹھہری ہوئی اور دل میں اترتی آواز نے توڑا۔

مبارک ہیں وہ جو دل کے غریب ہیں کیونکہ آسمان کی بادشاہی ان ہی کی ہے۔

مبارک ہیں وہ جو غمگین ہیں کیونکہ وہ تسلی پائیں گے۔

مبارک ہیں وہ جو صبر کرنے والے ہیں کیونکہ جنت کے وارث وہی لوگ ہوں گے۔

ان الفاظ میں نجانے کیسا اثر تھا کہ جمیلہ اور سارہ دونوں پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیں۔ صبا خاموش رہی، مگر اسے ایسا لگا جیسے عبداللہ کی زبان سے نکلنے والے الفاظ برف کی سل تھے جنہوں نے اس کے وجود کو ٹھنڈک سے بھر دیا ہے۔ اس کے اندر غصے کی جو آگ بھڑک رہی تھی ایک لمحے کے اندر بجھ گئی۔

اس نے خاموشی سے اپنا دوپٹہ سر پر اوڑھ کر باقی جسم اچھی طرح ڈھانک لیا۔

-----------------

رونے کے بعد جمیلہ اور سارہ کا دل ہلکا ہو گیا۔ وہ خاموش ہوئیں تو عبداللہ سارہ سے مخاطب ہوا:



میری بہن روؤ مت اور بتاؤ کیا مسئلہ ہے تمہارا؟

جواب میں سارہ نے اول تا آخر اپنی پوری کہانی عبداللہ کو سنادی۔ وہ چپ ہوئی تو ناعمہ نے کہا۔

مجھے تو اس مسئلے کا کوئی حل سمجھ میں نہیں آتا۔ سارہ آپ کے پیچھے بھی مجھ سے ملنے آئی تھی تو میں نے اسے صبر کی تلقین کی تھی۔ مگر آخر ایسے حالات میں کوئی کیسے صبر کرے؟

عبداللہ نے ناعمہ کو نظر بھر کر دیکھا اور محبت آمیز لہجے میں کہا۔

ناعمہ! تم تو سراپا روشنی ہو۔ لوگوں کو ہر طرح کے حالات میں روشنی دکھایا کرو۔

پھر وہ سارہ کی طرف مڑا اور دریافت کیا۔

آپ کے گھر میں کتنے لوگ ہیں؟

مجھ سمیت چار۔ حمزہ، میرے چچا اور چچی۔ باقی نوکر ہیں۔ ہاں ایک نند ہے، مگر وہ شادی شدہ ہے۔ اسے بھی ملا لیں تو کل پانچ افراد ہیں۔

نہیں آپ پانچ نہیں ہیں۔ اس گھر میں چھ لوگ رہتے ہیں۔

عبداللہ نے بہت اعتماد کے ساتھ کہا۔

سارہ کو یہ بات بہت عجیب لگی۔ اس کے گھر کے افراد کو اس سے زیادہ عبداللہ کیسے جان سکتا ہے۔ سارہ نے پورے اصرار سے اپنی بات دہرائی۔

نہیں بھائی۔ ہم پانچ لوگ ہی ہیں۔ میں، حمزہ، چچا، چچی اور میری نند نبیہہ۔

نہیں۔ اِس وقت اُس گھر میں چھ لوگ ہیں۔ چھٹا شخص شیطان ہے۔

عبداللہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔ سارہ کی سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ کیا کہے۔

دیکھیے انسانوں میں جھگڑے کرانا اور گھروں کو خراب کرنا شیاطین کا محبوب ترین مشغلہ

ہے۔ اس کام کے لیے وہ انسان با آسانی ان کا آلہ کار بن جاتے ہیں جو حسد، نفرت، لالچ، تکبر، ظلم ناانصافی اور ان جیسی دیگر اخلاقی برائیوں کو اپنی شخصیت کا حصہ بناتے ہیں۔ آپ کے گھر میں آپ کی ساس ایسی ہی ایک شخصیت ہیں۔ انہوں نے اپنی کمزوریوں کی بنا پر اس گھر کا دروازہ شیطان کے لیے کھول دیا ہے۔ جس کے بعد وہ مستقل طور پر وہاں بسیرا ڈال کر بیٹھ گیا ہے۔ آپ اگر اس حقیقت کو نہیں سمجھیں گی اور اپنی ساس سے الجھنے کی کوشش کریں گی تو وہاں ایک شیطان اور آجائے گا۔ اس شیطان کو آپ کے شوہر گھر میں لائیں گے۔ پھر آپ دو شیطانوں کا مقابلہ نہیں کرسکتیں۔ بہتر ہے کہ جو شیطان اس وقت موجود ہے، اسی سے لڑ لیجیے اور اسے مار مار کر گھر سے نکال دیں۔ وہ نکل جائے گا تو آپ سکون سے جی سکیں گی۔ ورنہ شیطان ہنستا رہے گا اور آپ ساری عمر روتی رہیں گی۔

میں شیطان کو کیسے مار کر نکالوں۔ وہ تو نظر بھی نہیں آتا۔ پھر اسے مارا کیسے جائے؟

سارہ نے کنفیوز لہجے میں کہا۔

شیطان کو مارنے کا ایک ہی ہتھیار ہے۔ وہ ہے صبر...... صبر ایک تازیانے کی طرح شیطان پر پڑتا ہے اور اسے بری طرح اذیت میں مبتلا کر دیتا ہے۔ اور اگر شیطان کو عام کوڑے کے بجائے آگ کے کوڑے سے مارنا ہو تو پھر اپنی ساس کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں، ان کی ہر زیادتی کے جواب میں اتنی ہی بھلائی کریں۔ وہ ایک گالی دیں تو جواب دینے کے بجائے دس گالیاں شوق سے کھائیں۔ وہ ذلیل کریں تو آپ ان کی عزت کریں۔ وہ برا بھلا کہیں تو آپ محبت سے ان کا جواب دیں۔ شیطان زیادہ عرصے تک تو آگ کے یہ کوڑے نہیں سہہ سکتا۔ میں یقین دلاتا ہوں وہ آپ کے گھر سے بھاگ جائے گا۔ پھر آپ کی ساس ساس نہیں رہیں گی۔ وہ آپ کی ماں بن جائیں گی۔



تو میں اب کیا کروں؟

آپ واپس اپنے گھر جائیں۔ شوہر سے سوری کہیں۔ ساس کے سامنے ہاتھ جوڑ کر ان سے معافی مانگیں۔ آپ دیکھیں گی کہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔

وہ پھر بھی باز نہیں آئیں گی۔ برے لوگ کبھی باز نہیں آتے۔

اس دفعہ صبا نے اپنی ماہرانہ مگر مایوسانہ رائے کا اظہار کیا۔ جمیلہ نے بھی اس کی تائید کی۔

ثمینہ شروع ہی سے ایسی ہے۔ وہ کبھی نہیں بدلے گی۔

دیکھیے آپ لوگ پہلے سے مفروضے قائم نہ کریں۔ آپ صبر کرنے اور یکطرفہ طور پر حسن سلوک کرنے کا فیصلہ کر لیجیے۔ اس عرصے میں جو تکلیف ہو اس پر یہ یقین رکھیے کہ ہر تکلیف کا بدلہ جنت کی نعمتوں کی شکل میں آپ کے لیے لکھا جا رہا ہے۔

ہاں یہ تو ناعمہ باجی نے مجھ کو بتایا تھا۔

سارہ نے جلدی سے ناعمہ کو کریڈٹ دیا۔

وہ تو میں نے ان ہی سے سیکھا تھا۔

ناعمہ نے بھی اپنے شوہر کی طرف فخریہ انداز میں دیکھتے ہوئے وضاحت کر دی۔

عبداللہ نے ان تبصروں سے بے نیاز ہو کر سارہ کو یقین دلاتے ہوئے کہا۔

کچھ عرصے میں تبدیلی آجائے گی۔

اور اگر نہ آئی تو؟ صبا کو ابھی بھی شک تھا۔

پھر آپ لوگ دوبارہ میرے پاس آئیے گا۔ ویسے میں بتا دوں کہ ساس اس رویے سے بدلیں یا نہ بدلیں۔ آپ کے شوہر کبھی آپ سے بدگمان نہ ہوں گے۔ جبکہ دوسری صورت میں ماں کے ظلم کے باوجود وہ ماں کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ اس لیے یقین کیجیے کہ ساس آپ کی ہو یا نہ

ہو،شوہر آپ کا ہو جائے گا۔اور زندگی شوہر کے ساتھ گزرتی ہے ساس کے ساتھ نہیں۔

عبداللہ نے یہ ساری باتیں صبا کی طرف رخ کر کے کہیں تھیں۔اسے اندازہ ہو گیا تھا کہ یہ لڑکی عقلی دلیل سننا چاہ رہی تھی۔اسے سمجھاتے ہوئے عبداللہ نے مزید کہا:

دیکھیے شادی شدہ زندگی میں نئی دلہن کو یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ شیاطین لڑکے کی ماں کو اس خوف میں مبتلا کر دیتے ہیں کہ شادی کے بعد ان کا بیٹا ان کے ہاتھ سے چلا جائے گا۔ بہت سی لڑکیاں عملاً یہی کوشش کرنے بھی لگتی ہیں کہ شوہر پر مکمل قبضہ جمالیں۔وہ یہ نہیں سوچتیں کہ یہ مرد ساری زندگی کسی اور عورت کا بیٹا رہا ہے۔چنانچہ جواب میں ساس زبردست ردعمل کا مظاہرہ کرتی ہیں۔اس لیے بہتر یہی ہے کہ جوائنٹ فیملی میں لڑکیوں کو شوہر کے ساتھ ساتھ ساس کو بھی یہ احساس دلانا چاہیے کہ نئی دلہن کی شکل میں ان کی ایک ہمدرد اور غمخوار اس گھر میں آئی ہے۔آپ اپنی ساس کو یہ احساس دلاتی رہیں۔تھوڑے عرصے میں انشاءاللہ گھر کی فضا بدل جائے گی۔

اور فضا نہیں بدلے تو؟

صبا ابھی بھی اپنے نقطہ نظر پر قائم تھی۔

تو پھر آپ لوگ جو جھگڑا اب کرنا چاہ رہے ہیں وہ بعد میں کر لیجیے گا۔کم از کم یہ پچھتاوہ تو نہیں ہوگا کہ گھر بچانے کی کوشش نہیں کی۔ پہلے گھر جوڑنے کی بھرپور کوشش کیجیے۔یہ ناکام ہو جائے تو گھر توڑنے کے لیے زیادہ محنت نہیں کرنی ہوگی۔وہ خود بخود ٹوٹ جائے گا۔

صبا خاموش ہو گئی۔اسے عبداللہ کی باتوں سے کچھ اطمینان ہوا تھا۔جمیلہ اور سارہ کے چہروں پر بھی سکون کے آثار چھا گئے تھے۔اسی اثنا میں سارہ نے صبا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا:

میری بہن کو بھی کچھ مسئلہ ہے۔اور امی بھائی کے بارے میں بھی بات کرنا چاہ رہی ہیں۔

جی ضرور۔لیکن مناسب ہوگا کہ آپ لوگ ناعمہ سے وقت طے کر کے کل تشریف لائیں۔



اس وقت میرے مہمان آئے ہوئے ہیں۔وہ میرے منتظر ہیں۔

ٹھیک ہے بیٹا۔آپ کا بہت شکریہ آپ نے پہلے ہی ہم کو بہت زیادہ وقت دے دیا۔اللہ آپ کو خوش اور آباد رکھے۔آپ کو لمبی زندگی دے۔اپنے بچوں کی خوشیاں دکھائے۔

جمیلہ نے دل سے عبداللہ کو ڈھیروں دعائیں دے ڈالیں۔سارہ نے بھی دعا دیتے ہوئے کہا۔

بھائی! اللہ آپ کو خوش رکھے۔آپ کی بڑی مہربانی۔آپ کی باتوں نے مجھے دوبارہ زندہ کر دیا۔میں اب اس بات کو یاد رکھ کر واپس جاؤں گی کہ اس گھر میں پانچ نہیں چھ لوگ ہیں اور میرا دشمن چھٹا شخص ہے جسے مار مار کر مجھے اس گھر سے نکالنا ہے۔

عبداللہ نے جواباً ان کا شکریہ ادا کیا اور ان سے اجازت لے کر رخصت ہو گیا۔اس کے جانے کے بعد یہ تینوں بھی کھڑی ہو گئیں۔جمیلہ اور سارہ ناعمہ سے گلے مل کر دروازے سے باہر نکلیں۔جبکہ صبا پیچھے رہ گئی۔ان دونوں کے جانے کے بعد وہ ناعمہ سے گلے ملی اور اس کے گلے لگ کر کہنے لگی۔

ناعمہ باجی! آپ کو شاید نہیں معلوم۔آپ اس دنیا ہی میں جنت میں رہتی ہیں۔

ناعمہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

مجھے پتہ ہے صبا، میں اس دنیا ہی میں جنت میں رہتی ہوں۔

تو پھر میرے لیے بھی دعا کیجیے گا۔اللہ میاں مجھے بھی ایسی ہی جنت عطا کر دیں۔

ناعمہ نے اسے تھپتھپاتے ہوئے کہا۔

میرے جیسی جنت تو شاید کسی کو نہ مل سکے۔لیکن مجھے یقین ہے کہ اللہ میاں تمھیں تمہارے حصے کی جنت ضرور دیں گے۔بس ان سے مانگتی رہو۔

صبا آؤ بیٹی دیر ہو رہی ہے۔

جمیلہ نے باہر سے آواز دی تو صبا ناعمہ سے الگ ہوتے ہوئے بولی۔

اگر اللہ میاں نے معاف کر دیا تو ضرور ان سے مانگوں گی۔

اگلی دفعہ اِن سے ضرور پوچھنا کہ اللہ میاں کتنے مہربان ہیں۔ اِس دور میں اِن سے بڑھ کر شاید اللہ میاں کو اور کوئی نہیں جانتا۔

----------------

کچھ دیر میں عبداللہ لوٹا۔ اس نے واپس آتے ہی پہلا سوال کیا۔

مگر ابھی تک آپ نے یہ نہیں بتایا کہ آپ کو اس باکس میں ایسی کیا تحریریں ملی تھیں جن کی بنا پر آپ مسلمان ہو گئے۔

میں آپ کو اس بارے میں بتاتا ہوں لیکن ایک آخری چیز سمجھ لوں جو میں نے ان تحریروں میں دیکھی ہے۔ یہ چیز اللہ کی پکڑ اور اس کا عذاب ہے۔ میں تو یہودیوں کی تاریخ کے ان واقعات کو حوادث زمانہ سمجھتا تھا۔ مگر جب یہ دیکھا کہ یہودیوں کے عظیم قتل عام کو اللہ تعالیٰ اپنا کام کہہ رہے ہیں، مجھے اللہ تعالیٰ کے حوالے سے سنجیدہ سوالات پیدا ہو گئے ہیں۔

داؤد کی بات سن کر اور اس کے لہجے کی سنجیدگی کو دیکھتے ہوئے عبداللہ کو اندازہ ہو گیا کہ وہ کس قتل عام کی بات کر رہا ہے۔ اس نے قرآن مجید کی روشنی میں اس کے ان سوالوں کے جواب دینا شروع کیے جو داؤد نے ابھی کیے بھی نہیں تھے۔

مجھے نہیں خبر کہ ان تحریروں میں کیا ہے لیکن یہود کی تاریخ میں ان پر تباہی کے دو عظیم واقعات کو قرآن مجید نے سورہ بنی اسرائیل کی ابتدا میں نہ صرف بیان کیا ہے بلکہ اللہ نے یہود کا قتل عام کرنے والے کو اپنا بندہ کہا ہے۔ مطلب یہ نہیں کہ وہ اللہ کے نیک بندے تھے۔ مطلب یہ ہے کہ



اس بساط پر اللہ نے ان کو بطور مہرہ استعمال کر کے بنی اسرائیل کو سخت سزا دی تھی۔

قرآن میں بیان کردہ یہ واقعات کون سے ہیں؟

ایک واقعہ تو وہ ہے جس میں بخت نصر نے یہود کی طبیعت ٹھیک کی تھی۔ یہ متعدد پیغمبروں کی تنبیہات کو جھٹلانے، خاص کر حضرت یرمیاہ کی دعوت کو رد کرنے اور ان کو قید و بند کی سزا دینے کے بعد ہوا تھا۔ دوسرا واقعہ حضرت عیسیٰ کے بعد ہوا۔ یہود نے آپ کا کفر کیا اور آپ کو صلیب دلوانے کی کوشش کی۔ یہ کوشش ناکام گئی مگر اس کے بعد یہود پر رومیوں کے ہاتھوں بدترین تباہی آئی۔

مگر ان واقعات میں لاکھوں یہودی مارے گئے۔ اللہ ایسا کیسے کر سکتا ہے؟

اللہ اپنے بندوں پر ہرگز ظالم نہیں ہے۔ وہ تو بے حد رحیم اور کریم ہستی ہے۔ مگر ان مواقع پر یہود نے بہت فساد برپا کیا تھا۔ انہوں نے جو کچھ کیا تھا وہ اللہ کے خلاف کھلی بغاوت تھی۔ ان کو دنیا تک ایمان کا پیغام پہنچانا تھا۔ مگر اس کے بجائے وہ ایک قوم پرست اور دنیا پرست گروہ بن کر رہ گئے۔ وہ ایمان و اخلاق کی بدترین پستی میں اتر گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو تنبیہ کرنے کے لیے اپنے پیغمبر بھیجے جنھوں نے ان کو صاف بتا دیا تھا کہ انہیں کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا۔ انہوں نے لوگوں کو صاف بتا دیا تھا کہ ایمان، عمل صالح، اخلاق، صبر اور دعوت کو چھوڑنے کی بنا پر ان پر اللہ کی طرف سے سزا مسلط ہے۔ اس سے نکلنے کا واحد راستہ اپنی اصلاح ہے۔ مگر وہ ماننے کے بجائے پیغمبروں کی جان کے درپے ہو گئے۔ انہوں نے پیغمبروں کے خلاف بدترین پروپیگنڈہ شروع کر دیا۔ ان کو جھٹلایا۔ ان کے دشمن ہو گئے۔ بعض کو قتل کر دیا۔ بعض کو بے گھر اور جلا وطن کر دیا۔ اللہ کی طرف سے بھیجے جانے والوں کے خلاف یہ رویہ ناقابل معافی جرم ہوتا ہے۔ جس کے بعد وہ عدل الٰہی میں سزا کے مستحق ہو گئے۔ تاہم ایک دوسرے پہلو سے دیکھیں تو یہ بھی

رحمت الٰہی کا ظہور تھا۔

رحمت کا ظہور؟ یہ کیسی رحمت ہے؟

یہ دو پہلوؤں سے اللہ کی رحمت کا ظہور ہوتا ہے۔ ایک یہ کہ ایسا گروہ انسانی معاشروں میں ایک کینسر زدہ پھوڑے کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے۔ اچھا طبیب وہ ہوتا ہے جو کینسر زدہ حصے کو بروقت آپریشن کر کے نکال دے۔ یہ مریض کی زندگی بچانے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ یہی معاملہ ایسے معاشروں کا ہوتا ہے۔ ان کے خلاف بھی وہی آپریشن ہوتا ہے جو کینسر کے پھوڑے کے خلاف ڈاکٹر کرتے ہیں۔ چنانچہ اس اعتبار سے یہ رحمت الٰہی کا ظہور ہے۔

دوسرا پہلو یہ ہے کہ اس عذاب سے قبل اللہ تعالیٰ اپنے بہترین بندوں کو بھیجتے ہیں جو اس کی طرف سے سخت ترین تنبیہات کرتے ہیں۔ اللہ کا قانون بالکل کھول کر سمجھا دیتے ہیں۔ اتنی واضح بات کرتے ہیں کہ ہر شخص کو سمجھ میں آ جاتا ہے کہ اللہ کیا چاہتا ہے۔ مگر یہ بدبخت اقوام ماننے کے بجائے سمجھانے والوں کی جان کے درپے ہو جاتے ہیں۔ پھر جیسے ایک ماں اپنے بچے کو ظالموں سے بچانے کی کوشش کرتی ہے اور اس عمل میں غصے میں آ جاتی ہے، اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کو ان ظالم قوموں کے شر سے بچاتے ہیں۔ پھر ان لوگوں کو سخت سزا دیتے ہیں جنھوں نے اللہ کی طرف بلانے والوں پر ہاتھ ڈالنے کی کوشش کی ہوتی ہے۔ اب پروردگار تو بہرحال پروردگار ہے۔ ان کا غصہ ان کی ذات کی طرح ہی عظیم ہوتا ہے۔ جس کے بعد اس قوم کی اینٹ سے اینٹ بجا دی جاتی ہے۔ یہی یہود کے ساتھ ہوا تھا۔ تاہم یاد رکھنے کی اصل بات یہ ہے کہ اس طرح کے واقعات اللہ تعالیٰ کا اصل تعارف نہیں۔ اس کا تعارف وہ نعمتیں ہیں جو ہر انسان کو ہر وقت حاصل رہتی ہیں جیسے ہوا کھانا، پانی اور ان گنت دیگر نعمتیں۔ وہ تو بہت رحیم، مہربان، شفقت کرنے والے بلکہ دنیا بھر کی ماؤں سے زیادہ محبت کرنے والی ہستی ہیں۔



لیکن سب لوگ تو قصوروار نہیں ہوتے۔ وہ کیوں زد میں آتے ہیں؟

ان کی موت اور ہلاکت آزمائش کے عام قانون کے تحت ہوتی ہے۔ عام حالات میں بھی روزانہ لاکھوں لوگ مرتے ہیں اور حادثات اور مسائل کا شکار ہوتے ہیں۔ اس کو اسی زاویے سے دیکھنا چاہیے۔ لیکن یاد رکھیے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر لوگوں کو بتا دیا ہے کہ جب امت مسلمہ اپنی ذمہ داری سے غافل ہوتی ہے پھر ان کو اس فتنے سے ڈرنا چاہیے جو گناہ گار و بے گناہ سب کو زد میں لے لیتا ہے۔

عبداللہ ایک لمحے کو رکا اور بولا۔

مسلمان ہونا آسان کام نہیں ہے۔ یہ ایک ذمہ داری کا نام ہے۔ ہر مسلمان کو یہ بات سمجھ لینا چاہیے۔

---------------

شیاطین کا اجلاس ایک دفعہ پھر جاری تھا۔ وہی گہری تاریکی چاروں طرف چھائی تھی۔ مگر اس دفعہ یہ تاریکی صحرا کے بجائے سمندر کی تھی۔ یہ سردار کا خصوصی مستقر تھا جہاں آج اس کے ساتھ صرف زاریوس، سوگویال اور منایوس موجود تھے۔ سردار نے گمبھیر لہجے میں کہا۔

کیا سوچا ہے تم لوگوں نے؟

سردار! میرا خیال یہ ہے کہ عبداللہ ایک انسان ہے۔ عورت مردوں کی سب سے بڑی کمزوری ہوتی ہے۔ ہمیں ایک دفعہ پھر اس راستے سے کوشش کرنا چاہیے۔ اس دفعہ میں خود اپنی نگرانی میں اس پر جال ڈالوں گا۔ عبداللہ کے رابطے میں عورتیں بھی رہتی ہیں۔ میں کسی کو بھی استعمال کر کے اسے پھنسا لوں گا۔

منایوس نے پہل کرتے ہوئے اپنے شعبے کی خدمات پیش کیں۔

منایوس تم غلط نہیں کہتے۔مگر عبداللہ کے معاملے میں یہ ہتھیار بار بار ناکام ہوا ہے۔اب مزید تجربوں پر وقت ضائع کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ناعمہ کا معاملہ الٹا ہمارے گلے پڑ گیا۔ یہ جو لڑکی مارگریٹ تھی،اس کا بھی عبداللہ نے کوئی اثر قبول نہیں کیا بلکہ اس کم بخت نے اس لڑکی تک اسلام کا پیغام پہنچا دیا۔آئندہ بھی اس راستے سے عبداللہ کو گرفت میں لینے کا زیادہ امکان نہیں۔سوگویال تم بتاؤ تمہاری کیا رائے ہے۔

سردار! منایوس کی بات غلط نہیں ہے۔لیکن ان کی صلاحیتوں کا احترام اور دنیا بھر کے انسانوں میں ان کی کامیابی کا اعتراف کرتے ہوئے میں یہ کہوں گا کہ عبداللہ خدا سے گہرے رابطے میں رہتا ہے۔اس رابطے کی بنا پر عبداللہ چوک بھی جائے تب بھی خدا اسے اس گڑھے میں نہیں گرنے دے گا۔ایسے لوگوں کی حفاظت خدا خود کرتا ہے۔اس لیے میرا نہیں خیال کہ یہ طریقہ عبداللہ کو ہمارے قابو میں لا سکے گا۔بہتر یہ ہے کہ ہم عبداللہ کو انانیت کے راستے سے گھیریں۔عورت قریب آتی ہے تو سارے حواس کو خبر ہو جاتی ہے اور عبداللہ جیسے لوگ محتاط ہو جاتے ہیں۔مگر انا اور تکبر ایسی چیزیں ہیں جو انسان کے اندر سے اٹھ کر اس کو اپنے گھیرے میں لے لیتی ہیں اور انسان کو پتہ بھی نہیں چلتا۔مجھے امید ہے کہ میں اس راستے سے باآسانی اس خبیث شخص کو گھیر لوں گا۔

سوگویال نے اپنی خدمات پیش کرتے ہوئے کہا۔اس کے لہجے میں عبداللہ کے لیے شدید نفرت تھی۔تاہم سردار جس کو عبداللہ کے متعلق بہت کچھ معلوم تھا،اس نے سوگویال کی بات کو رد کرتے ہوئے کہا۔

اس بدبخت نے اس کا بھی علاج کر رکھا ہے۔وہ اپنے آپ کو بالکل عام لوگوں کی سطح پر رکھتا ہے۔اس نے جان بوجھ کر اپنی زندگی اس رخ پر ڈھال رکھی ہے کہ لوگوں کو اس کے حلیے، ملنے



جلنے،عبادت و ریاضت کسی پہلو سے کوئی خاص بات محسوس نہیں ہوتی۔اس لیے کسی شخص کو اس میں عظمت کا پہلو ملتا ہی نہیں۔نہ وہ اپنے آپ کو اس طرح کی حیثیت میں پیش کرتا ہے۔کبھی کوئی شخص اس کے علم اور عمل کی تعریف کرے تو وہ کہتا ہے کہ تعریف اللہ کی کرو جو مچھروں کو بھی استعمال کرتا ہے۔وہ خبیث اپنے آپ کو جہنمی سمجھتا ہے۔اپنے کسی عمل کو کچھ نہیں سمجھتا۔خدا سے اس کا تعلق بہت زیادہ گہرا ہے اور خدا سے اس کی محبت انتہائی شدید ہے۔مگر اس کا اظہار کبھی لوگوں کے سامنے نہیں ہوتا۔نہ اس نے خدا سے محبت کا کبھی دعویٰ کیا نہ خود کو کوئی چیز سمجھتا ہے۔ اب تم خود بتاؤ کہ ایسے شخص میں تکبر کہاں سے پیدا کیا جائے؟

سردار غصے سے بلبلا رہا تھا۔اس کے پاس ہر طرف سے رپورٹیں آتی تھیں اور ان کا خلاصہ اس نے حاضرین کے سامنے رکھ دیا تھا۔

مگر سردار انسان اپنے تعصّبات سے بلند نہیں ہوتے،سوگویال نے ایک اور پتہ پھینکا۔

عام لوگ نہیں ہوتے۔مگر وہ ہے۔اس بدبخت کا حال یہ ہے کہ سجدے میں جا کر یہ دعائیں کرتا ہے کہ میرے لیے سچائی ہر چیز سے زیادہ قیمتی ہے۔آپ کی مرضی ہر چیز سے زیادہ اہم ہے۔اگر آپ اس سے راضی ہوں کہ غیر اللہ کی عبادت کی جائے تو میں سب سے پہلے یہ کروں گا۔آپ کی پسند اگر یہ ہے کہ اپنا مذہب چھوڑ دو تو میں اس کے لیے بھی تیار ہوں۔میرا تعصب بھی آپ ہیں اور آپ کے سوا کوئی نہیں۔نہ میری قوم، نہ مذہب، نہ میرے خیالات، نہ میرے علماء نہ میرے اساتذہ۔ اس کا واحد تعصب خدا ہے جس کے لیے وہ کسی سے بھی ٹکرا سکتا ہے اور کسی کو بھی چھوڑ سکتا ہے۔جس شخص کا حال یہ ہو تم کسی صورت اس کو نہیں پکڑ سکتے۔ایسے لوگ غلطی بھی کرتے ہیں تو خدا ان کے غلط کو بھی ٹھیک کر دیتا ہے۔نہ بھی کرے تب بھی غلطی کے بدلے میں بھی انہیں اجر دیتا ہے۔

سردار کے الفاظ نے شیاطین کی مایوسی کو اور گہرا کر دیا۔

-----------------

آپ کی باتوں سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ وہ تحریریں اب دنیا کبھی نہیں دیکھ سکے گی۔

عبداللہ نے گفتگو کا سلسلہ واپس ان تحریروں کی طرف لاتے ہوئے کہا جن کے بارے میں بتانے داؤد اتنی دور سے آیا تھا۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ اب یہ تحریریں کسی کی دسترس میں نہیں رہی ہیں۔ نہ مجھے اس کی کوئی امید ہے کہ یہ کبھی پبلک میں یا ہمارے شعبے کے ماہرین کے سامنے کبھی لائی جائیں گی۔ البتہ میں چونکہ وہ پہلا شخص تھا جس نے یہ باکس دریافت کیا تھا۔ اس لیے میں نے کسی کے علم میں آنے سے قبل ہی اپنے ذاتی ریکارڈ اور ان کی ایک نقل بنانے کے لیے اپنے موبائل سے فوری طور پر ہر تحریر کا تمام ممکنہ زاویوں سے ایک فوٹو کھینچ لیا تھا۔

آپ نے ایسا کیوں کیا۔ آپ کو کس چیز کا اندیشہ تھا؟

عبداللہ نے ذہن میں اٹھنے والا ایک سوال داؤد کے سامنے رکھا۔

اس لیے کہ میں قدیم زبانوں کا ماہر بھی ہوں۔ یہ تحریریں عبرانی اور آرامی زبانوں میں لکھی ہوئی تھیں۔ مجھے جیسے ہی یہ تحریریں ملیں، ان کے متن پڑھنے کے بعد مجھے یہ احساس ہو گیا تھا کہ ان کو کسی طور پر بھی پبلک نہیں کیا جائے گا۔ اس لیے میں نے فوراً اپنے ذاتی ریکارڈ کے لیے ان کو محفوظ کر لیا تھا۔ آپ چاہیں تو میں آپ کو یہ دکھا سکتا ہوں۔

داؤد نے یہ کہتے ہوئے اپنے موبائل فون کو عبداللہ کے سامنے کر دیا۔ اس پر کچھ تصویریں آ رہی تھیں جو کسی اجنبی تحریر کی تھیں۔ مگر آرامی زبان کی یہ تحریر کسی پہلو سے عبداللہ کے لیے قابل فہم نہ تھی۔ داؤد ایک ایک کر کے یہ ساری تصاویر عبداللہ کو دکھانے لگا۔



بہت سی تصاویر دیکھنے کے بعد عبداللہ نے کہا۔

مجھے تو کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا۔

ظاہر ہے کہ آپ آرامی زبان نہیں جانتے۔ اس لیے اب یہ داستان مجھے آپ کو زبانی سنانی ہوگی۔ کیا آپ یہ داستان سننے کے لیے تیار ہیں۔

ضرور۔ مگر کچھ پس منظر بتائیے کہ یہ کس کی داستان ہے؟

یہ تحریریں دراصل ایک ہی خاندان کی ابتدائی اور آخری کڑی کے دو افراد کی لکھی گئی تحریریں ہیں۔ پہلا شخص صدوق ہے۔ جس کے پردادا فارص مسیح علیہ السلام کے زمانے میں موجود تھے۔ وہ ان پر براہ راست ایمان لانے والے تھے۔ انہوں نے صدوق کی فرمائش پر اپنی داستان اسے سنائی جس کا بڑا حصہ اس نے تحریری شکل میں محفوظ کر لیا۔ جبکہ تحریروں کا آخری حصہ ساتویں صدی میں لکھا گیا ہے۔ یہ صدوق کی اولاد میں سے ایک شخص کی تحریر ہے۔ اس شخص نے تحریر میں اپنا نام نہیں لکھا۔ مگر اس کی تحریر یہ بتاتی ہے کہ یہ اس زمانے کی تحریر ہے جب خلافت راشدہ کے زمانے میں اسلام عربوں کے ذریعے سے شام و فلسطین کی سرزمین میں پہنچ رہا تھا۔

پھر تو یہ تاریخی اعتبار سے بہت اہم چیزیں ہیں۔

جی ہاں اس سے بڑھ کر جو کچھ ان میں لکھا ہوا ہے وہ بہت اہم ہے۔ اتنا اہم کہ اس نے مجھے اسلام کو قبول کرنے پر مجبور کر دیا۔ مجھے اسلام کا پیغام کسی مسلمان نے نہیں پہنچایا۔ اسلام براہ راست مجھ تک پہنچا ہے۔ یہ مجھ پر میرے رب کا بڑا فضل ہے۔

داؤد نے شکر گزاری کے احساس سے سرشار لہجے میں کہا۔

وہ کس طرح ...... مجھے بتائیے۔ آپ کو اس تحریر کی کس چیز نے اسلام قبول کرنے پر مجبور کر دیا؟

عبداللہ نے داؤد سے سوال کیا۔ داؤد کی بتائی ہوئی ہر بات اس کے لیے بے حد دلچسپی کا باعث بن چکی تھی۔

-----------------

سردار بری طرح جھنجلایا ہوا تھا۔ اس نے مشورے کے لیے ساتھیوں کو جمع کیا تھا مگر یہاں اسے عبداللہ پر چلانے کے لیے وہ تیر دیے جا رہے تھے جو اس پر بالکل بے اثر تھے۔ منایوس بھی پریشان ہو گیا۔ وہ تنگ آ کر بولا۔

مجھے تو عرب کے پیغمبر پر رشک آتا ہے۔ جس کی امت میں بھی ایسے لوگ پیدا ہو جاتے ہیں۔ ہماری ساری کوشش کے باوجود ایسے دور میں بھی اس کے غلام اس طرح کے لوگ ہیں۔

تم نے عرب کے پیغمبر کو نہیں دیکھا منایوس۔ میں نے دیکھا ہے۔

سردار نے آہستگی سے کہا۔

عجیب شخصیت تھی وہ۔ تم اندازہ بھی نہیں کر سکتے۔ میں اس وقت تمہاری طرح نوجوان تھا۔ ابلیس کی عظمت کے احساس میں گم تھا۔ پھر ایک دن طائف کے بازاروں میں میں نے اسے دیکھا۔ میرے بزرگوں نے طائف کے سارے غنڈوں کو اس کے پیچھے لگا رکھا تھا۔ لوگ پتھر مار رہے تھے۔ گالیاں دے رہے تھے۔ تالیاں پیٹ رہے تھے۔ اس کے پورے جسم سے خون بہہ رہا تھا۔ وہ آگے آگے تھا اور طائف کے سارے غنڈے اس کے پیچھے تھے۔

مجھے بڑا مزہ آ رہا تھا۔ پھر ہم نے دیکھا کہ اچانک چاروں طرف سے فرشتے اتر کر آ گئے۔ ہم سب بری طرح گھر چکے تھے۔ بھاگنے کے سارے راستے بند ہو چکے تھے۔ ہم بے بسی سے موت کا انتظار کرنے پر مجبور تھے۔ فرشتوں کا سردار اس کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ آپ حکم کریں تو سب کو ہلاک کر دیا جائے۔ مگر جانتے ہو اس نے معاف کر دیا۔ ہم سب کو معاف کر دیا۔



سردار بول رہا تھا اور اس کی آواز بالکل بدلی ہوئی لگ رہی تھی۔

پھر فرشتے چلے گئے۔ ہم سب موت سے بچ گئے۔ سارے طائف والے یقینی موت سے بچ گئے۔ اس لمحے میرا دل چاہا کہ میں اس کے قدموں میں جا کر گر جاؤں۔ معافی مانگ لوں۔ مگر......

خاموشی چھا گئی۔ بہت دیر تک خاموشی چھائی رہی۔

میں اپنی جگہ چھوڑ رہا تھا۔ مگر میرے بڑوں نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ مجھے سمجھایا کہ ایک انسان کی غلامی سے بہتر ہے کہ اپنے گروہ کے سردار بنو۔ عزت سچائی سے زیادہ اہم ہوتی ہے۔ میں نے عزت کو چن لیا۔ اسی لیے آج میں تم سب کا سردار ہوں۔

آخری جملہ کہتے ہوئے اس کے لہجے میں رعونت پوری طرح لوٹ آئی تھی۔

-----------------

عبداللہ کے سوال کے جواب میں داؤد کچھ دیر خاموش رہا پھر آہستگی سے بولا۔

مجھے مسیح ابن مریم علیہ السلام نے اسلام قبول کرنے پر مجبور کر دیا۔

عیسیٰ علیہ السلام نے؟ عبداللہ نے حیرت سے کہا۔

ہاں۔ بلکہ میں ایسا کرتا ہوں کہ اس دستاویز کا وہی حصہ سب سے پہلے آپ کو دکھاتا ہوں۔

یہ کہتے ہوئے داؤد تیزی سے اپنے موبائل میں موجود تصویروں کو آگے کرتا گیا اور پھر ایک تصویر پر رک گیا۔

یہ ہے وہ جگہ جہاں صدوق کے پردادا فارص اسے بتا رہے ہیں کہ مسیح نے عرب میں ایک پیغمبر کے آنے کی پیش گوئی کی تھی جو دنیا کا سردار ہوگا۔

تو اس سے آپ نے کیا سمجھا؟

میں یہودی تھا۔ یہودی نہ حضرت عیسیٰ کو نبی مانتے ہیں نہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا رسول مانتے ہیں۔ مگر جب میرے ہاتھ میں ایک ایسی تحریر لگی جو یقینی طور پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت پہلے کی ہے اور اس میں ان کے آنے کی خبر واضح طور پر دے دی گئی ہے تو اس کا صاف مطلب ہے کہ آنے والا بھی برحق ہے اور جو پیش گوئی کر رہا ہے وہ بھی اللہ کا سچا نبی ہے۔ اس طرح میں ایک وقت میں دو پیغمبروں پر ایمان لے آیا۔

مگر جو باتیں آپ نے بیان کی ہیں یہ تو موجودہ انجیل میں بھی موجود ہیں۔

میں انجیل کے متن سے واقف نہیں۔ مگر اتنا جانتا ہوں کہ جو کچھ مجھے ملا تھا وہ تاریخی طور پر انجیل سے کہیں مستند تھا۔ انجیل حضرت عیسیٰ کے کافی عرصے بعد ان لوگوں نے لکھی جو یونانی زبان بولتے تھے۔ یہ انجیل اب ترجمہ در ترجمہ ہو کر دنیا میں موجود ہے۔ جبکہ جو دستاویزات میرے پاس تھیں وہ یقینی طور پر ایک ایسے شخص کا احوال بتا رہی تھیں جو اسی زمانے میں موجود تھا۔ کاربن ڈیٹنگ سے ہم نے تصدیق کر لی تھی کہ یہ تحریر دوسری صدی عیسوی میں لکھی گئی تھی۔ جس کے بعد میرے پاس تو نہ ماننے کی کوئی وجہ ہی نہیں تھی۔ مگر سوال یہ ہے کہ اگر یہ سب انجیل میں بھی موجود ہے تو پھر عیسائی کیوں نہیں مانتے؟

داؤد کے سوال پر عبداللہ نے جواب دیا۔

دراصل مسیحی علماء نے اس پیش گوئی کا مصداق حضرت عیسیٰ کی آمد ثانی کو قرار دے رکھا ہے۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں انجیل میں موجود تمام پیش گوئیوں کا رخ حضور کے بجائے حضرت عیسیٰ کی دوبارہ دنیا میں آمد کی طرف موڑ دیا ہے۔

عجیب بات ہے۔ داؤد نے حیرت میں ڈوبے ہوئے لہجے میں کہا۔

کس چیز پر حیرت ہے؟



اس بات پر کہ جو آپ کہہ رہے ہیں وہ میرے پاس موجود دستاویز کے مطابق بالکل درست ہے۔

وہ کس طرح؟

بہتر ہے کہ میں آپ کو اب یہ پوری داستان سنا دوں۔ کیونکہ اس کو سنے بغیر آپ کو اندازہ نہیں ہوگا کہ جو کچھ آپ کہہ رہے ہیں وہ کس طرح درست ہے۔

بات تو آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں، مگر اب کافی شام ہو چلی ہے۔ آپ پر سفر کی تکان بھی ہوگی۔ کیا بہتر نہیں ہے کہ ہم مزید گفتگو کل کر لیں۔ ابھی کھانا کھاتے ہیں۔ پھر میں آپ کے ہوٹل چل کر آپ کا سامان یہاں لے آتا ہوں۔ میرا غریب خانہ اگرچہ چھوٹا ہے اور شاید بہت آرام دہ بھی نہیں لیکن مجھے خوشی ہوگی اگر آپ یہاں قیام کریں گے۔

نہیں اس تکلف کی کوئی ضرورت نہیں۔ میں ہوٹل میں آرام سے ہوں۔ اور ویسے بھی آپ کے ہاں گھروں میں اکثر لائٹ جاتی رہتی ہے۔ میں اگر یہاں آ گیا تو آپ کو تو شاید خوشی ہوگی، مگر مجھے بہت تکلیف ہوگی۔ اب آپ دیکھ لیں کہ اپنی خوشی چاہتے ہیں یا میرا آرام۔

داؤد نے ہنستے ہوئے بڑی خوبصورتی سے ہوٹل میں اپنے قیام کا جواز پیش کر دیا۔

آپ نے تو کچھ کہنے کی گنجائش ہی نہیں چھوڑی۔ آپ نے ثابت کر دیا ہے کہ ہمارے ملک کے لوگ غریب ہی نہیں ہیں بلکہ اندھیر نگری میں بھی رہتے ہیں۔ چلیے آج رات باہر ہی کھانا کھاتے ہیں۔ پھر آپ کے ہوٹل چلتے ہیں۔

چلیے تو پھر چلتے ہیں۔

یہ کہتے ہوئے داؤد کھڑا ہو گیا۔

-----------------

شیاطین کی گفتگو جاری تھی۔اس پوری گفتگو میں زاریوس نے زیادہ حصہ نہیں لیا تھا۔سردار نے اسے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔

زاریوس تمہاری کیا رائے ہے۔

میرے پاس اس مسئلے کا حل ہے۔

زاریوس نے بہت اعتماد کے ساتھ جواب دیا۔

کیا حل ہے جلدی بتاؤ سردار زاریوس،سوگویال چلا اٹھا۔

ہم عبداللہ کو بہکا نہیں سکتے تو راستے سے تو ہٹا سکتے ہیں۔

زاریوس کی اس بات پر منایوس نے اعتراض کیا۔

محترم سردار! ہمیں انسانوں پر سوائے وسوسہ انگیزی کے کوئی اختیار حاصل نہیں۔میرا نہیں خیال کہ عبداللہ جیسا آدمی ہمارے وسوسوں میں آ کر خودکشی کر لے گا۔

نہیں یہ بات نہیں ہے منایوس۔میرا منصوبہ کچھ اور ہے۔

زاریوس نے اپنی خوفناک پھنکار کے ساتھ کہا۔

اس دنیا میں صرف ہم اور عبداللہ ہی نہیں ہیں۔اور بہت سے لوگ ہیں۔عبداللہ ہمارے قابو میں نہیں آ رہا تو کیا ہوا۔ہم دوسرے لوگوں کو قابو کریں گے۔ہم لوگوں کو اس کے خلاف اٹھائیں گے۔لوگوں کے دلوں میں شکوک،بدگمانی،وسوسے پیدا کریں گے۔ہم اس کے خلاف زبردست مہم چلوائیں گے۔جو لوگ عبداللہ کے ساتھ کھڑے ہیں،ہم ان کے دلوں میں وسوسے ڈال کر انہیں بھی اس کے خلاف کر دیں گے۔اور جو لوگ اس کے ساتھ نہیں ان کو پوری طرح استعمال کر کے ہم اس کے خلاف ایک آگ لگا دیں گے۔

کیا بات ہے زاریوس تمہاری۔میرے ذہن میں بھی آخری حل یہی تھا۔سردار خوشی سے



بولا۔اب یہ نہیں خبر کہ اس حل کو اپنا قرار دینے میں اس کے پیش نظر حقیقت کا بیان تھا یا یہاں بھی وہ اپنی عزت بچا رہا تھا۔

سوگویال نے بھی زاریوس اور سردار کی تائید کرتے ہوئے پرعزم لہجے میں کہا۔

آج کے مسلمانوں کو اس پہلو سے اغوا کرنا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔یہ لوگ ہر سنی سنائی بات بغیر تصدیق کے آگے پہنچاتے ہیں۔جھوٹ،الزام،بہتان،جھوٹے فتوے،گروہی عصبیت اور فرقہ واریت کے اسیر یہ لوگ ہمارا آسان نشانہ ہوں گے۔ان میں انسانی جان کی حرمت کا کوئی احساس نہیں ہے۔یہ لوگ بہت آرام سے عبداللہ کے قتل پر آمادہ ہو جائیں گے۔

بالکل۔تم لوگ ایسی آگ لگاؤ کہ لوگ اسے برا بھی سمجھیں اور اس کے قتل پر آمادہ بھی ہو جائیں۔لوگ اسے برا سمجھیں گے تو اس کی کوئی بات آگے دوسروں تک نہیں پہنچائیں گے۔اور جب اسے قتل کر دیا جائے گا تو ہمارا دوسرا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔

دوسرا مسئلہ؟

منایوس نے سوالیہ انداز سے سردار کو دیکھا۔

کیا تم بھول گئے کہ مغرب میں مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کا مسئلہ بھی حل کرنا ہے۔ورنہ اسلام کی دعوت ان اقوام کو فتح کر لے گی جن کے ذریعے سے ہم دنیا کو کنٹرول کر رہے ہیں۔

ہاں اس مسئلے کا کیا حل ہے؟

اس کا حل میں نے سوچ لیا ہے۔

سردار نے پراعتماد لہجے میں کہا۔

وہ کیا؟

اس دفعہ زاریوس نے سوال کیا۔

ایک بہت بڑی جنگ ۔ ایک عظیم جنگ ۔جس میں کروڑوں اربوں لوگ مارے جائیں ۔ ایک ایسی جنگ جس میں جدید کمیونیکشن پر مبنی انفارمیشن ایج تباہ ہوجائے ۔اس جنگ کے بعد دنیا میں مسلمان بہت کم رہ جائیں گے ۔ اور ساتھ ہی وہ ذرائع ہی ختم ہوجائیں گے کہ عالمی طور پر اسلام کی دعوت پوری دنیا میں پہنچائی جاسکے ۔ چنانچہ نہ پوری دنیا پر ایک ساتھ حجت پوری ہوگی نہ خدا کا یہ منصوبہ کامیاب ہوگا کہ وہ قیامت کو برپا کرے ۔

کیا ذہن ہے آپ کا سردار ۔ کیا سوچ ہے آپ کی ۔مزہ آ گیا ۔

منایوس نے جی بھر کے سردار کو داد دی ۔

مگر اتنی بڑی جنگ ہوگی کیسے؟

زاریوس نے سوال کیا ۔

دیکھو اس کے لیے سب سے پہلے تو عبداللہ اور اس جیسے لوگوں کو ہم چن چن کر انسانوں کے ہاتھوں مروائیں گے ۔جس کے بعد خدا لازمی طور پر ان کا انتقام لے گا ۔جس طرح اس نے بنی اسرائیل کے نبیوں کا انتقام لیا تھا ۔ وہ عبداللہ کا بھی انتقام لے گا ۔ہمیں معلوم ہو چکا ہے کہ خدا عبداللہ کو اپنے کام کے لیے استعمال کر رہا ہے ۔ وہ اس کا بدلہ ضرور لے گا ۔خدا جب اپنے محبوب بندوں کا انتقام لیتا ہے تو پوری پوری قومیں تباہ کر دی جاتی ہیں ۔گویا کہ اس پہلو سے ہماری منشا اور خدا کی منشا ایک ہی ہوجائے گی ۔

لیکن ہم اپنی منشا کو کیسے پورا کریں گے؟

زاریوس ابھی بھی شک میں پڑا ہوا تھا ۔سردار نے اسے سمجھانا شروع کیا ۔

دیکھو ۔خدا نے اس سے پہلے جب یہود پر عذاب نازل کیا تھا تو آسمان سے آندھی یا طوفان نہیں آیا تھا ۔ بلکہ دوسری بت پرست اور مشرک اقوام کو ان پر غلبہ دے دیا تھا ۔ اور پھر انہی کے



ذریعے سے ان پر شدید عذاب مسلط کیا گیا تھا ۔مسلمانوں کے بارے میں بھی خدا کا طریقہ یہی ہے ۔ان پر بھی جنگوں اور دوسری اقوام کے غلبے کی شکل میں عذاب مسلط ہوگا ۔

وہ تو ابھی بھی ہو رہا ہے ۔مگر ہم وہ عذاب کیسے برپا کروائیں گے جس کے نتیجے میں بہت بڑے پیمانے پر تباہی ہوگی؟

سوگویال کے سوال پر سردار کی شیطانی نگاہوں سے ایک پراسرار شعلہ لپکا اور سردار کی ابلیسی آواز ماحول میں گونجنے لگی ۔

ہم یہ جنگ نظریات سے بھڑکائیں گے ۔اتنی بڑی تباہی نظریات کے ذریعے ہی سے لائی جاسکتی ہے ۔

وہ تینوں نہ سمجھنے والے انداز میں سردار کو دیکھتے رہے ۔سردار نے اپنی بات سمجھانا شروع کی ۔

خدا نے اسلام کو پوری دنیا میں پھیلانے کے لیے دو پہلوؤں سے اہتمام کیا ہے ۔ایک اس نے مغربی ممالک میں یہ تصور عام کرادیا کہ مذہب فرد کا معاملہ ہے ۔ چنانچہ آج مغرب میں کوئی شخص مسلمان ہوتا ہے تو مغربی حکومتیں اس معاملے میں مداخلت نہیں کرتی ۔ جبکہ اس سے پہلے ہم لوگ ریاست کی طاقت کو ہمیشہ نبیوں کی دعوت کے خلاف استعمال کرتے رہے ہیں ۔ دوسری طرف خدا نے ایسے حالات پیدا کیے کہ مغربی ممالک اپنی ترقی کے لیے مجبور ہیں کہ مسلمانوں کو بطور مہاجر اپنے ہاں بلائیں ۔ چنانچہ وہ اپنے ساتھ اسلام کی دعوت بھی ساتھ لے جاتے ہیں ۔ یہ صورتحال یونہی رہی تو ایک صدی میں ہمارے مرکز یعنی مغربی ملکوں میں اسلام پھیل جائے گا ۔

یہ تو بڑی خوفناک بات ہوگی ۔

سردار کی بات پر منایوس نے خوفزدہ لہجے میں کہا ۔

مگر اب ایسا نہیں ہوگا۔ ہم مسلمانوں میں ایسے لوگ پیدا کر چکے ہیں جو اسلام کی دعوت پرامن طور پر پھیلانے کے بجائے اسلام کے نام پر خوف و دہشت پھیلانے میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ جو اسلام کی دعوت کے فروغ کے بجائے مغربی ریاستوں سے ٹکرانے اور ان سے لڑ کر اقتدار چھین لینے میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ یہ چیز مغربی حکومتوں اور معاشروں میں شدید ردعمل پیدا کرے گی۔ چنانچہ وہ لوگ آہستہ آہستہ اسلام اور مسلمانوں سے شدید نفرت میں مبتلا ہو جائیں گے۔ یوں جنگ کی آگ بھڑک اٹھے گی۔ اور اس آگ کو بھڑکانے میں ایک اور نظریہ ہماری مدد کرے گا۔

کون سا نظریہ میرے آقا؟

منایوس نے دریافت کیا۔ سردار نے اسے دیکھتے ہوئے جواب دیا:

سنو! اس وقت ساری دنیا کے مذہبی لوگ۔ خاص کر اہل کتاب کے تمام گروہ ایک عظیم جنگ یا آرمیگڈون کا انتظار کر رہے ہیں۔ ہر شخص اپنے اپنے مسیح کا منتظر ہے۔ یہود کا مسیح ان کے خیال میں جب آئے گا تو مسلمانوں اور عیسائیوں اور دیگر اقوام کو ختم کر دے گا۔ یہی کام عیسائیوں کا مسیح موعود بھی کرے گا۔ وہ یہود اور مسلمانوں کو ختم کر کے باقی دنیا کو عیسائی بنا دے گا۔ مسلمان بھی ایسے ہی مسیح کا انتظار کر رہے ہیں جو یہود و نصاریٰ کو ختم کر کے ساری دنیا کو مسلمان بنا دیں گے۔

بلکہ مسلمان تو دو دو مہدیوں کا بھی انتظار کر رہے ہیں۔

زاریوس نے ہنستے ہوئے کہا۔

ایک شیعہ مہدی جو آ کر باقی دنیا کے ساتھ سارے سنیوں کو بھی ختم کر دے گا۔ ایک سنی مہدی جو آ کر باقی دنیا کے ساتھ ساری شیعہ آبادی کا بھی خاتمہ کر دے گا۔



بالکل صحیح۔ اب ہر گروہ مکمل جنگ کے لیے بھی تیار ہے اور دوسرے گروہ کو بے رحمی سے قتل کرنے اور ختم کرنے کے لیے بھی ذہنی طور پر تیار ہے۔ ہمیں صرف جنگ کی آگ بھڑکانی ہے۔ یہ سب ایک دوسرے کو ختم کر ڈالیں گے۔ اس کوشش میں کروڑوں اربوں لوگ اور پوری دنیا کا نظام تباہ و برباد ہو جائے گا۔ ایسی تباہی ہوگی جس کا کوئی تصور نہیں کیا جا سکتا۔

اس پر سب لوگ زوردار قہقہے لگا کر دیر تک ہنستے رہے۔

مگر سردار! سوال یہ ہے کہ کیا اس کا امکان نہیں کہ اس موقع پر کوئی سچا مسیح واقعی آ گیا تو کیا ہوگا؟

تمہاری اطلاع کے لیے عرض ہے کہ سچا مسیح پہلے بھی آیا تھا۔ بھول گئے یروشلم کے مسیح ناصری کو۔ اس نے ہمارا کیا بگاڑ لیا جواب دوبارہ ہمارا کچھ بگاڑے گا۔ ہم یروشلم کی تاریخ پھر دہرا دیں گے۔

سردار نے ایک بھیانک قہقہہ لگا کر جواب دیا۔

مگر سردار میرا اشارہ مسلمانوں کی طرف ہے۔ مسلمانوں کی اکثریت کو یقین ہے کہ ان کے پیغمبر نے مسیح کے آنے کی پیش گوئی کی ہے۔ وہ آ کر ان کو پوری دنیا میں غالب کرے گا۔

دیکھو وہ مسیح آئے گا یا نہیں، یہ تو میں نہیں جانتا۔ مگر میں خدا کو جانتا ہوں۔ اس کی سنت اور قانون کو جانتا ہوں۔ جو قومیں اخلاق میں پست ہوں اور ایمان کے بجائے تعصب اور فرقہ واریت کی اسیر ہوں، خدا کبھی ان کو دنیا میں غالب نہیں کرتا۔ یہ کام نہ اس نے کبھی پہلے کیا ہے اور اطمینان رکھو نہ کبھی آئندہ کرے گا۔ سو مجھے یہ بتاؤ کہ اس وقت مسلمان اخلاقی طور پر کیسے ہیں؟ خدا کی مرضی پر ایمان و اخلاق کی زندگی گزار رہے ہیں یا پھر ہمارے نقش قدم پر ہیں؟

اس وقت تو ہمارے نقش قدم پر ہیں۔

تینوں نے بیک وقت جواب دیا۔

تو بس اس بارے میں بالکل بے فکر ہو جاؤ۔ ابھی اس کا کوئی امکان نہیں کہ خدا کی نصرت مسلمانوں کے لیے کوئی بھی قدم اٹھائے گی۔ اس وقت تو خدا بس عبداللہ جیسے کیڑے مکوڑوں کو بھیجتا رہتا ہے کہ وہ لوگوں کو سمجھائیں۔ اور اس حقیر کیڑے کا علاج ہم طے کر چکے ہیں۔

ایک زوردار قہقہہ پھر بلند ہوا۔ قہقہے کا طوفان تھما تو سوگویال نے شاطرانہ انداز میں کہا:

سردار کیوں نہ ہم اپنی طرف سے کچھ لوگوں کو مسیح اور مہدی بنا کر بھیج دیں۔ اس کے ذریعے سے جنگ کی آگ بھڑکانا بہت آسان ہو جائے گا۔

یہ تو ہم کرتے رہتے ہیں۔ پہلے بھی کیا ہے۔ اور اب بھی کریں گے۔ یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ اس کو بھی دیکھ لیتے ہیں۔ مگر اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں عرب کے پیغمبر کا اصلی دین پوری دنیا میں پہنچنے سے ہر صورت میں روکنا ہے۔ اسی پر ہماری زندگی کا انحصار ہے۔ ہمیں اسلام کی دعوت کو موت کی نیند سلانا ہوگا۔ چاہے اس کے لیے زمین میں کتنی ہی تباہی مچانی پڑے۔ چاہے اس کے لیے کوئی بھی فساد اٹھانا پڑے۔ ہر حال میں ہمیں یہ کام کرنا ہوگا۔

یہ کہتے ہوئے سردار نے زاریوس کو مخاطب کیا۔

زاریوس! تم عبداللہ کا محاذ سنبھالو۔ اس کی قوم کے لوگوں اور مذہبی لیڈرشپ کو اس کے خلاف اٹھا کر اسے قتل کروانا تمہاری ذمہ داری ہے۔

جو حکم میرے آقا۔

منایوس!

جی سردار!

تم مسلمانوں، یہود اور عیسائی تینوں میں یہ مہم پھیلانا شروع کر دو کہ مسیح کی آمد کا وقت ہو گیا



ہے۔ اور ان کے آنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ پہلے مرحلے میں علاقائی سطح پر جنگیں شروع ہو جائیں خاص کر مسلمانوں کے علاقوں میں جنگیں ہونا مسیح کی آمد کی تیاری کے لیے ضروری ہیں۔ جتنا زیادہ خون خرابہ ہوگا اتنی ہی مسیح کی آمد یقینی اور جلدی ہوگی۔ اس کے لیے ہر ذریعہ اختیار کرو۔ لوگ ایسی باتیں بہت خوشی اور مزے سے سنتے ہیں۔ لکھنے اور بولنے والوں کو اس پر تیار کرو کہ وہ آنے والی جنگ کے بارے میں جھوٹی سچی ہر طرح کی باتیں ہر جگہ پھیلا دیں۔

پھر وہ ہنستے ہوئے بولا۔

یہ لوگ جنگ کو بڑے مزے کی چیز سمجھتے ہیں۔ اس لیے بڑی خوشی سے جنگ کا انتظار کر رہے ہیں۔ ان کو ذرا مزہ چکھاؤ کہ جنگ کیا ہوتی ہے۔ ایٹمی جنگ کیا ہوتی ہے۔ میزائلوں کی بارش کیا ہوتی ہے۔ زہریلی گیسیں کیا ہوتی ہیں۔ نوجوان، بچوں اور مرد و عورت کی لاشیں کیسی ہوتی ہیں۔ مردار کی بدبو، زخموں سے رستا خون، زخمیوں کی سسکیاں، بے کسوں کی آہیں، مرنے والوں کے لواحقین کا بین اور تباہ و برباد شہر کیسے ہوتے ہیں۔

پھر اس نے سوگویال کا رخ کر کے اسے پکارا:

سوگویال!

جی میرے آقا!

تم اہل مغرب کو اپنا نشانہ بناؤ۔ ان کے دل میں مسلمانوں کا خوف پیدا کرو۔ ان کو یہ یقین دلاؤ کہ اسلام کچھ ہی عرصے میں ان کے ملکوں کو ایسے کھا جائے گا جیسے عرب کے پیغمبر کے بعد مشرق وسطی اور ہر جگہ ایرانی، رومی اور مسیحی تہذیب کو کھا گیا تھا۔ ان کو اعداد و شمار سے یہ یقین دلاؤ کہ مغربی اقوام کی شرح پیدائش اتنی کم ہے کہ کچھ ہی عرصے میں وہ ختم ہو جائیں گے اور صرف مسلمان باقی بچیں گے۔ خاص کر مغرب کے انتہا پسندوں، دائیں بازو کے لوگوں، مذہبی لیڈروں

کو اس پر تیار کرو کہ وہ مسلمانوں سے فیصلہ کن جنگ کے لیے تیار ہو جائیں۔ انہیں سمجھاؤ کہ ایٹم بم استعمال کرنا اب ضروری ہو چکا ہے تاکہ مسلمانوں کی تعداد کو دنیا میں کم سے کم کر دیا جائے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ لوگ جو جنگ چاہ رہے ہیں وہ ان پر مسلط کر دی جائے۔ اس کے ساتھ مسلمانوں میں ایسے گروہوں کو طاقت ور بناؤ جو مغرب سے ٹکرا کر اسے ختم کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے ذریعے سے مغرب کی عام آبادیوں اور عام لوگوں پر حملے کراؤ تاکہ اہل مغرب کو جوابی حملے کا جواز مل جائے۔

زاریوس!

حکم میرے آقا!

تم ایک کام اور کرو۔ مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں کی باہمی جنگوں کو فروغ دو۔ شیعہ مسلمانوں میں صور پھونکو کہ ان کے مہدی کی آمد سے پہلے ضروری ہے کہ مسلمانوں کے دو مقدس شہروں مکہ اور مدینہ اور عرب کے دیگر علاقوں پر ان کا قبضہ ہو جائے۔ سنی مسلمانوں میں یہ سوچ عام کر دو کہ شیعہ کافر ہیں اور ان کا قتل عام ضروری ہے۔

حکم کی تعمیل ہو گی۔

اب ان سب میں آپس میں خوفناک جنگ چھڑ جائے گی۔ مگر ان میں سے کوئی نہیں جیتے گا۔ جیتیں گے صرف ہم۔ ہم ہی اس جنگ کے اصل فاتح ہوں گے۔ سردار زور سے چلایا۔

ابلیس کی جے ہو۔

تینوں نے جوابی نعرہ بلند کیا۔

ابلیس کی حکومت ہمیشہ رہے گی۔

----------------



حمزہ جمیلہ کے گھر آیا ہوا تھا۔ سارہ نے اسی دن اسے فون کر کے بلا لیا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ سارہ کچھ ناراض ہو گی یا جمیلہ اس سے کچھ کہے گی۔ مگر ایسا کچھ نہیں ہوا۔ جمیلہ اس سے ایسے ملی جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔ ان سب نے بڑی خوش دلی سے اس کا استقبال کیا۔ کچھ دیر بیٹھ کر دونوں اپنے گھر روانہ ہو گئے۔ گاڑی میں بیٹھتے ہی سارہ نے حمزہ سے کہا:

مجھے آپ سے معافی مانگنی ہے۔ آپ ٹھیک کہہ رہے تھے۔ مجھے چچی سے ایسے بات نہیں کرنی چاہیے تھی۔ آپ سے بھی بحث نہیں کرنا چاہیے تھی۔

نہیں بھئی زیادتی تو تمہارے ساتھ ہوئی تھی۔ اور میں تو بس یہ سمجھا رہا تھا کہ امی سے الجھنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ وہ کسی کی نہیں سنتیں۔ ابو بھی ان کے سامنے کچھ نہیں بول سکتے۔

آپ بالکل ٹھیک کہہ رہے تھے۔ بس اس وقت مجھے آپ کی بات سمجھ میں نہیں آئی۔ مگر میں اب یقین دلاتی ہوں کہ آپ کو مجھ سے کبھی کوئی شکایت نہیں ہو گی۔

میں بھی امی سے بات کروں گا کہ آئندہ وہ تم پر ہاتھ نہ اٹھائیں۔ نہ تم کو برا بھلا کہیں۔

نہیں نہیں۔ اب آپ کچھ مت بولیے گا۔ آپ ان سے بات کریں گے تو ہمارے گھر کا چھٹا شخص حرکت میں آ جائے گا۔ میں ان سے خود معاملہ کر لوں گی۔

یہ چھٹا شخص کون ہے۔ حمزہ نے حیرت سے کہا۔

آپ نہیں جانتے۔ سارہ نے ہنستے ہوئے کہا۔

چلو چھوڑو تم ہنستی رہا کرو۔ ہنستے ہوئے تم اچھی لگتی ہو۔

سارہ ہنستی رہی۔ وہ سوچ رہی تھی کہ عبداللہ صاحب کی بات ٹھیک تھی۔ کم از کم اس کی گاڑی سے تو چھٹا شخص رخصت ہو گیا تھا۔ اب اسے گھر سے بھی اس چھٹے شخص کو نکالنا تھا۔

----------------

سارہ حمزہ کے ساتھ گھر کے اندر داخل ہوئی تو اس کی ساس حسب معمول لاؤنج میں بیٹھی تھی۔اس کے چچا شفقت بھی وہیں موجود تھے۔اس نے اندر آتے ہی پہلے چچا کو سلام کیا اور ان کے سامنے سر جھکا دیا۔انہوں نے جس بری طرح اپنی بھتیجی کو اپنی بیوی کے ہاتھوں پٹتے دیکھا تھا، اس کے بعد ان کا دل اس کے لیے پہلے ہی بہت نرم تھا۔انہوں نے بڑی محبت سے اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر دعا دی۔اس کی ساس نے دور سے یہ منظر دیکھا اور نفرت سے منہ پھیر لیا۔

سارہ نے ساس کو دیکھا۔وہ سسر کے پاس سے سیدھی ساس کے پاس گئی اور ان کے قدموں میں بیٹھ کر ان کے دونوں ہاتھ پکڑ لیے۔انہوں نے ہاتھ چھڑانے چاہے مگر وہ زور سے پکڑ کر بولی۔

چچی مجھے معاف کر دیں۔مجھ سے بڑی غلطی ہو گئی۔میں نے آپ سے اونچے لہجے میں بات کی۔میں آپ کو آئندہ کبھی شکایت کا موقع نہیں دوں گی۔

ساس نے اسے کوئی جواب نہیں دیا اور بیٹے سے مخاطب ہو کر بولیں۔

تمہاری مجال کیسے ہوئی اس بدذات کو میرے گھر میں لانے کی۔میں نے تم کو منع کیا تھا کہ یہ اس گھر میں دوبارہ نہیں آئے گی۔

چچی یہ مجھے نہیں لائے میں خود آئی ہوں۔آپ سے معافی مانگنے۔آپ مجھے بس ایک دفعہ معاف کر دیں پھر میں خود یہاں سے چلی جاؤں گی۔

حمزہ کے بجائے سارہ نے کہا اور پھر ساس کے پاؤں پکڑ کر رونے لگی۔ساس کی سمجھ میں نہیں آیا کہ اب وہ کیا کرے۔اس نے زبردستی سارہ کی گرفت سے خود کو چھڑایا اور یہ کہتے ہوئے اپنے کمرے کی طرف چل پڑی۔

اس کی ماں اسے ایک دن بھی نہیں رکھ سکی۔ڈرامہ بازی سکھا کر واپس بھیج دیا۔



حمزہ اور شفقت دونوں اسے پاؤں پٹختے ہوئے کمرے کی طرف جاتا دیکھتے رہے۔حمزہ سارہ کے پاس آیا اور اسے زمین سے اٹھاتے ہوئے اپنے والد سے کہا۔

ابو!امی بہت زیادہ زیادتی کر رہی ہیں۔

ہاں بیٹا میں بھی دیکھ رہا ہوں۔مگر تم پریشان نہ ہو۔ابھی وہ غصے میں ہے۔ایک آدھ دن میں وہ ٹھیک ہو جائے گی۔تم سارہ کو اپنے کمرے میں لے جاؤ۔یہ کہیں نہیں جائے گی۔اِسی گھر میں رہے گی۔

شفقت نے سخت لہجے میں اپنا حتمی فیصلہ سنا دیا۔

----------------

میں آپ کی خوشی کے لیے آپ کی بھتیجی کو اس گھر میں برداشت نہیں کر سکتی۔اس نے میرے ساتھ بہت بدتمیزی کی تھی۔اب میں اس ڈائن کو کیسے اس گھر میں آنے دوں۔

ثمینہ کی اس بات پر شفقت کو لمحے بھر کے لیے بہت غصہ آیا،مگر وہ خاموش ہو گئے۔وہ کافی دیر سے ثمینہ کو سمجھانے کی کوشش کر رہے تھے مگر وہ مان کر نہیں دے رہی تھی۔آخر کار وہ نرمی سے بولے۔

دیکھو بیگم!تم بھی جانتی ہو کہ سارہ نے تم سے ایسے بات کی تو اس کی وجہ تھی۔اس کے بعد جو تم نے اس کے ساتھ کیا وہ میری آنکھوں دیکھی بات ہے۔مگر تم پھر بھی ناراض تھیں تو بہرحال وہ تم سے پاؤں پکڑ کر معافی مانگ چکی ہے۔اگر تم اسے گھر سے نکالو گی تو یاد رکھنا وہ میری بھتیجی سے بڑھ کر اب تمھارے اکلوتے بیٹے کی بیوی ہے۔وہ اس زیادتی کو دیکھ کر تم سے ساری زندگی کے لیے بدگمان ہو جائے گا۔جو جنگ تم نے شروع کی ہے،اس کا پہلا نشانہ یقیناً تمھاری بہو بنے گی۔لیکن دوسرا نشانہ تم خود بنو گی اور وہ بھی اپنے بیٹے کے ہاتھوں......

شفقت نے ثمینہ کا کمزور پہلو اس کے سامنے رکھ دیا۔ بہو سے لاکھ دشمنی سہی، بیٹا بہر حال ثمینہ کو بہت عزیز تھا۔ وہ خاموشی سے کچھ سوچنے لگیں۔

-----------------

اگلے دن داؤد ایک دفعہ پھر عبداللہ کے ساتھ اس کی اسٹڈی میں موجود تھا۔ چائے سے فارغ ہو کر عبداللہ نے اس سے کہا۔

میرا خیال ہے اب آپ اطمینان سے اپنی وہ داستان شروع کر سکتے ہیں جس کا کل آپ نے ذکر کیا تھا۔

جی! میں عرض کرتا ہوں۔ پہلے میں آپ کو صدوق اور اس کے پردادا فارص کی داستان سناؤں گا۔ یہ داستان صدوق نے اپنی اگلی نسلوں کے لیے لکھی تھی۔ یہ ان کے پردادا فارص سے متعلق ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے بتایا تھا کہ فارص حضرت عیسیٰ پر براہ راست ایمان لانے والے ایک شخص تھے۔

جی مجھے یاد ہے۔ آپ شروع کیجیے۔

یہ اس وقت کی داستان ہے جب رومیوں کے خلاف یہودیوں کی پہلی بغاوت کے بعد یہودی تباہ و برباد ہو چکے تھے۔ مگر یہودی سنبھلنے کے بجائے اگلی بغاوت کی تیاری کر رہے تھے۔ اسی زمانے میں صدوق کے پردادا فارص اس کے ہاں آئے۔ اسی کی تفصیل اس داستان میں بیان ہوئی ہے۔

یہ پس منظر بیان کر کے داؤد دستاویز پر لکھی اس داستان کو بیان کرنے لگا۔

-----------------

میرا نام صدوق ہے۔ مجھے نہیں خبر کہ میں جو کچھ جانتا ہوں اسے کیوں لکھ رہا ہوں۔ اتنی محنت



کا کیا فائدہ ہوگا۔ مگر شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ میرے پردادا نے مجھے جو کچھ بتایا ہے اس نے آج موجود بہت سے حقائق کے بارے میں میری آنکھیں کھول دی ہیں۔ میں اس داستان کو محفوظ کرنا چاہتا ہوں تاکہ شاید بعد میں یہ کسی اور کی آنکھیں کھولنے کا سبب بن جائے۔

میرا تعلق ایک ربی (یہودی عالم) خاندان سے ہے۔ میرے باپ دادا اور پردادا سب یہودی عالم تھے۔ جس دور میں ہم زندہ ہیں وہ ہماری تاریخ میں مصیبت اور بدبختی کا سب سے بڑا دور ہے۔ شاید بلکہ یقیناً جس ہستی کو مسیح عیسیٰ ابن مریم کہا گیا تھا اس کی بات بالکل درست ہے۔ ہم اس وقت میں زندہ ہیں جب بانجھ عورتیں خود کو خوش نصیب سمجھتی ہیں۔ اور جو حاملہ ہیں اور دودھ پلانے والیاں ہیں وہ مسیح کے الفاظ میں قابل افسوس ہیں۔ کیونکہ انہوں نے اپنے سامنے اپنے بچوں کو مرتا ہوا دیکھا ہے۔

میں اپنے باپ دادا کی طرح ابن مریم کو جھوٹا اور جادوگر ہی سمجھتا تھا۔ اپنے سارے مصائب کا حل یہی سمجھتا تھا کہ ہم رومیوں کو اپنے ملک سے نکال دیں۔ کیونکہ یہ ہم پر بدترین ظلم کر رہے تھے۔ مگر ایک روز میرے خیالات بالکل بدل گئے۔ جب میں نے اپنے دادا کے پاس ایک بہت بزرگ شخص کو دیکھا جو ان سے ملنے آئے تھے۔ میرے دادا ان بزرگ کو چچا کہہ کر مخاطب کر رہے تھے۔ وہ دن وہ لمحہ مجھے آج کئی برس گزرنے کے بعد بھی یاد ہے۔ میں اسے کیسے بھول سکتا ہوں۔

-----------------

صدوق کمرے میں داخل ہوا تو اس نے دیکھا کہ اس کے والد اور دادا ایک بزرگ کے سامنے سر جھکائے بیٹھے تھے۔ نوعمر صدوق کے لیے یہ منظر قدرے عجیب تھا۔ اس کے والد اور دادا دونوں یہودیوں کے بڑے عالموں میں سے تھے۔ علاقے کے سارے لوگ ان کی عزت کرتے اور ان کی نگرانی ہی میں مذہبی رسوم سرانجام دیتے تھے۔ اس لیے لوگ ان کے سامنے

سر جھکاتے تھے۔مگر یہ دونوں اس بزرگ کے سامنے سر جھکائے ہوئے تھے۔

پھر یہ بزرگ بھی صدوق کے لیے بالکل اجنبی تھے۔لمبا قد، چھریرا بدن، سفید بال مگر آنکھوں میں زندگی کی چمک اور چہرے پر جھریوں کے باوجود ایک رونق تھی۔ان کی شخصیت میں کوئی ایسی بات ضرور تھی کہ صدوق کو وہ دیکھتے ہی اچھے لگے۔اس کی ماں نے اسے دودھ کا گلاس دے کر یہ کہتے ہوئے اندر بھیجا تھا کہ ابھی ابھی کوئی اجنبی مہمان ملنے آیا ہے۔چنانچہ وہ ماں کے کہنے پر گلاس لیے اندر آیا تو اس بزرگ کے سامنے اپنے باپ اور دادا کو سر جھکائے بیٹھے دیکھا۔اس نے دھیرے سے بزرگ کو سلام کیا اور ان کی خدمت میں گلاس پیش کیا۔بزرگ نے گلاس تھامتے ہوئے اس سے سوال کیا۔

تم کون ہو بیٹا؟

صدوق سے قبل ہی اس کے والد نے جواب دیا۔

دادا! یہ میرا اکلوتا بیٹا صدوق ہے۔اب یہی ہماری امیدوں کا واحد مرکز ہے۔

صدوق میرے بچے۔میرے خاندان کی آخری نشانی۔

یہ کہتے ہوئے ان بزرگ نے صدوق کو اپنے سینے سے لگالیا۔اسے خوب بھینچ کر پیار کیا۔ پھر اسے اپنے ساتھ بٹھالیا۔صدوق کی کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔وہ تو بس اپنے دادا سے واقف تھا۔اس کے والد کے کوئی دادا زندہ ہیں یہ اس کو معلوم نہیں تھا۔

صدوق کے دادا نے صدوق سے بزرگ کی والہانہ محبت کو دیکھتے ہوئے ان سے کہا۔

چچا جان! یہی اب ہمارے خاندان کی نشانی بچا ہے۔بغاوت میں ہمارا پورا خاندان ختم ہو گیا۔ رومیوں نے چن چن کر یہودیوں کو مارا تھا۔ ہمارا خاندان ہی ختم نہیں ہوا لاکھوں یہودی قتل کر دیے گئے۔ بچے والدین کے سامنے ذبح کیے گئے۔عورتوں کی عصمت سر بازار لوٹی گئی۔



جو زندہ بچے، غلامی اور ذلت کی زندگی کے سوا ان کے حصے میں کچھ نہیں آیا۔لاکھوں یہودی مرد وزن کو رومیوں نے غلام بنالیا اور روم کی پوری سلطنت میں ان غلاموں کو پھیلا دیا۔اور سب سے بڑھ کر خداوند کی عبادت گاہ ہیکل سلیمانی کو تباہ و برباد کر دیا گیا۔

صدوق کا دادا دلدوز لہجے میں یروشلم کی تباہی کی داستان سنا رہا تھا۔صدوق نے یروشلم کی تباہی کا ذکر کئی دفعہ سنا تھا اور آج کل تو اس تباہی کا ذکر ہر یہودی کے گھر میں تھا۔یہودی رومیوں سے شدید نفرت کرنے لگے تھے اور ان سے انتقام لینے اور ان کو فلسطین سے باہر نکالنے کا جذبہ ہر یہودی کے دل میں بسا ہوا تھا۔مگر صدوق کو آج یہ پہلی دفعہ معلوم ہوا تھا کہ وہ تباہی اس قدر بڑے پیمانے پر آئی تھی۔وہ بزرگ کے پہلو میں بیٹھا خاموشی سے اپنے دادا کی بات سن رہا تھا۔اس کی سمجھ میں یہ بات بھی آ گئی تھی کہ یہ بزرگ اس کے دادا کے چچا ہیں۔

تو بیٹا تم کیسے بچے؟ بزرگ نے صدوق کی طرف دیکھتے ہوئے ان سے پوچھا۔

پورے خاندان میں صرف میں ہی ایک شخص تھا جو زندہ بچ گیا۔اس کا سبب یہ تھا کہ بغاوت سے ذرا پہلے میری والدہ اپنے میکے والوں سے ملنے کے لیے یہاں اس دور افتادہ بستی میں آئی ہوئی تھیں۔وہ اُس وقت یروشلم میں ہوتی تو ہم دونوں بھی باقی لوگوں کی طرح مار دیے جاتے۔ اب تو اس واقعے پر نصف صدی کا عرصہ گزر گیا ہے مگر یروشلم سے جان بچا کر فرار ہو جانے والے جو بچے کھچے لوگ تھے انہوں نے اس ظلم اور بربریت کا جو نقشہ کھینچا ہے، اس کا تصور کر کے اب بھی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔رومی فوجی وحشی بھیڑیے بن کر حملہ آور ہوئے اور سب کچھ تباہ و برباد کر دیا۔

صدوق کے دادا خاموش ہوئے تو اس کے والد پوری شدت کے ساتھ بولے۔

دادا رومیوں نے ہمارے ساتھ بڑا ظلم کیا ہے۔ہم اس کا بدلہ لے کر رہیں گے۔

بزرگ نے صدوق کے سر پر دھیرے سے ہاتھ رکھا اور اس کے والد کو دیکھتے ہوئے دھیمے لہجے میں کہا۔

بیٹا! تم انتقام کیا لو گے...... انتقام تو لیا جا رہا ہے۔

صدوق کے والد نے حیرت زدہ لہجے میں بزرگ کو دیکھتے ہوئے کہا۔

کیا مطلب؟ ہم نے رومیوں کا کیا بگاڑا تھا جس کا وہ ہم سے انتقام لیں گے۔ انہوں نے باہر سے آ کر ہمارے ملک پر قبضہ کیا۔ یونانی اور رومی تہذیب اور نظام کو ہم پر مسلط کیا۔ ہماری ریاستوں کو باج گزار بنالیا۔ اپنے مسلط کردہ حاکموں کے ذریعے سے ہمیں غلام بنایا۔ ہم پر انتہائی ظالمانہ ٹیکس لگائے۔ باہر سے آئی ہوئی یونانی اقلیت کو ہم پر ترجیح دی۔ ان کے ذریعے سے ہم پر فسادات مسلط کرائے گئے۔ مقدس ہیکل کو لوٹا گیا۔ ہزاروں یہودیوں کو قتل کیا گیا۔ آخر تنگ آ کر ہمارے آباواجداد نے بغاوت کر دی۔ اس کے بعد رومی سلطنت نے اپنی پوری طاقت سے ہم پر حملہ کر دیا اور یروشلم کو برباد کر کے رکھ دیا۔ اس کے بعد پچھلے پچاس برسوں سے ہم کچلے جا رہے ہیں۔ پھر بھی آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم سے انتقام لیا جا رہا ہے۔

صدوق کے والد نے اپنی گفتگو میں رومیوں اور یہود کے درمیان پچھلی ایک صدی سے جاری تنازعے کا نقشہ کھینچ کر رکھ دیا تھا۔ بزرگ تحمل سے اس کی بات سنتے رہے اور پھر بولے۔

میں نے یہ نہیں کہا کہ انتقام رومی لے رہے ہیں۔ رومی تو استعمال ہو رہے ہیں۔ انتقام تو خدا لے رہا ہے۔

کیا؟ صدوق کے والد نے قدرے غصے سے کہا۔

خدا انتقام لے رہا ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے؟ ہم خداوند کا گھرانا ہیں۔ ہم ابراہیم کی اولاد ہیں۔ ہم خدائے واحد کے نام لیوا ہیں۔ ہم ایک خدا کی عبادت کرنے والے ہیں۔ ہم نہ ہوں تو دنیا



سے خدا کا نام مٹ جائے گا۔ اس کا نام لینے والا کوئی نہ بچے گا۔ اس کے باوجود خدا ہم سے انتقام لے رہا ہے۔ ہمارے خلاف بت پرست رومیوں کا ساتھ دے رہا ہے۔ لگتا ہے کہ آپ بڑھاپے میں سٹھیا گئے ہیں۔

بزرگ صدوق کے والد کی اس بدتمیزی کے جواب میں ایک لمحے کو خاموش ہو گئے۔ پھر صدوق کو دیکھتے ہوئے بولے۔

میں اتنا ہی بڑا تھا۔ یا شاید اس سے کچھ بڑا ہوں گا جب......

وہ ایک لمحے کو رکے اور صدوق کے دادا کی طرف نظر کرتے ہوئے افسردہ لہجے میں بولے:

تمہارے دادا اور میرے والد کو مخاطب کر کے مسیح ناصری نے یہ کہا تھا کہ تم ابراہیم کی اولاد ہونے پر فخر مت کرو۔ میرا رب چاہے تو پتھروں سے ابراہیم کے لیے اولاد پیدا کر سکتا ہے۔

تو آپ اس جادوگر سے واقف ہیں جو بدروحوں کی مدد سے کرشمے دکھاتا تھا اور عوام الناس کو بے وقوف بنا کر ہمارے مذہب اور روایات سے بھڑکاتا تھا۔ اس وقت ہمیں رومیوں کے خلاف یہودیوں کے اتحاد کی کتنی ضرورت تھی۔ مگر اس جھوٹے نبی نے عوام کو گمراہ کر دیا۔ کتنے معصوم یہودی اس سے متاثر ہو کر ہم سے کٹ چکے ہیں۔ کہیں آپ بھی تو......

صدوق کے دادا نے اپنی بات کو ادھورا چھوڑ دیا۔ مگر اس کی آنکھوں میں وسوسے کے ناگ لہرانے لگے کہ کچھ دیر قبل گھر آنے والے جس بزرگ کو وہ اپنے پرکھوں میں سے سمجھ کر سر آنکھوں پر بٹھا رہے تھے وہ ایک بھٹکا ہوا شخص تھا اور کچھ نہیں۔

ہاں میں ان خوش نصیبوں میں سے ہوں جنھوں نے اللہ کے اس عظیم پیغمبر عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا اور اس پر ایمان لے آئے۔

تو آپ ان بھٹکے ہوئے لوگوں میں سے ہیں جن کی وجہ سے یہودیوں کی قوت تقسیم ہوئی۔ یہ

گمراہ اور بزدل لوگ ہمارے ساتھ مل کر رومیوں سے لڑنے کے بجائے ان رومیوں کو ایک جادوگر پر ایمان لانے کی دعوت دیتے رہتے ہیں۔

صدوق کے والد نے طنزیہ انداز میں کہا۔

اپنے لہجے کو درست کرو۔

بزرگ نے بلند آواز سے کہا۔ ان کے لہجے میں جلال تھا۔

تمہارے آباواجداد نے مسیح ناصری کے خلاف یہی لب ولہجہ اختیار کیا تھا۔ اسے جھوٹا کہا۔ جادوگر کہا۔ اس کی تکذیب اور آخر میں اس کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ اُسی جرم کا تم سے انتقام لیا گیا ہے۔ اسی گناہ کی تمہیں سزا دی گئی ہے۔ اور اگر تم مسیح پر ایمان نہیں لائے تو ایک دفعہ پھر تمہیں سزا دی جائے گی۔

وہ مسیح نہیں تھا۔ وہ مسیح نہیں تھا۔ وہ قیصر کا مال قیصر کو دینے کی بات کرتا تھا۔ وہ آزادی کے بجائے غلامی کی طرف بلاتا تھا۔ ہم جس مسیح کے منتظر ہیں وہ ایک فوجی جرنیل ہے۔ وہ ہمارے دشمنوں سے جنگ کرے گا۔ وہ ہم کو رومیوں سے نجات دے گا۔ اس کی قیادت میں ہم یروشلم کو فتح کریں گے۔ مقدس ہیکل کو تیسری دفعہ پھر تعمیر کریں گے۔ پھر پوری دنیا پر یہودیوں کی حکومت ہوگی۔

صدوق کے والد نے پورے جوش وخروش سے بزرگ کی تردید کی۔

میں تم سے زیادہ جانتا ہوں کہ مسیح نے کیا کہا تھا۔

بزرگ نے پرجلال لہجے میں اسے جواب دیتے ہوئے کہا:

انہوں نے یقیناً جنگ کی بات نہیں کی تھی۔ قیصر سے بغاوت پر نہیں اکسایا تھا۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ ہم فوجی طاقت میں کسی طور رومیوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے جو دنیا کی سب سے بڑی



طاقت ہے۔ اس کے بعد دوسری چیز یہی رہ جاتی ہے کہ ہمارے پاس خدا کی مدد اور نصرت اترے۔ مگر جس اخلاقی پستی میں ہم یہودی اُس دور میں اور آج کے دن تک کھڑے ہیں، خدا کی نصرت کسی طور ہم کو نہیں مل سکتی۔ چنانچہ انہوں نے ہمیں اپنے اخلاق کی اصلاح کی طرف بلایا تھا۔ اپنے ایمان کو درست کرنے کو کہا تھا۔ دین کی حقیقی روح سے روشناس کرایا۔

چچا! آپ کس ایمان اور کس حقیقی روح کی بات کر رہے ہیں۔ ہم تو خدائے واحد پر ایمان رکھتے ہیں۔ مگر مسیح کے پیروکار اسے خدا کا بیٹا کہتے ہیں۔ کیا یہی وہ ایمان ہے جس کی آپ ہمیں دعوت دے رہے ہیں۔

صدوق کے دادا نے بزرگ سے سوال کیا۔

نہیں بیٹا۔ یہ مسیح کی دعوت ہرگز نہ تھی۔ وہ تو ایک خدا پر ایمان کی دعوت دیتے تھے۔ وہ خود کو اللہ کا بیٹا نہیں اللہ کا پیغمبر کہتے تھے۔ یہ تو بعض نادانوں نے ان کے معجزات دیکھ کر ان کی طرف ایک غلط بات منسوب کر دی تھی۔ جس کی تردید کے لیے انہوں نے اپنے حواریوں کے ذریعے سے وہ سارے معجزات ظاہر کروا کر یہ واضح کر دیا کہ یہ ان کا نہیں اللہ کا کام ہے۔ ہم سب جو حضرت عیسیٰ پر ایمان لائے تو یہی دعوت دنیا کو دے رہے تھے۔ مگر پھر پال نامی ایک شخص نے مسیحیت کا لبادہ اوڑھا اور اسے بدنام کرنے کے لیے حضرت عیسیٰ کو اللہ کا بیٹا کہنا شروع کر دیا۔ مگر یہ ایک گمراہی ہے۔ میری زندگی اس کام کے لیے وقف ہے کہ میں دنیا بھر میں گھوم کر اس غلط عقیدے کی تردید کروں اور لوگوں کو مسیح کا درست پیغام پہنچاؤں اور اس غلط فہمی کو دور کروں جو پال اور اس کے گمراہ پیروکار مسیح کے نام پر پھیلا رہے ہیں۔

تو پھر مسیح کی دعوت کیا تھی؟

صدوق کے دادا نے بزرگ سے سوال کیا۔

مسیح کی دعوت وہی تھی جو سارے انبیا کی دعوت تھی۔ایک اللہ پر ایمان لانے کی دعوت۔

مگر ہم تو اللہ کو ایک مانتے ہیں۔

صدوق کے باپ نے ترنت جواب دیا۔

مانتے ہو، مگر اس کے تقاضے پورے نہیں کرتے۔ ایمان کا تقاضہ اخلاق ہے۔عمل صالح ہے۔نیکی ہے۔رحم ہے۔صبر ہے۔رواداری ہے۔

وہ ایک لمحے کو رکے اور پھر بولے۔

تم بھی یہودی عالم ہو۔کیا تم نہیں جانتے کہ یہودی عالموں نے ایمان اور اخلاق کی اصل دعوت کو چھوڑ کر چند ظاہری اعمال اور رسومات کو اصل دین بنا دیا ہے۔ایمان، رحم، ہمدردی کے بجائے جھوٹ، ظلم، بہتان ، دنیا پرستی اور حب جاہ کے راستے پر چل پڑے ہیں۔چنانچہ حضرت عیسیٰ نے یہودی قیادت کی اس روش پر سخت تنقید کی۔جس پر وہ ان کے دشمن ہوگئے۔ان کی جان کے درپے ہوگئے۔چنانچہ خدا نے اپنے محبوب پیغمبر کو یہود کے شر سے بچا کر آسمانوں پر اٹھالیا اور ان سے انتقام لینے کا فیصلہ کرلیا۔ میرے بچو! اس بات کو سمجھو اور عیسیٰ پر ایمان لے آؤ۔ صبر کرو اور اس وقت کا انتظار کرو جب عرب سے دنیا کا سردار آئے گا۔ میں تمہیں یقین دلاتا ہوں۔جب دنیا کا سردار آئے گا تو یہی رومی اس مقدس سرزمین سے نکل کر بھاگیں گے۔

پتہ نہیں دنیا کے کس سردار کی آپ بات کر رہے ہیں جو عرب سے آئے گا۔عرب میں تو اجڈ اور گنوار صحرائی لوگ رہتے ہیں۔ان کو دنیا کی کیا خبر۔رہے رومی تو وہ اب اس سرزمین سے ضرور بھاگیں گے۔ برکوخبا کی شکل میں ہمارا مسیح آ گیا ہے۔ہمیں اپنا مسیح مل چکا ہے۔ہم اس کی قیادت میں رومیوں سے لڑیں گے اور ان کو شکست دے کر یہاں سے نکال دیں گے۔

میرے بچو! یہ غلط فہمی دل سے نکال دو۔مسیح نے میرے سامنے کھڑے ہو کر یہ بتایا تھا کہ



یروشلم تباہ ہو جائے گا۔فوجیں اسے گھیر لیں گی۔ میں تمہیں یقین دلاتا ہوں۔پیغمبر کی بات غلط نہیں ہوسکتی۔تم لوگوں نے نصف صدی پہلے بھی بغاوت کی تھی اور اس کے بعد آنے والی تباہی دیکھ لی۔اب کرو گے تو پھر وہی نتیجہ نکلے گا۔

اب وہ نتیجہ نہیں نکلے گا۔اب ہمارے ساتھ مسیح ہے۔ہم اردگرد کے سارے علاقے پر قابض ہو چکے ہیں۔تھوڑے ہی عرصے میں یروشلم پر ہمارا قبضہ ہوگا۔

صدوق کے والد نے پورے اعتماد کے ساتھ کہا۔اس کے اعتماد پر فارص نے نرمی سے اسے سمجھانا شروع کردیا۔

میرے بچے! پہلی بات یہ ہے کہ یہ برکوخبا کوئی سیاسی لیڈر ہے جس نے مسیح ہونے کا ناٹک کرلیا ہے۔اب کوئی مسیح نہیں آئے گا۔ مسیح نے اپنے دوبارہ آنے کی نہیں بلکہ صرف اور صرف عرب کے سردار کے آنے کی اطلاع دی تھی۔سو اب عرب کا عظیم سردار ہی آئے گا اور کوئی نہیں آئے گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ بالفرض مسیح آ جائیں اور تمہارے ساتھ ہوں تب بھی کوئی فرق نہیں پڑتا۔اصل کام پیغمبر کی تعلیمات پر عمل کرنا ہوتا ہے۔ایمان اور اخلاق سے تمہارا دامن بھرا ہونا چاہیے۔تب خدا کی نصرت آتی ہے۔ورنہ مسیح تو پہلے بھی آیا تھا۔لوگوں نے اس کی بات نہ مانی تو عذاب آ گیا۔میری بات یاد رکھنا۔اگر خدا تمہارے ساتھ ہے تو تم ہر بڑی طاقت کو شکست دے دو گے۔اگر وہ تمہارے ساتھ نہیں اور یقیناً نہیں ہے کہ تم ایمان و اخلاق سے آج بھی اتنے ہی دور ہو جتنے مسیح کی آمد کے وقت تھے تو یاد رکھنا رومیوں جیسی بڑی طاقت کو استعمال کر کے اللہ تعالیٰ ایسے مجرموں کو سزا دیتے ہیں۔

ہونہہ۔

صدوق کے والد نے بزرگ کی بات سن کر حقارت آمیز لہجے میں کہا۔ بزرگ اس کی پروا

کیے بغیر بولتے رہے۔

تمہیں بغاوت کا بہت شوق ہے۔تم شاید نہ جانتے ہو۔مگر میں تمہیں بتاتا ہوں کہ یہود کی اس پہلی بغاوت کے بعد جو یہود قیدی بنا کر رومی سلطنت کے مختلف علاقوں میں بھیجے گئے تھے انہوں نے دوسری دفعہ پھر بغاوت کی تھی۔مگر ایک دفعہ پھر بغاوت کچل دی گئی اور لاکھوں یہودی پھر مارے گئے۔خدارا اپنی تباہی کا سامان مت کرو۔ایمان لاؤ،اپنے اخلاق بہتر بناؤ اور عرب کے سردار کا انتظار کرو۔ورنہ ایک اور بڑی تباہی تمہارا مقدر ہے۔

بند کرو یہ بکواس گمراہ بڈھے!

صدوق کا والد آپے سے باہر ہو کر کھڑا ہو گیا۔کوئی عرب کا سردار نہیں آئے گا۔تمہارا جادوگر تم سے جھوٹ بول کر گیا تھا۔ ہمارا مسیح آ گیا ہے۔برکوخبا ہے اس کا نام۔ہم جنگ کریں گے اور جیت کر رہیں گے۔

تمہاری مرضی۔تم لوگ ایک دفعہ پھر برباد ہونا چاہتے ہو تو جو چاہے کرو۔میرا کام سمجھانا تھا۔ دعوت دینی تھی۔تم میرے بھائی کی اولاد تھے۔مجھے تمہارا پتہ چلا تو یہاں چلا آیا۔اب تم تباہ ہونا چاہتے ہو تو جیسی تمہاری مرضی۔

بزرگ نے کھڑے ہوتے ہوئے مایوسی سے کہا۔صدوق کے سر پر ہاتھ پھیرا اور گھر سے باہر نکل گئے۔

-----------------

بزرگ چلے گئے۔مگر میرے دل میں ان کی باتیں سن کر عجیب احساسات پیدا ہو گئے۔ نجانے کیوں میرا دل کہہ رہا تھا کہ وہ ٹھیک ہیں اور میرے والد اور دادا بالکل غلط ہیں۔ان کے جانے کے بعد میرے والد اور دادا آپس میں بحث کرنے لگے۔میں ان سے نظریں بچا کر گھر



سے باہر نکلا اور بستی سے باہر جانے والے راستے پر ان بزرگ کی تلاش میں چل پڑا۔بستی سے باہر وہ مجھے مل گئے۔وہ مجھے دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ میرے پردادا کے چھوٹے بھائی ہیں۔ان کا نام فارص تھا۔وہ ان لوگوں میں سے تھے جو یہودی رِبّیوں کے خاندان سے ہونے کے باوجود عیسیٰ ابن مریم پر ایمان لے آئے تھے۔انہوں نے عیسیٰ ابن مریم کے زمانے اور حالات کے بارے میں جو کچھ بتایا اس نے میری زندگی کو بدل کر رکھ دیا۔کیونکہ جو کچھ عیسیٰ ابن مریم نے کہا تھا اور جو میرے پردادا نے مجھے بتایا وہ حرف بہ حرف پورا ہو چکا ہے۔ مجھے اپنے پردادا کی بات پر اُس وقت بھی یقین آ گیا تھا جب انہوں نے عیسیٰ ابن مریم کی زندگی کے واقعات اور پیش گوئیاں مجھے سنائی تھیں۔اور اب جب میں یہ تحریر لکھ رہا ہوں، میرا یقین اور بڑھ گیا ہے کیونکہ جو باتیں اُس وقت تک پوری نہیں ہوئی تھیں وہ اب پوری ہو گئی ہیں۔

داؤد یہیں تک پہنچا تھا کہ عبداللہ نے اسے رکنے کا اشارہ کیا۔وہ کچھ پوچھنا چاہتا تھا۔

داؤد یہ سب بہت دلچسپ اور اہم ہے۔مگر کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ گفتگو متعین طور پر کس زمانے میں ہو رہی ہے۔میں چاہتا ہوں کہ تاریخی طور پر بھی میں واضح رہوں۔

جی آپ کا سوال درست ہے۔میرے لیے بھی یہ بات بہت اہم تھی کہ اس میں کس وقت اور زمانے کا حوالہ دیا جا رہا ہے۔جیسا کہ میں نے کچھ دیر پہلے بتایا تھا کہ حضرت عیسیٰ کے بعد یہود نے رومیوں کے خلاف ایک زبردست بغاوت کی تھی۔

جی ہاں مجھے معلوم ہے۔اس بغاوت کو کچلنے کے لیے رومی حکمران نیرو نے جرنیل ویسپاسین کو بھیجا جس کے بیٹے ٹائٹس نے اس بغاوت کو کچل ڈالا اور یروشلم کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیا۔

جی اس بغاوت میں لاکھوں یہودیوں کا قتل عام ہوا تھا اور زبردست تباہی پھیلی تھی۔مگر یہودی اس عظیم تباہی کے بعد بھی خاموش نہیں بیٹھے۔کیونکہ جو کچھ آپ نے مجھے غرناطہ میں بتایا تھا

اور جو کچھ اس تحریر میں صدوق نے لکھا ہے وہ ایک ہی بات تھی۔ یعنی یہود اپنی تباہی کی اصل وجہ کو نہیں سمجھ سکے تھے۔ وہ رومیوں کے ظلم وستم کو دیکھ رہے تھے۔ مگر یہ فراموش کر چکے تھے کہ یہ ظلم وستم دراصل ان کی اخلاقی پستی کی بنا پر اللہ کا عذاب بن کر ان پر نازل ہوا ہے۔ یہود بغاوت اور جنگ کو نجات کا راستہ سمجھ رہے تھے۔ مگر سمجھانے والے ان کو یہ سمجھا رہے تھے کہ نجات کا راستہ ایمان اور اخلاق کے راستے کو اختیار کرنا ہے۔ غلبے کے اسباب اللہ تعالیٰ اس کے بعد خود بخود پیدا کر دیں گے۔ مگر یہود نے ان سمجھانے والوں کی باتوں کو نہیں مانا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ پہلی بدترین تباہی کے بعد بچے کھچے یہود کی اگلی نسل جب اسی سوچ کے ساتھ پروان چڑھی تو اس نے دوبارہ شدید بغاوت کر دی۔ اس دفعہ ان کے لیڈر برکوخبا نے مسیح ہونے کا دعویٰ بھی کر دیا۔

جی ہاں یہی یہود کا بنیادی مسئلہ تھا۔

عبداللہ نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

انہوں نے حضرت عیسیٰ کا انکار اسی وجہ سے کیا تھا کہ وہ جس مسیح کا صدیوں سے انتظار کر رہے تھے، اس کا نقشہ ان کے ذہن میں یہ تھا کہ وہ ایک فوجی جرنیل ہوگا جو رومیوں سے لڑ کر ان کو غلبہ اور اقتدار دلائے گا۔ جب سیدنا مسیح تشریف لائے تو آپ نے اللہ کے اصل قانون کے مطابق ان کو ایمان واخلاق کی دعوت دی۔ وہ لوگ اگر یہ دعوت اسی طرح قبول کرتے جس طرح مکہ میں صحابہ کرام نے قبول فرمائی تھی تو واقعی صحابہ کرام کی طرح ان کو بھی غلبہ اور اقتدار دے دیا جاتا۔ مگر یہودی لیڈر شپ کو یہ لانگ روٹ کچھ پسند نہیں آیا۔

عبداللہ نے ہنستے ہوئے اس کی تصویب کی۔

ہاں یہ لانگ روٹ کبھی کسی کو پسند نہیں آتا۔ ہم انفرادی اور اجتماعی دونوں سطحوں پر شارٹ کٹ ڈھونڈنے کے عادی ہو چکے ہیں۔



جی بالکل۔ انہوں نے آپ کی مخالفت شروع کر دی۔ سیدنا مسیح چونکہ پیغمبر تھے اس لیے اس متکبرانہ روش کے جواب میں انہوں نے یہودی لیڈر شپ کی اخلاقی حیثیت کے بخیے ادھیڑ کر رکھ دیے۔ چنانچہ وہ آپ کی جان کے درپے ہو گئے۔ اللہ نے تو اپنے پیغمبر کو بچا لیا لیکن یہود مستحق عذاب ہو گئے۔

جی ہاں۔ یہ عذاب جیسا کہ حضرت عیسیٰ نے پیش گوئی کر دی تھی، یروشلم کی تباہی کا سبب بن گیا۔ مگر یہود ابھی بھی اصلاح پر تیار نہیں ہوئے۔ چنانچہ جس زمانے کا صدوق ذکر کر رہا ہے، اس زمانے میں ان کی اگلی نسل اپنی اصلاح کرنے کے بجائے بغاوت پر تیار ہو گئی۔ برکوخبا کی شکل میں ایک لیڈر ان کو مل گیا۔ جس زمانے میں صدوق کو اس کے دادا کے چچا ملے وہ وہی زمانہ تھا جب برکوخبا کی بغاوت شروع ہو چکی تھی اور ابتدا میں کئی علاقوں پر ان کا قبضہ ہو چکا تھا اور یہود کو یقین ہو گیا تھا کہ یہی وہ مسیح ہے جو ان کو رومیوں سے نجات دے گا۔

مگر صدوق کے پردادا نے اسے بتا دیا تھا کہ یہ بغاوت ایک اور بڑی تباہی پر ختم ہوگی۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ سنا کر رخصت ہوئے ہیں۔ ایمان واخلاق کے بغیر کوئی غلبہ ممکن نہیں ہے۔ چنانچہ بعد میں ان کی بات بالکل درست ثابت ہوئی اور اس بغاوت کے بعد بچے کھچے یہود کو مکمل طور پر فلسطین سے نکال دیا گیا اور ذلت اور رسوائی ان پر مسلط ہو گئی۔ چنانچہ اسی جلاوطنی کے عالم میں صدوق نے یہ ساری داستان لکھی۔ جو بعد میں نسل در نسل آگے منتقل ہوتی رہی۔ یہاں تک کہ ساتویں صدی میں آخری شخص نے اس میں اضافہ کیا اور پھر ان کو ان غاروں میں محفوظ کر دیا جہاں سے میں نے ان کو دریافت کیا تھا۔

چلیے پھر آگے کی داستان سنائیے۔

عبداللہ نے پر شوق انداز میں کہا۔ وہ یہ داستان سننے کے لیے بے چین تھا۔

کیا بہتر نہیں ہوگا کہ ہم باقی بات کل کرلیں۔ دراصل سفر کی تکان یا نجانے کسی بد احتیاطی کی بنا پر مجھے کچھ بخار محسوس ہو رہا ہے۔

پھر آپ ایسا کیجیے کہ ایک دو دن مکمل آرام کیجیے۔ میں آپ کو ڈاکٹر کے پاس لے چلتا ہوں۔

نہیں اس کی ضرورت نہیں۔ میرے خیال میں آرام سے ٹھیک ہو جائے گا۔

ٹھیک ہے پھر ہم ایک دو دن میں آپ کے بہتر ہونے کے بعد ملیں گے۔ میں آپ کو ہوٹل چھوڑ آتا ہوں۔

-----------------

سارہ سارا دن گھر میں اکیلی ہی رہی تھی۔ اس کی ساس ثمینہ دن بھر باہر گئی ہوئی تھیں۔ اسے نہیں اندازہ تھا کہ واقعی ان کی کوئی مصروفیت تھی یا پھر اس کے لوٹ آنے کی بنا پر وہ گھر سے دور رہنا چاہتی تھیں۔ سہ پہر کے وقت اس نے ملازموں سے معلوم کیا تو پتہ چلا کہ وہ گھر لوٹ آئی ہیں اور عادت کے مطابق باہر لان میں بیٹھ کر چائے کا انتظار کر رہی ہیں۔ وہ جلدی سے کچن میں گئی اور اپنی نگرانی میں بہت اہتمام سے چائے بنوا کر ان کے لیے لان میں لے آئی۔

اسے دیکھ کر انہوں نے برا سا منہ بنایا مگر کچھ کہا نہیں۔ انہیں چائے دے کر وہ واپس نہیں گئی بلکہ وہیں بیٹھ گئی۔ ساس کا منہ پھولا ہوا تھا۔ وہ نرمی سے بولنے لگی۔

چچی میں اپنی بدتمیزی پر آپ سے معافی مانگنا چاہتی ہوں۔ مجھے آپ کی بڑائی کا اندازہ ہی نہیں ہوسکا تھا۔ آپ واقعی بہت عظیم ہیں کہ آپ نے اپنی مرضی نہ ہونے کے باوجود حمزہ کی ضد پر میرے رشتے کے لیے حامی بھری۔ ہم لوگ آپ کے اسٹیٹس کے نہیں تھے۔ پھر بھی آپ نے مجھے برداشت کیا۔ میری بہت سی باتیں آپ کے معیار کے مطابق نہیں ہوں گی۔ میں کئی پہلوؤں سے آپ کی توقعات کے مطابق نہیں تھی پھر بھی آپ نے مجھے اس گھر میں گوارا کیا۔



لیکن اب مجھے اپنی کمزوریوں اور خامیوں کا اچھی طرح احساس ہوگیا ہے۔ آپ جو غلطی مجھ میں دیکھیں مجھے فوراً ڈانٹ کر میری اصلاح کر دیں۔ آپ میری ماں ہیں میں آپ کی کسی بات کا برا نہیں مانوں گی۔ بلکہ آپ سے سیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوگی۔ میں آپ کو یقین دلاتی ہوں کہ آئندہ کبھی آپ کو کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں ملے گا۔

سارہ یہ کہہ کر خاموش ہوگئی۔ ثمینہ تھوڑی دیر تک خاموش رہی۔ پھر بولی:

یہ ملازم بہت ہڈ حرام ہوتے ہیں۔ ان پر نظر نہ رکھی جائے تو کوئی کام ٹھیک سے نہیں کرتے۔

تم اپنی نگرانی میں سارے کام کرایا کرو۔ جاؤ اور دیکھو یہ کچن میں کیا کر رہے ہیں۔

آپ بالکل بے فکر رہیں۔ میں ابھی جاتی ہوں۔

ایک لمحے کے لیے جھجکی اور پھر بولی۔

چچی اگر آپ اجازت دیں تو میں گھنٹے بھر کے لیے امی کے ہاں سے ہو کر آ جاؤں۔ میں انہیں خود جا کر یہ خوشخبری سنانا چاہتی ہوں کہ آپ نے مجھے معاف کر دیا۔

آج نہیں......کل جانا۔

ساس نے تحکمانہ انداز میں فیصلہ سنایا تو وہ خوش دلی سے بولی۔

جیسا آپ کا حکم۔

سارہ یہ کہتی ہوئی فوراً کھڑی ہوگئی۔ وہ کچن کی سمت جاتے ہوئے سوچ رہی تھی کہ اس نے آخر کار کوڑے مار مار کر چھٹے شخص کو اس گھر سے بھگا ہی دیا۔

-----------------

سارہ کا فون بجا۔ اس نے نمبر دیکھا تو اس کی والدہ جمیلہ کا فون تھا۔ اس نے فون اٹھا کر ان کو سلام کیا۔

جمیلہ نے چھوٹتے ہی پوچھا۔

بیٹا تم کیسی ہو۔سب خیریت ہے۔صبح تمہارے فون کے بعد سے میں بہت پریشان تھی۔

نہیں امی اللہ کا شکر ہے سب ٹھیک ہو گیا۔عبداللہ صاحب کی باتوں پر عمل کر کے میں نے اپنا مسئلہ بڑی حد تک حل کر لیا۔

اللہ کا شکر ہے۔مگر بیٹا ہمارے مسئلے تو ختم نہیں ہو رہے۔صبا ایک انتہا پر پہنچی ہے تو سعد اور جنید دوسری انتہا پر پہنچ گئے ہیں۔کیا تم ناعمہ سے بات کر کے عبداللہ صاحب سے ہماری ایک ملاقات رکھوا سکتی ہو؟

ہاں امی کیوں نہیں۔میں ابھی بات کرتی ہوں۔بلکہ کل میں آپ کے گھر آ رہی ہوں۔میں خود آپ سب کو ان کے ہاں لے چلوں گی۔آپ جنید اور سعد سے کہیں کہ وہ بھی تیار رہیں۔

ہاں بیٹا ان دونوں کو لے جانا بھی ضروری ہے۔میں جنید کو چھٹی کروالوں گی۔سعد تو پہلے ہی فارغ رہتا ہے۔

چلیے ٹھیک ہے۔اللہ حافظ۔

خدا حافظ بیٹا۔

-----------------

ایک دن کے وقفے کے بعد داؤد پھر عبداللہ کے گھر موجود تھا۔اس کی طبیعت بہتر ہو چکی تھی اور تکان بھی مکمل طور پر اتر گئی تھی۔

عبداللہ نے کہا۔

ہم نے صدوق کے واقعات سن لیے تھے۔اب آگے بتائیے۔

جی ضرور میں بتاتا ہوں لیکن داستان کے اگلے حصے کا آغاز کرنے سے قبل پس منظر کی کچھ



تفصیلات بیان کر دوں۔

ٹھیک ہے،عبداللہ نے کہا۔

اب داستان کا وہ حصہ ہے جو صدوق کے دادا اسے سنا رہے ہیں کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی دعوت کا آغاز کیا تو کیا ہوا تھا۔یہ وہ زمانہ تھا جب یہود کی نیم خودمختار ریاست یہودیہ میں جس کا بادشاہ ہیرودوس تھا عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت ہوئی۔یہ ریاست رومی سلطنت کے زیر سایہ اپنی مذہبی آزادی کو برقرار رکھے ہوئے تھی۔داخلی طور پر یہ خودمختار تھی۔تاہم ان کو رومی سلطنت کو خراج دینا ہوتا تھا اور اصلاً یہاں رومی حکومت ہی کا اقتدار قائم تھا جس کی نمائندگی گورنر کرتا تھا جس کا نام پیلاطس تھا۔اسی زمانے میں حضرت عیسیٰ کی بعثت ہوئی اور صدوق کے پردادا فارص ان پر ایمان لے آئے۔اس دستاویز میں بیشتر حصے انہی سے متعلق ہیں۔

یعنی کہ پہلے صدوق کی داستان تھی اور اب اس کے پردادا فارص کے احوال ہیں۔

جی ہاں ایسا ہی ہے۔

چلیے۔اللہ کا نام لے کر شروع کیجیے۔عبداللہ نے کہا۔اور داؤد نے یہ داستان سنانا شروع کر دی۔

-----------------

یہ رومی ہم پر کس قدر ظلم ڈھاتے ہیں۔کیا ہم خدا کی محبوب قوم نہیں ہیں۔ہم خدا کا گھرانا نہیں ہیں؟ کیا ہم میں انبیا اور کتابیں نہیں اتریں؟ کیا ہم ایک خدائے واحد کے ماننے والے نہیں ہیں؟ پھر یہ بت پرست رومی ہم پر کیوں حکمران ہیں؟

نوجوان فارص شدید غصے میں تھا۔وہ ابھی گھر لوٹا تھا۔وہ اپنے والد کو روم کے نئے گورنر پیلاطس کی آمد کا واقعہ سناتے ہوئے جذباتی ہو گیا تھا۔

فلسطین کی سرزمین خدا نے ہمیں دی ہے۔ ہمارے آباواجداد صدیوں سے یہاں بستے آئے ہیں۔ ہم داؤد اور سلیمان کے وارث ہیں۔ مگر اب رومی ہم پر قابض ہیں اور ہم ہر طرح سے ان کے محتاج ہو چکے ہیں۔

فارص کے والد جو خود ایک یہودی عالم تھے خاموشی سے اس کی بات سنتے رہے۔ جب وہ چپ ہو گیا تو بولے۔

بیٹا! مسیح کی آمد کا وقت ہو چکا ہے۔ صحیفوں میں یہ بات لکھی ہوئی ہے کہ جب مسیح آئے گا تو ہمیں ان بت پرستوں کی غلامی سے نجات دے گا۔ نہ صرف فلسطین بلکہ پوری دنیا پر یہودیوں کی حکومت قائم ہو جائے گی۔

ایک مسیح آیا ہوا تو ہے۔ وہ نبوت کا دعویٰ کر رہا ہے۔ وہ ہر جگہ اپنی دعوت دے رہا ہے۔ معجزات دکھا رہا ہے۔ خدائی بادشاہی کے آنے کی خوشخبری سنا رہا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہم کو اس کا ساتھ دینا چاہیے۔ اگر صحیفوں کی بات ٹھیک ہے تو یقیناً ہم جلد غالب آ جائیں گے۔

تمہارا دماغ خراب ہوا ہے۔ وہ جھوٹا نبی ہے۔ ہم اس کے پیچھے کیسے چل سکتے ہیں؟

وہ جھوٹا کیسے ہو گیا۔ میں نے خود اس کی باتیں سنی ہیں۔ وہ تو بہت اچھی باتیں کرتا ہے۔

ہونہہ وہ اچھی باتیں کرتا ہے۔ وہ کمتر اور حقیر لوگوں میں گھرا رہتا ہے۔ اسے کچھ جادو آتا ہے اور اس کے پاس کچھ بدروحیں ہیں جن کی مدد سے وہ عام لوگوں کو بے وقوف بناتا ہے۔ مگر ہم اس کی باتوں سے بے وقوف نہیں بن سکتے۔

ابا مجھے تو یہ لگتا ہے کہ آپ کو اس نبی کی باتیں اس لیے اچھی نہیں لگتیں کہ وہ ربیوں کو سخت برا بھلا کہتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ہم لوگ......

خاموش۔ ایک لفظ بھی زبان سے نہ نکلے۔ وہ بزرگوں کی روایت کے خلاف کھڑا ہے۔ اس



نے کسی ربی کا شاگرد بن کر کسی سے کچھ نہیں سیکھا۔ وہ صرف ہماری گدی چھیننا چاہتا ہے۔ وہ عوام کی نظروں سے ہمیں گرانا چاہتا ہے۔ آئندہ تم کبھی اس کے پاس نہیں جانا۔

فارص کو اندازہ ہو گیا کہ باپ سے گفتگو کا کوئی فائدہ نہیں۔ وہ خاموشی سے اٹھا اور اندر چلا گیا۔

-----------------

حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیکل میں موجود تھے۔ ہیکل کو ایک مسجد کے طور پر اللہ کی عبادت اور بندگی کے لیے بنایا گیا تھا، مگر اس وقت وہ کسی عبادت گاہ کے بجائے خرید و فروخت کے ایک بازار کا منظر پیش کر رہا تھا۔ یہ دیکھ کر حضرت عیسیٰ جلال میں آ گئے۔ انہوں نے وہاں خرید و فروخت کرنے والوں کے پتھاروں اور چوکیوں کو الٹنا شروع کر دیا۔ وہ فرماتے جاتے کہ اللہ نے اس گھر کو عبادت گاہ بنایا تھا، مگر تم نے اس کو ڈاکوؤں کی کھوہ اور بھٹ بنا دیا ہے۔

ان کا روئے سخن ان یہودی فقیہوں اور عالموں کی طرف تھا جن کی نگرانی میں یہ بازار لگا ہوا تھا اور جس کے منافع کا ایک حصہ ان کو بھی ملتا تھا۔ یہودی علما ایک مافیا بن کر یہاں چھائے ہوئے تھے۔ آج آنجناب اس مافیا کو فیصلہ کن وارننگ دینے کے لیے بیت المقدس تشریف لائے تھے۔

فارص بھی اپنے والد کے ساتھ کھڑا یہ منظر دیکھ رہا تھا۔ اس کے والد اور دوسرے فقہا یہ سب دیکھ رہے تھے، مگر وہ کچھ نہیں کر سکتے تھے کیونکہ اس وقت حضرت عیسیٰ کے ساتھ کافی لوگ موجود تھے۔ ان کا حوصلہ نہیں ہو رہا تھا کہ وہ ان کے خلاف کوئی قدم اٹھائیں۔

فارص کے والد نے غصے سے باقی فقیہوں کو دیکھتے ہوئے کہا:

یہ ہماری توہین کر رہا ہے۔ اسے نہیں پتہ کہ ہم ابراہیم کی اولاد ہیں۔

حضرت عیسیٰ نے اس کی یہ بات سن لی اور بلند آواز سے اسے جواب دیا۔

کیا تمہیں یحییٰ کی بات یاد نہیں! اے سانپ کے بچو! تمہیں کس نے جتا دیا کہ آنے والے غضب سے بھاگو۔ اپنے دلوں میں یہ خیال نہ کرو کہ ابراہیم ہمارے جدِ امجد ہیں کیونکہ میں تم سے کہتا ہوں کہ پروردگارِ عالم ان پتھروں سے ابراہیم کے لئے اولاد پیدا کر سکتے ہیں۔

حضرت عیسیٰ یہ کہہ کر ہیکل سے باہر نکل گئے۔ ان کے شاگرد بھی ان کے پیچھے پیچھے باہر آ گئے۔ فارص بھی خاموشی سے اپنے باپ کے پاس سے کھسک کر ان لوگوں کے ساتھ باہر چلا گیا۔ وہاں حضرت عیسیٰ کے گرد ایک مجمع جمع تھا۔ ان میں عام لوگ بھی تھے اور ان کے شاگرد بھی۔ فارص لوگوں کے ساتھ کھڑا ہو گیا اور سننے لگا کہ حضرت عیسیٰ کیا کہہ رہے ہیں۔ وہ فرمانے لگے۔

فقیہہ اور فریسی موسیٰ کی گدی پر بیٹھے ہیں پس جو کچھ وہ تمہیں بتائیں وہ سب کرو اور مانو لیکن ان کے سے کام نہ کرو کیونکہ وہ کہتے ہیں اور کرتے نہیں۔ وہ ایسے بھاری بوجھ جن کا اٹھانا مشکل ہے باندھ کر لوگوں کے کندھے پر رکھتے ہیں مگر آپ ان کو اپنی انگلی سے بھی ہلانا نہیں چاہتے۔

وہ اپنے سب کام لوگوں کو دکھانے کو کرتے ہیں۔ وہ ضیافتوں میں صدر نشینی اور عبادت خانوں میں اعلیٰ درجہ کی کرسیوں پر بیٹھنا، بازاروں میں لوگوں سے سلام سننا اور عوام سے خود کو ربی کہلانا پسند کرتے ہیں۔ لیکن تم ایسا نہ کرنا۔ جو تم میں بڑا ہے وہ تمہارا خادم بنے۔ اور جو کوئی اپنے آپ کو بڑا بنائے گا وہ چھوٹا کیا جائے گا اور جو اپنے آپ کو چھوٹا بنائے گا وہ بڑا کیا جائے گا۔

یہ کہنے کے بعد سیدنا مسیح نے ہیکل کے دروازے کی طرف دیکھا۔ کچھ یہودی فقیہہ اور علما وہاں کھڑے حضرت عیسیٰ کو گھور گھور کر دیکھ رہے تھے۔ ان پر نظر ڈال کر آپ نے فرمایا۔



اے منافقو فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ آسمان کی بادشاہی لوگوں پر بند کرتے ہو کیونکہ نہ تو آپ داخل ہوتے ہو اور نہ داخل ہونے والوں کو داخل ہونے دیتے ہو۔

حضرت عیسیٰ کا یہ جملہ اس بات کا اظہار تھا کہ کس طرح دعوت دین کے کام کو ان لوگوں نے چھوڑ رکھا ہے اور یہودیت کو ایک قومی اور نسلی مذہب بنا دیا ہے۔ پھر وہ ان کی اخلاقی حیثیت کا پول کھولتے ہوئے ارشاد فرمانے لگے۔

اے منافقو فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ تم بیواؤں کے گھروں کو دبا بیٹھتے ہو اور دکھاوے کے لئے نماز کو طول دیتے ہو۔ تمہیں زیادہ سزا ہوگی۔

اے منافقو فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ ایک مرید کرنے کے لئے تری اور خشکی کا دورہ کرتے ہو اور جب وہ مرید ہو چکتا ہے تو اسے اپنے سے دونا جہنم کا فرزند بنا دیتے ہو۔

اے منافقو فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ پودینہ اور سونف اور زیرہ پر تو عشر اور زکوۃ دیتے ہو پر تم نے شریعت کی زیادہ بھاری باتوں یعنی انصاف اور رحم اور ایمان کو چھوڑ دیا ہے۔ لازم تھا کہ یہ بھی کرتے اور وہ بھی نہ چھوڑتے۔ اے اندھے راہ بتانے والو جو مچھر کو تو چھانتے ہو اور اونٹ کو نگل جاتے ہو۔

اے منافقو فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ پیالے اور رکابی کو اوپر سے صاف کرتے ہو مگر وہ اندر سے لُوٹ اور ناپرہیزگاری سے بھرے ہیں۔ اے اندھے فریسی! پہلے پیالے اور رکابی کو اندر سے صاف کرو تا کہ اوپر سے بھی صاف ہو جائیں۔

اے منافقو فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ تم سفیدی پھری ہوئی قبروں کی مانند ہو جو اوپر سے تو خوبصورت دکھائی دیتی ہیں مگر اندر مردوں کی ہڈیوں اور ہر طرح کی نجاست سے بھری ہیں۔ اسی طرح تم بھی ظاہر میں تو لوگوں کو پرہیزگار دکھائی دیتے ہو مگر باطن میں منافقت اور بے دینی

سے بھرے ہو۔

حضرت عیسیٰ یہ فرما رہے تھے اور دروازے پر کھڑے یہودی علماء بری طرح جز بز ہو رہے تھے۔ فارص نے دیکھا کہ اس کا باپ بھی وہاں آ چکا تھا۔ وہ لوگوں کے درمیان چھپ کر کھڑا ہو گیا۔ آنجناب نے اپنی گفتگو جاری رکھی۔ لوگوں کا حال یہ تھا کہ پتہ بھی گرتا تو اس کی آواز سن لی جاتی۔ وہ بالکل خاموش کھڑے سن رہے تھے۔

اے منافقو فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ نبیوں کی قبریں بناتے اور پرہیزگاروں کے مقبرے آراستہ کرتے ہو۔ اور کہتے ہو کہ اگر ہم اپنے باپ دادا کے زمانہ میں ہوتے تو نبیوں کے خون میں ان کے شریک نہ ہوتے۔ اس طرح تم اپنی دانست میں شہادت دیتے ہو کہ تم نبیوں کے قاتلوں کے فرزند ہو۔ غرض اپنے باپ دادا کا پیمانہ بھر دو۔

لوگوں پر حضرت عیسیٰ کی باتوں کا مطلب خوب واضح ہو رہا تھا۔ یہود اپنے زمانے کے انبیا اور نیکی کی طرف بلانے والوں کے بدترین دشمن ہو جاتے اور ان کو قتل کرتے یا ان کو جھٹلاتے۔ تاہم اگلی نسل کے آتے آتے یہ لطیفہ ہو جاتا کہ لوگ ان سابقہ انبیا اور صلحاء کی تعظیم وتکریم کرتے لیکن اپنے زمانے کے صلحا کے ساتھ وہ وہی سلوک کرتے جو ان کے باپ دادا نے اپنے زمانے کے صلحا کے ساتھ کیا تھا۔ حضرت عیسیٰ کا اشارہ اسی طرف تھا۔ وہ اسی غضبناک انداز میں گفتگو کرتے رہے اور کسی کو مجال نہ تھی کہ دم مارے۔ یہ نبی کا کلام نہیں بلکہ نبی کی زبانی خدا کے غضب کا ظہور تھا۔

اے سانپو! اے افعی کے بچو! تم جہنم کی سزا سے کیوں کر بچو گے؟ اس لئے دیکھو میں نبیوں اور داناؤں اور فقیہوں کو تمہارے پاس بھیجتا ہوں۔ ان میں سے تم بعض کو قتل اور مصلوب کرو گے اور بعض کو اپنے عبادت خانوں میں کوڑے مارو گے اور شہر بشہر ستاتے پھرو گے۔ تا کہ سب



پرہیزگاروں کا خون جو زمین پر بہایا گیا تم پر آئے۔ دیانتدار ہابیل کے خون سے لے کر برکیاہ کے بیٹے زکریا کے خون تک جسے تم نے مقدس اور قربان گاہ کے درمیان قتل کیا۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ یہ سب کچھ اس زمانہ کے لوگوں پر آئے گا۔

یہ سن کر ہیکل کے دروازے پر کھڑے فقیہا سے برداشت نہ ہو سکا اور وہ واپس ہیکل کے اندر چلے گئے۔ آنجناب نے بڑی حسرت کے ساتھ ہیکل کی بلند دیواروں کو دیکھا اور فرمایا:

اے یروشلم! اے یروشلم! تو جو نبیوں کو قتل کرتا ہے اور جو تیرے پاس بھیجے گئے ان کو سنگسار کرتا ہے! کتنی بار میں نے چاہا کہ جس طرح مرغی اپنے بچوں کو پروں تلے جمع کر لیتی ہے اسی طرح میں بھی تیرے لڑکوں کو جمع کر لوں مگر تم نے نہ چاہا! دیکھو تمہارا گھر تمہارے لئے ویران چھوڑا جاتا ہے۔ کیونکہ میں تم سے کہتا ہوں کہ اب سے مجھے پھر ہرگز نہ دیکھو گے جب تک نہ کہو گے کہ مبارک ہے وہ جو پروردگار کے نام سے آتا ہے۔

یہ یروشلم کی تباہی کی پیش گوئی تھی جو اپنے وقت کے رسول نے بیت المقدس کے دروازے پر کھڑے ہو کر کی تھی۔ یہ یہود کی تقدیر کا فیصلہ تھا جو آج ان کو سنا دیا گیا تھا۔ مگر وہ نادان یہ سمجھنے سے بالکل قاصر تھے۔

----------------

داؤد صدوق اور اس کے پردادا فارص کی داستان سناتے رکا اور عبداللہ سے پوچھا۔

ایک بات میری سمجھ میں نہیں آتی۔ حضرت عیسیٰ کے زمانے میں یہودیوں پر رومی واقعی ظلم کر رہے تھے۔ ایسے میں حضرت عیسیٰ ظالم غیر ملکی حکمرانوں اور قابضین کے خلاف تو ایک لفظ نہیں بولتے۔ جبکہ یہودی لیڈرشپ کو اس قدر سختی کے ساتھ نشانہ بناتے ہیں۔ یہ کیا رویہ ہے، میں اس کو بالکل نہیں سمجھ سکا۔

داؤد کی بات سن کر عبداللہ ہنسنے لگا۔

آپ ہنس کیوں رہے ہیں؟

لگتا ہے کہ داؤد تمہارے ماضی کا ڈیوڈ پھر زندہ ہوگیا ہے۔ اور ایک قوم پرست یہودی کے طور پر سوال کر رہا ہے۔

یہ سن کر داؤد بھی ہنسنے لگا۔

چلیے یہی سہی۔ مگر پھر بھی یہ سوال پیدا تو ہوتا ہے نا۔

بالکل پیدا ہوتا ہے۔ باخدا اگر قرآن مجید اس سوال کا جواب خود نہ دیتا تو میں بھی اس سوال کے جواب میں سخت کنفیوز ہو جاتا۔ مگر جیسا کہ میں تمہیں بتا چکا ہوں اللہ تعالیٰ نے خود سورہ بنی اسرائیل کے آغاز میں اس معاملہ کو درست رخ سے سمجھایا ہے۔ وہ ان سارے واقعات میں یہودیوں کو مفسدین قرار دیتے ہیں اور بت پرست اور مشرک رومیوں کی تنقید میں ایک لفظ نہیں کہتے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ رومیوں کا غلبہ دراصل اللہ کے اس قانون کا ظہور تھا جس کی رو سے اگر یہود ایمان و اخلاق کی پستی میں گرتے تو دوسری اقوام کا ان پر غلبہ یقینی تھا۔ ایسے میں جب سیدنا یحییٰ اور میرے آقا عیسیٰ تشریف لائے تو انہوں نے اصل مسئلے کی طرف توجہ دلائی۔ یعنی اصل مسئلہ رومیوں کا قبضہ نہیں تھا۔ اصل مسئلہ ایمان و اخلاق میں یہود کی پستی تھی۔ یہود اگر اپنی اصلاح کر لیتے تو اللہ تعالیٰ رومیوں کو ذلیل کر کے وہاں سے نکلنے پر مجبور کر دیتے۔

مگر یہود اپنی اصلاح کرنے کے بجائے حضرت عیسیٰ کے دشمن ہو گئے اور حضرت یحییٰ کو قتل کر دیا۔

بالکل انہوں نے یہی کیا۔ اور اس کے بعد پھر انہوں نے نتیجہ بھگت لیا۔

آپ نے بالکل درست کہا۔ اس داستان میں فارص کے احوال میں اب یہی بات بیان



ہو رہی ہے۔

ہاں میں وہ ضرور سنوں گا۔ مگر تم یہ دیکھو کہ حضرت عیسیٰ نے اپنی بات کہاں ختم کی تھی۔

عبداللہ کی بات سن کر داؤد دوبارہ دستاویز کو غور سے دیکھنے لگا اور بولا۔

ہاں ان کی بات یہاں ختم ہوئی تھی کہ یہود اپنے اصلاح کرنے والوں کو قتل کرتے رہے تھے۔

ہاں یہی وہ جرم ہے جو آخری درجے میں ناقابل معافی ہوتا ہے۔ جس وقت قوم اپنے اصلاح کرنے والوں کی جان کے درپے ہو جاتی ہے، اللہ کا غضب نازل ہو جاتا ہے۔ یہی یہود کے ساتھ ہوا۔ مگر میں جس بات پر توجہ دلا رہا ہوں وہ حضرت عیسیٰ کا آخری جملہ ہے یعنی مبارک ہے وہ جو خداوند کے نام سے آتا ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائیں گے۔ وہی آ کر حضرت عیسیٰ کی شخصیت اور تعلیمات پر پڑے ہوئے پردے صاف کریں گے۔ گویا دنیا آپ کی حقیقی شبیہ دوبارہ دیکھ لے گی۔

میں اس بات کا مطلب نہیں سمجھا۔

دراصل اس دور میں یہود پر اتمام حجت کے لیے حضرت عیسیٰ کو زبردست معجزات دیے گئے تھے۔ جیسے مردوں کو زندہ کرنا، کوڑی اور اندھوں کو اچھا کرنا وغیرہ۔ مگر اس کی وجہ سے عام لوگوں میں شیاطین نے یہ گمراہی پھیلانا شروع کر دی کہ آپ میں خدائی اوصاف ہیں۔ حضرت عیسیٰ نے اس کے توڑ کے لیے اپنے شاگردوں یا حواریوں کے ذریعے سے بھی یہی معجزات دکھائے تاکہ عام لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اصل میں یہ اللہ کی قدرت ہے نہ کہ حضرت عیسیٰ کا اپنا کوئی ذاتی وصف۔ لیکن گمراہ لوگ باز نہ آئے۔ اسی اثنا میں حضرت عیسیٰ کو آسمان کی طرف اٹھائے جانے کا فیصلہ معلوم ہو چکا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ بھی بتا دیا تھا کہ آپ کی اپنی امت کس طرح

گمراہ ہوگی اور کس طرح ان کو اللہ کا بیٹا بنا ڈالے گی اور یہ بھی بتا دیا تھا کہ کس طرح سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب تشریف لائیں گے تو وہ آپ کی پوزیشن واضح کر کے اس گمراہی کے الزام سے آپ کو بری کریں گے۔ اسی لیے آپ نے رفع آسمانی سے قبل بار بار حضور کی آمد کا ذکر بھی کیا اور بڑے ادب واحترام سے یہ کہہ کر آپ کا ذکر کیا کہ دنیا کا سردار آتا ہے، مجھ میں اس کا کچھ نہیں اور یہ کہ میں اس کی جوتی کا تسمہ باندھنے کے قابل بھی نہیں ہوں۔

آپ نے تو بالکل درست کہا۔ ان دستاویزات میں فارص کی جو داستان درج ہے اس میں ٹھیک ایسی ہی باتیں موجود ہیں۔

دراصل یہ ساری باتیں موجودہ انجیل میں بھی لکھی ہوئی ہیں۔ مگر جب کوئی ماننا ہی نہ چاہے تو کیا کیا جاسکتا ہے۔ ایک جھوٹی تاویل سے انسان صاف حقائق کا انکار کر دیتا ہے۔ چنانچہ مسیحی حضرات ان سب کو حضرت عیسیٰ کی آمد ثانی کے کھاتے میں ڈال کر فارغ ہو جاتے ہیں۔ خیر اسے چھوڑیں، آگے کی داستان سنائیں۔

جی میں سناتا ہوں۔ بس ایک بات بتا دیں۔ یہ حضرت عیسیٰ یہودیوں کی مذہبی قیادت کو بار بار سانپ کے بچو کہہ کر کیوں مخاطب کر رہے ہیں۔

دراصل قدیم صحیفوں میں سانپ کا لفظ اصل میں شیطان کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ گویا سانپ کے بچوں سے مراد شیطان کی اولاد ہے۔ یہودی علما ایمان واخلاق کو چھوڑ کر ظواہر پرستی اور قوم پرستی کو سر کا تاج بنا بیٹھے۔ پہلی چیز شریعت کی روح کے خلاف ہے اور دوسری چیز دعوت دین کی قاتل ہے۔ یہ گویا شیطان کے پھندے میں پھنسنے والی بات ہے۔ اس لیے اس قدر سخت اسلوب میں ان کو تنبیہ کی گئی۔

اچھا! اب میں سمجھا۔ چلیے میں آگے کی داستان بیان کرتا ہوں۔



-----------------

فارص حضرت عیسیٰ کے سامنے دوزانو ادب کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ اس کا سر احترام سے جھکا ہوا تھا۔ اس کا دل تصدیق کر چکا تھا کہ حضرت عیسیٰ اللہ کے سچے نبی ہیں۔ اس نے آنجناب کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اپنے ایمان کا اظہار کر دیا تھا۔ وہ ادب سے بولا۔

میرے آقا! میرے آقا! مجھے یقین ہے کہ آپ اللہ کے سچے پیغمبر ہیں۔ آپ کے معجزات اللہ کی طرف سے ہیں۔ آپ ہی وہ مسیح ہیں جس کے آنے کی پیش گوئی تھی۔ میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ آپ کے آنے کے بعد ہمیں رومیوں پر کب غلبہ حاصل ہوگا۔ خدا کی وہ بادشاہی کب قائم ہوگی جس کی آپ خوشخبری دے رہے ہیں۔ کیا میں اپنی زندگی میں یہ غلبہ دیکھوں گا۔

نوجوان فارص نے وہی چیز آنجناب کے سامنے رکھی جو یہود کے لیے اس وقت کا سب سے بڑا مسئلہ تھی۔ غیر قوموں پر سیاسی غلبہ اور اقتدار۔

میرے بچے! یہ ہوتا...... یہ ضرور ہوتا۔ اگر تیری قوم تیری ہی طرح مجھ پر ایمان لے آتی۔ اپنی اصلاح کر لیتی۔ مگر کیا تو ان کے کردار سے واقف نہیں؟ وہ تو میرے قتل کے درپے ہو چکے ہیں۔

میرے آقا مجھ سے بڑھ کر کون ان سے واقف ہوگا۔ میں تو ان ہی کا حصہ ہوں۔ ان ہی کی اولاد ہوں۔ یہ بھی جانتا ہوں کہ وہ آپ کی جان کے درپے ہیں۔

تو بس یہ بھی جان لے کہ یہاں کسی پتھر پر پتھر بھی باقی نہیں رہے گا۔ اب تو انتقام لیا جائے گا۔ عنقریب تم یروشلم کو فوجوں سے گھرا ہوا دیکھو گے۔ تب جان لینا کہ اس کے اجڑنے کا وقت آگیا ہے۔ افسوس ہے ان پر جو ان دنوں میں حاملہ ہوں گی اور دودھ پلاتی ہوں گی۔ تو بھی اس وقت سے پہلے یہاں سے بھاگ جانا۔ اس قوم پر اللہ کا غضب ہوگا۔ وہ تلوار کا لقمہ بن جائیں

گے اور اسیر ہو کر سب قوموں میں پہنچائے جائیں گے۔

فارص یہ سن کر لرز اٹھا۔ ارد گرد بیٹھے ہوئے دیگر لوگوں کی حالت بھی خراب ہو گئی۔ ان سب کو کامل یقین تھا کہ جو کچھ حضرت عیسیٰ کہہ رہے ہیں وہ سب پورا ہو گا۔

مگر وہ خدائی بادشاہی......؟

فارص نے ڈوبتی ہوئی آواز میں کہا۔ وہ اپنا سوال مکمل بھی نہیں کر سکا۔

خدا کی بادشاہی ضرور قائم ہو گی۔ وہ اس وقت قائم ہو گی جب دنیا کا سردار آئے گا۔

دنیا کا سردار کون ہے۔

ایک شاگرد نے ان سے سوال کیا۔

کیا تم نے کتاب مقدس میں نہیں پڑھا۔ جس پتھر کو معماروں نے رد کیا۔ وہی کونے کے سرے کا پتھر ہو گیا۔ یہ خداوند کی طرف سے ہوا اور ہماری نظر میں عجیب ہے۔

ہاں ہم نے پڑھا ہے۔ ہم نے زبور مقدس میں یہ پڑھا ہے۔

فارص بے اختیار بول اٹھا۔

تو جان لو کہ خدا کی بادشاہی اب یعقوب کے خانوادے سے لے لی گئی ہے اور عرب کے اسماعیلیوں کو دے دی گئی ہے۔ یہ وہ قوم ہے جو اس کا پھل لائے گی۔ یہ قوم وہ پتھر ہو گی کہ جو اس پر گرے گا ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا لیکن جس پر وہ گرے گا اسے پیس ڈالے گا۔

اسی قوم میں دنیا کا سردار پیدا ہو گا۔ مجھ میں اس کا کچھ بھی نہیں۔ میں تو اس کی جوتی کا تسمہ کھولنے کے قابل بھی نہیں ہوں۔ جب وہ آئے گا تو میری گواہی دے گا۔ وہ میری تعلیمات کو زندہ کرے گا۔

حضرت عیسیٰ گفتگو کر رہے تھے اور سننے والوں کی آنکھیں جو بجھ چکی تھیں ان میں ایک دفعہ



پھر زندگی کی نوید پیدا ہو چکی تھی۔

----------------

نائمہ نے اسٹڈی کے دروازے پر دستک دی۔ عبداللہ باہر آیا تو اس نے کہا۔

وہ سارہ اپنی امی، بھائی اور بہن کے ساتھ آپ سے ملنے آئی ہیں۔ آج آپ نے ان سے ملنے کا کہا تھا۔

ٹھیک ہے ان لوگوں کو اسٹڈی ہی میں بھیج دو۔

تھوڑی دیر میں سارہ صبا اور جمیلہ کے ہمراہ اندر داخل ہوئی۔ اس کے ساتھ اس کے بھائی سعد اور جنید بھی تھے۔ عبداللہ نے ان کا خیر مقدم کیا۔ داؤد بھی وہیں بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے داؤد کا تعارف کراتے ہوئے کہا۔

یہ داؤد ہیں۔ برطانیہ سے آئے ہیں۔ یہ پیشے کے اعتبار سے ماہر آثار قدیمہ ہیں۔ یہ پہلے یہودی تھے مگر کچھ عرصہ قبل ہی انہوں نے اسلام قبول کیا ہے۔

پھر اس نے انگریزی میں داؤد سے ان لوگوں کا تعارف کرایا اور یہ اجازت لی کہ کچھ دیر وہ ان کے ساتھ گفتگو کرے گا۔

سارہ نے گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے عبداللہ کو اپنے گھر کے حالات کے بارے میں بتایا:

عبداللہ بھائی! میں نے ایک ہی دن میں اس چھٹے شخص کو گھر سے بھگا دیا۔

یہ کہتے ہوئے اس کے چہرے سے خوشی پھوٹ رہی تھی۔

الحمدللہ۔ مگر یاد رکھیے گا۔ یہ حضرات بہت ڈھیٹ ہوتے ہیں۔ بہت مستقل مزاج ہوتے ہیں۔ جہاں موقع ملتا ہے فوراً واپس آ جاتے ہیں۔ اس لیے آئندہ بھی محتاط رہنا ہو گا۔

جی ضرور میں یاد رکھوں گی۔ مگر اب آپ میری اس بہن کا مسئلہ بھی حل کریں۔ یہ بہت پیاری

بہن ہے۔لیکن اسے اللہ میاں سے کچھ شکایت ہے۔

ان کی شکایت بعد میں سنیں گے۔ پہلے یہ تھرموس میں چائے بنی رکھی ہے۔اور یہ کپ ہیں۔ ساتھ میں بسکٹ رکھے ہیں۔اب آپ لوگ چائے لیجیے اور اپنی خدمت آپ کیجیے۔سارہ نے جلدی سے اٹھ کر سب کو چائے نکال کر دینا شروع کر دی۔اسی دوران میں عبداللہ نے صبا سے سوال کیا۔

آپ کو کیا شکایت ہے بیٹا؟

اللہ میاں کو عورتوں سے اتنی زیادہ چڑ کیوں ہے؟

صبا نے چھوٹتے ہیں سوال کیا۔اس سے قبل کہ عبداللہ کوئی جواب دیتا سعد بول پڑا۔

یہ اسی طرح کفر بکتی رہتی ہے۔بے شرم بے حیا۔

نہیں نہیں۔غصہ مت کیجیے۔صبا نے ابھی اسلام کی دعوت کو سمجھا ہی کہاں ہے کہ وہ کفر کرے گی۔کفر کرنے کے لیے سمجھنا تو ضروری ہے۔کسی نے اگر اسلام کی دعوت ہی نہیں سمجھی تو وہ کفر کا مرتکب کیسے ہو سکتا ہے؟

عبداللہ نے سعد کو دیکھتے ہوئے نرمی سے کہا۔پھر مسکراتے ہوئے صبا سے کہا۔

بیٹا آپ کو پتا ہے کہ باپ کو اپنی اولاد میں سے اکثر بیٹیاں زیادہ پیاری ہوتی ہیں جبکہ ماں کو بیٹے پسند ہوتے ہیں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ماں کمزور ہوتی ہے۔اسے طاقتور بیٹے کی ضرورت ہوتی ہے۔باپ خود مرد ہوتا ہے۔طاقتور ہوتا ہے۔اس لیے اسے بیٹیاں زیادہ پیاری ہوتی ہیں کیونکہ وہ کمزور ہوتی ہیں۔

سو اللہ تعالیٰ جو سب سے زیادہ طاقتور ہیں انہیں مردوں کے مقابلے میں عورتیں زیادہ اچھی لگتی ہیں۔ انہیں تو اپنی بندیوں سے زیادہ پیار ہے۔یہ آپ سے کس نے کہہ دیا کہ ان کو عورتوں



سے چڑ ہے؟

نہیں تو پھر اللہ میاں نے ہر جگہ عورتوں پر زیادہ پابندیاں کیوں لگائی ہیں۔انہیں مردوں کے برابر کیوں نہیں سمجھا ہے۔عورتوں پر زیادتی والے احکام کیوں دیے ہیں۔

مثال کے طور پر بتائیے کہ اس کا کون سا حکم زیادتی پر مبنی ہے۔

حلالہ کا حکم زیادتی پر مبنی ہے۔

صبا نے ترنت جواب دیا۔

اس کی آنکھوں کی شرم ختم ہو گئی ہے۔فضول سوال کرے جا رہی ہے۔

سعد ایک دفعہ پھر غصے میں آ گیا۔

تھوڑا صبر سے کام لیجیے۔بلکہ پہلے آپ ہی یہ بتائیے کہ یہ دین کا حکم ہے یا نہیں۔

یہ دین کا حکم ہے،سعد نے فوراً کہا۔

اگر یہ دین کا حکم ہے تو اس کے متعلق سوال کرنے کی اجازت تو ہونی چاہیے نا۔مجھے بھی جواب دینا چاہیے۔اس سوال جواب میں کوئی بھی بے حیا نہیں ہوگا۔تاہم آپ اگر اس دوران میں چاہیں تو وہاں داؤد صاحب کے پاس تشریف رکھیے اور ان کے ساتھ بیٹھ کر چائے پیجیے۔

عبداللہ نے دور بیٹھے داؤد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

سعد اٹھا اور اسٹڈی کے دوسرے حصے میں بیٹھے ہوئے داؤد کے پاس بیٹھ کر چائے پینے لگا۔ جنید بھی اس کے ساتھ اٹھ کر وہیں چلا گیا۔ان کے جانے کے بعد عبداللہ نے نرمی سے صبا سے کہا۔

بیٹا ہر بالغ مرد و عورت پر لازمی ہے کہ وہ شادی سے پہلے نکاح اور طلاق کا قانون اور اپنی ذمہ داریاں سمجھے۔یہ اس علم کا حصہ ہے جسے حاصل کرنا ہمارے آقا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

نےفرض قرار دیا ہے۔تم نے اچھا کیا کہ یہ سوال کرلیا۔اب طلاق کا قانون سمجھ لو۔

دیکھو جب کوئی مرد اپنی بیوی سے نکاح کا تعلق ختم کرنا چاہے تو دین نے یہ چیز فرض کی ہے کہ وہ ایک دم سے طلاق نہ دے بلکہ پہلے یہ دیکھے کہ آیا کیا اس کی بیوی پاک ہے؟ اگر پاک ہے تو دوسری بات یہ دیکھی جائے گی کہ کیا اس دوران میں وہ اپنی بیوی کے پاس گیا ہے۔اگر بیوی ایام سے ہے یا پاکی کے ایام میں وہ بیوی کے پاس گیا ہے تو اگلے مہینے کا انتظار کرے جب بیوی ایام سے فارغ ہو کر پاک ہو جائے۔اس وقت وہ اپنی بیوی کو طلاق دے سکتا ہے۔

مگر اتنے سوچ بچار اور اتنا وقت گزرنے پر تو غصہ ہی ٹھنڈا ہو جائے گا۔

صبا نے معصومیت کے ساتھ کہا تو عبداللہ نے مسکراتے ہوئے کہا:

تم نے ٹھیک سمجھا۔یہی اللہ تعالیٰ چاہتے بھی ہیں۔بہرحال اب طلاق کا مطلب کیا ہے یہ بھی سمجھ لو۔یہ بیوی کو خود سے علیحدہ کرنے کا عمل ہے۔چنانچہ مرد عورت کو یہ کہہ کر اپنے ارادے کی اطلاع دیتا ہے کہ میں تمہیں طلاق دیتا ہوں۔جس کے بعد تین مہینے یا تین ماہواری تک عورت شوہر کے گھر میں رکے گی۔مرد عورت کو گھر سے نہیں نکال سکتا۔نہ عورت گھر چھوڑ کر جائے گی۔

یہ آپ طلاق کا قانون بیان کر رہے ہیں یا مذاق کر رہے ہیں۔

صبا نے حیرت سے کہا۔

یہ مذاق نہیں ہے طلاق کا وہ قانون ہے جو قرآن مجید میں سورہ طلاق میں بیان ہوا ہے۔لیکن کوئی اس پر اس لیے عمل نہیں کرتا کہ یہ قانون اس طرح بیان ہی نہیں ہوتا۔خیر جب تین ماہ گزر جائیں تو اس بیچ میں دو ہی شکلیں ہوں گی۔ایک یہ کہ دونوں میں صلح صفائی ہو جائے۔ چنانچہ ایسا اگر تین مہینے کے اندر کسی وقت بھی ہو جائے مرد عورت کو بتادے کہ میں نے فیصلہ بدل لیا ہے۔اب ہم ساتھ رہیں گے۔چنانچہ دونوں اطمینان کے ساتھ رہیں کوئی مسئلہ نہیں۔لیکن تین



ماہ میں اختلاف ختم نہ ہو اور مرد اپنے فیصلے پر قائم رہے تو پھر دو گواہوں کی موجودگی میں عورت کو باقاعدہ علیحدہ کر دیا جائے۔ اب وہ عورت قانونی طور پر اس مرد کی بیوی نہیں رہی۔جس سے چاہے شادی کرے۔اور اگر بعد میں کسی بھی وقت یہ احساس ہو کہ کچھ غلط ہو گیا ہے تو دونوں جب چاہیں نکاح کر کے ساتھ رہ سکتے ہیں۔

لیکن عبداللہ بھائی اول تو ایسے کوئی شخص نہ طلاق دیتا ہے نہ کبھی دے گا۔اور دے بھی دے تو کسی صورت میں ایسی عورت کو گھر میں نہیں رکھے گا۔اور اگر رکھ لے گا تو پھر امکان یہی ہے کہ تین مہینے کے اندر اندر فیصلہ بدل لے گا۔

یہی اس قانون کی حکمت ہے کہ طلاق کسی وقتی جذبے کے تحت نہ دی جائے۔ چنانچہ اس طریقے سے طلاق صرف وہی شخص دے گا جو انتہائی سنجیدگی سے بیوی کو چھوڑنے کا فیصلہ کر چکا ہو۔ورنہ عملاً کبھی علیحدگی کی نوبت نہیں آئے گی۔

مگر اس قانون سے نہ کوئی واقف ہے نہ اس کی کوئی پابندی کرتا ہے۔

اصل مسئلہ یہی ہے کہ لوگ واقف نہیں ہیں۔اسی لیے پابندی نہیں کرتے۔

لیکن وہ تین طلاق اور حلالہ کہاں گیا۔

وہ اصل میں قرآن مجید کی ایک بات کو ٹھیک طرح نہیں سمجھا گیا۔ بات یہ ہے کہ جس وقت کسی شخص نے تین مہینے کے اندر بیوی کو واپس لے لیا تو ایک سوال پیدا ہو جاتا ہے کہ دوبارہ ایسے ہوا تو کیا ہوگا اور تیسری دفعہ پھر ایسا ہو جاتا ہے تو کیا ہوگا۔تو قرآن نے یہ بتایا ہے کہ تم بیوی کو دو دفعہ طلاق دے کر تین ماہ میں لوٹا سکتے ہو،لیکن تیسری دفعہ یہ حرکت کی تو یاد رکھنا پھر بیوی تمہارے ہاتھ سے مستقل طور پر گئی۔

عبداللہ نے صبا کا رخ کرتے ہوئے کہا۔

اور دیکھیے بیٹا کہ اللہ نے یہ حکم اپنی بندیوں کو تحفظ دینے کے لیے دیا ہے کہ مرد بار بار طلاق دے کر اور واپس لے کر ان کی زندگی کو تماشہ نہ بنا دیں۔ بلکہ ان کو پتہ ہونا چاہیے کہ دو دفعہ کے بعد تیسری دفعہ وہ ایسا نہیں کر سکتے۔

مگر ہم نے تو حلالہ کے نام پر عورتوں کو کھلونا بنا رکھا ہے، صبا نے اداسی سے کہا۔

تو ذمہ دار تو اس میں انسان ہوئے۔ اللہ تعالیٰ سے آپ کیوں ناراض ہیں۔ اس کی بات تو کسی نے سمجھنے اور رائج کرنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ جب اللہ کی مرضی کے خلاف معاملہ ہوگا تو کچھ بھی ٹھیک نہیں ہوگا۔ بہرحال کوئی شخص تیسری دفعہ بھی طلاق دیتا ہے تو پھر عورت کسی صورت اس کے لیے حلال نہیں رہتی۔ سوائے اس کے کہ اپنی آزادانہ مرضی کے تحت وہ عورت کسی دوسرے مرد سے شادی کر لے پھر اس مرد کا انتقال ہو جائے یا وہ بھی طلاق دے دے۔ تو ایسی صورت میں وہ دونوں چاہیں تو دوبارہ شادی کر سکتے ہیں۔

ہم تو جو سنتے آئے تھے یہ تو اس سے بالکل مختلف بات ہے۔ سارہ نے حیرت سے کہا۔

جی ایسا ہی ہے۔ تین طلاق کا مطلب یہ نہیں ہے کہ طلاق دینے کے لیے ایک ہی وقت میں تین دفعہ طلاق کہا جائے بلکہ یہ زندگی بھر میں تین دفعہ استعمال ہونے والا حق ہے۔ اور حلالہ کا مطلب یہ نہیں کہ تین طلاقیں دے کر کسی اور مرد سے جعلی نکاح کرایا جائے بلکہ یہ مطلب ہے کہ یہ عورت اِسی شکل میں حلال ہوگی جب کسی اور مرد سے حقیقی معنوں میں ساری زندگی ساتھ رہنے کے لیے نکاح کرے اور اتفاق سے نکاح ختم ہو جائے۔ اس سے ہرگز مراد کوئی پلان کیا ہوا جعلی نکاح نہیں۔ اور آپ غور کیجیے کہ اصل قانون کے مطابق طلاق دی جائے تو نہ تین طلاق والی بات ہو نہ مروجہ حلالہ کا کوئی امکان ہو۔

مگر اس وقت تو اس قانون پر عمل نہیں ہو رہا۔



عمل کروانے کا طریقہ یہی ہے کہ جیسے نکاح کا ایک فارم اب بن گیا ہے اور اس کے بغیر اب کوئی نکاح نہیں ہوتا، اسی طرح طلاق کا بھی فارم بنایا جائے۔ جس طرح نکاح خواں اور گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوسکتا اسی طرح گواہوں کے بغیر عورت گھر سے رخصت نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ میرا خیال تو یہ ہے کہ علاقے کے کونسلر اور مسجد کے پیش امام کی اس گواہی کے بغیر کہ انہوں نے قرآن مجید کے قانون کی پابندی کی ہے، طلاق نہیں ماننی چاہیے۔

اور اگر کوئی پھر بھی طلاق اُسی طریقے پر دے تو کیا کیا جائے؟

تو پھر ایسا کرنے والے کو دس کوڑے لگائے جائیں یا بھاری جرمانہ کیا جائے۔ دو تین ایسے کیسز میڈیا پر آئیں گے جس میں ایک ساتھ تین طلاق دینے والوں کو سزا کی خبر نشر ہوگی تو پھر باقی ساری قوم کو نصیحت ہو جائے گی۔ ویسے اب یہ بتائیے صبا کہ اللہ تعالیٰ کے اس قانون میں کیا کمزوری ہے یا عورتوں پر کیا ظلم ہے جس کی وجہ سے آپ کو ان سے شکایت ہوگئی ہے۔

نہیں اس قانون میں تو کوئی خرابی نہیں بلکہ یہ تو ہر طرح کے حالات میں بہترین قانون ہے۔ اس کے بعد تو گھر کبھی نہیں ٹوٹیں گے۔ اور ٹوٹیں گے بھی تو کم از کم کسی پر ظلم نہیں ہوگا۔

جمیلہ جو بہت دیر سے خاموش تھی بولی۔

کاش یہ باتیں پہلے معلوم ہوتیں تو......

یہ کہہ کر وہ خاموش ہوگئیں۔ سارہ نے اپنی دل گرفتہ ماں کو دیکھا پھر چھوٹے بھائیوں کو دیکھتے ہوئے کہا۔

جنید، سعد تم دونوں بھی یہیں آ کر بیٹھ جاؤ۔ اتنی اچھی باتیں ہو رہی ہیں یہاں۔

سعد اٹھ کر ان کے ساتھ ہی آ کر بیٹھ گیا۔ جنید بھی ساتھ آ کر بیٹھ گیا۔

بھائی مجھے برقعہ پہننے پر مجبور کرتا ہے۔ کہتا ہے کہ میں نہیں پہنوں گی تو جہنم میں جاؤں گی۔

سعد کے آتے ہی صبا نے ایک اور بم مار دیا۔

تو میں کیا غلط کہتا ہوں؟ سعد نے عبداللہ کی تائید حاصل کرنے کے لیے اس سے پوچھا۔

جہنم کی سزا تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں زنا کرنے والوں کو سنائی ہے۔ میرے بھائی دین کے ہر حکم کا ایک مقام ہے۔ ہمیں ہر چیز کو اس کی جگہ پر رکھنا چاہیے۔ اس کی جگہ سے بڑھا کر اسے بیان کریں گے تو یہ غلو فی الدین ہے۔

عبداللہ ایک لمحے کو رکا اور پھر گہرے تاثر کے ساتھ گویا ہوا۔

لوگوں میں ایمان کا بیج بویا جائے گا تو عفت اور حیا کے پھل خود بخود آئیں گے۔ ایمان کی لاش پر برقعے کا کفن چڑھانا کسی بصیرت کا مظاہرہ نہیں ہے۔

پھر اس نے صبا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا:

دیکھو بیٹا دین میں دو طرح کے حکم ہیں۔ ایک ایمان و اخلاق سے متعلق بنیادی احکام۔ ان کے اوپر انسان کی جنت و جہنم کا انحصار ہوتا ہے۔ باعفت رہنا اور زنا سے دور رہنا انہی احکام میں سے ایک حکم ہے۔ دوسرے احکام سدذریعہ کی نوعیت کے ہیں۔ یعنی وہ احکام جن کا حکم اس لیے دیا گیا ہے کہ ان پر عمل نہ کیا گیا تو پہلی قسم کے احکام کی خلاف ورزی کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ چنانچہ زنا سے دور رہنے کا حکم بنیادی ہے تو اس حوالے سے سدذریعہ کا حکم وہ ہے جسے ہمارے ہاں پردے کا حکم کہا جاتا ہے۔ عام طور پر اسے عورتوں سے متعلق سمجھا جاتا ہے لیکن اصل میں یہ حکم مرد اور عورت دونوں سے متعلق ہے۔

اچھا!

صبا نے قدرے حیرت سے کہا۔ اس کے لیے یہ نئی بات تھی۔

ہاں مرد اور عورت دونوں کو حکم ہے کہ جب کسی ایسی محفل میں ہوں جس میں اجنبی مرد و زن



ساتھ ہوں تو اپنی نگاہ کو بچا کر رکھیں اور اپنے لباس اور دل کی حفاظت کریں کہ لباس سے عریانی ظاہر نہ ہو اور دل میں برے خیال نہ آئیں۔ پھر خواتین کو مزید دو حکم یہ دیئے گئے ہیں کہ اپنے سر کی اوڑھنی سے سینہ بھی اچھی طرح ڈھانک لیں اور اگر زینت کر رکھی ہے تو اسے چھپا کر رکھیں۔

یہاں تک تو سارے اہل علم متفق ہیں کہ یہ اللہ کا حکم ہے۔ اس کے بعد ایک سوال یہ بچتا ہے کہ چہرہ چھپانا چاہیے یا نہیں۔ کچھ اہل علم کہتے ہیں کہ یہ ضروری ہے اور کچھ کہتے ہیں کہ نہیں ہے۔ اس میں آپ دونوں طرف کے نقطہ نظر کے دلائل سمجھ لیں۔ جس پر اطمینان ہو اس پر عمل کر لیں۔ آپ کی آخرت کو کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

یہ آپ کیا بات کہہ رہے ہیں۔ پردہ تو فرض ہے۔

سعد نے پورے وثوق اور اعتماد کے ساتھ کہا۔

علم حاصل کرنا فرض ہے۔

عبداللہ نے آہستگی کے ساتھ مگر محکم طریقے پر کہا۔

آپ کا مسئلہ یہ ہے کہ آپ نے ہمیشہ یکطرفہ نقطہ نظر سنا ہے۔ آپ کو کبھی دوسرا نقطہ نظر بتایا ہی نہیں گیا۔ آپ کی تربیت ہی یہی کی گئی ہے کہ جو ہم کہہ رہے ہیں وہ درست ہے اور باقی سب غلط ہے۔ مگر میری درخواست ہے کہ آپ علم حاصل کریں۔ جب آپ علم حاصل کریں گے اور ہر طرح کے تعصّبات سے بلند ہو کر مسلمانوں کی پوری علمی روایت کا مطالعہ کریں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ جس چیز کو آپ فرض سمجھ رہے ہیں اس کے بارے میں مسلمان علماء کی ایک بہت بڑی تعداد کی رائے بالکل الگ ہے۔ آپ جس نقطہ نظر کو چاہیں اختیار کریں، مگر خود کو حق سمجھنا اور باقی لوگوں کو باطل پر سمجھنا یہ کوئی اچھا اخلاقی رویہ نہیں۔

ویسے آپ بہن کو برقعہ پہنانا چاہتے ہیں تو مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں مگر کیا آپ جھوٹ

الزام بہتان، وعدہ خلافی، مفاد پرستی کو بھی اسی طرح حرام سمجھتے ہیں۔خوش اخلاقی اور ایثار و ہمدردی کے لیے بھی کیا آپ اتنے ہی حساس ہیں یا صرف داڑھی اور پردے ہی سے دین شروع ہو کر یہیں پر ختم ہو جاتا ہے۔

سعد اس کی بات پر خاموش رہا۔

عبداللہ نے قدرے سخت لہجے میں کہا۔

غلو اور افراط و تفریط کی یہی وہ سوچ ہے جس کی بنا پر بظاہر دیندار بہت نظر آتے ہیں، مگر ان دینداروں میں دین ڈھونڈے سے نہیں ملتا۔ کیا آپ کو نہیں پتا کہ اپنے فرقے کے عالم اور گروپ کے بجائے اللہ کی رضا کو اہم ترین سمجھنا اور اس کی مرضی کو جاننے کی کوشش کرنا ایمان کی روح ہے۔ کیا آپ کو نہیں پتا کہ ماں اور باپ کی خدمت اللہ کی بندگی کے بعد قرآن مجید میں سب سے بڑے تقاضے کے طور پر بیان ہوئی ہے۔عدل، احسان، صبر اور صلہ رحمی جیسے احکام پر پورا دین منحصر ہے۔ان معاملات میں معاشرے میں کوئی حساسیت ہے کیا؟

اس موقع پر جمیلہ نے مداخلت کرتے ہوئے کہا

میرا بیٹا سعد جہاد پر جانا چاہتا ہے۔

اچھا بہت نیک جذبہ ہے۔اللہ قبول فرمائے۔مگر یہ فرمائیے کہ یہ ارادہ کیسے ہوا؟

دنیا بھر میں کفار مسلمانوں کے خلاف متحد ہیں۔ ہمارے خلاف یہود و نصاریٰ سازشیں کر رہے ہیں۔مسلمانوں پر ظلم ہو رہا ہے۔عورتیں بچے مارے جا رہے ہیں۔ ہمارے ملکوں پر مغربی طاقتوں نے قبضہ کر رکھا ہے۔ہم سب پر جہاد فرض ہو چکا ہے۔اس لیے میں جہاد پر جا رہا ہوں۔

مگر بیٹا ہمارا کیا ہوگا؟ جمیلہ نے اپنا مسئلہ رکھا۔



اسے چھوڑیے۔ جہاد اگر ایسا ہی فرض ہو چکا ہے تو ہم سب کو ہی جانا چاہیے لیکن میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ اللہ کی رضا کے لیے جہاد پر جانا چاہتے ہیں یا اس لیے کہ آپ کی قوم پر دیگر اقوام ظلم کر رہی ہیں۔

میں تو اللہ کی رضا کے لیے جانا چاہتا ہوں۔مگر جہاد انہی کافروں کے خلاف ہوگا جو ہماری قوم پر ظلم کر رہے ہیں۔

اگر یہ بات ہے تو پھر سن لیجیے اس وقت دنیا بھر میں مسلمانوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سزا ہے۔اللہ تعالیٰ سے غداری کی سزا۔ایمان و اخلاق کی دعوت کو چھوڑ کر سطحی اور سرسری چیزوں کے پیچھے لگ جانے کی سزا۔غیر مسلموں تک دین کی دعوت نہ پہنچانے کی سزا۔

یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟

جی ٹھیک کہہ رہا ہوں۔مسلمان اس وقت ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیا کے قائم مقام ہیں۔ مسلمانوں کے سوا کسی کے پاس سچائی نہیں ہے۔مسلمانوں کی غفلت ہے کہ پچھلی کئی صدیوں سے اسلام کے دائرے میں دنیا کی کوئی نئی قوم داخل نہیں ہوئی۔ جو افراد اکا دکا اسلام لا رہے تھے وہ بھی دہشت گردی کو اسلام کے نام پر تحفظ فراہم کرنے کی وجہ سے متنفر ہو رہے ہیں۔کیا آپ کو نہیں پتا کہ اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی ہدایت کو اپنی ذمہ داری قرار دیا ہے۔کیا آپ کو نہیں معلوم کہ وہ اس معاملے میں اتنے حساس ہیں کہ حضرت یونس علیہ السلام جیسے عظیم رسول نے دعوت دینے اور اپنی قوم کے کفر کے بعد اللہ کی اجازت کے بغیر اپنی قوم کو چھوڑ دیا تھا تو ان کو مچھلی کے پیٹ میں بند کر دیا گیا۔اور جب تک انہوں نے توبہ نہیں کی ان کو رہائی نہیں ملی۔مسلمانوں نے نہ دعوت حق کسی کو پہنچائی نہ اپنا کام کیا۔اس لیے اللہ نے اپنی سنت کے مطابق دنیا کی طاقتوں کو

مسلمانوں پر بطور عذاب مسلط کر دیا ہے۔ آپ جتنی کوشش کر لیں یہ عذاب کم نہیں ہوگا۔ اللہ نے پہلے آپ پر اہل یورپ کو مسلط کیا۔ ان سے نجات پائی تو روس کو مسلط کر دیا۔ ان سے نجات پائی تو امریکہ کو مسلط کر دیا۔ ان سے نجات پائیں گے تو کوئی اور قوم مسلط ہو جائے گی۔ آپ کے پاس توبہ کے سوا کوئی راستہ نہیں۔ آپ کے پاس دنیا کو اسلام کی دعوت دینے کے سوا کوئی راستہ نہیں۔

مگر ہم پر ظلم ہو رہا ہے؟ سعد نے جواب میں کہا۔

ہاں یہ وہی ظلم ہے جو بخت نصر نے یہودیوں پر کیا تھا۔ اس نے لاکھوں یہودیوں کو قتل کیا اور لاکھوں کو غلام بنا کر لے گیا تھا۔ ان کے شہروں کو برباد کر دیا۔ ان کے خانہ کعبہ یعنی بیت المقدس کو تباہ کر دیا۔ ان کی عورتوں کی آبروریزی کی گئی۔ ان کے بچوں کو قتل کر دیا گیا۔ یہ وہی ظلم ہے جو رومیوں نے یہود پر کیا تھا۔ لاکھوں کو قتل کیا اور لاکھوں کو جلاوطن کر کے ان کے وطن پر قبضہ کر لیا۔ یروشلم کو برباد کر دیا۔ جوان لڑکیوں کو کھلونوں کی طرح فوجیوں میں تقسیم کر دیا گیا۔

مگر جانتے ہیں قرآن مجید نے اس پر کیا تبصرہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سورہ بنی اسرائیل کے شروع میں یہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارے بندے تھے جن کو ہم بنی اسرائیل پر چڑھا کر لائے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی مذمت میں ایک لفظ تک نہیں کہا۔ کی تو یہودیوں کی مذمت کی۔ خود آپ کی اپنی تاریخ میں یہی دو دفعہ ہو چکا ہے۔ پہلی دفعہ تاتاریوں کے ہاتھوں اور اب مغربی اقوام کے ہاتھوں۔ تاتاریوں نے کروڑوں مسلمانوں کو مار ڈالا تھا۔ پھر اللہ نے توفیق دی تو مسلمانوں نے دعوت کا راستہ اختیار کیا اور اللہ نے ان کو دوبارہ دنیا پر غلبہ دے دیا۔ آج بھی راستہ یہی ہے، مسلمان توبہ کریں اور دعوت دین کا راستہ اختیار کریں۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ ایک دفعہ پھر مسلمان سپر پاور بن جائیں گے۔ اس کے علاوہ آپ کچھ بھی کر لیں آپ کو کچھ نہیں ملے گا۔ سوائے تباہی کے۔

سعد پر عبداللہ کی اس پوری تقریر کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ وہ اطمینان سے بولا۔



جی نہیں ایسا نہیں ہوگا۔ حضرت عیسیٰ بس اب نازل ہونے ہی والے ہیں۔ امام مہدی کا ظہور ہونے والا ہے۔ جس کے بعد دنیا بھر میں اسلام کا غلبہ ہوگا۔ میں اسی لیے جہاد کے لیے عرب جا رہا ہوں کہ ان کے لشکر میں شامل ہو کر کافروں کو شکست دوں۔

جی حضرت عیسیٰ تشریف لے آئیں تو ضرور جایئے گا۔ بلکہ مجھے بھی بتایئے گا میں بھی ساتھ چلوں گا۔ مگر پہلے ان کو آنے دیں۔ پھر جایئے گا۔ ورنہ تباہی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔

مگر قرب قیامت کی علامتیں پوری ہو چکی ہیں۔

قیامت کی اصل علامت تو خود سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا تشریف لانا تھا۔ لیکن وہ کب آئے گی اور کوئی اور علامت کب ظاہر ہوگی کوئی نہیں جانتا۔ باقی آنے والی ہستیوں کا معاملہ تو یہ ہے کہ بچپن سے اب تک یہ سنتے سنتے میرے بالوں میں سفیدی آنے لگی ہے کہ ان کے آنے کی ساری علامتیں پوری ہو چکی ہیں۔ مگر یہ دونوں بزرگ ابھی تک تو آئے نہیں۔ اس لیے میری درخواست یہ ہے کہ ان بزرگوں کا ظہور اور نزول ہونے دیں۔ ہو جائے تو ضرور جائیں پھر میں نہیں روکوں گا۔ مگر اس سے پہلے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ سوائے تباہی کے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔

تو گھر بیٹھ کر کیا کریں؟

جی میں نے عرض کیا نا کہ ایمان اور اخلاق کی دعوت کو عام کیجیے۔ اپنے لوگوں کے ایمان کو تعصبات کے بجائے معرفت والا ایمان بنائیں۔ اخلاق کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور قرآن مجید کی تعلیمات کے مطابق بنائیں۔ اسلام کی دعوت کو دنیا بھر میں پہنچائیں۔ یہ کرنے کے بہت بڑے کام ہیں۔ ان میں زندگی گزاریے۔

سعد خاموش ہو گیا۔ جنید پہلے ہی خاموش بیٹھا تھا۔ وہ پوری نشست میں کچھ نہیں بولا تھا۔

سارہ کو محسوس ہوا کہ کافی دیر ہوگئی ہے اور بات بھی پوری ہو چکی۔ وہ عبداللہ سے بولی۔

عبداللہ صاحب آپ کے وقت کا بہت بہت شکریہ۔ ہمیں اب اجازت دیجیے۔ آپ کے مہمان بھی آپ کے منتظر ہیں۔

یہ کہتے ہوئے وہ کھڑی ہوئی اور وہ سب اجازت لے کر وہاں سے رخصت ہو گئے۔

-----------------

وہ لوگ رخصت ہوئے تو عبداللہ داؤد کی طرف متوجہ ہوتے ہوئے بولا۔

معذرت چاہتا ہوں۔ آپ کو انتظار کرنا پڑا۔

نہیں معذرت کی تو کوئی بات نہیں۔ مگر جب آپ اس نوجوان سے بات کر رہے تھے تو مجھے یہ محسوس ہوا......

یہ کہتے ہوئے داؤد ذرا رک گیا۔ گویا وہ اپنے الفاظ تول رہا تھا۔

کیا محسوس ہوا۔ عبداللہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح نرمی سے بات کرنے کے بجائے حضرت عیسیٰ کے لہجے میں کچھ ترشی سے بات کر رہے تھے۔

میرے آقا حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہرگز کوئی ترش مزاج شخصیت نہ تھے۔ وہ تو بہت کریم مزاج ہستی تھے۔ سراپا رحمت، سراپا کرم۔ دراصل یہ اللہ کا حکم تھا کہ یہودی لیڈر شپ سے ایسے ہی بات کی جائے۔ چنانچہ قرآن مجید میں بھی اللہ تعالیٰ نے یہود سے زیادہ تر ایسے ہی خطاب کیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب اللہ کے دین کی غلط ترجمانی کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کو شدید غصہ آتا ہے۔ چنانچہ جب بھی مچھروں کو چھانا جائے گا اور اونٹوں کو نگلا جائے گا، ایسے ہی بات کی جائے گی۔ اور یہ بگاڑ صرف اس لیے آتا ہے کہ لوگ صحیح بات سننے سے انکار کر دیتے ہیں۔



عبداللہ نے دکھی لہجے میں اپنی بات جاری رکھی۔

دراصل ہمارے مذہبی مزاج کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ جو شخص جس عالم اور جس فرقے میں جا کر بیٹھ جاتا ہے، اس کی کہی ہوئی ہر بات کو حرف آخر سمجھ کر پورے اعتماد سے آگے بیان کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اس کے لیے لڑنا جھگڑنا بھی شروع کر دیتا ہے اور آخر میں دوسرے شخص کی گمراہی اور کفر کے فتوے دے دیتا ہے۔ گویا وہ وقت کا پیغمبر ہے اور اس پر وحی اتر رہی ہے۔ جو اس نے سمجھ لیا وہ گویا اللہ کا کلام ہو گیا۔ بغیر تحقیق کے اپنے حق پر ہونے کا یہ رویہ ہے جو ہمارے بیشتر مسائل کی جڑ ہے۔

ہاں یہ تو ہر گروہ کا مسئلہ ہے۔

داؤد نے اپنے یہودی پس منظر کی بنا پر کہا۔

مگر اہل ایمان کا رویہ کسی صورت میں یہ نہیں ہونا چاہیے۔ یہ ایمان کے خلاف ہے۔ اہل ایمان ہمیشہ عدل کی بات کرتے ہیں اور بغیر تحقیق کے کوئی کیسے عدل کر سکتا ہے۔ یکطرفہ بات سن کر کیسے انصاف کیا جا سکتا ہے؟

خیر اسے چھوڑیے یہ بتائیے کہ اب کیا پروگرام ہے۔

میرے خیال میں اب کافی وقت ہو گیا ہے۔ باقی داستان کل پر چھوڑتے ہیں۔

جی میرا بھی یہی خیال ہے۔

جی ہاں کل انشاءاللہ میں اپنی بات پوری کر لوں گا۔ پھر روانہ ہو جاؤں گا۔

مگر اتنی جلدی۔

جی ہاں دراصل مجھے آگے فار ایسٹ ایشیا کے دو تین ممالک اور جانا ہے۔ وہاں آثار قدیمہ پر نمائش بھی ہو رہی ہے اور ایک جگہ کانفرنس میں پیپر بھی پڑھنا ہے۔

مگر مجھے تو آپ سے ابھی کچھ باتیں کرنی ہیں۔

چلیے تو میں واپس آتے ہوئے ایک دفعہ پھر ایک دن کے لیے صرف آپ سے ملنے کے لیے یہاں ٹھہر جاؤں گا۔

اللہ آپ کو خوش رکھے اور اپنے فضل سے نوازے۔

یقیناً میں اللہ کا فضل چاہنے کے لیے ہی آپ کے پاس آؤں گا۔

یہ کہتے ہوئے داؤد روانگی کے لیے کھڑا ہو گیا۔

----------------

بھئی یہ تو بہت گمراہ شخص ہے۔

سعد کی پوری روداد سننے کے بعد سر پرست اعلیٰ نے پورے اعتماد کے ساتھ اپنی داڑھی پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔

سعد شاہد کے ساتھ سر پرست اعلیٰ سے ملنے کے لیے آیا ہوا تھا۔ شاہد تو اسے دفتر میں بٹھا کر کہیں باہر چلا گیا تھا۔ جبکہ سعد نے عبداللہ سے ہونے والی اپنی ملاقات کی پوری تفصیل سر پرست اعلیٰ کے سامنے بیان کی تھی۔ جس کے بعد اسے عبداللہ کی گمراہی پر سندِ تصدیق مل چکی تھی۔ اس نے تائیدی انداز میں کہا۔

میں تو اسی وقت کھٹک گیا تھا جب امی مجھے اس کے پاس لے کر جا رہی تھیں۔ پہلے تو طلاق کے معاملے میں اس نے بالکل نئی نئی باتیں کہیں۔ پتہ نہیں طلاق کا کیسا قانون بتا رہا تھا جو ہم نے آج تک نہیں سنا۔ پھر پردے کے متعلق میرے گھر والوں کو بہکانے لگا۔ آخر میں تو اس نے یہ کہہ کر حد کر دی کہ یہ جو دنیا بھر میں مسلمانوں پر ظلم ہو رہا ہے وہ اللہ کی طرف سے سزا ہے۔

یہ سنتے ہی وہ بولے۔



استغفر اللہ استغفر اللہ۔ کیا زمانہ آ گیا ہے۔ ان عقل کے اندھوں کو یہ نظر نہیں آتا کہ یہود و نصاریٰ اور یہود و ہنود کس طرح دنیا بھر میں مسلمانوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ رہے ہیں۔ مجھے تو دال میں کچھ کالا لگ رہا ہے۔

سعد نے سر ہلاتے ہوئے کہا:

جی حضرت! میرا دل بھی یہی کہہ رہا ہے۔ اول تو وہ شخص کہیں سے عالم ہی نہیں لگتا۔ دوسرے اس کے پاس ایک گورا یہودی بیٹھا ہوا تھا۔ وہ اسے نومسلم کہہ رہا تھا، مگر صاف لگتا تھا کہ وہ انگریز ہے۔

اس پر سر پرست اعلیٰ فوراً بولے۔

بس تو معاملہ صاف ہو گیا۔ یہ شخص یہودیوں کا ایجنٹ ہے۔ مغربی طاقتیں ایسے بکاؤ لوگوں کو ڈھونڈتی ہیں جو مسلمانوں میں بے حیائی کو فروغ دیتے ہیں۔ پردہ کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ جہاد کی روح کو مردہ کرنا چاہتے ہیں۔

یہ گفتگو جاری تھی کہ شاہد واپس اندر آ گیا۔ سر پرست اعلیٰ نے اس سے پوچھا۔

کیا تمھیں سعد نے اس گمراہ شخص کے متعلق بتایا۔

جی بتایا تھا۔ میں تو پہلے ہی اس شخص سے واقف ہوں۔ ہمارے کئی لوگوں نے اس کے بارے میں بتایا ہے۔ یہ ایک گمراہی ہے جو پھیل رہی ہے۔ یہ شخص بظاہر دعوت کی بات کرتا ہے۔ ایمان و اخلاق کی بات کرتا ہے۔ مگر سعد کی باتوں سے بالکل واضح ہو چکا ہے کہ یہ تو مغربی طاقتوں کا ایجنٹ ہے۔ یہ شخص تو یہودیت اور عیسائیت کو ہمارے ہاں پھیلانا چاہتا ہے۔ بلکہ مجھے تو یہ بھی لگتا ہے کہ یہ قادیانیوں کا بھی ایجنٹ ہے۔ مگر اس مسئلے کا حل کیا ہے؟

اس کا حل یہی ہے کہ اس فتنے کو بے نقاب کیا جائے۔ اہل حق کے تمام رسائل میں اس کے

خلاف مضامین لکھوائے جائیں۔اس کے باطل نظریات اور گمراہ کن خیالات سے پردہ اٹھایا جائے۔لوگوں کو اس کی بات سننے اور پڑھنے سے منع کیا جائے۔ ای میل،انٹرنیٹ اور فیس بک کے ذریعے سے اس کے خلاف وسیع پیمانے پر مہم چلائی جائے۔دیگر دینی گروپوں کو بھی ساتھ ملایا جائے۔اللہ نے چاہا تو اس فتنے کو ہم کچل کر رکھ دیں گے۔

سرپرست اعلیٰ نے فرمایا تو شاہد نے خوش ہو کر کہا۔

سبحان اللہ۔ یہ ہوئی نا بات۔ میں آج ہی آپ کی ہدایت کے مطابق سب لوگوں کو ذمہ داریاں دے دیتا ہوں۔اصل چیز نیت اور ارادہ ہوتی ہے۔ایک دفعہ گمراہی ڈھونڈنے کی نیت کر لی جائے تو کسی بھی شخص میں بڑی سے بڑی گمراہی نکالی جا سکتی ہے۔ ہم انشاءاللہ اس شخص میں گمراہی کے ایسے ایسے پہلو نکالیں گے کہ لوگ اس کا نام سننا پسند نہیں کریں گے۔ پھر بات سے بات جب پھیلے گی تو باقی لوگ بھی اس گمراہی کا پردہ فاش کرنے میں ہمارا ساتھ دیں گے۔ ایسے فتنوں کا قلع قمع کرنا ہمارا کام ہے۔

ہمارا کام یہ ہے کہ اتنا نفرت انگیز پروپیگنڈا کریں کہ لوگ یہ یقین کر لیں کہ یہ شخص شیطان کے سوا کچھ نہیں۔تب ہی وہ اس کی باتیں سننے سے باز آئیں گے۔ورنہ یہ بدبخت ایسی باتیں کرتا ہے کہ ہر شخص سننے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

درست فرمایا آپ نے۔مگر پھر بھی یہ باز نہیں آیا تو۔

شاہد نے اندیشہ ظاہر کیا۔

بھئی پہلا کام تو اپنے لوگوں اور سادہ لوح عوام کو اس فتنے سے خبردار کرنا ہے۔خاص کر اپنے پیروکاروں کو۔ باقی اللہ چاہے گا تو ہمارے سرفروشوں اور فدائین میں سے کسی نہ کسی کو ضرور توفیق ملے گی کہ وہ یہودیوں کے اس ایجنٹ کو اس کے انجام تک پہنچا دے۔



پھر وہ سعد سے مخاطب ہو کر بولے۔

بیٹا! تم اپنے خاندان کو تو اس فتنے سے بچاؤ اور اللہ تم کو توفیق دے تو ساری دنیا کو اس فتنے سے محفوظ رکھو۔ یاد رکھو جس طرح باہر کی طاقتوں کے خلاف جہاد فرض ہے۔اسی طرح ایسے فتنوں کا سر کچلنا بھی فرض ہے۔تم اگر یہ کام کر لو تو جنت کی نجانے کتنی حوریں تم پر رشک کریں گی۔

جی میں تو جنت ہی میں جانا چاہتا ہوں۔

سرپرست اعلیٰ خوش ہو گئے اور شاہد کو ہدایت دینے لگے۔

بس تو پھر دونوں کام آپ کے ذمے ہیں۔سعد کو ان لوگوں تک پہنچا دیں جو اس فتنے کے خاتمے کے لیے اسے تربیت دیں گے۔اور باقی اس کے خلاف مضامین وغیرہ بھی لکھوانا شروع کر دیں۔تاکہ ہر دو پہلوؤں سے اس سے نجات ملے۔

----------------

جنید مسجد کے امام صاحب کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔وہ اسے اپنے ساتھ مطالعہ کے کمرے میں لے آئے تھے۔حال احوال معلوم کرنے کے بعد انہوں نے کہا۔

بیٹا سب خیریت تو ہے۔آج تم خاص طور پر وقت لے کر ملاقات کے لیے آئے ہو۔

دراصل امام صاحب میں ایک الجھن میں پڑ گیا ہوں۔میری الجھن آپ ہی دور کر سکتے ہیں۔

یہ کہہ کر جنید نے اپنے بھائی سعد کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔عبداللہ سے اپنی ملاقات کا بھی ذکر کیا اور وہاں کی تفصیل بھی بیان کی۔آخر میں وہ بولا۔

مجھے عبداللہ صاحب کی باتیں سن کر کنفیوژن پیدا ہو گئی ہے۔آپ بتائیں کیا بات درست ہے۔

امام صاحب نے اس کی پوری گفتگو تسلی سے سنی۔ جب اس نے آخری سوال کیا تو وہ جواب دینے کے بجائے اپنی نشست سے اٹھے اور کتابوں کی الماری کے پاس کھڑے ہو گئے۔ جنید خاموش بیٹھا ان کے کچھ بولنے کا انتظار کرتا رہا۔ کچھ دیر بعد ان کی آواز ابھری۔

بیٹا میں جتنا وقت آج کے لوگوں کے ساتھ گزارتا ہوں۔ اس سے کہیں زیادہ وقت میں اپنے ان بزرگوں کے ساتھ گزارتا ہوں جو صدیوں پہلے گزرے۔

وہ کیسے؟ جنید نے حیرانی سے دریافت کیا۔

ان کتابوں کے ذریعے سے۔ امام صاحب نے الماری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

یہ کتابیں مجھے ماضی میں لے جاتی ہیں۔ یہ اگر نہ ہوتیں تو میں کنویں کا مینڈک ہوتا۔ مگر ان کتابوں نے مجھے میرے کنویں سے نکالا اور ہر دور کے عالم کی بات سننے کا موقع دیا۔

یہ کہتے ہوئے امام صاحب نے الماری سے ایک کتاب نکالی۔

آپ کی بات ٹھیک ہے مگر اس کا میرے سوال سے کیا تعلق؟، جنید کچھ پریشان ہو کر بولا۔ اسے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اس کے سیدھے سے سوال کا جواب دینے کے بجائے امام صاحب یہ بالکل مختلف گفتگو کرنا کیوں شروع ہو گئے ہیں۔ اس کی بات سن کر امام صاحب واپس اس کے پاس آ کر بیٹھ گئے اور بولے۔

بیٹا میں تمہارے سوال پر ہی آ رہا ہوں۔ مگر اس وقت میں تم کو یہ سمجھا رہا ہوں کہ یہ کتابیں نہ ہوتیں تو میرا جواب بہت مختلف ہوتا۔ مگر ان کتابوں کی دنیا میں رہنے کی وجہ سے میرا جواب کچھ اور ہے۔

وہ کیا؟

وہ یہ کہ کوئی بات نئی یا مختلف لگے تو متوحش نہیں ہونا چاہیے۔ دلیل پوچھنی چاہیے۔ دلیل



درست لگے تو مان لینا چاہیے ورنہ نہیں ماننا چاہیے۔

جنید نے سمجھنے کے انداز میں سر ہلایا۔ امام صاحب بولتے رہے۔

ہمارے اسلاف کی یہ روایت ہے کہ وہ دین پر سوچتے تھے، غور کرتے تھے، مسائل کا حل ڈھونڈتے تھے۔ یہ کام جیسے ہی شروع ہو گا اختلاف رائے سامنے آ جائے گا۔ اس اختلاف میں بڑی رحمت ہے۔ مسائل کا حل اسی سے نکلتا ہے۔ ہمیں اس اختلاف رائے کو برداشت کرنا چاہیے۔

یہ کہتے ہوئے انہوں نے میز پر وہ کتاب رکھ دی جو ان کے ہاتھ میں تھی اور بولے۔

یہ چھٹی صدی کے ایک بہت بڑے عالم، فلسفی اور قاضی ابن رشد کی کتاب بدایة المجتهد و نهاية المقتصد ہے۔ ان کا تعلق اسپین سے تھا اور وہ قرطبہ کے قاضی القضاۃ تھے۔ اس کتاب میں ہمارے دین کے ہر اہم مسئلے کے بارے میں تمام ائمہ کے اختلاف نقل کر دیے گئے ہیں۔ اس کتاب کو پڑھ کر تمہیں اندازہ ہو گا کہ ہمارے اسلاف اختلاف رائے کے کتنے عادی تھے۔ مگر اختلاف کے ساتھ وہ اپنی دلیل بھی بیان کرتے تھے اور دوسروں کو بھی حق دیتے تھے کہ وہ دلیل سے جس بات کو چاہیں بیان کریں۔

آپ کی بات ٹھیک ہے، مگر عبداللہ صاحب کی باتوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔

دیکھو طلاق کے قانون والی ان کی بات تو بالکل ٹھیک ہے۔ سارے فقہا طلاق کے اسی طریقے کو درست یا سنت طریقہ قرار دیتے ہیں جو انہوں نے بیان کیا۔ پردے والی بات بھی ٹھیک ہے۔ یہ بھی کوئی متفقہ مسئلہ نہیں ہے۔ البتہ یہ بات کہ مسلمانوں پر غیر مسلم اقوام کا غلبہ اللہ کی طرف سے سزا ہے، یہ بات میرے لیے ذرا نئی ہے۔ مگر میں اسے رد کرنے کے بجائے اس پر سوچنا پسند کروں گا۔ بات سمجھ میں تو آتی ہے۔ لیکن مجھے اسے تفصیل سے دیکھنا ہو گا۔

پھر وہ ابن رشد کی کتاب کی طرف دیکھتے ہوئے بولے۔

ابن رشد کے بعض فلسفیانہ افکار کی بنا پر ان پر کفر کا فتویٰ لگایا گیا۔ان کی بیشتر کتابیں جلادی گئیں اوران کو جلاوطن کر دیا گیا۔یہ سوچ کبھی کسی معاشرے میں خیر نہیں لاسکتی۔اس سوچ نے آخر کار اسپین کی اس ریاست میں جہاں مسلمان سب سے زیادہ ترقی کر رہے تھے اور علم و ہنر میں آگے تھے،ان کو سب سے پیچھے کر دیا۔ابن رشد نے امام غزالی کی اُس تنقید کو رد کر دیا تھا جوانہوں نے فلسفے پر کی تھی۔ابن رشد کے فلسفیانہ افکار کا جواب بعد میں امام ابن تیمیہ نے دے دیا۔علم کی دنیا میں یہ معمول کی بات ہے۔ یہاں دلیل کا جواب دلیل سے دیا جاتا ہے۔مگر ابن رشد کے ساتھ جوسلوک ہوا اس نے مسلمانوں میں علم کی روایت کو مردہ کر دیا۔ابن رشد ہمارے ہاں مردود ہو گیا مگر اہل یورپ نے اپنی درسگاہوں کے نصاب میں اس کی کتابیں داخل کر کے اتنی ترقی کر لی۔ہم ہمیشہ کے لیے سائنس میں پیچھے رہ گئے۔اختلاف رائے کو برداشت نہ کرنا ہی ہمارا اصل المیہ ہے۔مگر افسوس کہ آج بھی ہم یہی کر رہے ہیں۔

آپ کی باتیں سمجھ تو آرہی ہیں۔

شاید اس لیے سمجھ میں آرہی ہیں کہ تم بہت زیادہ مذہبی نہیں ہو۔ورنہ جو شخص مذہب سے جتنا قریب ہوتا ہے اس کا دماغ ایسی باتوں کو سمجھنے کے لیے اتنا ہی کم کام کرتا ہے۔انھی ابن تیمیہ کو دیکھ لو جن کا میں نے ابھی ذکر کیا۔ان کو تو کئی گروہوں نے آج کے دن تک معاف نہیں کیا۔آج تک ان کے کفر اور گمراہی کے فتوے عام ہیں۔اور سب سے بڑھ کر ہمارے امام اعظم امام ابو حنیفہ کی مثال ہے۔ان کو ان کی زندگی میں کیا کچھ نہیں کہا گیا۔ بلکہ آج بھی بہت سے لوگ منکر حدیث کی مذہبی گالی پوری ڈھٹائی کے ساتھ امام صاحب کو دیتے ہیں۔

جنید ان کی بات توجہ سے سن رہا تھا۔اس نے دل میں ارادہ کر لیا کہ وہ عبداللہ سے دوبارہ



ضرور ملاقات کرے گا۔چلتے وقت اس نے امام صاحب سے پوچھا۔

میرے لیے کوئی نصیحت؟

اس کی بات پر امام صاحب نے کہا:

جنید بیٹے! آج بھی ہم نے اپنے اہل علم کے ساتھ یہی رویہ رکھا تو ہم کبھی دنیا اور آخرت کی بھلائی حاصل نہیں کر سکتے۔یہی تمہارے لیے میری نصیحت ہے۔

-----------------

جی تو داستان اب کہاں سے شروع ہو گی۔

داؤد ایک دفعہ پھر عبداللہ کے ساتھ بیٹھا تھا۔اور اپنے موبائل سے ان تصویری دستاویزات کو غور سے دیکھ رہا تھا۔اس کے انہماک کو دیکھتے ہوئے عبداللہ نے اس سے دریافت کیا۔

دستاویز کا یہ حصہ اب دوبارہ ہمیں فارص سے صدوق کی طرف لے جاتا ہے۔صدوق نے اپنے پردادا فارص کے احوال کے بعد دوبارہ اپنے احوال لکھنے شروع کیے جو میں آپ کو سناتا ہوں۔

-----------------

میرے پردادا فارص اپنی داستان مجھے سنا کر رخصت ہو گئے۔مگر برکوخبا کے مسیح ہونے اور اپنے والد اور دادا کے نظریات پر اب مجھے یقین نہیں رہا تھا۔گرچہ ابتدا میں برکوخبا کو فتوحات حاصل ہوئیں اور فلسطین کی ریاست یہودیہ کے ایک بڑے حصے پر اس کا اقتدار قائم ہو گیا۔مگر اس کے بعد رومیوں نے پوری طاقت کے ساتھ اس بغاوت کو کچلنے کے لیے حملہ کیا۔میرے دادا کو بزرگ فارص کی باتیں سن کر کچھ اندازہ ہو چکا تھا کہ کیا ہونے والا ہے۔اس لیے وہ رومیوں کے حملے سے قبل ہی مجھے میری والدہ اور خاندان کو لے کر فلسطین سے شام کے دور افتادہ علاقے

میں چلے گئے تھے۔ جبکہ میرے والد نے برکوخبا کے ساتھ رومیوں کے مقابلے کا فیصلہ کیا تھا۔

مگر وہی ہوا جو بزرگ فارص نے کہا تھا۔ رومیوں نے برکوخبا اور اس کی فوجوں کو بدترین شکست دی۔ اس کے بعد ایک دفعہ پھر بہت بڑے پیمانے پر یہودیوں کا قتل عام ہوا۔ لاکھوں یہودیوں کو قتل کر دیا گیا۔ بچے کھچے یہودیوں کو ہمیشہ کے لیے فلسطین سے نکال دیا گیا۔ بہت سے لوگ ہمارے دادا کے پاس آ کر رہنے لگے۔ میرے دادا دل سے جان چکے تھے کہ حضرت عیسیٰ اللہ کے رسول تھے۔ میں تو پہلے ہی ان پر ایمان لے آیا تھا۔

یہود کی اس بربادی کے بعد ہمارے پاس جینے کی کوئی امنگ نہ رہی تھی۔ بس ایک ہی چیز مجھے زندہ رکھے ہوئے تھی۔ عرب کے اس پیغمبر کا انتظار جو دنیا کا سردار ہے۔ مگر خبر نہیں کہ دنیا کا وہ سردار کب آئے گا۔ آج کے دن تک جب میری ہڈیاں بوڑھی ہو چکی ہیں اور میرے بال سفید ہو چکے ہیں۔ میں اسی پیغمبر کے انتظار میں زندہ ہوں۔ لیکن لگتا ہے کہ میرے نصیب میں اس عظیم پیغمبر کو دیکھنا نہیں ہے جو دنیا کا سردار ہے۔ اب جبکہ موت میری سمت تیزی سے بڑھ رہی ہے، میں نے اپنی زندگی کے اہم ترین احوال لکھ کر محفوظ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ میں نہ سہی مگر میری اولاد میں سے کوئی نہ کوئی خوش نصیب وہ دن دیکھے گا کہ جب عرب سے دنیا کا سردار آئے گا۔

----------------

یہ حصہ سنانے کے بعد داؤد رکا اور کہنے لگا۔

یہ اس عذاب کی آخری قسط تھی جو حضرت عیسیٰ کے بعد فلسطین میں یہود پر نازل ہوا۔ انہوں نے بغاوت کی جسے کچل دیا گیا۔ ایسی چیزوں کو پڑھنا بہت آسان کام ہے۔ مگر سچی بات یہ ہے کہ اس دور میں کھڑے ہو کر ان واقعات کو دیکھنا اور ان کو سہنا بہت مشکل کام ہے۔

آپ نے درست کہا، عبداللہ نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔



خود ہمیں دیکھیے کہ ہم آج بھی کم و بیش اسی کیفیت میں ہیں۔ پچھلے دو سو برس سے مسلمان اس مغلوبیت سے نکلنے کی مسلسل کوششیں کر رہے ہیں۔ مگر ایک کے بعد دوسری تباہی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ پچھلے دو سو برس میں کچھ نہیں تو کروڑ سے اوپر مسلمان مختلف ممالک میں مارے جا چکے ہیں۔ انتہائی قیمتی لوگ ختم ہو گئے۔ جان، مال، آبرو برباد ہوئی۔ مگر ہم صحیح راستہ اختیار کرنے کے لیے آج بھی تیار نہیں ہیں۔

صحیح راستہ؟ داؤد نے سوالیہ لہجے میں دریافت کیا۔

دعوت کا راستہ، صبر کا راستہ، ایمان کا راستہ، اخلاق کا راستہ۔ یہی واحد راستہ ہے۔ اس کے سوا ہر دوسرا راستہ تباہی کی طرف جاتا ہے۔

آپ کے خیال میں اس راستے پر بار بار جانے کی وجہ کیا ہے؟ داؤد نے ایک اور سوال کر دیا۔ عبداللہ نے قدرے دکھ کے ساتھ بولنا شروع کیا۔

وجہ یہ ہے کہ جو لوگ تباہی کے اس راستے پر پوری قوم کو دھکیل رہے ہیں، وہ خود اس تباہی سے بچے رہتے ہیں۔ ان کے جوان بیٹے نہیں مرتے۔ ان کی بیٹیوں کی عصمت دری نہیں ہوتی۔ ان کی جائیدادیں تباہ نہیں ہوتیں۔ اس کے برعکس جذباتی باتیں کر کے لوگوں میں لیڈر شپ حاصل کرنا بہت آسان ہو جاتا ہے۔ ایسے لیڈر خود محفوظ رہتے ہیں۔ اپنے گھروں میں مزے کی زندگی گزارتے ہیں۔ البتہ نفرت اور جذبات پر مبنی تقریریں کرتے رہتے ہیں۔ لوگ ان کی باتوں میں آ جاتے ہیں اور پے در پے تباہی ان کا مقدر بنتی چلی جاتی ہے۔

پھر وہ خاموش ہو گیا۔ کچھ دیر خاموشی چھائی رہی۔ جس کے بعد عبداللہ نے کہا۔

خیر چھوڑیں اس مرثیہ خوانی کو۔ آپ اگلا حصہ بیان کیجیے۔

جی اب یہ اگلا اور آخری حصہ صدوق کی اولاد میں سے اس شخص کا ہے جس نے اپنا نام نہیں

لکھا۔لیکن یہ شخص اپنے خاندان کے ہمراہ شام میں کسی جگہ مقیم تھا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد عرب افواج وہاں پہنچیں تو اسے معلوم ہو گیا کہ جس نبی کی پیش گوئی حضرت عیسیٰ کر کے گئے تھے وہ تشریف لے آئے ہیں۔ چنانچہ یہ آخری حصہ اس نے تحریر کیا اور پھر ان تمام تحریروں کو اس غار میں منتقل کر دیا جہاں سے یہ مجھے ملی تھیں۔

تو پھر سنائیے اس نے کیا لکھا ہے۔

جی میں سناتا ہوں۔

یہ کہہ کر داؤد نے داستان کا آخری حصہ بیان کرنا شروع کیا۔

میں ہی وہ خوش نصیب ہوں۔ میں فارص کی اولاد میں سے ہوں۔ میں صدوق کی اولاد میں سے ہوں۔ آخر کار چار صدیوں کے انتظار کے بعد عرب میں دنیا کا سردار آ ہی گیا۔ مگر اس عرصے میں دنیا کتنی بدل چکی ہے۔ یہودی تو عیسیٰ علیہ السلام کی مخالفت کر کے برباد ہو گئے تھے۔ مگر عیسائیوں نے بھی رومی سلطنت اور بت پرستوں کے بہت ظلم جھیلے۔ یہاں تک کہ قسطنطین کے زمانے میں رومی سلطنت کا مذہب عیسائیت ہو گیا۔ ہر طرف عیسائیت پھیل گئی۔ مگر بدقسمتی سے یہ وہ عیسائیت نہ تھی جو حضرت عیسیٰ دے کر گئے تھے۔ یہ سینٹ پال کا مذہب تھا جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا بنا دیا گیا تھا۔

صدوق کی تحریر ایک مقدس امانت کی طرح ہمارے خاندان میں نسل در نسل منتقل ہوتی رہی ہے۔ صدوق عیسائی ہو گئے تھے۔ مگر ہمارا خاندان پال کے دین پر نہ تھا جو حضرت عیسیٰ کو اللہ کا بیٹا کہتا تھا۔ ہم خدائے واحد کے ماننے والے تھے۔ عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا پیغمبر ماننے والے تھے۔ صدوق نے ساری زندگی لوگوں کو اسی کی تلقین کی۔ لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد اسی عقیدے پر قائم رہی یہاں تک کہ ہماری خوش نصیبی کا سورج طلوع ہوا۔ عرب میں دنیا کے سردار کا ظہور ہوا۔



اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوہ طلوع ہوا اور کل عالم سے اندھیرا دور ہونے لگا۔

ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم شام میں رہتے تھے۔ جس وقت شام کی سرزمین پر عرب کے اسلام کے شہسوار پہنچے، دنیا کا سردار واپس اپنے رب کے حضور جا چکا تھا۔ ان کے دوسرے خلیفہ عمر کے دور میں رومی سلطنت کے صوبے شام پر مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا۔ ہم تو صدیوں سے اس مقدس لشکر کے منتظر تھے جسے عیسیٰ ابن مریم نے بھاری پتھر کہا تھا۔ اس بھاری پتھر نے روم اور ایران کی عظیم سلطنتوں کو پیس کر رکھ دیا ہے۔

خدا کی بادشاہی اب دنیا پر قائم ہو چکی ہے۔ ہر ظلم کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ شیر اور بکری ایک گھاٹ پر پانی پیتے ہیں۔ ہمارے حکمران ایسے لوگ ہیں جن کی رعایا امیری کی اور وہ خود فقیری کی زندگی گزارتے ہیں۔ ہر شخص کو اپنے مذہب پر عمل کرنے کی آزادی ہے۔ کسی طاقتور کی مجال نہیں کہ کسی کمزور پر ظلم کر سکے۔ ہر جگہ خدائے واحد کی عبادت ہو رہی ہے۔ خدا کی رحمت ہر طرف برس رہی ہے۔ خدا کی زمین سونا اگل رہی ہے۔ ہر طرف خوشیاں ہیں۔ ہر طرف امن ہے۔

یہ سب اس ہستی کی برکت ہے جسے مسیح نے دنیا کا سردار کہا تھا۔ میری خواہش ہے کہ کاش صدوق زندہ ہوتے اور اپنی آنکھوں سے خدا کی بادشاہی کو دنیا پر قائم ہوتے ہوئے دیکھتے۔ مگر میں نے فیصلہ کیا ہے کہ میں ان کی تحریر کو مکمل کروں۔ اس میں یہ خوش خبری درج کروں کہ دنیا کے جس سردار کے آپ منتظر تھے...... چار صدیوں سے آپ کا خاندان جس سورج کے طلوع ہونے کا منتظر تھا وہ طلوع ہو چکا ہے۔ پھر اس خوشخبری کے ساتھ میں اس تحریر کو محفوظ کر کے فلسطین کی اس بستی میں جاؤں جہاں وہ پیدا ہوئے۔ جہاں وہ فارص سے ملے۔ پھر وہاں کسی غار اور کسی کھوہ میں فارص اور صدوق کی اس امانت کو ہمیشہ کے لیے دفن کر دوں۔

شاید اس طرح میں ان کو یہ بتا سکوں آپ کے خاندان کا انتظار ختم ہو چکا ہے۔ دنیا کا سردار

آ گیا ہے۔اس کے بعد ہمیں کسی کا انتظار نہیں رہا۔اب قیامت تک ہمیں کسی کا انتظار نہیں رہا۔ انتظار ہے تو بس قیامت کا ہے۔ جب جنت میں صدوق اور فارص کے ساتھ ہم نبیوں کی محفل میں حاضر ہوں گے۔ وہاں عیسیٰ ابن مریم سے بھی ملاقات ہوگی۔ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ملاقات ہوگی۔ وہاں ان کے قدموں میں سر رکھ کر میں کہہ سکوں گا۔

سردار آپ کے آنے کے بعد ہمیں کسی کا انتظار نہیں رہا تھا۔ سردار آپ کے سوا ہم نے کبھی کسی کا انتظار نہیں کیا تھا۔

-----------------

اگلے روز داؤد رخصت ہوگیا۔ وہ وعدہ کر کے گیا تھا کہ فار ایسٹ سے واپس ہوتے ہوئے وہ عبداللہ سے مل کر جائے گا۔اس کے جانے کے بعد جنید کا فون آیا کہ وہ عبداللہ سے ملنا چاہتا ہے۔عبداللہ نے اسے شام میں گھر بلالیا۔ سرِشام ہی وہ عبداللہ کے گھر پہنچ گیا۔اس نے آتے ہی سوال کیا۔

مجھے یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ مسلمان دنیا میں مغلوب کیوں ہیں؟ ہم غلبہ کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

دیکھو جنید دنیا میں کسی خاص قوم کا غلبہ اللہ کا مسئلہ نہیں ہے۔اس کے پیش نظر جو کام ہے وہ یہ ہے کہ اس نے انسانیت کو اپنی ہدایت پہنچانی ہے۔اس بات کو قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ایسے بیان کرتے ہیں کہ ان علینا للھدی ۔یعنی ہدایت پہنچانا ہمارے ذمے ہے۔اس ہدایت کے لیے پہلے وہ نبی اور رسول بھیجتے تھے۔ رسولوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا یہ خصوصی قانون تھا کہ ان کی بات جب نہیں مانی جاتی تھی تو ان کی قوم کو دنیا میں عذاب دیا جاتا تھا اور ماننے والوں کو بچا لیا جاتا تھا۔ جیسے عاد وثمود اور قوم نوح وغیرہ کے ساتھ ہوا۔ یہ گویا کہ آخرت میں ہونے والی سزا و جزا کا ایک



زندہ ثبوت تھا جو اس قوم کی اگلی نسلوں کے لیے اور باقی اقوام عالم کے لیے ایک حجت اور دلیل بن جاتا تھا۔مگر وقت گزرنے کے ساتھ قوم سارے اسباق بھول جاتی۔ پھر ایک نیا رسول آتا اور نئے سرے سے یہ کہانی دہرائی جاتی۔

چنانچہ حضرت ابراہیم کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس قانون میں ایک تبدیلی کر دی۔ وہ یہ کہ ان کی اولاد میں سے ایک قوم دنیا میں مستقل طور پر رہے گی جسے دنیا کے وسط میں بسایا جائے گا۔ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ قانون جاری کر دیا کہ وہ جب نیکی اختیار کرتے تو ان کو دوسری اقوام پر غلبہ حاصل ہو جاتا اور جب نافرمانی کرتے تو وہ ذلت اور رسوائی اٹھاتے۔ یوں ان کی سزا وجزا باقی دنیا کے لیے خدا کے ہونے اور آخرت کے برحق ہونے کا ایک زندہ ثبوت بن گئی۔ بنی اسرائیل کی پوری تاریخ میں یہی ہوتا رہا۔خاص طور پر دو مواقع پر ان میں ایک عظیم انحراف پیدا ہوا جس پر ان کو عظیم سزائیں دی گئیں۔ ایک بخت نصر کے ہاتھوں اور دوسری حضرت عیسیٰ کے بعد رومیوں کے ہاتھوں۔

کیا یہ قانون الہامی کتابوں میں بیان ہوا ہے۔

بالکل ہوا ہے۔تورات میں انتہائی تفصیل سے اس قانون کو بیان کیا گیا ہے۔زبور میں اس کی یاد دہانی کرائی گئی ہے اور انجیل میں اس کی بنیاد پر یہود کو سخت تنبیہات کی گئی ہیں۔

اور قرآن مجید میں؟ جنید نے سوال کیا۔

میں اسی طرف آرہا ہوں۔ پھر بنی اسرائیل کی معزولی کے بعد یہ منصب حضرت ابراہیم کے بڑے بیٹے حضرت اسماعیل کی اولاد میں منتقل ہوگیا۔جن کے درمیان قرآن مجید نازل ہوا۔ قرآن کے ابتدائی حصے میں جہاں بیک وقت مسلمانوں اور یہودیوں دونوں سے خطاب ہے وہاں ساری گفتگو اسی پورے قانون کے پس منظر میں کی گئی ہے۔ یہ بتایا گیا ہے کہ یہودیوں کو

تمام دنیاوالوں پر فضیلت دی گئی۔ یہ فضیلت کسی نسلی وابستگی کی بنا پر نہیں دی گئی تھی بلکہ ایمان و اخلاق کے اس عہد کی پاسداری سے مشروط تھی جس کا تفصیلی ذکر تورات میں ہوا ہے۔ پھر سورہ بقرہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ یہود نے اس عہد کو اپنی تاریخ میں جب بھی پامال کیا ان کو بدترین سزا دی گئی۔ پھر یہ بھی بتایا گیا ہے کہ دنیا کی امامت کا یہ منصب اصلاً حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی اولاد میں سے صالح لوگوں کو دیا گیا۔ اور اب یہود نبی آخرالزماں کا انکار کر کے اور اپنی مسلسل نافرمانیوں کی بنا پر خدا کے غضب کے مستحق ہو چکے ہیں۔ چنانچہ ان کو منصب امامت سے معزول کر کے حضرت ابراہیم کے بڑے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کو یہ منصب دیا جا رہا ہے تا کہ یہ انسانیت پر حق کی گواہی دے سکیں۔

لیکن اس قانون کو قرآن میں بالکل کھول کر کیوں نہیں بیان کیا گیا۔

دیکھیے اس کی دو وجوہات ہیں۔ ایک تو یہ کہ یہ قانون بہت تفصیل سے تورات میں بیان ہو چکا تھا۔ دوسرے یہ کہ قرآن میں یہ قانون جگہ جگہ بیان ہوا ہے، مگر چونکہ اس قانون کا اظہار تاریخ ہی میں ہوا ہے اس لیے قرآن مجید اس قانون کے اطلاق کو تاریخ کی روشنی میں بیان کرتا ہے۔ قرآن کی ابتدا کی پانچ سورتیں جو ایک چوتھائی قرآن پر مشتمل ہیں اسی قانون کے اطلاق کو بیان کرتی ہیں کہ یہود کے کیا جرائم ہیں جن کی بنا پر ان کو منصب امامت سے ہٹایا جا رہا ہے اور کیوں اب مسلمانوں کو اس منصب پر فائز کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ بھی قرآن مجید میں دیگر کئی مقامات پر یہود کے حوالے سے اس قانون کی خلاف ورزی کے نتائج بیان کیے گئے ہیں۔ پھر سورہ ''والتین'' میں بنی اسرائیل کے عروج و زوال کی پوری تاریخ کی قسم کھا کر یہ بتایا گیا ہے کہ دینونت یا سزا و جزا تو ایک تاریخی مسلمہ ہے جس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا۔

وہ سورت تو مجھے یاد ہے۔ اس میں یہ کیسے بیان ہوا ہے۔



اس میں طور پہاڑ کی قسم کھائی گئی ہے۔ اسی پہاڑ کے دامن میں بنی اسرائیل کو شریعت عطا کر کے ان کے عروج اور غلبے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ ساتھ میں تین کے پہاڑ اور اس پر موجود زیتون کے گاؤں کی قسم کھائی گئی ہے۔ انجیل میں واضح طور پر ان دونوں جگہوں کا نام لے کر یہ بتایا گیا ہے کہ یہی وہ جگہ ہے جہاں سے یہود کے کفر کرنے کے بعد حضرت عیسیٰ کو آسمان کی طرف اٹھایا گیا اور یہود کی سزا کا فیصلہ ہوا تھا۔ چنانچہ قرآن مجید ان مقامات کی قسم کھا کر انہیں گواہی میں پیش کرتا ہے کہ دنیا میں ہم اگر یہ سزا و جزا کرتے رہے ہیں تو یہ واقعہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ آخرت کی سزا و جزا بھی برحق ہے۔

پھر صحابہ کرام کے حوالے سے قرآن کریم سورہ نور میں صراحت سے یہ قانون بیان کرتا ہے کہ جو لوگ ایمان لائیں گے اور عمل صالح کریں گے ان کو ہم زمین پر خلافت اور غلبہ دیں گے۔ اس سے زیادہ صریح الفاظ میں یہ بات کیسے سمجھائی جائے کہ دنیا پر غلبہ ایمان اور عمل صالح کا نتیجہ ہے۔ کسی اور جدوجہد کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ نہ اسے نصب العین کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ ایمان، اخلاق، عمل صالح یہی اصل مطالبہ ہے اور اسی پر ہمارا عروج و زوال منحصر ہے۔

عبداللہ یہ کہنے کے بعد خاموش ہوا پھر ایک گہرے تاثر کے بعد بولا۔

میں مذہب کے ساتھ تاریخ کا بھی طالب علم ہوں۔ اور پوری دیانت کے ساتھ تمہیں بتانا چاہتا ہوں کہ پچھلے چار ہزار برس میں یعنی حضرت ابراہیم کے بعد سے اللہ تعالیٰ نے اس قانون پر اس طرح عمل کیا ہے کہ انسان پڑھ کر ششدر رہ جاتا ہے۔ یہود کے عروج و زوال کا تو میں تمہیں بتا چکا ہوں۔ ان کی طرح مسلمانوں نے اپنی تاریخ میں دو مرتبہ بدترین انحراف کیا۔ چنانچہ یہود کی طرح ان کو بھی سزا دی گئی۔ پہلے فساد کے موقع پر جیسے بخت نصر مشرق سے حملہ آور ہوا تھا تاتاری بھی مشرق سے اٹھے اور مسلمانوں کو برباد کر دیا۔ پھر دوسرے فساد کے موقع پر جیسے مغرب

سے رومیوں نے حملہ کیا تھا اسی طرح پچھلے دوسو برس سے مسلمان مغربی طاقتوں سے پٹ رہے ہیں۔

چنانچہ آج بھی اس صورتحال سے نکلنے کا ایک ہی طریقہ ہے۔ایمان واخلاق اور عمل صالح کی دعوت کو پوری طرح اختیار کیا جائے اور غیر مسلموں تک اسلام کی دعوت پہنچائی جائے۔

-----------------

سارہ کے گھر میں اب صورتحال بہتر ہو چکی تھی۔اس کی ساس کا رویہ اس کے ساتھ بہت بہتر ہو گیا تھا۔گھر میں فیصلہ کن حیثیت ثمینہ ہی کی تھی،مگر انہوں نے سارہ کا وجود بھی اس گھر میں تسلیم کر لیا تھا۔بلاشبہ اس میں اصل عامل سارہ کی خدمت تھی۔وہ ہر پہلو سے ان کی خدمت کرتی اور ان کی مددگار ثابت ہو رہی تھی۔عادت سے مجبور ہو کر وہ اگر کچھ تلخ بات کر بھی جاتیں تو سارہ اسے ایسے پی جاتی جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔ثمینہ کو اندازہ ہو گیا تھا کہ سارہ سے بہتر بہو اس گھر کے لیے ممکن نہیں تھی۔اس کا نتیجہ اب یہ نکلا تھا کہ عملاً ثمینہ نے گھر سارہ کے حوالے کر دیا تھا۔وہ جو کچھ کرتیں اس میں اکثر سارہ سے مشورہ کر لیتیں۔یوں چند ہی دنوں میں صورتحال سارہ کے حق میں ہموار ہو چکی تھی۔

اس وقت بھی ثمینہ ڈرائنگ روم میں بیٹھی ہوئی تھی۔جبکہ سارہ اس کے ہاتھ پاؤں دبا رہی تھی۔ثمینہ کی آنکھیں بند تھیں۔ان کو جو آرام مل رہا تھا اس کا اظہار ان کے پرسکون چہرے سے ہو رہا تھا۔کافی دیر ہو گئی تو وہ بولیں۔

بہو رہنے دو۔بہت دیر ہو گئی ہے تم تھک گئی ہو گی۔

نہیں چچی! مجھے تو آپ کی خدمت کر کے بہت اچھا لگ رہا ہے۔میں امی کے بھی ہاتھ پاؤں اسی طرح دباتی تھی۔بلکہ ان کے تو سر میں بھی مالش کرتی تھی۔مجھے بہت اچھی مالش آتی



ہے۔آپ کہیں تو آپ کے مالش کر دوں۔

ارے نہیں بھئی۔ابھی نہیں۔جب نہانے جاؤں گی تو تم سے سر میں تیل لگوالوں گی۔ذرا سکون ہی مل جائے گا۔

یہ گفتگو ابھی جاری تھی کہ نبیہہ اندر داخل ہوئی۔اس کے ہاتھ میں ایک چھوٹا سوٹ کیس تھا۔لاؤنج کا منظر دیکھ کر وہ ایک دم سے ٹھٹھک گئی۔اسے ذرا عجیب سا لگا۔پھر وہ چلتی ہوئی ان دونوں کے قریب آنے لگی۔سارہ نے اسے دیکھا تو کہا۔

ارے نبیہہ کیسی ہو تم۔تمہیں اچانک دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی۔پہلے سے فون کر دیتیں تو تمہارے لیے کوئی اچھا کھانا بنا لیتی۔

نبیہہ نے اس کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور ماں کے قریب آ کر صوفے پر بیٹھ گئی۔ثمینہ نے سارہ کی بات پر آنکھیں کھول کر نبیہہ کو دیکھا اور پوچھا۔

کیا بات ہے بیٹا! تمہاری شکل اتری ہوئی کیوں ہے؟ اور یہ سوٹ کیس کس خوشی میں لائی ہو۔

ثمینہ ایک انتہائی زمانہ شناس عورت تھیں۔ان کو اندازہ ہو چکا تھا کہ ان کی بیٹی اس بے وقت بغیر اطلاع سوٹ کیس اٹھائے کیوں گھر میں آئی ہے۔لیکن انہوں نے خود پوچھنا مناسب نہ سمجھا۔

امی میں آپ سے تنہائی میں بات کرنا چاہتی ہوں۔

نبیہہ کا مطلب صاف تھا۔سارہ اس کا مطلب سمجھ کر جانے کے لیے کھڑی ہونے لگی تو ثمینہ نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے بٹھا لیا۔

سارہ اس گھر کی بہو ہے۔اس سے یہاں کی کوئی بات چھپی ہوئی نہیں رہے گی۔تمہیں جو کہنا

ہےاس کے سامنے کہو۔ یہ اس کا گھر ہے۔

امی پلیز! آپ میرا دماغ خراب نہ کریں۔کل آپ نے اسے مار مار کر گھر سے نکالا تھا اور آج یہ اس کا گھر بن گیا۔ مجھے تو پہلے ہی خالد نے بیزار کر کے رکھ دیا ہے۔

عنیہہ کے تند و تلخ لہجے سے سارہ نے موقع کی نزاکت کو محسوس کر لیا۔وہ یہ کہتے ہوئے کھڑی ہو گئی۔

چچی آپ دونوں باتیں کریں۔میں ذرا کچن میں جا کر کھانے کا انتظام کرواتی ہوں۔

وہ چلی گئی تو ثمینہ نے کہا۔

کیا ہوا......خالد سے لڑ کر آئی ہو؟

امی خالد مجھ پر کنٹرول چاہتا ہے۔ میں کہاں جاتی ہوں۔ کہاں سے آتی ہوں۔ کیا کرتی ہوں۔سب اسے پتہ ہونا چاہیے۔میں اس کی کوئی غلام نہیں ہوں۔

عنیہہ نے جو کچھ کہا وہ ثمینہ کی اپنی ہی تربیت تھی۔ چنانچہ وہ بیٹی کی حمایت کرتے ہوئے بولی۔

میں خالد کو بلا کر بات کرتی ہوں۔ یہ اس کا کیا طریقہ ہے۔تم جا کر کمرے میں آرام کرو۔

---------------

جنید خاموشی سے بیٹھا عبداللہ کی باتیں سن رہا تھا۔اس کے چہرے پر گہری سنجیدگی چھائی ہوئی تھی۔اس نے اپنے سوالات عبداللہ کے سامنے رکھے۔ جواب میں جو بات عبداللہ نے کی وہ معقول تھی۔دلائل پر مبنی تھی، مگر دل اور جذبات اسے قبول کرنے سے مانع تھے۔اس نے ایک دفعہ پھر سوال کیا۔

سر مسئلہ یہ ہے کہ اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ مسلمان چونکہ ایمان واخلاق میں پست ہیں اور دعوت دین کا کام نہیں کر رہے ہیں اس لیے ان پر مغلوبیت مسلط ہے تو شاید یہ بات میں مان



لیتا۔مگر جب میں دیکھتا ہوں کہ غیر مسلموں کے ہاتھوں معصوم مسلمان مارے جاتے ہیں، لڑکیوں کی عزتیں پامال ہوتی ہیں، معصوم بچے تک قتل کر دیے جاتے ہیں تو پھر آپ کی بات سے اتفاق کرنے کا دل نہیں چاہتا۔

عبداللہ نے نرمی سے اسے سمجھانا شروع کر دیا۔

دیکھیے آپ اللہ کے قانون کو سمجھیے ۔ یہ کوئی ایسی صورتحال نہیں جس پر اللہ تعالیٰ نے پہلے سے متنبہ نہ کر رکھا ہو۔انہوں نے سورہ انفال میں مسلمانوں کو یہود کے طرز عمل پر چلنے سے سختی سے منع کیا تھا اور صاف طور پر یہ بتا دیا تھا کہ اس روش کی پاداش میں وہ فتنہ برپا ہو جاتا ہے جو صرف ان لوگوں تک محدود نہیں رہتا جنہوں نے اصل میں گناہوں کا ارتکاب کیا ہے۔ بلکہ گناہ گاروں کے ساتھ بے گناہ بھی اس فتنے کی زد میں آ جاتے ہیں۔

اس وقت مجموعی طور پر مسلمانوں پر مغلوبیت کی سزا مسلط ہے۔اس کے نتیجے میں جگہ جگہ مسلمان ظلم کی زد میں بھی آ رہے ہیں۔ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ وہ سارے لوگ قصوروار ہیں بلکہ قرآن مجید اس بات کو واضح کر دیتا ہے کہ اللہ سے غداری اور نافرمانی کی پاداش میں جو فتنہ برپا ہوتا ہے اس میں گنہگاروں کے ساتھ بے گناہ بھی زد میں آتے ہیں۔

اب ایک راستہ یہ ہے کہ ہم غیر مسلموں کے خلاف نفرت پھیلانا شروع کر دیں۔ان سے جنگ شروع کر دیں۔ یہ کام مسلمان دوسو برس سے کر رہے ہیں، مگر مغلوبیت کی یہ سیاہ رات ختم ہو کر نہیں دے رہی۔ میں اصل مسئلے کو سامنے رکھ رہا ہوں۔اس پر توجہ کیجیے۔اس کو ٹھیک کر لیں اس کے بعد آپ حیرت انگیز طور پر دیکھیں گے کہ آپ کی مغلوبیت غلبے میں بدل جائے گی۔

یعنی ایمان واخلاق کی دعوت کو اختیار کریں اور غیر مسلموں کو دعوت دین دینا شروع کر دیں۔

جنید نے عبداللہ کی پچھلی بات کو دہراتے ہوئے کہا تو عبداللہ نے فوراً اس کی تائید کی۔

جی۔یہی راہ نجات ہے۔

مگر پھر بھی جو بے گناہ مارے جارہے ہیں ان کا کیا ہوگا، جنید نے پھر سوال اٹھا دیا۔

ہر بے گناہ کو آخرت میں پورا پورا انصاف ملے گا۔جس نے رائی کے دانے برابر بھی ظلم کیا ہے اس سے ظلم کا حساب لیا جائے گا۔مظلوموں کی آنکھیں اور دل ٹھنڈے کیے جائیں گے۔

اور ہم کچھ نہ کریں؟ جنید اپنی بات پر مصر تھا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ مغلوبیت کی سزا اگر اللہ کی طرف سے مقدر ہے تو آپ ظالم سے ٹکرا کر خود ٹوٹ جائیں گے اس کا کچھ نہ بگڑے گا۔اگر کچھ ہوگا تو یہ کہ ایک ظالم کے بعد دوسرا ظالم آجائے گا۔آپ اصل بات سمجھ کر کیوں نہیں دے رہے۔ہم سب غداری کے الزام میں مسلسل حالت سزا میں ہیں۔اس الزام کو خود پر سے ہٹائیں۔ایمان واخلاق کو زندگی بنائیں۔اس کے بعد دیکھیئے گا کہ کس طرح تبدیلی آتی ہے۔

تب تک یہ مسلمان ظلم سہتے رہیں، جنید کوئی بات سمجھنے کے لیے تیار نہیں لگتا تھا۔

آپ جاننا چاہتے ہیں کہ یہ مسلمان کیوں ظلم سہہ رہے ہیں۔

جی بالکل۔

تو پھر سنیے یہ آپ کے اس پندار، اس تکبر اور غرور پر ضرب لگائی جارہی ہے کہ ہم خیر الامم ہیں۔ہم بہترین امت ہیں۔ہم اللہ کے چہیتے ہیں۔اللہ اپنے چہیتوں کو ایسے نہیں چھوڑتا۔یہ ہمارے منہ پر چانٹا مارا جارہا ہے کہ تم لوگ خود کو میرے پسندیدہ بندے سمجھتے ہو لیکن درحقیقت تم میرے نافرمان ہو۔میرے غدار ہو۔دیکھو میں تمہارے ساتھ کیا کرتا ہوں۔ہم اللہ کے نیک بندے نہیں ہیں۔مجموعی طور پر ہم غدار ہیں۔اور ہم اس غداری کی سزا بھگت رہے ہیں۔آئی سمجھ آپ کے۔



جنید خاموش رہا۔عبداللہ پھر بولا:

اگر غصہ کرنا ہے تو اس بات پر کیجیے کہ ہم اللہ کے نافرمان کیوں ہیں۔کیوں ہم جھوٹ، ملاوٹ، دھوکہ دہی، بے انصافی میں سب سے آگے ہیں۔کیوں عدل، احسان، ایفائے عہد، امانت داری کی صفات ہم میں سے اٹھ گئی ہیں۔یقین جانیے جس روز آپ ان کو مسئلہ بنا کر معاشرے میں کھڑے ہوجائیں گے سب کچھ بدل جائے گا مگر فی الوقت تو ہماری اصلاح کا معیار یہ ہے کہ ہم مچھروں کو چھانتے ہیں اور اونٹوں کو نگل جاتے ہیں۔ایمان کے نام پر ہم اپنے فرقے کو پھیلاتے ہیں۔اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بجائے ہم لوگوں کو اپنے خاص لیڈرز سے وابستہ کرتے ہیں۔عمل صالح کے بجائے ہم چند اختلافی مسائل کو اپنی دعوت کا عنوان بناتے ہیں۔جن اقوام تک دعوت پہنچانی ہے ہم ان سے شدید نفرت میں مبتلا ہیں۔ایسے میں کچھ نہیں ہوسکتا۔ذلت کی یہ تاریک رات کبھی بھی ختم نہیں ہوگی۔

-----------------

سارہ تھوڑی دیر میں لوٹی تو ثمینہ بیگم صوفے پر خاموش بیٹھی تھیں۔ان کے چہرے پر تفکرات تھے۔سارہ نے دریافت کیا۔

عنیہہ کہاں گئی۔مجھے اس سے پوچھنا تھا کہ وہ کھانے میں کیا کھانا پسند کرے گی۔

اس کی پسند کو چھوڑو۔اب وہ کچھ دن تک یہیں رہے گی۔

سب ٹھیک تو ہے؟ سارہ نے قدرے حیرت سے پوچھا۔

ہاں بس خالد سے جھگڑا کر کے آگئی ہے۔میں خالد کو بلا کر بات کروں گی۔

اگر آپ برا محسوس نہ کریں تو بتائیں گی کہ یہ جھگڑا کس وجہ سے ہوا ہے۔

ہونا کیا ہے خالد اس کو کنٹرول کرنا چاہتا ہے۔عنیہہ نے تو کبھی ہماری نہیں سنی وہ اس کے قابو

میں کیا آئے گی۔

سارہ خاموش ہوگئی۔وہ کچھ کہنا چاہتی تھی،مگر اسے اپنی پوزیشن کا ادراک تھا۔

ثمینہ نے اسے غور سے دیکھا اور کہا۔

تم کچھ کہنا چاہتی ہو۔

دراصل امی......میاں بیوی کا رشتہ نازک ہوتا ہے۔عبیہہ سے کوئی زیادتی تو ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔لیکن اس رشتے میں شوہر کو کچھ تو برتری ہوتی ہے۔اس حقیقت کو مانے بغیر گھر ہموار طریقے پر نہیں چل سکتا۔اگر بات صرف اتنی ہی ہے جتنی عبیہہ بتا رہی ہے تو شاید اتنی بڑی بات نہیں ہوئی جس پر عبیہہ گھر چھوڑنے کا قدم اٹھائے۔اور اگر ہم بھی یکطرفہ طور پر عبیہہ کی حمایت کریں گے تو شاید ہم اس کی گھریلو زندگی میں زیادہ مدد نہ کریں۔یہ میری ناقص رائے ہے باقی جو آپ مناسب سمجھیں وہ کیجیے۔

سارہ نے بڑے سلیقے سے اپنی بات ساس کے سامنے رکھی دی۔

ہوں......ثمینہ نے ایک گہری سانس لے کر اس کی بات سنی۔

عبیہہ کے مزاج کو میں خوب جانتی ہوں۔اور ابھی تک خالد کے حوالے سے بھی کوئی منفی بات میں نے نہیں دیکھی۔بات تو تم ٹھیک کہہ رہی ہو۔میں ابھی خالد سے بات کرتی ہوں۔

یہ کہہ کر انہوں نے اپنے موبائل سے خالد کا نمبر ملایا۔تھوڑی دیر میں اس کی آواز آئی۔

السلام علیکم آنٹی کیسی ہیں آپ؟

بیٹا بس ٹھیک ہوں۔تم بتاؤ کیسے ہو؟

میں......اتنا کہہ کر خالد نے بات ادھوری چھوڑ دی۔ثمینہ نے اس کی کیفیت کو محسوس کر کے کہا۔



بیٹا تمہارے اور عبیہہ کے بیچ سب ٹھیک ہے؟

ٹھیک کیا ہونا ہے آنٹی۔وہ مجھ سے لڑ کر گھر چھوڑ کر چلی گئی ہے۔

مگر خیریت......ہوا کیا تھا؟

یہ تو آپ اس سے پوچھیے۔

بیٹا مگر میں تم سے جاننا چاہتی ہوں کہ ہوا کیا تھا۔

آنٹی میری اور عبیہہ کی شادی ہوئی ہے۔میں اس کا شوہر ہوں۔مگر وہ نہ مجھ سے کچھ پوچھتی ہے نہ کچھ بتاتی ہے۔ہر جگہ اپنی مرضی اور من مانی کرتی ہے۔میں کچھ پوچھ لیتا ہوں تو ناراض ہو جاتی ہے۔آج بھی اتنی سی بات پر جھگڑا کیا ہے اور چلی گئی۔

اچھا بیٹا میں اسے سمجھاؤں گی۔تم بھی اس سے بات کر لو اور آ کر لے جاؤ۔

آنٹی وہ میری کوئی بات سنتی تو گھر ہی سے نہیں جاتی۔اب تو وہ خود گئی ہے۔خود ہی آئے گی۔

اس کے ساتھ ہی فون بند ہوگیا۔

ثمینہ نے ایک لمحے کو فون کو دیکھا اور پھر سارہ کو خالد کے ساتھ ہونے والی پوری گفتگو سے آگاہ کر دیا۔پھر ٹھنڈی آہ بھر کر بولیں۔

مجھے تو کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔میں اپنی بیٹی کو جانتی ہوں۔اسے کیسے سمجھاؤں؟

سارہ نے ان کو حوصلہ دیتے ہوئے کہا۔

آپ بے فکر رہیں۔میں عبیہہ سے بات کر کے اسے سمجھاتی ہوں۔

-----------------

جنید کی سمجھ میں عبداللہ کی باتیں تو آ رہی تھیں،مگر برسہا برس سے جو گرہیں لگیں تو وہ شاید اتنی آسانی سے کھلنے والی نہیں تھیں۔اس نے ایک اور سوال کر دیا۔

لیکن کیا جہاد اس مسئلے کا حل نہیں؟ کیا اس کے ذریعے سے آج ہم دنیا پر غالب نہیں ہو سکتے؟

جہاد بلاشبہ دین کا ایک انتہائی اہم اور مقدس حکم ہے۔ تاہم قرآن مجید اور سیرت طیبہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر ایمان و اخلاق میں کمی ہے تو جہاد بھی اس مسئلے کا کوئی حل نہیں۔ دیکھیے جنگ احد اور جنگ حنین کی ابتدا میں کیا ہوا تھا۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس موجود تھے۔ صحابہ جیسا قدسی گروہ موجود تھا۔ مگر جنگ میں چند لوگوں نے ایمان کے تقاضے یعنی اطاعت رسول میں کمزوری دکھائی اور مال کی محبت غالب آئی تو پورے لشکر کو شکست ہوگئی۔ جنگ حنین میں اپنی تعداد پر زعم پیدا ہوا تو اللہ تعالیٰ کی نصرت روٹھ گئی اور ابتداء میں شکست اٹھانی پڑی۔

عبداللہ روانی سے بول رہا تھا اور جنید پوری توجہ سے اس کی بات سن رہا تھا۔

جب فرشتوں جیسی صفات والے اس عظیم گروہ کا یہ حال تھا تو آج کا مسلمان اپنی اخلاقی پستی کو دور کیے بغیر کیسے کسی جنگ میں کامیاب ہوسکتا ہے؟ ان لوگوں کا حال یہ تھا کہ میدان جنگ میں جنگ پر ابھارنے کے لیے ساتھ آنے والی عورتوں کو بھی قتل نہیں کرتے تھے، یہاں حال یہ ہے کہ شہروں اور بازاروں میں معصوم لوگ خودکش حملوں اور بم دھماکوں میں مار دیے جاتے ہیں۔ وہاں حال یہ تھا کہ مکہ کے بدترین ظلم سہنے کے باوجود اس لیے جنگ نہیں کی گئی کہ ایک منظّم ریاست قائم نہیں ہوئی تھی۔ یہاں جہاد ایک انفرادی معاملہ بن گیا ہے اور لوگ گروہ اور ٹولیوں میں اسلحہ لے کر جسے چاہتے ہیں مار دیتے ہیں۔ وہاں حال یہ تھا کہ کھلم کھلا منافق عبداللہ ابن ابی جیسے لوگوں کو بھی قتل نہیں کیا جاتا تھا اور یہاں اختلاف رائے کی بنیاد پر کسی بھی شخص کو قتل کر دیا جاتا ہے۔ وہاں سارے عرب سے لڑائی کے دوران ایسی پرامن حکمت عملی اختیار کی گئی کہ بمشکل ہزار لوگ مارے گئے اور کل عرب میں انقلاب آ گیا اور یہاں لاکھوں مر چکے ہیں اور تبدیلی نہیں



آتی۔ وہاں کسی ایسے شخص سے لڑنے اور اسے قتل کرنے کا سوال ہی نہیں تھا جو نہتا ہو یہاں نہتے شہریوں کو جب دل چاہتا ہے قتل کر دیا جاتا ہے۔

جنید نے اثبات میں سر ہلایا۔ عبداللہ جن حقائق کو بیان کر رہا تھا، ان کا انکار دل و دماغ کا کوئی اندھا ہی کر سکتا تھا۔

میرے بھائی یہ ساری علامات اس بات کی ہیں کہ انہوں نے اگر جہاد کیا تو ایمان و اخلاق کے تقاضوں کی پوری پاسداری کے ساتھ کیا اور یہاں ایمان بھی ناقص ہے اور اخلاق بھی ناقص ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ جہاد تو ظلم کے خلاف کیا جاتا تھا یہاں تو ہم خود مجرم ہیں، خود ظالم ہیں۔ ہمیں تو خدا کی طرف سے مغلوبیت کی سزا ملی ہے۔ یاد رکھیے کہ خدا کے خلاف جہاد نہیں ہوسکتا۔ اس کے معاملے میں تو صرف توبہ ہوسکتی ہے۔ میں آپ کو توبہ کی طرف بلاتا ہوں۔ اس سرزمین پر ہزاروں معصوم بے گناہوں کا خون اسلام کے نام لیواؤں نے اسلام کے نام پر بہایا ہے۔ اسلام کے نام لیواؤں نے نظریاتی اور فرقہ وارانہ بنیادوں پر قاتلوں کی حمایت کی ہے اور ان کو تحفظ دیا ہے۔ یہ ناقابل معافی جرم ہے۔ میں آپ کو توبہ کی دعوت دیتا ہوں۔ ورنہ خدائے ذوالجلال کی عزت اور جلال کی قسم! اس جرم کے مرتکب ایک شخص کو بھی معافی نہیں ملے گی۔ انسانی جان کی حرمت کو پامال کرنے والے دنیا اور آخرت دونوں میں رسوا ہوں گے۔

یہ کہتے ہوئے عبداللہ کے لہجے میں ایسا جلال تھا کہ جنید لرز اٹھا۔

----------------

زاریوس کے سامنے سوگویال اور منایوس بیٹھے ہوئے تھے۔ آج اس نشست میں سردار یا ان کا کوئی اور ساتھی موجود نہیں تھا۔ کچھ دیر مجلس میں خاموشی چھائی رہی۔ اس خاموشی کو زاریوس کی مکروہ آواز نے توڑا۔

میں نے آج آپ دونوں کواس لیے بلایا ہے کہ یہ بتاسکوں کہ میں نے اپنے حصے کا کام کرلیا ہے۔عبداللہ کے خلاف کچھ لوگوں کو تیار کرلیا ہے جو اس کے خلاف فیصلہ کن ضرب لگائیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ ہم اپنے مقصد کوحاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔

بہت خوب محترم المقام زاریوس! آپ سے ہمیں یہی توقع تھی۔

سوگویال نے تحسین آمیز لہجے میں زاریوس کو داد دی۔اس موقع پر منایوس نے مداخلت کرتے ہوئے ایک سوال اٹھایا۔

محترم سردارزاریوس! آپ نے اس بات کویقینی بنالیا ہے نا کہ یہ لوگ پیچھے نہیں ہٹیں گے؟

زاریوس نے گھور کر منایوس کو دیکھا تو اس نے گڑبڑا کر سرنیچے جھکالیا۔زاریوس ناراضی کے عالم میں بولا۔

نوجوان تم ابھی زاریوس کونہیں جانتے! میرا وار کبھی ناکام نہیں جاتا۔میرا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا۔تم سمجھتے ہو کہ میں ایک دفعہ وسوسہ ڈال کر پیچھے ہٹ جاتا ہوں۔میں انسانوں کے دلوں میں وسوسے ہی نہیں ڈالتا، بلکہ انہیں پورا منصوبہ بھی سجھاتا ہوں۔ ہر ہر شخص کواس کے کام کے لیے تیار کرتا ہوں۔ان کے معاونین اور آلہ کار افراد کوان سے تعاون کرنے پر تیار کرتا ہوں۔مسلسل وسوسہ انگیزی کرکے ان کے دل کومضبوط کرتا ہوں۔یہ سب ایک دفعہ وسوسہ ڈالنے سے نہیں ہوتا۔لوگ جب تک میرے رنگ میں نہ رنگ جائیں میں ان کا پیچھا نہیں چھوڑتا۔

میں معافی چاہتا ہوں سردارزاریوس! میرے سوال کا مطلب آپ کی صلاحیت پرشک کرنا ہرگز نہ تھا۔میں تو بس یہ چاہتا تھا کہ وار ایسا ہو کہ دشمن بچ نہ سکے۔سردار نے ہم تینوں سے بڑی توقعات وابستہ کی ہیں۔

منایوس نے معذرت کی تو سوگویال نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا:



محترم سردارزاریوس! آپ کی صلاحیت تو ہرشک سے بالاتر ہے۔لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہم کو ہر پہلو سے وار کرنا چاہیے۔

پھر وہ اپنی بات کی وضاحت کرتے ہوئے بولا:

میرا مطلب یہ ہے کہ اس عظیم خدمت میں ہمیں بھی اپنی اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھانے کا موقع ملنا چاہیے۔میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ میں عبداللہ کے گھر کے اندر سے اس پر وار کرکے اسے کمزور بنانے کی کوشش کروں۔تاکہ وہ خوفزدہ ہوکر اپنا کام روک دے۔میں اس کی بیوی کو اپنے وسوسوں کا نشانہ بناتا ہوں۔

سوگویال کی بات سے حوصلہ پاکر منایوس بھی بولا:

بالکل یہی میرا بھی مدعا تھا۔میں بھی عبداللہ کوکسی حسینہ کے ذریعے سے ورغلانے کی کوشش کرتا ہوں۔وہ ایک دفعہ بھی میرے فتنے کا شکار ہوگیا تو خدا سے غافل ہوجائے گا۔اس کی یہی غفلت اس کے اردگرد موجود وہ دفاعی حصار کمزور کردے گی جو خدا کی یاد کی وجہ سے اس کو محفوظ رکھتا ہے۔ خدا کی یاد ہی وہ چیز ہے جس کی بناپر خدا اپنے بندوں کو یاد رکھتا ہے۔بندہ غافل ہوجاتا ہے تو خدا بھی توجہ ہٹالیتا ہے۔یوں عبداللہ کونشانہ بنانا آسان ہوجائے گا۔

ان دونوں کا جوش دیکھ کر زاریوس نے فیصلہ سنادیا۔

گرچہ سردار نے تمہاری باتوں سے پہلے بھی اتفاق نہیں کیا تھا۔مگر میں تم سے متفق ہوں کہ تمہیں بھی اپنے جوہر دکھانے کا موقع ملنا چاہیے۔تم دونوں اپنا اپنا کام شروع کرو۔میں بھی فیصلہ کن حملے کی تیاری کرتا ہوں۔اور یاد رکھنا جس روز یہ لوگ عبداللہ پر حملے کے لیے تیار ہوں گے ہم سب کو وہاں موجود رہنا ہوگا تاکہ حملہ آوروں کو مسلسل وسوسہ انگیزی کرکے ان کے دل مضبوط بنائے جائیں۔ہم اس بدبخت عبداللہ کی جان لے کر ہی ٹلیں گے۔

سو گویال اور منایوس دونوں نے اثبات میں گردن ہلا دی۔

-----------------

یہ داؤد کے جانے کے بعد چوتھا روز تھا۔عبداللہ اپنی اسٹڈی میں مطالعہ کر رہا تھا کہ ناعمہ دروازہ کھول کر اندر آئی۔وہ کچھ گھبرائی ہوئی تھی۔اس نے اندر آتے ہی کہا۔

میرے کچھ جاننے والوں نے مجھے کچھ ای میل بھیجی ہیں۔آپ کے خلاف تو بہت پروپیگنڈا ہو رہا ہے۔وہ کہتے ہیں کہ آپ گمراہ انسان ہیں۔یہودیوں کے ایجنٹ ہیں۔عیسائیت کو پھیلا رہے ہیں۔آپ منکر جہاد ہیں۔

عبداللہ نے ناعمہ کی بات سن کر اطمینان سے اسے دیکھتے ہوئے جواب دیا۔

مجھے پتہ ہے کہ کیا ہو رہا ہے اور یہ سب کون کر رہا ہے۔

تو پھر؟ مجھے تو بہت ڈر لگ رہا ہے۔

ناعمہ کی آواز میں وسوسوں کے ناگ لہرا رہے تھے۔

تمھیں کیا شیطان سے ڈر لگ رہا ہے؟

عبداللہ نے اسی اطمینان سے ناعمہ سے کہا جس کے چہرے پر شیطان کا نام سن کر سوالیہ نشان آ گیا تھا۔

ان سب کے پیچھے شیطان کام کر رہا ہے۔انسانوں میں سے کچھ لوگ جب ایمان اور اخلاق سے عاری ہو جاتے ہیں تو وہ شیطان کا سب سے آسان نشانہ بن جاتے ہیں۔شیطان انہی لوگوں کو اپنا ایجنٹ بنا لیتا ہے۔یہ احمق شیطان کے کام کو کوئی دینی کام سمجھ کر آگے بڑھاتے رہتے ہیں۔

عبداللہ کی بات پر ناعمہ جھلا اٹھی۔اس نے پریشانی کے عالم میں کہا:



شیطان کو ابھی آپ کونے میں رکھیں۔آپ جانتے ہیں آج کل ایسی باتوں کا مطلب کیا ہوتا ہے۔یہ لوگ اس طرح کا پروپیگنڈا کر کے اپنے دہشت گرد ساتھیوں کے سامنے قتل کا ایک ہدف رکھتے ہیں۔اس طرح کے پروپیگنڈے کے بعد آپ کی جان کو شدید خطرہ ہو چکا ہے۔

ناعمہ! کیا تم مجھے ان لوگوں سے ڈرا رہی ہو جو لوگ اللہ سے نہیں ڈرتے۔

عبداللہ کے انداز میں بدستور اطمینان تھا۔

ناعمہ نے پیشانی پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا:

عبداللہ! آپ کیوں نہیں سمجھ رہے۔اس ملک میں ساٹھ ہزار سے زیادہ لوگ مارے جا چکے ہیں۔قتل کرنے والے قتل کرتے ہیں اور پھر جھوٹا پروپیگنڈا کرنے والے ان کے یہ حمایتی جھوٹ اور پروپیگنڈے کی دھول اڑا کر لوگوں کا دھیان ان دہشت گردوں سے ہٹا کر دوسری طرف لگا دیتے ہیں۔عبداللہ آپ بھی مارے جائیں گے اور کوئی کچھ نہیں بولے گا۔کسی کا کچھ نہیں بگڑے گا۔ہم برباد ہو جائیں گے۔

ناعمہ یہ کہتے ہوئے رونے لگی۔

عبداللہ اپنی نشست سے کھڑا ہو گیا۔وہ ناعمہ کے قریب آ کر بولا۔

ناعمہ میری ایک بات یاد رکھنا۔میں کسی فرقے، کسی نسل، کسی قوم کی جنگ نہیں لڑ رہا ہوں۔میں اللہ کی جنگ لڑ رہا ہوں۔یہ جنگ لڑنے والوں کو شیطان انسانوں میں سے اپنے ساتھیوں کے ذریعے سے ہمیشہ ڈراتا ہے۔مگر اللہ کا حکم ہے کہ ان سے نہیں اللہ سے ڈرنا چاہیے۔اللہ رب العالمین کوئی جنگ نہیں ہارتا۔اللہ والے بھی نہیں ہارتے۔پھر سن لو ناعمہ۔اللہ نہیں ہارتا۔اللہ والے بھی نہیں ہارتے۔تمھیں شاید ابھی میری بات اجنبی لگے لیکن ایک دن آئے گا میں تمھیں اپنے یہ الفاظ یاد دلاؤں گا۔

آپ ٹھیک کہتے ہیں، مگر ان لوگوں کا کیا کیا جائے۔ یہ تو آپ کے پیچھے لگ گئے ہیں۔

وہ کچھ سمجھنے پر تیار نہیں تھی۔ تاہم اب اس نے رونا بند کر دیا تھا۔

ناعمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ ان لوگوں سے مت ڈرو۔ مجھ سے ڈرو۔ ہمیں اللہ سے ڈرنا چاہیے۔ ہمیں بس یہ خیال رکھنا ہے کہ ہم کوئی ایسا کام نہ کر دیں جو اللہ کو ناراض کر دے۔ یہ سب سے اہم ہے۔ اگر ہم ایمان و اخلاق کے تقاضوں کو پورا کر رہے ہیں تو ہم کو سرکار دوعالم کا وہ فرمان یاد رکھنا چاہیے جس میں آپ اللہ تعالیٰ کا ارشاد بیان کرتے ہیں کہ جس نے میرے کسی دوست سے دشمنی کی میرا اس کے خلاف اعلان جنگ ہے۔ وہ خود قرآن میں کہتے ہیں کہ اللہ اہل ایمان کا کارساز ہے۔ پھر غم کیسا؟

یہ سب سر آنکھوں پر لیکن پھر بھی آپ احتیاط کریں۔

مجھے اپنا کام کرنا ہے۔ اللہ کی بات، اس کا قانون اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت بے کم و کاست لوگوں تک پہنچانی ہے۔ اگر یہ کام بند کر دیا تو پھر شیطان جیت جائے گا۔ میری زندگی میں شیطان نہیں جیت سکتا۔ اور ناعمہ کسی کو تو سچ بولنا ہوگا۔ کسی کو تو پہلا پتھر مارنا ہوگا۔

مگر زندگی بہت قیمتی ہوتی ہے۔

ہاں زندگی بہت قیمتی ہوتی ہے۔ مگر اتنی نہیں کہ انسان سچ بولنا چھوڑ دے۔ اور اب تم ہمت سے کام لو۔ ناعمہ زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے۔

بیشک اس کے ہاتھ میں ہے، مگر اللہ ہی کا تو حکم ہے کہ انسان اپنی حفاظت کا بندوبست کرے۔

ناعمہ کی بات پر عبداللہ ہنسنے لگا۔

چلو اس بہانے بہت عرصے بعد نوجوانی والی، بحث کرنے والی ناعمہ دوبارہ زندہ ہوئی ہے۔



پھر وہ ایک لمحے کو خاموش ہو کر بولا۔

یاد رکھنا ناعمہ! ہم سب خدا کی بساط کے ادنیٰ مہرے ہیں۔ شطرنج کی بساط پر بعض اوقات مخالف کو شہہ مات دینے کے لیے کسی مہرے کو پٹوا دیا جاتا ہے۔ اگر اس بساط پر خدا کا فیصلہ یہ ہے کہ کسی کو شہہ مات دی جائے تو پھر کسی نہ کسی مہرے کو تو پٹوانا ہی پڑے گا۔

عبداللہ کی بات کا مطلب سمجھتے ہی ناعمہ دوبارہ رونے لگی۔ وہ روتے ہوئے عبداللہ سے لپٹ گئی۔ پھر سسکیوں کے درمیان اس کی مدھم سی آواز ابھری۔

نہیں ایسا نہیں ہوگا۔ آپ کو کچھ نہیں ہوگا۔ میں اللہ میاں کے پیچھے لگ جاؤں گی۔ اس سے آپ کی حفاظت کی دعا مانگوں گی۔ وہ میری بہت سنتے ہیں۔

بہت ہو گیا ناعمہ۔ ان لوگوں نے خدا کے دین کو بہت بدنام کر دیا ہے۔ میرے آقا رحمت اللعالمین تھے۔ مگر انہوں نے اسلام کو خوف اور دہشت کا عنوان بنا دیا ہے۔ اب ان پر فیصلہ کن اتمام حجت کا وقت آ گیا ہے۔ اب فیصلہ ہو کر رہے گا۔

پھر وہ روتی ہوئی ناعمہ کو خود سے الگ کرتے ہوئے مخاطب ہوا:

اور دیکھو مجھے کمزور مت کرو۔ یہ شیطان ہے جو تمہارے ذریعے سے مجھے کمزور کر رہا ہے۔ تم کمزور ہو گی تو میں بھی کمزور ہو جاؤں گا۔ تم طاقتور رہو گی تو میں بھی طاقتور رہوں گا۔ تم اللہ پر بھروسہ رکھو۔ کوئی شخص اللہ کے فیصلے کے بغیر اس دنیا سے رخصت نہیں ہو سکتا۔ اگر اس نے فیصلہ کر لیا ہے تو میں کسی حادثے میں، کسی بیماری سے بھی ٹھیک اُسی وقت رخصت ہوں گا جو میرے لیے لکھا جا چکا ہے۔ اور اگر اس کا فیصلہ نہیں ہے تو ساری دنیا بھی میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ اس لیے شیطان کے وسوسوں میں آ کر اپنے آپ کو اور مجھ کو کمزور مت کرو۔ میرا ساتھ دو۔ جنت کے بلند درجات بلند حوصلے سے ملتے ہیں۔ یاد رکھو ناعمہ! اللہ نے یہ دنیا امتحان کے لیے بنائی ہے۔ مگر

اکثر وہ انسان کا امتحان نہیں لیتے، صرف حوصلے کا امتحان لیتے ہیں۔

عبداللہ کی آخری بات سن کر ناعمہ کو ایک زبردست جھٹکا لگا۔ برسوں پرانی یادیں پھر تازہ ہو گئیں۔اسے بہت کچھ یاد آ گیا۔عبداللہ سے اپنی شادی سے قبل آنے والا خواب یاد آ گیا۔ ''عصر'' کی وہ شخصیت یاد آ گئی جس نے اس کی سوچ اور شخصیت کو بدل دیا تھا۔''عصر'' نے اسے آخری نصیحت یہی کی تھی: اللہ تعالیٰ نے یہ دنیا امتحان کے لیے بنائی تو ہے مگر اکثر وہ صرف حوصلے کا امتحان لیتے ہیں، انسان کا نہیں۔

ناعمہ نے دوپٹے سے اپنے آنسو پونچھے اور پورے عزم کے ساتھ بولی۔

عبداللہ میں پوری طرح آپ کے ساتھ ہوں۔ میں وقتی طور پر شیاطین کے وسوسوں کا شکار ہو کر آپ کو کمزور کرنے لگی تھی۔مگر اب میں ان شیطانوں کی شرارت کو سمجھ گئی ہوں۔آپ اطمینان سے اپنا کام کیجیے۔ مجھے آپ ہر قدم پر اپنے ساتھ پائیں گے۔

وہ ایک لمحے کو رکی اور وہی بات دہرائی جو اس نے ''عصر'' کی آخری نصیحت کے جواب میں کہی تھی۔

میں نے امتحان میں اترنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔اب مجھے فرق نہیں پڑتا کہ امتحان حوصلے کا ہو گا یا زندگی کا۔

----------------

عبیہہ کے دروازے پر دستک ہوئی۔اس نے پوچھا:

کون ہے؟

دروازہ دھیرے سے کھلا اور سارہ نے اندر آتے ہوئے کہا۔

کیا میں کچھ دیر کے لیے تمہارے پاس آ سکتی ہوں؟



عبیہہ نے قدرے بیزاری سے کہا۔

آ جاؤ۔

سارہ آہستگی سے اندر داخل ہوئی اور مسہری پر لیٹی ہوئی عبیہہ کے پاس آ کر بیٹھ گئی۔

عبیہہ مجھے تم سے سوری کہنا تھا۔ دراصل میری وجہ سے امی نے تم سے اس طرح بات کی۔ یہ گھر میرا نہیں تمہارا ہی ہے۔

تمہاری اطلاع کا شکریہ۔ ویسے مجھے پتہ ہے یہ میرا ہی گھر ہے۔

عبیہہ نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

اور ہمیشہ تمہارا ہی رہے گا۔

سارہ نے اس کے لہجے کی کاٹ کو نظر انداز کرتے ہوئے اسی نرمی کے ساتھ کہا۔ پھر سارہ کھسک کر بستر پر دراز عبیہہ کے ذرا قریب ہوئی اور اس کے سر کو سہلاتے ہوئے بولی۔

تمہارے بال کتنے ریشمی ہیں۔کتنے خوبصورت ہیں۔

عبیہہ کے اعصاب چٹخے ہوئے تھے۔ سارہ کی بات اور اس کے سہلاتے ہوئے ہاتھوں سے اسے ایسے لگا جیسے اس کے اعصاب کو بہت سکون ملا ہو۔

سارہ! یہ بتاؤ یہ مرد اتنے طوطا چشم اور بے مروت کیوں ہوتے ہیں۔ خالد بھی شادی سے پہلے میری اتنی تعریف کرتا تھا۔ اب ہر وقت کیا اور کیوں کرتا رہتا ہے۔شادی سے پہلے یہ مرد ہمارے پیچھے بھاگتے ہیں اور شادی کے بعد بالکل بدل جاتے ہیں۔

ہاں تم ٹھیک کہتی ہو، سارہ نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

یہ تو مردوں کی فطرت ہوتی ہے۔لیکن یاد رکھنا مرد ہر حال میں ہمارے محتاج ہوتے ہیں۔

بس ہمیں ان کو اپنا محتاج رکھنے کا طریقہ آنا چاہیے۔

نبیہہ خاموش رہی۔سارہ نے سلسلہ کلام جاری رکھا۔

شادی سے پہلے یہ ہمارے باہر کی خوبصورتی کے محتاج ہوتے ہیں۔اور شادی کے بعد یہ ہمارے اندر کی خوبصورتی کے محتاج ہو جاتے ہیں۔ہماری غلطی یہ ہوتی ہے کہ ہم باہر کی خوبصورتی کو سب کچھ سمجھتے ہیں۔اور اندر کی خوبصورتی کو فراموش کر دیتے ہیں۔حالانکہ ہمارے اندر کی خوبصورتی مردوں کے گرد جو جال بنتی ہے اس سے کوئی مرد کبھی باہر نہیں نکل سکتا۔

اندر کی خوبصورتی کیا ہوتی ہے؟،نبیہہ کے لیے یہ ساری باتیں بالکل نئی تھیں۔

اندر کی خوبصورتی محبت،خدمت،صبر اور موافقت کا نام ہے۔

چھوڑو سارہ۔اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ ہماری کوئی زندگی نہیں۔ساری زندگی دوسروں کے لیے گزار دیں۔

نہیں ایسا نہیں ہے۔انسان بے حس مخلوق نہیں ہے۔جب ہم دوسرے کے لیے اچھے ہو جاتے ہیں تو دوسرے بھی ہمارے لیے اچھے ہو جاتے ہیں۔

لیکن دوسرے کے لیے جینا مشکل کام ہے......نہ بابا مجھ سے تو یہ نہیں ہوگا۔

کبھی تم نے سوچا ہے میں اور تم اپنے آپ کو اتنا خوبصورت بنانے کی کوشش کیوں کرتے ہیں؟ہم ویکسنگ کراتے ہیں......ڈائٹ کرتے ہیں اور اپنے جسم پر اتنی مشقتیں ڈالتے ہیں۔یہ بھی تو دوسروں کی نظر میں اچھا بننے اور اپنی تعریف سننے کے لیے ہی کرتے ہیں۔مگر پھر بھی وقت کا بہتا دریا ہمارے حسن و جمال کی ہر بہار کو خزاں میں بدل دیتا ہے۔اتنی ہی محنت اگر ہم اپنے اندر کو اچھا بنانے کے لیے کر دیں تو ہم اندر سے بہت خوبصورت ہو جائیں گے۔یہ خوبصورتی ہمیشہ بڑھتی چلی جاتی ہے۔اور اس کے نتیجے میں جو مقام ہمیں حاصل ہوتا ہے وہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔یاد رکھنا نبیہہ شوہر کی نظر میں پہلی خوبصورتی ہر گزرتے دن کے ساتھ بے معنی ہوتی چلی جاتی



ہے۔دوسری خوبصورتی اہم ہوتی چلی جاتی ہے۔

ارے تمہیں ایسی باتیں کہاں سے آئیں۔تم پہلے تو ایسی نہیں تھیں۔

ہاں بس آ گئیں۔پھر سارہ کے ذہن میں ایک خیال آیا۔

کیا تم ان صاحب سے ملنا چاہو گی جن سے مجھے یہ باتیں آئی ہیں۔ویسے ان کے پاس شیطانوں کو بھگانے اور شوہر کو قابو کرنے کا بہت اچھا نسخہ بھی ہے۔

چلو ملوا دو۔ویسے ہی میں گھر میں پڑی بور ہو رہی ہوں۔

ٹھیک ہے پھر تم تیار ہو جاؤ میں ناعمہ باجی کو فون کر کے ابھی ٹائم لے لیتی ہوں۔

یہ کہہ کر سارہ اپنے کمرے کی طرف چلی گئی۔نبیہہ بھی اٹھ کر تیار ہونے لگی۔تھوڑی دیر میں نبیہہ تیار ہو کر باہر آئی تو سارہ روانگی کے لیے اس کی منتظر تھی۔اسے دیکھ کر سارہ لمحہ بھر کو پریشان ہو گئی۔اول تو اس نے بھرپور میک اپ کیا تھا۔جس کی اس وقت کوئی ضرورت نہیں تھی۔اس سے بڑھ کر وہ بالکل باریک لباس پہنے ہوئے تھی جس سے اس کا پورا جسم جھلک رہا تھا۔سارہ کو اس حال میں اسے عبداللہ کے پاس لے جاتے ہوئے شرم محسوس ہو رہی تھی۔جبکہ نبیہہ اطمینان کے ساتھ جانے کے لیے تیار کھڑی تھی۔سارہ نے دبے لفظوں میں اس سے کہا۔

کیا بہتر نہیں ہوگا کہ تم کوئی دوسرا ڈریس پہن لو۔

دیکھو سارہ تمہاری کلاس میں شاید یہ ڈریس کچھ ٹھیک نہ ہو،میری کلاس میں ایسے ہی چلتا ہے۔

اس طنز پر سارہ کو ایک لمحے کے لیے شدید غصہ آیا مگر اگلے لمحے اسے عبداللہ کا دیا ہوا سبق یاد آ گیا۔وہ سمجھ گئی کہ اس وقت نبیہہ کے ساتھ شیطان ہے۔اس نے نرمی سے کہا۔

چلو کوئی مسئلہ نہیں۔یہ ڈریس ٹھیک ہے۔بس یہ کرو کہ دوپٹے سے جسم ڈھانپ لو۔

میں نے ساری زندگی یہ کام نہیں کیا۔اب تم بتاؤ چل رہی ہو یا میں واپس اپنے کمرے میں جاؤں؟

نبیہہ نے گاڑی کی چابی ہوا میں لہراتے ہوئے فیصلہ کن لہجے میں کہا۔سارہ نے بے بسی سے جواب دیا۔

ٹھیک ہے چلو۔

راستے میں وہ تھوڑا پریشان تھی۔ پھر اسے عبداللہ کی عادت کا خیال آیا کہ وہ اس طرح کی خواتین کو پہلے دن ہی حیا کا وعظ کبھی نہیں کرتا۔اسے یقین تھا کہ عبداللہ کوئی ایسی بات نہیں کرے گا جس سے نبیہہ بھڑک اٹھے۔ یہ سوچ کر وہ مطمئن ہوگئی۔

-----------------

یہ میری نند ہیں عبداللہ بھائی! ان کا نام نبیہہ ہے۔ان کے اوران کے شوہر کے بیچ تھوڑے اختلاف ہوگئے ہیں۔ میں ان کو آپ کے پاس لائی ہوں تا کہ آپ ان کی رہنمائی کریں۔

سارہ نے ایک ہی سانس میں نبیہہ کا تعارف اور اپنی آمد کا مقصد بیان کردیا۔وہ نبیہہ کے ساتھ ہی صوفے پر بیٹھی تھی۔جبکہ سامنے عبداللہ تھا۔ناعمہ ان سب کو چائے پیش کر رہی تھی۔اس کے بعد وہ بھی عبداللہ کے برابر میں بیٹھ گئی۔سارہ نے آنے سے قبل ناعمہ کو فون کر کے اپنے آنے کا مقصد بتادیا تھا۔ساتھ میں نبیہہ اور اس کے مسئلے اور مزاج کی پوری تفصیل بھی ناعمہ کو بیان کردی تھی جو اس نے عبداللہ کو بتادی تھی۔

سارہ بتارہی تھی کہ آپ کے پاس شوہر پر قابو پانے کا کوئی وظیفہ بھی ہے۔

سارہ کی بات ختم ہوئی تو نبیہہ نے اپنے آنے کا مقصد ایک مختلف انداز میں بیان کیا۔شوہر کو قابو کرنے والی سارہ کی بات میں اس نے نسخے کو وظیفے سے بدل دیا تھا۔



نبیہہ کی بات پر ناعمہ اپنی بے اختیار مسکراہٹ نہیں روک سکی۔لیکن وہ خاموش بیٹھی رہی۔ ایسی ہی مسکراہٹ سارہ کے چہرے پر بھی آگئی۔البتہ عبداللہ سنجیدگی کے ساتھ سر جھکائے بیٹھا رہا۔نبیہہ اپنی بات کہہ چکی تو عبداللہ نے سر اٹھا کر کچھ کہنے کے لیے نبیہہ کی طرف دیکھا۔اسے دیکھ کر عبداللہ ایک لمحے کے لیے ٹھٹھک گیا۔ پھر وہ منہ پر ہاتھ رکھ کر ایک دو دفعہ کھانسا گویا کہ اپنا گلہ صاف کرر ہا ہو۔ پھر معاف کیجیے گا کہتے ہوئے چشمہ اتار کر ایک ٹشو پیپر سے چہرہ اور آنکھیں صاف کیں اور چشمہ میز پر رکھ دیا۔سارہ جو عبداللہ کی بہت معتقد ہوچکی تھی فوراً اٹھی اور ساتھ رکھے ہوئے جگ سے ایک گلاس پانی بھر کر اسے دیا۔عبداللہ نے سارہ کا شکریہ ادا کر کے پانی پیا اور پھر نبیہہ کی سمت دیکھتے ہوئے اطمینان سے بولا:

ہماری قوم کی یہ تربیت کردی گئی ہے کہ یہ کسی روحانی بابے کی تلاش میں رہتی ہے۔جو شکل دیکھتے ہی ماضی کے واقعات بیان کردے اور مستقبل کے بارے میں پیش گوئیاں شروع کردے۔ مسائل کے حل کے لیے کوئی وظیفہ بتادے۔یا پراسرار علوم کے ذریعے سے زندگی کی الجھی ہوئی ڈور کو سلجھادے۔

اتنا کہہ کر عبداللہ رکا اور پھر اس کے چہرے پر ایک مسکراہٹ آگئی۔

مگر میں تو ایک عام سا انسان ہوں۔انسانوں کو انسان بناتا اور بندوں کو بندگی سکھاتا ہوں۔ اپنے آقا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں لوگوں کو یہ بتاتا ہوں کہ انسان کی سیرت اور اس کی عادت؛ دنیا اور آخرت دونوں کی فاتح ہے اور اس کا اخلاق خالق ومخلوق دونوں کی نظر میں اسے عزت دلواتا ہے۔اب رہا آپ کا مسئلہ تو نبیہہ بی بی پہلے یہ بتائیں کہ آپ کے اور آپ کے شوہر میں بنائے اختلاف کیا ہے۔

دراصل ہماری محبت کی شادی تھی۔مگر اب ان کا رویہ بدل گیا ہے۔

دیکھیے یہ ایک بالکل فطری چیز ہے۔مرد شادی کے بعد بدلتا ہے اور عورت بچے پیدا ہونے کے بعد بدل جاتی ہے۔جس طرح ایک عورت کے لیے ممکن نہیں رہتا کہ اولاد کے ہونے کے بعد شوہر کو سو فیصد وہی توجہ دے جو پہلے تھی اسی طرح مردوں کے لیے یہ ممکن نہیں ہوتا کہ شادی کے بعد، خاص کر اگر پسند کی شادی ہے، وہی رویہ رکھیں جو پہلے تھا۔

عنیہہ ایک لمحے کے لیے ہکا بکا رہ گئی۔اس نے اس پہلو سے کبھی سوچا ہی نہیں تھا۔پھر وہ کچھ سوچ کر بولی۔

مگر عورت تو اولاد کے معاملے میں مجبور ہوتی ہے۔

مرد کی بھی مجبوری سمجھیے۔وہ بھی اپنے ہارمونز کے ہاتھوں مجبور ہوتا ہے۔اس کے ہارمونز اس کی نظر میں محبوبہ کا ایک انتہائی پرکشش پورٹریٹ بناتے ہیں۔شادی کے بعد یہ پورٹریٹ ایک ایسی کلوز اپ تصویر میں بدل جاتا ہے جو واقعی حسین بھی ہو، تب بھی حسین نہیں لگتا۔

عنیہہ خاموش رہی۔کچھ دیر رک کر عبداللہ بولا:

لیکن یہ کوئی منفی بات نہیں۔اصل محبت تو شادی کے بعد ہوتی ہے جب لوگ ایک دوسرے کا خیال کرتے ہیں۔

ہاں مگر خالد تو میرا خیال نہیں کرتے۔وہ مجھے آزاد نہیں چھوڑتے۔ہر معاملے میں مداخلت کرتے ہیں۔

آپ کو اپنی سسرال سے کوئی شکایت ہے۔

نہیں سسرال والے کسی معاملے میں دخل نہیں دیتے۔

آپ تو پھر بہت خوش نصیب ہیں۔ہمارے ہاں بیشتر مسائل تو اسی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔اب رہا شوہر کا سوال تو یہ فرمایئے کہ گرمیاں آتی ہیں تو گرم موسم سے نمٹنے کے لیے آپ کیا



کرتی ہیں۔

عنیہہ کی سمجھ میں نہیں آیا کہ اس سوال کا اس کے مسئلے سے کیا تعلق ہے۔

ہم اے سی اور پنکھے کھول لیتے ہیں۔لان کے ہلکے کپڑے پہنتے ہیں۔دھوپ میں کم نکلتے ہیں۔

اب یہ بتایئے کہ یہ سارے کام کرنے کے بجائے آپ اگلی گرمیوں میں گرمی دور کرنے کا کوئی وظیفہ ڈھونڈنے لگیں یا لوگوں سے شکایت کرتی رہیں تو گرمی سے نجات تو نہیں ملے گی۔یا مل جائے گی؟

ظاہر ہے کہ نہیں ملے گی۔

عنیہہ نے سر ہلاتے ہوئے عبداللہ سے اتفاق کیا۔

بس پھر یہی زندگی کے ہر مسئلے کو حل کرنے کا راز ہے۔دوسروں کی شکایت کرنے کے بجائے خود ایڈجسٹمنٹ کرلیں۔اور شادی کے رشتے کو تو اس ایڈجسٹمنٹ اور موافقت کے بغیر کامیاب بنایا ہی نہیں جاسکتا۔

مگر مجھ سے یہ نہیں ہوگا۔ویسے بھی شوہر گرمی کا موسم نہیں ہوتا۔

عنیہہ اتنی آسانی سے ہار ماننے والی نہیں تھی۔

سرد و گرم موسم کی طرح میاں بیوی بھی اللہ کے فیصلے کے تحت انسانوں کو ملتے ہیں۔ہر مرد اور ہر عورت کا الگ موسم ہوتا ہے۔ہمیں اس موسم کی شکایت کرنے کے بجائے اس کے ساتھ ایڈجسٹمنٹ سیکھنی چاہیے۔

مگر میں ایڈجسٹمنٹ کیوں کروں۔وہ کیوں نہیں کرتا؟عنیہہ نے ایک نیا سوال داغ دیا۔

چلیے آپ یہ نہ کیجیے۔مگر نتیجہ یہ نکلے گا کہ ساری زندگی گھر ایک میدان جنگ بنا رہے گا۔یا پھر

علیحدگی کی نوبت آجائے گی۔ان دونوں صورتوں میں آپ کا بہت نقصان ہوگا۔

تیسری صورت یہ بھی تو ہوسکتی ہے کہ خالد میرے مزاج کے مطابق ڈھل جائے۔

عورتوں میں ایڈجسٹمنٹ کی زیادہ صلاحیت ہوتی ہے۔ان کا جسم ایک انسان کی تخلیق کے لیے اپنے آپ کو ایڈجسٹ کرلیتا ہے اوران کی روح ایک خاندان کو بنانے کے لیے ایڈجسٹ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ پہلا کام اللہ تعالیٰ خود کردیتے ہیں دوسرا آپ کو کرنا ہے۔مرد بے چاروں میں یہ صلاحیت زیادہ نہیں ہوتی۔

عبیہہ خاموش رہی تو عبداللہ نے دریافت کیا۔

یہ بتایئے آپ کے شوہر اپنے مزاج کے اعتبار سے کیا بہت برے ہیں۔

نہیں ایسا تو نہیں ہے۔

دیکھیے کچھ مرد بہت برے ہوتے ہیں۔ وہ خواتین کا اعتراف کبھی نہیں کرتے۔مگر زیادہ تر ایسے نہیں ہوتے۔جیسے ہی آپ ایڈجسٹمنٹ کریں گی تو وہ آپ کا اعتراف کرلیں گے۔ پھر جو کچھ آپ زبردستی ان سے لینا چاہ رہی ہیں وہ محبت اور شوق سے آپ کو خود دے دیں گے۔ ویسے بھی میاں بیوی کے رشتے میں مرد کی پوزیشن ہر گزرتے دن کے ساتھ کمزور اور عورت کی مضبوط ہوتی چلی جاتی ہے۔ یہ کام محبت کرتی ہے،اسے آپ انانیت سے کرنا چاہیں گی تو سب کا نقصان ہوگا۔

میرے لیے یہ مشکل ہے۔عبیہہ نے اپنے مزاج کی مجبوری بیان کی۔

آپ کرسکتی ہیں۔شوہر کے مزاج کا ہر وہ پہلو جو گرم موسم کی طرح لگے، اس کی شکایت کرنے کے بجائے اپنے اندر صبر کا اے سی کھول دیں۔ برداشت کے پنکھے چلالیں اور مثبت انداز فکر کی لان سے اپنے مزاج کو ڈھانک دیں۔ یہ ناگوار موسم زیادہ دیر تک نہیں رہے گا۔مگر اس کے بدلے میں آپ بہت سے مسائل سے بچ جائیں گی۔شوہر کی بہت ساری محبت کی حقدار



ہوجائیں گی۔ ورنہ ساری عمر نفرت کے کانٹے بکھیریں گی اور یہی سمیٹیں گی۔اب فیصلہ کرلیں کہ کیا کرنا ہے۔

عبیہہ کچھ دیر سوچتی رہی۔ پھر عبداللہ اور ناعمہ سے کہنے لگی۔

آپ دونوں کا بہت بہت شکریہ۔ پھر وہ سارہ کی طرف دیکھتی ہوئی نشست سے اٹھی اور اس سے کہا۔

چلو سارہ چلتے ہیں۔

سارہ کے ساتھ ناعمہ اور عبداللہ بھی انہیں الوداع کہنے کے لیے اپنی نشست سے کھڑے ہوگئے۔ چلتے چلتے عبیہہ نے میز پر رکھا ہوا عبداللہ کا چشمہ اٹھایا۔اسے غور سے دیکھا اور عبداللہ کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

سر! آپ کا بہت بہت شکریہ۔آپ نے اپنا اتنا قیمتی وقت ہمیں دیا۔

اللہ آپ کو اپنے گھر میں خوش اور آباد رکھے۔

عبداللہ نے چشمہ ہاتھ میں لیتے ہوئے اسے دعا دی۔ناعمہ اور سارہ نے آمین کہا۔

----------------

عبیہہ اور سارہ کے جانے کے بعد ناعمہ عبداللہ سے مخاطب ہوئی۔

آپ کا کیا خیال ہے، آپ کے لیکچر کا عبیہہ پر کوئی اثر ہوا ہوگا؟ ویسے اِس لڑکی کو اتنا بھی احساس نہیں تھا کہ وہ کسی فیشن شو میں نہیں آئی ہے۔

یہ آخری تبصرہ ناعمہ نے عبیہہ کے حلیے پر کیا تھا۔

ناعمہ! اللہ تعالیٰ انسانوں کو ایسے نہیں دیکھتے جیسے تم دیکھ رہی ہو۔اللہ تعالیٰ اپنے بہترین بندوں یعنی پیغمبروں کو ہمیشہ گناہ گاروں کے پاس ہی بھیجتے رہے ہیں......

ناعمہ نے عبداللہ کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی اسے کاٹتے ہوئے کہا:

مگر جب گناہ گار دوسروں کو بھی گناہ گار کرنے لگیں تو اس کا کیا کیا جائے۔ جب ہی تو اس کا شوہر اس سے اتنا بے زار ہے۔ وہ تو مجھے آپ کی طبیعت کا اندازہ ہے۔ یہ بھی جانتی ہوں کہ آپ ہر وقت باوضو رہتے ہیں۔ ورنہ یہ لڑکی تو سراپا فساد ہے۔ سارہ نے تفصیل سے مجھے اس کی عادات کے بارے میں بتا دیا تھا۔

بیٹھو اور میری بات سنو۔

عبداللہ نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

دیکھو! نفرت انسانوں سے نہیں شیطان سے ہونی چاہیے۔ یہ لڑکی بری طرح شیطان کے اثر میں ہے۔ اس کی وجہ یقیناً اس کی اپنی کمزوریاں ہیں۔ شیطان ہر شخص پر قابو نہیں پا سکتا، صرف ان پر مسلط ہوتا ہے جو اپنی کمزوریوں کی بنا پر اسے موقع دیتے ہیں۔ مگر میرا تمہارا کام ایسے لوگوں سے نفرت کرنا نہیں بلکہ محبت سے ان کو صحیح بات کی طرف بلانا ہے۔ لوگ اگر نہیں سنیں گے تو یہ ان کا فیصلہ ہوگا۔ ہمیں اپنا کام کرتے رہنا ہے۔ رہا میرا معاملہ تو یقیناً باوضو رہنے سے فرشتے قریب اور شیاطین دور رہتے ہیں۔ مگر انسان کو بچانے والی اصل چیز باہر کا نہیں اندر کا وضو ہوتا ہے۔

اندر کا وضو؟ ناعمہ نے نہ سمجھنے والے انداز میں عبداللہ کی بات دہرا دی۔

ہاں......اندر کا وضو۔ انسان کا ظاہر باہر کے وضو سے پاک ہوتا ہے اور اس کا باطن اندر کے وضو سے پاک ہوتا ہے۔ اندر کے وضو کا مطلب ہے کہ دوسروں کے بجائے اپنی کمزوریوں اور خرابیوں کو دیکھتے رہنا اور ان کی اصلاح کی فکر کرنا۔ ہمارے معاشرے میں لوگ اب صرف دوسروں کی برائیاں دیکھتے ہیں، اپنی برائی دیکھنے میں کسی کو دلچسپی نہیں۔

آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ دراصل سارہ نے اس کے مزاج کے متعلق اتنی منفی باتیں کی تھیں



کہ میں بھی متاثر ہو گئی۔ پھر اس کا حلیہ بھی بہت برا تھا۔ اس لیے اس تاثر کو تقویت ملی۔ لیکن یہ بتائیں کہ آپ کے خیال میں اس پر آپ کی باتوں کا کوئی اثر ہوا ہوگا؟

میں وہی بتا رہا تھا۔ اللہ تعالیٰ پیغمبروں کو ہمیشہ گناہ گاروں کے پاس ہی بھیجتے ہیں۔ پیغمبروں کا کام لوگوں کو بدلنا نہیں، ان تک پیغام پہنچانا ہوتا ہے۔ اس لیے کسی گناہ گار پر بات کا اثر ہونا نہ ہونا ان کا مسئلہ نہیں ہوتا۔ ہمارا بھی نہیں ہونا چاہیے۔ ہمارا کام پیغمبروں کی پیروی کرنا ہے۔ اور ہاں پیغمبر بات ہی نہیں پہنچاتے تھے، لوگوں کے لیے دعا بھی کرتے تھے۔ ہم کسی کو نہیں بدل سکتے۔ اللہ تعالیٰ بدل سکتے ہیں۔ اور جب تک کوئی شخص خود ہی شیطان نہ بن جائے اس کے بدلنے کے امکانات رہتے ہیں۔ نبیہہ شیطان کے اثر میں ہے، لیکن وہ خود ابھی شیطان نہیں بنی ہے۔ آؤ مل کر اس کے لیے دعا کرتے ہیں۔ یہی ہمارا ہتھیار ہے جو شیطان کی ہر وسوسہ انگیزی کا اصل توڑ ہے۔

یہ کہتے ہوئے عبداللہ نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیے۔ ناعمہ نے بھی اس کی تقلید کی۔

پروردگار! نبیہہ تیری بندی چل کر میرے پاس آئی تھی۔ مگر تو جانتا ہے میرے پاس اسے دینے کے لیے کچھ نہیں۔ مگر تیرے پاس سب کچھ ہے۔ تو اسے ہدایت دے۔ شیطان نے جو گندگی اس پر ڈالی ہے تو اسے پاکیزگی سے بدل دے۔ اس کی سوچ کو مثبت بنا دے اور اسے اپنے شوہر کے ساتھ اچھی خاندانی زندگی نصیب فرما۔

ناعمہ نے عبداللہ کی دعا کے ہر جملے پر آمین کہا۔

-----------------

گھر واپس جاتے ہوئے گاڑی میں خاموشی چھائی ہوئی تھی۔ گاڑی نبیہہ خود ڈرائیو کر رہی تھی۔ جبکہ سارہ اس کے برابر میں بیٹھی ہوئی تھی۔ وہ دل ہی دل میں سوچ رہی تھی کہ خبر نہیں نبیہہ کو

یہاں لانا مفید ہوا بھی یا نہیں۔ وہ اس کے سرکش مزاج اور اڑیل طبیعت سے واقف تھی۔ پھر اس نے یہ سوچ کر دل کو تسلی دی کہ کم از کم اس نے تو اپنا فرض پورا کر دیا۔ لیکن اس کے دل میں خواہش تھی کہ وہ عبیہہ کا ردعمل دریافت کرے۔ آخر وہ خاموش نہ رہ سکی۔

کیسی رہی عبداللہ بھائی سے ملاقات۔

یہ بہت اعلیٰ انسان ہیں۔ میں نے زندگی میں ایسا انسان نہیں دیکھا۔

بے شک وہ بہت اعلیٰ انسان ہیں، لیکن میں ان کے متعلق نہیں ان کی باتوں کے متعلق پوچھ رہی ہوں۔ ان کی کچھ بات سمجھ میں آئی۔

ان کی باتیں بھی اچھی تھیں۔ مگر میں ان کی شخصیت سے بہت متاثر ہوئی ہوں۔

سارہ کو حیرت ہو رہی تھی کہ اتنی سی دیر میں ان کی شخصیت سے وہ کیسے متاثر ہوئی۔ اس نے صاف دلی کے ساتھ اپنا تجربہ بیان کیا۔

جب میں پہلی دفعہ ملی تھی تو بالکل بھی متاثر نہیں ہوئی تھی۔ بس ایک ایورج سے شخص لگے تھے۔ البتہ اب بہت متاثر ہوں۔ ہاں ناعمہ باجی کی شخصیت بہت خوبصورت ہے۔ سنا ہے نوجوانی میں تو وہ بہت حسین تھیں۔

عبیہہ نے اس کی بات سنی ان سنی کرتے ہوئے کہا:

میں انسانوں کو پرکھنا جانتی ہوں۔ صرف خالد کو پرکھنے میں غلطی ہوگئی تھی۔ اس نے اظہار محبت ہی اتنی دیوانگی سے کیا تھا۔ میں بھی جذبات میں آگئی۔ انسان جذبات میں آجائے تو عقل کہاں کام کرتی ہے۔ کاش میں عبداللہ صاحب سے......

عبیہہ نے ایک گہری سانس لے کر اپنی بات ادھوری چھوڑ دی۔ سارہ خاموشی سے سنتی رہی۔ سچی بات یہ ہے کہ وہ عبیہہ سے ڈرتی تھی۔ وہ ناراض ہونے پر کسی کی بھی بے عزتی کرنے کے فن



میں طاق تھی۔ عبیہہ نے اپنی بات مکمل کرتے ہوئے کہا:

لیکن آج ان کی گفتگو سن کر مجھے اندازہ ہو گیا کہ میں کہاں غلطی کر رہی تھی۔

سارہ نے دل ہی دل میں شکر ادا کیا کہ عبیہہ پر عبداللہ کی باتوں کا کچھ تو اثر ہوا اور وہ اپنی غلطی مان رہی ہے۔

تو میں امید رکھوں کہ اب تم اور خالد بھائی ایک اچھی زندگی گزارو گے؟

سارہ نے پر امید مگر نپے تلے انداز میں سوال سامنے رکھا۔

ہاں! آج سے لوافیئر ختم۔ شادی شدہ زندگی شروع۔

عبیہہ نے گاڑی کو مرکزی راستے پر موڑتے ہوئے دھیرے سے کہا۔

سچ! سارہ نے خوشی سے کہا۔ پھر اس نے آنکھیں بند کر کے کہا۔

تھینک یو عبداللہ بھائی۔

عبیہہ خاموش رہی۔ سارہ نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے دریافت کیا۔

برا مت ماننا عبیہہ۔ تم آسانی سے کوئی بات مانتی نہیں ہو۔ پھر تم نے عبداللہ بھائی کی بات اتنی جلدی کیسے مان لی۔

عبیہہ نے ونڈ اسکرین کی سمت نظریں جماتے ہوئے جواب دیا۔

میں نے بتایا تھا نا کہ میں ان صاحب کی شخصیت سے بہت متاثر ہو گئی ہوں۔ بس جب دل کسی کے آگے جھک جاتا ہے تو اس کی بات سمجھ میں آجاتی ہے۔

لیکن اتنی جلدی تم کیسے متاثر ہو گئیں۔ تم تو ویسے ہی کسی کو گھاس نہیں ڈالتیں۔

سارہ کی بات پر عبیہہ مسکرانے لگی۔

تم جانتی ہو گفتگو کے آغاز میں جب تم نے عبداللہ صاحب کو پانی پلایا تھا تو اس وقت کیا ہوا

تھا۔

ہاں ہاں عبداللہ بھائی کے گلے میں شاید پھندہ لگا تھا۔

نہیں ان کے گلے میں پھندہ نہیں لگا تھا۔ پھندہ اتنی جلدی ٹھیک نہیں ہوتا۔ وہ مجھے دیکھنا نہیں چاہتے تھے۔

مگر انہوں نے تو تمہیں دیکھتے ہوئے ہی ساری باتیں کی ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ساری باتیں تم ہی سے ہوئی ہیں۔ میں اور ناعمہ باجی تو خاموش بیٹھے ہوئے تھے۔

نہیں......وہ مجھے نہیں دیکھ سکتے تھے۔کم از کم میرے اس حلیے میں۔

عنیہہ نے اپنے کپڑوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

وہ کیسے؟ وہ تو تمہیں ہی دیکھ رہے تھے، ہاں کبھی کبھار نظریں ہٹا لیتے تھے۔ بالکل نارمل طریقے پر بات کر رہے تھے۔ میں نے تو کوئی خاص بات محسوس نہیں کی۔

تم بھول گئیں کہ ٹشو پیپر سے چہرہ صاف کرتے ہوئے انہوں نے اپنا چشمہ اتار دیا تھا۔

میں نے تو اس بات کا نوٹس ہی نہیں لیا تھا۔

ہاں اس لیے کہ تمہارا دھیان ان کے کھانسنے کی طرف چلا گیا تھا۔ وہ چشمے سے دھیان ہٹانے کے لیے ہی کھانسے تھے تا کہ تم اور میں اس بات کو محسوس نہ کر لیں۔مگر میں نے اس بات کو محسوس کر لیا تھا۔ پھر چلتے وقت میں نے ان کا چشمہ اٹھا کر اسے غور سے دیکھا تھا۔اس کا نمبر زیادہ تھا۔اس نمبر کو پہننے والے اس کے بغیر چیزیں بالکل دھندلی دیکھتے ہیں۔بچپن میں میرے ٹیچر کا چشمہ بھی ایسا تھا۔ہم ان کا چشمہ چھپا دیتے تھے اور وہ اسے نہیں ڈھونڈ پاتے تھے۔

یہ کہتے ہوئے عنیہہ کے چہرے پر شریر مسکراہٹ آ گئی۔وہ دوبارہ بولی۔

عبداللہ صاحب چاہتے تو مجھے شرمندہ کر سکتے تھے۔



عنیہہ کی اس بات پر سارہ نے فوراً کہا۔

نہیں عبداللہ بھائی اس مزاج کے بالکل نہیں ہیں۔وہ تمہیں ایک لفظ نہیں کہتے۔

ہر چیز الفاظ سے نہیں کہی جاتی۔وہ اگر اپنی نظریں نیچے گاڑ کر بیٹھ جاتے تب بھی میں بہت ان کمفرٹ ایبل محسوس کرتی۔عام لوگ عورت کو انسان نہیں، ایک نسوانی جسم سمجھتے ہیں۔

مگر دیکھو غلطی تو تمہاری ہی ہے۔میں نے تمہیں چلتے وقت کہا تھا کہ کپڑے صحیح کر لو یا کم از کم دوپٹہ ہی پورا لے لو۔

یہی تم میں اور عبداللہ صاحب میں فرق ہے۔تم عام لوگوں کی طرح مجھے بتا رہی ہو کہ مجھے کیا کرنا چاہیے۔عبداللہ صاحب نے یہ بتایا ہے کہ مردوں کو کیا کرنا چاہیے۔آج کل کوئی مردوں کو نہیں بتاتا کہ انہیں کیا کرنا چاہیے۔

ایک لمحے کو عنیہہ خاموش رہی اور پھر اپنی بات جاری رکھی۔

عبداللہ صاحب نے مجھے نسوانی جسم نہیں سمجھا، انسان سمجھ کر بات کی۔انہیں میرے مزاج کا اندازہ ہو گیا تھا کہ میں انانیت پسند ہوں۔وہ مجھ سے گفتگو کرتے اور مسلسل نظریں نیچی کیے رہتے تو میں اسے اپنی توہین سمجھتی۔پھر ان کی کسی بات کا مجھ پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔میرے نامناسب لباس کی وجہ سے وہ مجھے دیکھنا بھی نہیں چاہتے تھے۔اس لیے انہوں نے غیر محسوس طریقے پر اپنا چشمہ اتار دیا تھا۔ان کی نظر اتنی کمزور ہے کہ میرے لباس کی کوئی خرابی انہیں نظر نہیں آئی ہو گی۔

مگر بہر حال وہ تم کو دیکھ تو رہے تھے۔

تم بھی عورت ہو سارہ۔میری طرح تم بھی جانتی ہو مسئلہ مردوں کا عورتوں کو دیکھنا نہیں ہوتا۔ان کا زاویہ نظر ہوتا ہے۔ٹٹولنے والا، ایکسرے کرنے والا، نشیب و فراز کا جائزہ لینے والا، گھورتے رہنے والا زاویہ نظر۔جس مرد کا یہ زاویہ نظر ہو، کوئی برقعہ والی اور چادر والی عورت بھی

اس سے محفوظ نہیں ہوتی۔اس لیے مائی ڈیئر سارہ معاشرہ پاکیزہ بنانا ہے تو پہلے مردوں کو بتاؤ کہ وہ اپنا زاویہ نظر درست کریں۔

ارے ہاں یہی بات ایک دفعہ عبداللہ بھائی نے قرآن مجید سے ہمیں بتائی تھی کہ پردے کے احکام میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں سے پہلے مردوں کو مخاطب کر کے ان کو کچھ احکام دیے ہیں۔

ہاں عبداللہ صاحب خود بھی ایسے ہی ہیں۔ان کا زاویہ نظر بالکل پاکیزہ تھا۔جیسے کوئی مرد اپنی ماں بہن اور بیٹی کو دیکھتا ہے۔میں نے ان کو ایک اعلیٰ اور پاکیزہ انسان پایا۔اس لیے ان کی بات میرے دل میں گھر کر گئی۔ان کے کہنے پر میں اپنے گھر لوٹ جاؤں گی۔

سارہ یہ سن کو خوشی سے بے حال ہوگئی۔اس نے فوراً کہا۔

کیا تم عبداللہ بھائی کی کچھ کتابیں پڑھنا چاہو گی؟

تم مجھے اپنی طرح مذہبی انسان بنانا چاہتی ہو؟ میں ایسی کبھی نہیں بنوں گی۔

عبیہہ نے ہنستے ہوئے کہا۔اس نے اتنے خوشگوار موڈ میں سارہ سے کم ہی بات کی ہوگی۔

نہیں میں تمہیں عبداللہ بھائی اور ناعمہ باجی کی طرح اعلیٰ اور پاکیزہ انسان دیکھنا چاہتی ہوں۔

عبیہہ نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

ٹھیک ہے۔پھر دے دینا۔میں پڑھ لوں گی۔

-----------------

محترم زاریوس! اس بدبخت عبداللہ پر ہمارے حملے ناکام ہوگئے۔

یہ کہتے ہوئے منایوس کے لہجے میں شدید غصہ تھا۔اس سے قبل سوگویال زاریوس کو بتا چکا تھا کہ وہ بھی عبداللہ کے گھر کے اندر سے اس پر نقب لگانے میں ناکام رہا ہے۔اس کی بیوی ناعمہ اس کے لیے مسائل پیدا کرنے کے بجائے زیادہ مضبوطی سے اس کے ساتھ کھڑی ہو چکی ہے۔



زاریوس نے ان دونوں کی بات پر اپنے سردار کا ذکر چھیڑتے ہوئے کہا:

میرے دل میں اپنے سردار کا مقام اور بڑھ گیا ہے۔وہ واقعی ہم میں سب سے بڑھ کر خدا اور انسانوں سے واقف ہے۔اس نے یہ بات پہلے ہی بتا دی تھی کہ عبداللہ پر اس طرح کے حملے موثر نہیں ہوں گے۔

مگر کیوں؟ اس کمینے میں ایسی کیا خصوصیت ہے۔میں نے تو نجانے کتنے لوگوں کو چٹکی بجاتے ہوئے اس طرح بہکایا ہے۔

منایوس کا غضب دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا۔

یہی معاملہ میرا ہے۔میں نے بڑے بڑے لوگوں کو ان کے گھر میں رسوا کروا دیا ہے۔عبداللہ نہ سہی۔اس کی بیوی کو تو کمزور کرنا مشکل نہ تھا۔مگر وہ بھی ڈٹی رہی۔ایسا کیوں ہوا؟

سوگویال نے بے بسی کا اظہار کیا تو زاریوس نے ان کو سمجھاتے ہوئے کہا۔

ہمارا مقابلہ کوئی انسان نہیں کر سکتا۔ہم کسی کے بھی پیچھے لگ جائیں تو اس کو برباد کر کے دم لیتے ہیں۔مگر ہمارا داؤ صرف ان لوگوں کے معاملے میں چلتا ہے جو ہم سے غافل ہو جائیں یا پھر اپنی نیکی کے زعم میں مبتلا ہو جائیں۔وہ خبیث عبداللہ ایسا نہیں ہے۔یہی نہیں وہ بدبخت یہ بھی جانتا ہے کہ وہ ہمیں شکست نہیں دے سکتا۔اس لیے وہ ہر جگہ خدا کو بیچ میں لے آتا ہے۔اب خدا سے کوئی کیسے جیت سکتا ہے؟

آخری بات کہتے ہوئے زاریوس کے لہجے میں بھی شدید مایوسی تھی۔

مگر خدا اور لوگوں کے لیے اس طرح بیچ میں کیوں نہیں آتا؟

منایوس نے بھنا کر سوال کیا۔

تڑپ......محبت......شدید محبت۔

زاریوس نے خدا کی مدد کے راز سے پردہ اٹھانا شروع کیا۔

عبداللہ خدا کو زندہ و جاوید ہستی سمجھ کر اسی طرح تڑپ کر پکارتا ہے جیسے کسی انسان کو دوسرا انسان بلاتا ہے۔باقی لوگوں کے لیے خدا ایک عقیدہ ہے۔اس کے لیے ایک زندہ تجربہ۔باقی لوگوں کے لیے خدا کی یاد ایک رسم ہے۔اس کے لیے خدا ایک زندہ احساس ہے۔خدا غیب میں ہے مگر وہ واقعی زندہ ہے۔جو شخص اس حقیقت کو پالے خدا غیب کے پردے کے باوجود اس کی ایسے ہی مدد کرتا ہے گویا وہ زمین پر اتر آیا ہو۔

پھر عبداللہ کو خدا سے شدید محبت ہے۔اس نے خدا کے لیے خود کو خواہشات اور تعصّبات سے اوپر اٹھا رکھا ہے۔ایسے لوگ خدا کے لیے بہت قیمتی ہوتے ہیں۔ان کے لیے خدا کچھ بھی کر سکتا ہے۔کسی بھی حد پر جا سکتا ہے۔

تو پھر اس کا کیا کیا جا سکتا ہے؟ سوگویال نے مایوسی کے ساتھ سوال کیا۔

نفرت......محبت کا علاج ہے شدید نفرت۔یہ نفرت میں پیدا کروں گا۔تم بے فکر رہو۔
عبداللہ ہرگز بچ نہیں سکتا۔بس تم دونوں میرے ساتھ رہنا۔

زاریوس نے پورے اعتماد سے کہا۔اس کی بات سن کر ان دونوں کا حوصلہ بھی تازہ ہو گیا۔

---

جمیلہ کا پورا خاندان دسترخوان پر کھانا کھا رہا تھا۔سوائے سارہ کے جو اپنے سسرال میں تھی۔
سب سے پہلے جنید نے کھانا ختم کیا۔وہ دسترخوان سے اٹھنے لگا تو جمیلہ نے کہا۔

بیٹا اتنا تھوڑا کیوں کھایا ہے۔

امی میں نے کھا لیا۔مجھے عبداللہ بھائی کے ہاں جانا ہے۔میں نے ان سے ملنے کا وقت لیا ہوا ہے۔



اس کی بات سن کر سعد نے اسے گھور کر دیکھا۔جبکہ ماں کے پاس بیٹھی صبا فوراً بول اٹھی۔

بھائی مجھے بھی جانا ہے۔

ضرور چلو۔جنید نے کہا۔مگر اس کے جملے کی گونج ابھی ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ سعد غرا کر بولا۔

خبردار! کوئی ضرورت نہیں اس کے پاس جانے کی۔وہ ایک مغربی ایجنٹ ہے۔ایک قادیانی ہے جو یہود و نصاریٰ کی سازشیں اور مغربی خیالات یہاں پھیلا رہا ہے۔

بیٹا یہ کس طرح کی گفتگو کر رہے ہو۔میں نے تمہیں کیا یہی تہذیب سکھائی ہے۔

امی آپ بیچ میں مت بولیں۔آپ معصوم ہیں۔آپ کو نہیں پتہ کہ وہ کیسے شیطانی ایجنڈے پر کام کر رہا ہے۔دیکھا نہیں تھا اس کے پاس وہ گورا یہودی بیٹھا ہوا تھا۔

میں یہ جانتی ہوں کہ اس کی وجہ سے آج تمہاری بہن اپنے گھر میں اتنی عزت سے بیٹھی ہے۔

بس رہنے دیں۔وہ آپ اور باجی جیسی معصوم خواتین کو بے وقوف بنا سکتا ہے، مجھے نہیں۔

بھائی آپ اتنا غصہ کیوں ہو رہے ہو۔میں اپنا اچھا برا سمجھتا ہوں۔

جنید نے سعد کو سمجھاتے ہوئے کہا۔اس پر صبا بھی بولی۔

اور میں بھی اپنا اچھا برا سمجھتی ہوں۔

تم تو رہنے دو۔تم تو ہو ہی بے حیا بے شرم۔

بیٹا یہ کیا ہو گیا ہے تمہیں۔کس طرح کی باتیں کر رہے ہو۔

جمیلہ نے اسے سمجھانے کی کوشش کی،مگر وہ تو بالکل بے قابو ہو رہا تھا۔جھلا کر بولا۔

آپ نے اپنے کانوں سے اُس روز سنا تھا۔وہ پردے کے بھی خلاف ہے اور جہاد کا بھی منکر ہے۔اور دیکھا نہیں تھا وہ بے حیا کس مزے سے عورتوں کی پاکی ناپاکی کی باتیں کر رہا تھا۔

بھائی وہ ہمیں طلاق کا قانون سمجھا رہے تھے جو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بیان کیا ہے۔

عبداللہ بھائی نے ہماری غلط فہمی دور کرنے کے لیے ہمیں سمجھا دیا تو کیا ستم ڈھا دیا کہ آپ ان کے دشمن ہو گئے ہیں۔

صبا نے بڑے طریقے سے سعد کو سمجھانے کی کوشش کی۔ اس کو کوئی سخت جواب دینے کے لیے سعد نے منہ کھولنا ہی چاہا تھا کہ جنید نے مضبوط لہجے میں کہا۔

بھائی آپ کسی پر غلط الزام مت لگائیں۔ نہ وہ پردے کے خلاف ہیں نہ جہاد کے۔ بس آپ کو ان سے اللہ واسطے کا بیر ہو گیا ہے۔ لیکن میں ان سے ملنے جا رہا ہوں اور صبا بھی جا رہی ہے۔ کوئی ہمیں نہیں روک سکتا۔

یہ کہتے ہوئے اس نے بہن کا ہاتھ پکڑا اور گھر سے باہر نکل گیا۔ سعد بھی غصے میں ایک سانپ کی طرح پھنپھناتا ہوا کھڑا ہو گیا اور دروازے کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔

یہودیوں کے اس ایجنٹ کو تو میں جلد ہی دیکھ لوں گا۔

اس لمحے اس کی آواز سے وہی پھنکار بلند ہو رہی تھی جو زاریوس کا خاصہ تھی۔ وہی زاریوس جس کا نشانہ کبھی خطا نہیں جاتا۔

---------------

پتہ نہیں بھائی کو کیا ہو گیا ہے۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ اس کا رویہ عجیب ہوتا جا رہا ہے۔

جنید نے آتے ہی عبداللہ سے اپنے بھائی سعد کا معاملہ بیان کیا۔

دیکھیے آپ کا بھائی سعد مزاج کے اعتبار سے جذباتی ہے۔ اس کی عقلی صلاحیت بہت کم ہے۔ ایسے لوگ تعصّبات کا فوراً شکار ہو جاتے ہیں۔ جو شخص ایک دفعہ تعصّبات کے اسیر ہو جائیں ان کے لیے اس پھندے سے نکلنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ اونٹ سوئی کے ناکے سے گزر سکتا ہے، مگر کوئی متعصب آدمی جنت میں نہیں جا سکتا۔



تعصب اتنی بری چیز کیوں ہے؟ جنید نے سوال کیا۔

یہ اپنی ذات میں کوئی بری شے نہیں۔ اصلاً یہ کسی چیز سے جذباتی وابستگی ہے۔ لیکن جب یہ سچائی کے انکار کا سبب بن جائے تو پھر جہنم کے سوا یہ کسی اور راستے کی طرف لے کر نہیں جاتا۔ اس میں مبتلا شخص کو وقت کا پیغمبر بھی کچھ سمجھانے کی کوشش کرے تو وہ مان کر نہیں دیتا۔

ایمان کیا ہوتا ہے؟ اس دفعہ صبا نے عبداللہ سے پوچھا جو جنید کے ساتھ ہی بیٹھی تھی۔

دیکھیے اللہ نے ہمیں اس دنیا میں دو امتحانوں میں ڈالا ہے۔ ایک عمل کا امتحان۔ یعنی ہم اللہ کا حکم مانتے ہیں یا نہیں۔ دوسرا فکر کا امتحان۔ یعنی یہ حقیقت دریافت کرنا کہ خود اللہ کا حکم اور اس کی مرضی و منشا کیا ہے۔ اس دنیا میں ایک عیسائی بھی اپنے دین کو اللہ کی طرف سے کہتا ہے اور ایک مسلمان بھی۔ ایسے میں تحقیق کرنا ہوگی کہ صحیح کون کہہ رہا ہے۔ اسی طرح خود مسلمانوں میں بھی ہر گروہ اپنی بات کو اللہ کی بات کے نام پر پیش کرتا ہے۔ ان میں سے بھی کس کی بات اللہ اور اس کے رسول کی نسبت سے درست ہے اس کو تلاش کرنے کی کوشش کرنا چاہیے۔ یہ ایمان ہے۔ مگر جو بات پہلی دفعہ کسی سے سن لی اور اسی پر اڑ گئے یہ تعصب ہے۔ اس کا انجام بہت برا ہوگا۔

مگر ہر شخص میں تو یہ صلاحیت ہوتی ہے نہ شوق تو وہ یہ کیسے کرے گا؟ صبا نے اعتراض اٹھایا

دیکھیے اللہ کا ہم پر احسان ہے کہ بنیادی ایمانیات اور عمل صالح جن پر نجات منحصر ہے ان کو تو قرآن مجید نے اس طرح کھول کر بیان کیا ہے کہ صرف قرآن کا پڑھنا ہی کافی ہے۔ رہی ضمنی باتیں تو چلیں مان لیا کہ ان میں تحقیق کا ذوق ہے نہ فرصت تو نہ کیجیے، اللہ سے امید ہے کہ وہ عذر قبول فرمائیں گے، مگر پھر ایسی صورت میں فتویٰ بازی بھی نہیں کرنا چاہیے۔ اپنے سطحی علم کی بنیاد پر کسی دوسرے فرد کے بارے میں کوئی رائے دینے سے پرہیز کرنا چاہیے۔ ورنہ قیامت کے دن اپنے آپ کو جوابدہی کے سخت ترین کٹہرے میں پائیں گے۔

-----------------

اتنے میں اسٹڈی روم کے دروازے پر دستک ہوئی۔عبداللہ نے صبا سے کہا۔

چائے آ گئی ہے،اسے لے کر آ جاؤ۔

جنید نے موقع غنیمت جان کر گفتگو کو آگے بڑھایا۔

عبداللہ بھائی میں جنت میں جانا چاہتا ہوں۔ مجھے بتائیے کہ میں کیا کروں۔

ایمان اور اخلاق کے تقاضے پورے کیجیے۔ایمان اللہ کو سب کچھ سمجھنے کا نام ہے۔اس سے شدید اور گہری محبت کا نام ہے۔اس کے رسول کی اطاعت کو زندگی بنا لینے کا نام ہے۔یوم آخرت پر اور خدا کی ملاقات پر یقین رکھنے کا نام ہے اور اس کے فرشتوں اور کتابوں کو مان لینے کا نام ہے۔جبکہ اخلاق عمل صالح کا نام ہے۔خدا اور بندوں کے حقوق پورے کرنے کا نام ہے۔ان دونوں کو قرآن مجید نے بہت کھول کر بیان کیا ہے۔اس کو سمجھیے اور عمل کیجیے۔جنت آپ کی منزل ہو گی۔

مگر مجھے مذہب سے کچھ چڑ ہو چکی ہے۔

صبا جو چائے لے کر واپس آ چکی تھی اس نے چائے ان کے سامنے رکھتے ہوئے صاف صاف کہا۔

دیکھیے مذہب سے چڑ میرے جیسے مذہبی لوگوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔مگر مذہب میرا نام نہیں ہے۔ مذہب دراصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے۔آپ اس دنیا کی خوبصورت ترین شخصیت تھے۔میں آپ کو بتاتا ہوں کہ آپ کس طرح عام مذہبی لوگوں سے مختلف تھے۔

ایک دفعہ ایک شخص آیا اور اس نے مسجد نبوی جیسی مقدس جگہ کو ناپاک کر دیا۔ بیت الخلا جانے کے بجائے وہ وہاں فارغ ہو گیا۔لوگ اسے مارنے کو دوڑے تو آپ نے لوگوں کو منع کیا اور کہا



کہ اس کی گندگی پر پانی بہا دو۔ پھر بڑی نرمی سے اسے سمجھایا کہ دیکھو یہ اللہ کا گھر ہے، یہاں یہ کام نہیں کرتے۔حضور کی یہی شفقت اسلام کا اصل تعارف ہے۔

پھر ایک دفعہ آپ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے۔ایک شخص نے عین خطبے کے بیچ میں آ کر آپ کو روکا اور کہا کہ مجھے کچھ سوالات کرنے ہیں۔اس نے یہ اصرار کیا کہ مجھے کہیں جانا ہے اور مجھے ابھی بتائیے۔آپ نے خطبہ بیچ میں روکا،اس کے سوالات کے جواب دیے اور پھر دوبارہ خطبہ شروع کیا۔ بتائیے ایسا کون کر سکتا ہے؟ مگر لوگوں کا یہی احساس کرنا اسلام کا اصل تعارف ہے۔

میں اگر کئی گھنٹے تک بھی بولتا رہوں تو آپ کی سیرت کے ایسے واقعات ختم نہیں ہوں گے۔تو یاد رکھیے اصل معیار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔انہی کی پیروی اصل دین ہے۔قرآن مجید کی ساری تعلیمات آپ ہی کی شخصیت کا نام ہے۔آپ سب کچھ ہیں اور آپ کے علاوہ کوئی کچھ بھی نہیں۔ یہ دین کا خلاصہ ہے۔

اور اللہ تعالیٰ؟ صبا نے ایک اور سوال کیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت اللہ ہی کی رحمت کا ایک اظہار تھی۔اللہ تعالیٰ کے تو کیا کہنے۔ان جیسا کون ہے۔وہ اتنے مہربان اور اتنے کریم ہیں کہ کوئی اندازہ ہی نہیں کر سکتا۔ قیامت کے دن جب پردہ اٹھے گا تو لوگ دیکھیں گے کہ ان سے زیادہ حسین، مہربان اور بخشش کرنے والا کوئی نہیں۔بس اللہ کے پیچھے لگ جاؤ۔اس کی بندگی اور محبت کو زندگی بنا لو۔ پھر دیکھو وہ کس طرح تمہیں دنیا اور آخرت کی ساری بھلائیاں دیتے ہیں۔

اچھا مجھے فرشتوں کے بارے میں بھی بتائیے؟ صبا کے سوالات ختم نہیں ہو رہے تھے۔

دیکھیے اللہ تعالیٰ سب کچھ کر سکتے اور ان کو سب کچھ پتہ ہوتا ہے لیکن چونکہ وہ بڑے بادشاہ ہیں اس لیے وہ خود کچھ نہیں کرتے۔انہوں نے کائنات کا نظام چلانے کے لیے فرشتوں کی مخلوق

بنائی ہے جوان کی حمد، تسبیح اور تقدیس بھی کرتی ہے اوران کے احکام بھی نافذ کرتی ہے۔مثال کے طور پر جیسے دنیا میں صدر یا وزیر اعظم جب کوئی حکم دیتے ہیں تو اسے بیوروکریسی نافذ کرتی ہے۔

جی میں نے کورس کی کتابوں میں پڑھا کہ چار فرشتے ہوتے ہیں۔

فرشتے چار نہیں ہیں۔لاتعداد ہیں۔

عبداللہ نے صبا کی بات پر مسکراتے ہوئے اس کی تصحیح کی۔

جنید بھی بولا۔

چار فرشتوں والی بات تو یہ ہے کہ ان کے کام بیان ہوتے ہیں جیسے حضرت جبرائیل وحی لاتے تھے وغیرہ۔

اس پر صبا نے کہا۔

پھر تو حضرت جبرائیل اب فارغ ہو چکے ہیں کیونکہ ختم نبوت کے بعد تو وحی نہیں آتی۔

یہ تصور درست کرلیں کہ میرے آقا حضرت جبرائیل علیہ السلام کا کام صرف وحی لانا تھا۔ایسا نہیں ہے۔وہ تو بہت سے کام کرتے ہیں۔

آپ نے ان کو آقا کیوں کہا؟ ہم انسان تو اشرف المخلوقات ہیں۔ہم تو ان سے افضل ہیں۔

یہ ایک خوش فہمی ہے کہ میں اور آپ حضرت جبرائیل سے بلند حیثیت رکھتے ہیں۔حضرت جبرائیل کا مقام اتنا بلند ہے کہ آپ کو اس کا اندازہ نہیں۔وہ اللہ کے انتہائی مقرب فرشتے ہیں۔ یوں سمجھ لیں کہ اس دنیا میں جو حیثیت بیوروکریسی کے سربراہ یعنی چیف سیکریٹری کی ہوتی ہے، وہی ان کی حیثیت ہے۔دنیا کا سارا نظام ان کی زیر نگرانی چل رہا ہے۔وحی لانا چونکہ بہت اہم معاملہ ہوتا ہے اس لیے وہ خود آتے تھے۔

مگر اب تو وہ دنیا میں نہیں آتے؟



وحی لے کر تو نہیں آتے۔لیکن اس کے علاوہ دیگر کاموں سے ابھی بھی آتے ہیں۔شب قدر میں تو وہی آسمانی فیصلے اپنی نگرانی میں زمین کے فرشتوں کے حوالے کرتے ہیں۔اس کے علاوہ بھی جب کوئی خصوصی فیصلہ نافذ کرنا ہوتا ہے، وہی زمین پر آتے ہیں۔ہر فرشتہ ان کی بات مانتا ہے اور ہر شیطان ان سے ڈرتا ہے۔

عبداللہ کی بات ختم ہوئی تو جنید نے کہا۔

عبداللہ بھائی آپ کی باتیں اتنی اچھی ہیں کہ جانے کا دل نہیں چاہتا مگر مجھے معلوم ہے کہ آپ بہت مصروف رہتے ہیں۔اس لیے ہم چلتے ہیں۔ہمارے لیے دعا کیجیے گا۔

ضرور۔میں ضرور دعا کروں گا۔

صبا بھی اٹھتے ہوئے بولی۔

آپ کا بہت بہت شکریہ۔آپ نے مجھے درست راستہ بتایا۔ورنہ میں تو مذہب سے بیزار ہو گئی تھی۔مگر اب مجھے اللہ اور اس کے رسول سے سچی محبت ہو گئی ہے۔

اللہ آپ کو اپنے فضل سے نوازے۔

عبداللہ نے دعا دیتے ہوئے ان دونوں کو رخصت کیا۔

-----------------

شاہد سعد کو لے کر سرپرست اعلیٰ کے کمرے میں داخل ہوا۔انہیں دیکھتے ہی سرپرست اعلیٰ کھڑے ہو گئے اور سعد سے گلے مل کر کہنے لگے۔

تو ہمارا مجاہد تیار ہے۔

بالکل تیار ہے۔

سعد کی جگہ شاہد نے جواب دیا۔بلکہ ہم نے ایک دو جگہ بھیج کر تجربہ بھی کروا دیا ہے۔بڑا

حوصلہ ہے اس نوجوان کا۔شکار کے سینے میں گولی اتارتا ہے۔اور نشانہ تو ایسا ہو گیا ہے کہ بھیجہ اڑا کر رکھ دے۔

تو اب کیا ارادہ ہے؟ سرپرست اعلیٰ نے دریافت کیا۔

بس سب ہماری نگاہ میں ہے۔ہماری نگرانی اور سارا پلان مکمل ہے۔دو چار دن میں جیسے ہی موقع ملا خوش خبری آپ تک پہنچ جائے گی۔ویسے میں نے ایک اظہار مذمت کا بیان بھی تیار کر لیا ہے۔جیسے ہی اس فتنے سے نجات ملے گی ہم یہ مذمتی بیان جاری کر دیں گے۔

شاہد کی اس بات پر سرپرست اعلیٰ نے اسے بھرپور داد دیتے ہوئے کہا

کیا بات ہے تمہاری۔یہ ہوتی ہے مومن کی فراست۔

اس پر ایک زبردست قہقہہ بلند ہوا۔

----------------

عبداللہ کے گھر کی گھنٹی بجی۔اس نے دروازہ کھولا تو حسب توقع داؤد کھڑا ہوا تھا۔اس نے بڑی خوش دلی کے ساتھ داؤد کا استقبال کیا اور گھر کے اندر لے آیا۔

داؤد نے فون کر کے عبداللہ کو اپنی آمد کے بارے میں مطلع کر دیا تھا۔اور اب وہ سیدھا ائیر پورٹ سے اس کے گھر آ گیا تھا۔اس دفعہ عبداللہ کے بہت اصرار پر داؤد نے ہوٹل کے بجائے اس کے گھر ہی رکنے کا فیصلہ کیا تھا۔رکا کیا تھا بس ایک رات ہی کا قیام تھا۔صبح کے وقت اسے چلے جانا تھا۔

رات کے کھانے میں ناعمہ نے بہت اہتمام کیا تھا۔کئی طرح کی ڈشز تھیں جو داؤد بہت شوق سے کھا رہا تھا۔مصالحے دار بریانی کا ایک نوالہ منہ میں ڈالتے ہوئے وہ بولا۔

یہ بہت اچھا ہے کہ میں اس طرح کے کھانے روزانہ نہیں کھاتا۔ورنہ زیادہ کھا کر میرا وزن



بڑھ جائے گا۔

......اور معدہ بھی خراب ہو جائے گا۔

تیز مصالحہ کھانے سے جو اثرات داؤد کے چہرے پر آ رہے تھے ان کو دیکھتے ہوئے عبداللہ نے گرہ لگائی تو داؤد ہنسنے لگا۔

نہیں ایسا نہیں ہوگا۔انسان تھوڑے عرصے میں عادی ہو جاتا ہے۔لیکن چھوڑیں ان باتوں کو مجھے آپ سے ایک اہم بات کرنا ہے۔

وہ کیا؟

وہ یہ کہ میں چاہتا ہوں کہ جس سچائی کو میں نے دریافت کیا ہے اس کو دوسروں تک بھی پہنچاؤں۔

بالکل پہنچایئے۔بلکہ مجھے بھی آپ سے یہی کہنا تھا کہ اس طرح نہ سہی جس طرح آپ نے مجھے بتایا ہے لیکن اسلام کی جو سچائی آپ نے پائی ہے، اپنی قوم کے لوگوں تک اسے آپ کو پہنچانا چاہیے۔

عبداللہ کی بات سن کر داؤد نے قدرے تردد کے ساتھ کہا:

ظاہر ہے کہ میں یہ دستاویز والی بات تو نہیں کر سکتا۔نہ کوئی اسے مانے گا......

اس کی ضرورت بھی نہیں ہے۔عبداللہ نے اس کی بات کاٹتے ہوئے جواب دیا۔

آپ تو مجھ سے سن چکے ہیں کہ جو کچھ آپ کو ان دستاویزات سے معلوم ہوا ہے وہ مجھے پہلے ہی معلوم تھا۔اسلام اتنا زیادہ ثابت شدہ مذہب ہے کہ اسے کسی اضافی سہارے کی ضرورت نہیں۔ابھی تو ہم نے سابقہ کتب کے حوالے سے کچھ بات کی ہے۔ورنہ اسلام اپنے مقدمے کو علم و عقل کے ایسے روشن دلائل سے ثابت کرتا ہے کہ کوئی ذی شعور انکار نہیں کر سکتا۔اصل چیز

آپ کا عزم ہے کہ آپ یہ کام کرنے کے لیے تیار ہو جائیں۔ اگر آپ تیار ہو جاتے ہیں تو جدید دور کے ایک انسان کے عقلی اطمینان کے لیے ہمارے پاس سب کچھ ہے۔ ہمیں صرف کام کرنے والے افراد چاہییں۔ باقی چیزیں میں فراہم کر دوں گا۔

تو بس ٹھیک ہے۔ میں واپس جا کر ملازمت سے استعفیٰ دیتا ہوں۔ اپنے گزارے کے لیے میرے پاس کافی پیسے ہیں۔ یہ میرا مسئلہ نہیں۔ میں اب ساری زندگی لوگوں کو اسلام کے دین حق ہونے کی شہادت دیتا رہوں گا۔

یہی اصل کام ہے۔ اسلام ساری انسانیت کا دین ہے۔ یہ ان کا حق ہے کہ اسلام کی تعلیمات ان تک پہنچے۔ اس وقت یہ ہماری ذمہ داری بھی ہے۔ کیونکہ شیطان نے یہ عزم کر لیا ہے کہ وہ بعض نادان مسلمانوں کو استعمال کر کے اسلام کو بدنام کر کے دم لے گا۔ اس وقت مغرب میں اسلام کے خلاف بدترین فضا بن چکی ہے۔ ایسے میں ہم پر یہ فرض ہو چکا ہے کہ اسلام کے روشن چہرے پر دہشت گردی کا جو داغ بعض نادان مسلمانوں نے لگایا ہے اس کو ہر حال میں صاف کریں۔ ورنہ خدا ہمیں معاف نہیں کرے گا۔

آپ ٹھیک کہتے ہیں۔ اس وقت تو مغرب میں اسلام کے خلاف زبردست مہم چل رہی ہے۔ میں اگر براہ راست حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے کی دستاویز نہیں دیکھتا تو شاید اسلام کے بارے میں نرم گوشہ پیدا کرنا بڑا مشکل ہوتا۔

داؤد کی بات سن کر عبداللہ نے ایک گہرا سانس لیا اور کہا۔

یہ شیاطین کتنا بھی زور لگا لیں۔ اسلام کی دعوت دنیا بھر میں پہنچ کر رہے گی۔ یہ خدا کا کام ہے۔ وہ اسے پورا کر کے ہی چھوڑے گا۔ انسان نہیں اٹھیں گے تو وہ پتھروں سے یہ کام لے گا۔ لیکن ہمارے پاس یہ عظیم موقع ہے کہ اس کام میں خود کو شامل کر لیں۔ اس کام کے کرنے والوں



پر اللہ کی عنایت کا خصوصی فیض برس رہا ہے۔ آیئے اس فیض کو ہم بھی حاصل کریں۔

عبداللہ لمحے بھر کو رکا۔ وہ کچھ سوچ رہا تھا۔ گویا سوچ کے در و بام پر کھڑے ہو کر وہ کوئی منظر دیکھ رہا تھا۔ کچھ توقف کے بعد وہ بولنا شروع ہوا۔

قرآن مجید کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت ان کی قوم کی طرف ہی ہوئی تھی۔ اسی لیے وہ یہود ہی کو اپنی دعوت کا مخاطب بناتے تھے اور انہی کو اپنے معجزے دکھاتے تھے۔ ایک دفعہ ایک عورت جو یہودی نہیں تھی، ان کے پاس آئی۔ اس کی بیٹی بہت بیمار تھی۔ اس نے آپ سے مدد کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا کسی اور کی طرف نہیں بھیجا گیا۔ اس عورت نے بہت اصرار کیا تو آپ نے کہا۔ بچوں کی روٹی کتوں کے آگے نہیں ڈالتے۔

عبداللہ یہاں تک پہنچ کر رک گیا۔ پھر داؤد کی طرف دیکھا جو بڑی دلچسپی سے یہ سن رہا تھا۔

جانتے ہو داؤد اس عورت نے حضرت عیسیٰ کو کیا جواب دیا۔

کیا جواب دیا؟

عبداللہ نے میز پر رکھی ہوئی روٹی ہاتھ میں اٹھائی اور کہا۔

اس عورت نے ایک کمال کا جواب دیا۔ یہ جواب جس کو دینا آ جائے وہ خدا سے سب کچھ پا سکتا ہے۔ اس نے کہا: آقا! کتے بھی تو وہی روٹی کھاتے ہیں جو مالکوں کی میز سے گر جاتی ہے۔

یہ کہہ کر عبداللہ لمحے بھر کو رکا اور بھرپور تاثر کے ساتھ کہا:

پھر اس عورت کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنا قانون بدل دیا۔ حضرت عیسیٰ نے اس عورت کی بیٹی کو ٹھیک کر دیا۔

تھوڑی دیر کے لیے خاموشی طاری ہوگئی۔ داؤد نے بھی کھانے سے ہاتھ روک لیا تھا۔

عبداللہ پہلے ہی رکا ہوا تھا۔ پھر کچھ ہی دیر میں اس خاموشی کو عبداللہ کی آواز نے توڑا۔

اس وقت خدا کی عنایت کا فیض بٹ رہا ہے۔ لیکن یہ فیض ہر شخص کے لیے نہیں ہے۔ یہ ان کے لیے ہے جن کو خدا پسند کر لے۔ یا پھر...... یا پھر ان کے لیے جنہیں خدا سے مانگنا آجائے۔ جیسے اس عورت نے مانگا تھا۔

تو میں خدا سے کیا مانگوں؟ داؤد نے عبداللہ سے پوچھا۔

نبوت تو مل نہیں سکتی۔ وہ ختم ہو چکی ہے۔ اس سے نیچے جو کچھ ہو سکتا ہے مانگ لو۔

مجھے تو وہ بھی نہیں پتہ۔ آپ بتا دیں نبوت سے نیچے کیا ہوتا ہے۔

دین حق کی شہادت۔ یہ نبوت ملے بغیر نبیوں ہی کا کام ہے۔ اس کا اجر اتنا ہے کہ قیامت کے دن انسان کو نبیوں کا قرب عطا کیا جائے گا۔ اس سے بڑا اور کیا مقام ہے جو مل سکتا ہے؟ اور تمہیں داؤد با آسانی مل سکتا ہے۔ بغیر کوشش کے مل سکتا ہے۔ کیونکہ تم نے اپنے تعصّبات کی دیوار کو توڑا ہے۔ یہ مقام کبھی کسی متعصب انسان کو نہیں ملتا۔ تم تو اس کے بہترین امیدوار ہو۔

---------------

داؤد صبح سویرے بیدار ہو گیا تھا۔ عبداللہ اس سے پہلے اٹھا ہوا تھا۔ ناشتہ وغیرہ سے فارغ ہو کر داؤد ائیر پورٹ جانے کے لیے تیار ہو گیا۔ وہ اپنا سامان لے کر کمرے سے نکلا تو عبداللہ نے اس سے پوچھا۔

میرے بھائی! تمہاری روانگی کی تیاریاں پوری ہیں۔

بالکل روانگی کی تمام تیاریاں پوری ہیں۔ بلکہ سچ کہوں تو روانگی کی ساری تیاریاں اسی روز پوری ہو گئی تھیں جب اسلام قبول کیا تھا۔ جو کمی رہ گئی تھی وہ آپ سے ملاقات کر کے پوری ہو گئی۔ اب تو جب کہیں روانہ ہونے کے لیے تیار ہوں۔



داؤد نے مسکراتے ہوئے کہا۔

میں اُس روانگی کی بات نہیں کر رہا، عبداللہ نے بھی ہنستے ہوئے جواب دیا۔

میں تو وطن روانگی کی بات کر رہا ہوں۔

اب تو اصل وطن بھی وہی ہے۔ اصل گھر بھی وہی ہے۔ مگر میں سچ کہہ رہا ہوں کہ آپ سے نہیں ملتا تو شاید زندگی میں اتنا سکون نہیں آتا۔

داؤد نے ایک تاثر کے ساتھ کہا۔

میرے دل پر بہت بوجھ تھا۔ میرے پاس ان لوگوں کی داستان تھی جنہوں نے عظیم پیغمبروں کا زمانہ پایا۔ مگر میں یہ داستان کسی کو سنا نہیں سکتا تھا۔ میں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ مگر اسلام کو سمجھ نہیں سکا تھا۔ میرے پاس سب کچھ تھا، مقصد زندگی نہیں تھا۔ آپ سے مل کر زندگی کا وہ مقصد بھی مل گیا کہ اب اپنی قوم میں اسلام کا داعی بن کر لوٹنا ہے۔ ایمان اور اخلاق کی وہ دعوت دینی ہے جو ہر دور میں انبیا علیہم السلام دیتے آئے ہیں۔ اسلام میرے پاس ایک امانت ہے۔ اب یہ امانت مجھ کو دوسرے لوگوں کو پہنچانی ہے۔

پھر وہ محبت بھرے انداز میں عبداللہ کو دیکھتے ہوئے بولا۔

آپ کا شکریہ جس کی بنا پر میری زندگی کو سکون مل گیا۔

شکریہ تو اس ذات کریم کا ادا کرنا چاہیے جس نے اتفاق سے مجھے آپ سے ملا دیا۔ آپ سے ملنا میرے لیے خود ایک اعزاز ہے۔

آپ مجھے شرمندہ نہ کریں۔ دل تو بہت چاہتا ہے کہ آپ کے ساتھ مزید وقت گزاروں لیکن وقت اجازت نہیں دے رہا۔ اس لیے بس اب اجازت دیجیے۔ اصل مقصد روانگی سے قبل آپ کو دیکھنا تھا، ملنا تھا، سو مل لیا۔ اب فلائٹ کا وقت ہو رہا ہے۔

عبداللہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

بے فکر رہیں۔ بہشت بریں میں وقت ہمارا غلام ہوگا۔ جتنی لمبی چاہیں گے نشستیں جمائیں گے۔

اپنی کہی ہوئی بات کا احساس کر کے عبداللہ ایک لمحے کو ٹھٹھک کر بولا۔

مگر یہ تو میری خوش فہمی ہے۔ خبر نہیں بہشت بریں تک رسائی کا پروانہ ملتا بھی ہے یا بیچ ہی سے فرشتے اچک لیں اور جہنم کا راستہ دکھا دیں۔ کیا پتہ۔

داؤد ہنستے ہوئے دروازے کی طرف بڑھا۔

آپ شک میں رہیں۔ میں تو یقیناً وہاں پہنچ چکا ہوں۔

انشاءاللہ۔ آپ کے پہنچنے میں مجھے کوئی معمولی سا شک بھی نہیں ہے۔

عبداللہ نے بھی ہنستے ہوئے کہا۔ پھر اسے کچھ خیال آیا تو داؤد سے کہا۔

میں ایک منٹ میں آتا ہوں۔

داؤد اس کا انتظار کرنے کے بجائے گھر سے باہر نکل گیا۔ گھر کے دوازے پر ٹیکسی پہلے ہی سے اس کی منتظر تھی۔ ڈرائیور نے اسے دیکھا تو ٹیکسی قریب لے آیا۔ مگر داؤد اندر بیٹھنے کے بجائے عبداللہ کا انتظار کرنے لگا۔ کچھ ہی دیر میں عبداللہ باہر آ گیا۔ اس کے ہاتھ میں ایک بڑا پیکٹ تھا۔ اسے دیکھ کر داؤد نے کہا۔

یہ کیا ہے؟

یہ آپ کے لیے ایک چھوٹا سا تحفہ ہے۔

ارے اس کی کیا ضرورت تھی۔

آپ کو نہیں تھی، مگر مجھے تھی۔ میں اسے ڈکی میں رکھ دیتا ہوں۔



پھر اس نے ٹیکسی ڈرائیور سے کہا کہ گاڑی کی ڈکی کھول دیں۔ ڈرائیور نے ڈکی کھولی تو عبداللہ نے خود جا کر داؤد کے سامان کے ساتھ وہ پیکٹ اندر رکھ دیا۔ پھر اس نے دونوں ہاتھ داؤد کی طرف بڑھا دیے۔ داؤد عبداللہ کے سینے سے لگ گیا اور دونوں ہاتھ زور سے اس کی کمر کے گرد حائل کر کے کہا۔

آپ سے مل کر زندگی کا مزہ آ گیا۔

میرا بھی یہی حال ہے۔

جس دوران میں عبداللہ یہ جملہ کہہ رہا تھا ایک موٹر سائیکل جس پر ہیلمٹ پہنے ہوئے دو افراد سوار تھے تیزی سے ان کے پاس آ کر رکی۔ پچھلی سیٹ پر بیٹھا شخص اترا۔ اس کے ہاتھ میں پستول تھا۔ عبداللہ اس سب سے بے خبر تھا۔ اس کا رخ اپنے گھر کی طرف تھا۔ جبکہ داؤد جس کا رخ کھلی ہوئی گلی کی طرف تھا یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا۔ ایک لمحے میں اسے سمجھ میں آ گیا کہ کیا ہو رہا ہے اور کیا ہونے والا ہے۔ جیسے ہی اس مسلح شخص نے ہاتھ فضا میں بلند کر کے عبداللہ کا نشانہ لیا داؤد پوری قوت سے عبداللہ کو لیتا ہوا زمین پر اس طرح گر گیا کہ عبداللہ زمین پر تھا اور داؤد اس کے اوپر۔ گولی چلی مگر نشانہ خطا چلا گیا۔

داؤد اور عبداللہ زمین پر گرے تھے۔ مگر داؤد نے پوری طرح عبداللہ کو اپنے جسم کے نیچے چھپا لیا تھا۔ نشانہ باز اپنا پہلا فائر خطا جاتا دیکھ کر گھبرا گیا۔ اس نے پے در پے زمین کی سمت ان دونوں پر گولیاں چلانی شروع کر دیں اور پورا پستول خالی کر دیا۔ تمام کی تمام گولیاں داؤد کے جسم میں پیوست ہو گئیں۔ گولیاں ختم ہوتے ہی وہ شخص تیزی سے موٹر سائیکل پر بیٹھا اور تیزی سے وہ دونوں وہاں سے فرار ہو گئے۔ اس پورے عمل میں بمشکل چند لمحے ہی لگے ہوں گے۔

عبداللہ نے تیزی سے اپنے آپ کو داؤد کے نیچے سے نکالا۔ اس کے بہتے ہوئے خون سے

زمین سرخ ہو چکی تھی۔عبداللہ نے داؤد کا سر اپنی گود میں رکھا۔اس کے چہرے پر کرب کے آثار تھے مگر ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی۔اس نے ٹوٹی ہوئی آواز میں کہا۔

میں......جنت......پہنچ گیا۔

عبداللہ نے تڑپ کر کہا:

داؤد......

داؤد کی سانس اکھڑی۔اس نے پوری قوت مجتمع کی اور اکھڑتی سانسوں کے بیچ کہا۔

لا......الہ......الا اللہ......مح......

وہ یہیں تک پہنچا تھا کہ اس کی گردن ڈھلک گئی۔عبداللہ نے اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرا۔ اس کی کھلی ہوئی آنکھیں بند کیں اور آسمان کی طرف نظر کر کے کہا۔

اناللہ وانا الیہ راجعون۔

عبداللہ کی آنکھوں سے بہتے ہوئے آنسو اس کی داڑھی کو بھگوتے ہوئے داؤد کے مردہ جسم پر گر رہے تھے۔گلی سنسان پڑی تھی۔عبداللہ نے اس راستے کی طرف دیکھا جہاں سے وہ دونوں موٹر سائیکل سوار فرار ہوئے تھے۔اس کی آواز فضا میں گونجی:

سانپ کے بچو!تمھیں کس نے جتا دیا کہ تم آنے والے غضب سے بچ کر بھاگ سکتے ہو۔

خدا کی زمین پر دو ہزار سال بعد کسی نے یحیٰی اور عیسیٰ علیھما السلام کے یہ الفاظ دہرائے تھے۔ یہ طے تھا کہ یہ الفاظ جن مجرموں کے لیے کہے گئے ہیں،انہیں نہ اب آسمان پناہ دے سکے گا نہ زمین،ہی پر وہ کوئی گوشہ عافیت پا سکیں گے۔

----------------

رات آدھی سے زیادہ گزر چکی تھی۔نیند ناعمہ کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔عبداللہ بھی



جاگ رہا تھا۔ناعمہ کا دل طرح طرح کے اندیشوں سے دہل رہا تھا۔داؤد کی موت نے اس کو دہلا کر رکھ دیا تھا۔گرچہ وہ ذاتی طور پر اس کو نہیں جانتی تھی،مگر عبداللہ نے جس طرح اس کا تعارف کرا رکھا تھا اور جو عبداللہ کی کیفیت تھی اس کا گہرا اثر ناعمہ پر بھی ہوا تھا۔

خود عبداللہ بہت بے چین تھا۔وہ بھی بستر پر لیٹا کروٹیں بدل رہا تھا۔ناعمہ نے اسے دیکھا اور بولی۔

آپ سو جائیں۔

میں کیسے سو جاؤں ناعمہ؟

مجھے معلوم ہے آپ کو داؤد کا بہت صدمہ ہے لیکن یہ اللہ کا فیصلہ تھا۔کیا کیا جا سکتا ہے۔

ناعمہ اللہ کا فیصلہ تو ابھی آئے گا۔مجھے اسی سے خوف آ رہا ہے۔جب اس طرح بے گناہوں کو مارا جائے تو پھر خدا کا قہر نازل ہوتا ہے۔

میں آپ کا حوصلہ تو نہیں توڑنا چاہتی،مگر بہرحال مجھے آپ کی فکر ہے۔

ناعمہ نے اپنی دلی کیفیات کو بیان کر دیا۔

مجھے اس قوم کی فکر کھائے جا رہی ہے۔اب وقت آ گیا ہے کہ لوگ فیصلہ کر لیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔خاص کر مذہب کے نام پر کھڑے لوگ اور اس قوم کی فکری رہنمائی کرنے والے لوگ طے کر لیں کہ ان کو کیا کرنا ہے۔خدا کا قانون انہوں نے اب تک نہیں سمجھا ہے تو اب سمجھ لیں۔ اب بھی انہوں نے اپنی روش نہیں بدلی تو خدا کی قسم یہاں دو اینٹیں بھی سلامت نہیں بچیں گی۔ اس ملک میں اسلام کے نام پر اسلام کو بہت بدنام کیا جا چکا ہے۔لوگ بدترین حرکتیں کرتے ہیں اور اسے آقائے نامدار رحمت اللعالمین کی طرف منسوب کر دیتے ہیں۔لوگ بدترین جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں اور اس کی نسبت اللہ اور اس کے رسول کی طرف کر دی جاتی ہے۔اس ملک

کی قیادت کو اچھی طرح معلوم ہے کہ اسلام کو کس طرح بدنام کیا جارہا ہے۔مگر ان کو کوئی احساس نہیں۔ خدا کی قسم اب ان لوگوں کو اپنی غلطی کا احساس کرنا ہوگا۔ ورنہ ایک دفعہ پھر یروشلم کی داستان دہرادی جائے گی۔

یہ کہتے ہوئے عبداللہ کے چہرے پر بے پناہ اضطراب تھا۔ وہ بستر سے اٹھا اور کمرے سے باہر نکلنے لگا۔

ناعمہ نے پوچھا:

آپ کہاں جارہے ہیں۔

تم سو جاؤ۔ میں اسٹڈی میں ہوں۔

----------------

زاریوس، منایوس اور سوگویال خاموشی سے بیٹھے ہوئے تھے۔ سر تا پیر سیاہ چوغوں میں ملبوس۔ ان کا انداز گواہی دے رہا تھا کہ وہ سخت مضطرب ہیں۔ زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ سردار اپنی نشست پر ظاہر ہوگیا۔اس کی موجودگی کا احساس ہوتے ہی وہ تینوں کھڑے ہوگئے۔

سردار اپنی نشست پر بیٹھا اور اشارے سے ان کو بھی بیٹھنے کے لیے کہا۔ کچھ دیر خاموشی کا وقفہ رہا پھر زاریوس کی آواز بلند ہوئی۔

سردار کا اقبال بلند ہو۔آپ کو زحمت دینے کا سبب یہ اطلاع دینا تھی کہ......

زاریوس ایک لمحے کو رکا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اپنی ناکامی کی اطلاع کس طرح سردار کو دے۔ وہ ہمت کر کے پھر بولا۔

دراصل آپ کو یہ اطلاع دینی تھی کہ......

وہ یہیں تک پہنچا تھا کہ سردار کا ہاتھ بلند ہوا۔ زاریوس سہم کر خاموش ہوگیا۔ سردار کی سرخ



نگاہیں زاریوس کے وجود کے آر پار ہورہی تھیں اور خوف سے اس کا وجود لرز رہا تھا۔

مجھے معلوم ہے، سردار کی سرد اور سفاک آواز بلند ہوئی۔

تم اپنے مشن میں ناکام ہوگئے ہو۔تم تینوں اپنے مشن میں ناکام ہوگئے ہو۔ ایک معمولی سے کیڑے، گندگی کے ایک ڈھیر، ایک خاکی پتلے کو ابلیس کے تین تین فرزند مل کر بھی قبر میں نہیں اتار سکے۔ اس سے زیادہ شرم کی بات کیا ہوسکتی ہے۔

وہ تینوں خاموش رہے۔ سردار چبھتی ہوئی آواز میں سوگویال سے مخاطب ہو کر بولا۔

یاد ہے تمہیں! تم نے کیا کہا تھا۔

سوگویال نے گردن اٹھا کر سردار کو دیکھا اور خاموشی سے سر جھکا لیا۔

اس کام کے لیے سردار زاریوس جیسی اہم شخصیت کی ضرورت نہیں۔اس کے لیے ہمارا ایک ادنیٰ سا کارکن بھی کافی ہے۔

سردار نے سوگویال کو اس کے الفاظ یاد دلائے۔

ایسے میں منایوس نے ہمت کر کے کہا۔

سردار منصوبہ پورا مکمل تھا۔ ہم نے ان انسانوں کو اول تا آخر پوری اسکیم سمجھائی تھی۔مگر وہ کم بخت سعد آخری وقت میں چوک گیا۔ داؤد مارا گیا۔عبداللہ بچ گیا۔

منایوس سے ہمت پا کر زاریوس نے کہا۔

سردار! اصل مسئلہ یہ ہوا کہ ہم تینوں میں سے کوئی بھی اُس وقت اس مقام پر موجود نہیں تھا۔ اگر ہم ہوتے تو ہم پوری طرح ان لوگوں کے دلوں کو مضبوط بنا کر ان سے کام کراتے ۔ ہماری موجودگی میں غلطی کا کوئی امکان نہ تھا۔مگر پہلے اس بدبخت کا نشانہ خطا ہوا۔ پھر داؤد راستے میں آگیا اور ساری گولیوں کا رخ اپنی طرف کرلیا۔

اتنی بڑی غلطی تم سے کیسے ہوئی۔تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ ایسے ہر کام کے وقت ہمارا کوئی نہ کوئی کارکن خود موجود رہتا ہے جو انسانوں کو اپنے کام پر جمائے رکھتا ہے۔

میرے آقا!اس دفعہ سوگویال کی آواز بلند ہوئی۔

ہم میں سے کوئی بھی وہاں موجود نہیں تھا۔ہمارا کوئی کارکن بھی وہاں موجود نہیں تھا۔مگر اس کی ایک وجہ تھی۔

کیا وجہ تھی؟ جلدی بتاؤ۔

سوگویال نے کچھ کہنے کے بجائے زاریوس کو دیکھا۔سوگویال خوفزدہ لگ رہا تھا۔

سوگویال کی حالت سے زاریوس نے محسوس کیا کہ اس خوفناک خبر کو سردار تک پہنچانے کا کام اسے ہی کرنا ہوگا۔

سردار میں،سوگویال اور منایوس اپنے بہت سے کارندوں کے ساتھ وہاں خود نگرانی کے لیے گئے تھے۔مگر حادثہ سے کچھ دیر قبل ہم نے وہاں اپنے قدیم دشمن کے پروں کی آہٹ محسوس کی۔ اس کے بعد ہم میں سے کسی کے لیے بھی یہ ممکن نہیں رہا کہ وہاں ٹھہر سکے۔ہمیں جان بچا کر وہاں سے بھاگنا پڑا۔

اوہ......اوہ......اوہ......میرے دشمن۔ابلیس کی نسل کے دشمن......تو یہ تم تھے۔

یہ کہتے ہوئے سردار اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔اس کے ساتھ ہی وہ تینوں بھی کھڑے ہو گئے۔

سردار بے چینی سے اپنے ہاتھ مل رہا تھا۔وہ خلا میں کسی سے مخاطب ہو کر بول رہا تھا۔

تم......تم......تو یہ تم تھے......سردار اعظم......سالار اعظم......فرشتوں کے سر کے تاج ...... مقرب خاص...... روح الامین۔جبرائیل......میرے دشمن جبرائیل......میرے آقا عزازیل کے دشمن جبرائیل...... یہ تم تھے جس نے اس منحوس گندے کیڑے کو ہم سے بچا لیا۔



سردار دیوانہ وار غصے میں بولے چلے جا رہا تھا۔اور وہ تینوں لرزتے ہوئے سردار کے غضب کو دیکھ رہے تھے۔اتنے غصے میں انہوں نے سردار کو کبھی نہیں دیکھا تھا۔

----------------

رات کے سیاہ اندھیرے میں دنیا سو چکی تھی۔بس خدا جاگ رہا تھا۔خدا کا بندہ جاگ رہا تھا۔خدا عرش پر تھا۔بندہ فرش پر تھا۔ایک طویل قیام کے بعد عبداللہ ایک طویل سجدہ کر رہا تھا۔ اس کی آنکھوں سے بہنے والا آنسوؤں کا سیلاب تھم نہیں رہا تھا۔روتے روتے اس کی ہچکیاں بندھ چکی تھیں۔اس کی رندھی ہوئی آواز بلند ہو رہی تھی۔

پروردگار کب تلک۔کب تلک تیرے نام پر یہ سب کچھ ہوگا۔پروردگار یہ کیسی دینداری ہے۔لوگ اپنے تعصّبات کو ایمان سمجھتے ہیں۔اپنی خواہشات کو دین بنا رکھا ہے۔یہ فرقہ پرستی اور قوم پرستی کو دین کہتے ہیں۔تیرے نام کو بدنام کرتے ہیں۔پروردگار جو شخص راستہ دکھانے اٹھتا ہے یہ اس کی جان کے درپے ہو جاتے ہیں۔یہ کیسے سفاک لوگ ہیں۔

پروردگار کیا ان سانپ کے بچوں کو روکنے والا کوئی نہیں۔پروردگار ان کو کب تک چھوٹ ملے گی۔تو کہاں ہے۔تو کہاں ہے۔

اللهم ان تهلك هذه الاصابه فلن يبلغ دينك الى الناس ابدا

یہ کہتے ہوئے عبداللہ کی فریاد آہ وزاری میں بدل گئی۔طوفان تھما تو صدا پھر ابھری۔

پروردگار یہاں کے لوگ اسلام سے محبت کرنے والے ہیں،مگر اپنی کمزوریوں کی بنا پر اسلام کے نام پر دھوکہ کھا گئے ہیں۔انہیں معاف کر دے۔ایک موقع اور دے دے۔ہم نے اپنی بدنصیبی دیکھ لی ہے،ہمیں اب ہماری خوش نصیبی دکھا دے۔پروردگار میرا مان رکھ۔اپنے قہر کو صرف مجرموں تک محدود کر دے۔قوم کو مت تباہ کر۔اگر تباہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے تب بھی اس کو

روک دے۔ اگر جبرائیل کو ہلاکت کا پیغام دے کر بھیج بھی چکا ہے تب بھی اس فیصلے کو واپس کر دے۔ تو ہر فیصلے کو بدل سکتا ہے۔ مگر تیرے فیصلے کو کوئی نہیں بدل سکتا۔

ہم میں ایسے لوگ پیدا کر دے جو ایمان اور اخلاق کی شمع اٹھا لیں اور تیرے عذاب کو ٹالنے کا باعث بن جائیں۔ ہمیں معاف فرما تو ہی ہمارا کارساز ہے۔ ہمیں توفیق دے کہ ہم تیرے کام کو اپنا کام بنالیں۔ تیرے پیغام اور تیرے دین کو دنیا تک پہنچا دیں۔ تیرے حبیب کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچا دیں۔ دنیا کے ہر گوشے اور ہر حصے تک اور ہر شخص تک تیرا پیغام پہنچ جائے۔

پروردگار میں تیری توفیق سے شیطان کے خلاف اعلان جنگ کرتا ہوں۔ تو اپنی ساری قوت اور طاقت کے ساتھ میری مدد کو آجا۔ اس لیے کہ شیطان کے لشکر بے گنتی ہیں اور اس کی طاقت بے اندازہ ہے۔ تیرے سوا کوئی اس کو شکست نہیں دے سکتا۔

میں اپنے سارے عجز اور ساری کمزوری کے ساتھ تیری کتاب کو ہاتھ میں لے کر اور تیرے محبوب انبیا کی پیروی میں تیرے دشمن، انسانیت کے دشمن شیطان کے خلاف اعلان جنگ کرتا ہوں۔ مجھے قبول فرما اور میری مدد فرما۔

عبداللہ کی آواز اور سسکیاں ایک ساتھ بلند ہو رہی تھیں۔

-----------------

سردار کا غضب تھا کہ تھم نہیں رہا تھا۔ آخر کار منایوس نے ہمت کر کے کہا۔

سردار اب کیا ہوگا؟

ہم مستقبل نہیں جانتے۔ خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ میں صرف اندازہ کر سکتا ہوں۔ اگر عبداللہ کو مار دیا جاتا تو جبرائیل خدا کا غضب بن کر اس پوری قوم کو ختم کر دیتا۔ لیکن لگتا یہ ہے کہ خدا ابھی اس قوم کو ختم نہیں کرنا چاہتا۔ اس نے ایک دوسرا فیصلہ دے کر جبرائیل کو بھیجا۔ اس نے



عبداللہ کو بچا لیا۔

سردار کچھ دیر کے لیے خاموش ہو گیا۔ وہ کچھ سوچ رہا تھا۔ آخر کار اس کی آواز دوبارہ بلند ہوئی۔

نبیوں کی غیر موجودگی میں اس طرح جبرائیل کا زمین پر آنا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ وہ صرف اس معمولی کیڑے عبداللہ کو بچانے کے لیے بھی نہیں آیا۔ عبداللہ کی اتنی اوقات ہے ہی نہیں کہ جبرائیل صرف اسے بچانے کے لیے زمین پر آئے۔ وہ یقیناً اور بھی بہت بڑے فیصلوں کے ساتھ ہی زمین پر اترا ہوگا۔

سردار جو صدیوں سے خدا کی سنت اور طریقہ کار کا مطالعہ کرتا چلا آرہا تھا، اس نے زندگی بھر کے تجربے کا نچوڑ پیش کرتے ہوئے اپنے اندیشوں کا اظہار کیا۔

کون سے بڑے فیصلے؟

منایوس نے دریافت کیا۔

میں نہیں جانتا۔ لیکن میرا اندازہ ہے کہ عبداللہ کے قتل کا منصوبہ بنانے والے اور قتل کرنے والے لوگوں پر خدا کا غضب ٹوٹے گا۔ یہی نہیں بلکہ اس خطے میں ہمارے مقاصد کے لیے استعمال ہونے والے لوگوں کو چن چن کر مار دیا جائے گا۔ جبرائیل کا زمین پر آنا بہت بڑی بات ہوتی ہے۔ اس کا نتیجہ ہمارے حق میں بہت برا نکلتا ہے۔ ہمارا بہت نقصان ہوگا۔ جو ہم چاہتے تھے وہ نہ ہو سکے گا۔ لگتا ہے سردست اس قوم کی فوری تباہی ٹل چکی ہے۔ اس قوم کو سوچنے سمجھنے اور فیصلہ کرنے کا شاید ایک موقع اور دیا گیا ہے۔ یہ بہت برا ہوا۔

پھر وہ خود ہی بولا۔

لیکن چلو اچھا ہوا۔ جبرائیل کے اس طرح غیر معمولی طور پر آنے سے میرے اندازے

درست ثابت ہو چکے ہیں۔ وہی ہونے جا رہا ہے جو میں نے سوچا تھا۔ وہی ہونے جا رہا ہے جو میں نے تم کو بتایا تھا۔ یہ بات تو بالکل کھل گئی ہے کہ خدا کرنا کیا چاہتا ہے۔ وہ مکمل خاتمے کی تیاری کر رہا ہے۔ اس کے لیے اسلام کی اصل دعوت کو دنیا تک پہنچانا چاہتا ہے۔ اسی لیے وہ عبداللہ جیسے خبیث کی اتنی مدد کر رہا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم پوری قوت کے ساتھ اعلان جنگ کر دیں۔ خدا کے خلاف۔ انسان کے خلاف۔ اب ہمیں ہر حال میں اپنے منصوبوں کو پورا کرنا ہے۔ انسانوں کے بیچ ایک عظیم جنگ کی آگ بھڑکانی ہے۔ یہی ہماری بچت کا واحد راستہ ہے۔ اپنی بقا کی جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ۔ عزازیل کے فرزندو! آخری جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ۔ عزازیل کے لشکرو! آؤ...... میرا ساتھ دو۔ میں نے اعلان جنگ کر دیا ہے۔

یہ کہتے ہوئے سردار نے اتنی زور سے چیخ ماری کہ ان تینوں کو لگا کہ ان کے کانوں کے پردے پھٹ جائیں گے۔ شدت غضب سے سردار کی آنکھیں سرخ انگارہ ہو چکی تھیں اور اس کے ہاتھ آسمان کی طرف بلند تھے۔ اس کی صدا زمین کے کونے کونے میں موجود تمام شیطانوں تک پہنچ چکی تھی۔

----------------

عبداللہ اور ناعمہ جمیلہ کے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کے سامنے بیٹھی جمیلہ کے آنسو نہیں تھم رہے تھے۔ سارہ اور صبا کی آنکھیں بھی پرنم تھیں۔ ان لوگوں کے دکھ کے احساس نے ناعمہ کو بھی دکھی کر رکھا تھا جس کے آثار اس کے چہرے سے عیاں تھے۔ عبداللہ بھی خاموشی سے بیٹھا ہوا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ جمیلہ کچھ اور رو لے تاکہ اس کے دل کا بوجھ کچھ ہلکا ہو۔

کچھ دیر فضا میں رونے اور سسکیوں کی آواز ہی گونجتی رہی۔ آخر کار ناعمہ نے جمیلہ کو مخاطب کر کے کہا۔



آپ کے دکھ پر ہم دونوں کو بھی بہت صدمہ ہے۔ ہم اس خبر کا سن کر فوراً ہی آتے، مگر عبداللہ کے دوست داؤد کے سانحے کی وجہ سے ہم خود بہت پریشان تھے۔

اس کی بات پر سارہ نے عبداللہ سے مخاطب ہو کر کہا۔

عبداللہ بھائی آپ کے دوست داؤد کے سانحے کا سن کر بہت افسوس ہوا۔ ہم ضرور آپ کے گھر آتے مگر اگلے دن ہی ہمارے گھر میں اتنا بڑا سانحہ ہو گیا جس نے ہمیں توڑ کر رکھ دیا۔ ہمارا جوان بھائی سعد ہم سے چھن گیا۔

یہ کہہ کر سارہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ ناعمہ اپنی جگہ سے اٹھ کر سارہ کے پاس جا بیٹھی اور اسے گلے سے لگا کر تسلی دینے لگی۔ اس کے حوصلہ دینے سے سارہ کچھ بہتر ہو گئی تو ناعمہ نے دریافت کیا۔

لیکن یہ حادثہ کیسے ہوا؟

بس ناعمہ باجی کیا بتائیں۔ ہم تو دوہری مصیبت میں آ گئے ہیں۔ پولیس کہتی ہے کہ سعد اپنے کچھ ساتھیوں کے ہمراہ ایک گاڑی میں شہر سے باہر جا رہا تھا کہ پولیس نے انہیں رکنے کا اشارہ کیا۔ مگر ان کی طرف سے پولیس پر فائرنگ ہو گئی۔ جس کے جواب میں پولیس نے فائرنگ کی اور گاڑی میں موجود تین افراد موقع پر ہی ہلاک ہو گئے۔ سعد، اس کا دوست شاہد اور ایک تیسرا شخص اور تھا۔ پولیس کہتی ہے کہ گاڑی میں بہت اسلحہ موجود تھا۔ اب وہ لوگ جنید کو بھی لے گئے ہیں۔

مگر جنید پر کیا الزام ہے؟ اس دفعہ عبداللہ نے سوال کیا۔

حمزہ گئے تھے معلوم کرنے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس پر کوئی الزام نہیں۔ صرف سعد کی سرگرمیوں کے بارے میں معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ معلومات لینے کے بعد وہ جنید کو چھوڑ دیں گے۔

اس کی بات ختم ہوئی تو جمیلہ تڑپ کر عبداللہ سے بولی۔

بیٹا میں نے اپنے جوان بیٹوں کو مسجد کی راہ اس لیے تو نہیں دکھائی تھی کہ ایک پولیس کے ہاتھوں مارا جائے اور دوسرا پولیس کی تحویل میں چلا جائے۔

یہ کہہ کر وہ دوبارہ بلک بلک کر رونے لگی۔صبا اپنی جگہ سے اٹھی اور اپنی ماں کو خاموش کرانے کی کوشش کرنے لگی۔

امی صبر کیجیے۔جنید بھائی جلد آ جائیں گے۔اور سعد بھائی نے پہلے ہی آپ سے کہہ دیا تھا کہ وہ گھر سے جا رہے ہیں۔جانے والوں کا غم نہیں کرتے۔

صبا یہ کہہ رہی تھی مگر ساتھ ساتھ اس کی آنکھوں سے بھی آنسو بہہ رہے تھے۔

میں آپ سے معافی مانگتا ہوں۔

عبداللہ نے یہ کہا تو سب اس کی طرف دیکھنے لگے کہ وہ جمیلہ سے کیوں معافی مانگ رہا ہے۔سب کی نگاہ میں سوالیہ نشان تھا۔عبداللہ نے بولنا شروع کیا۔

میں سارے اہل مذہب کی طرف سے آپ سے معافی مانگتا ہوں۔ہم مذہبی لوگوں نے آپ کو جوانی میں بھی حلالہ پر مجبور کر کے بدترین دکھ دیا اور بڑھاپے میں بھی جوان اولاد کا صدمہ دکھایا۔کاش ہم اہل مذہب کو اندازہ ہو جائے کہ ہماری ذمہ داری کتنی زیادہ ہوتی ہے۔ہماری سطحی،نامعقول،جذباتی اور متعصّبانہ سوچ کس طرح عام لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دیتی ہے۔آج کا مذہبی انسان دین کی بنیادی ترجیحات نہیں جانتا۔دین کا ہر حکم انسانوں کی جان،مال اور آبرو کے تحفظ کے اصول پر دیا گیا ہے۔یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑھ کر جانتے تھے۔مگر ہم نہیں جانتے۔میرے آقا نے انسانوں کی جان،مال اور آبرو کو سب سے بڑھ مقدم رکھا۔اور ہم جان،مال اور آبرو کی بربادی کو دین بنا چکے ہیں۔



مگر عبداللہ بھائی ایسا کیوں ہوتا ہے؟ سارہ نے دوپٹے سے آنسو پونچھتے ہوئے کہا۔

ایسا اس لیے ہوتا ہے کہ ہم میں سے کوئی بھی ختم نبوت کے عقیدے کو ماننے کے لیے تیار نہیں۔ہم زبانی طور پر سرکار دو عالم کو آخری نبی مانتے ہیں،مگر عملاً ہمارا ہر عالم اپنی جگہ ایک نبی بنا ہوا ہے۔جو اس نے سمجھ لیا وہ آخری حق ہے۔جس سے اختلاف نہیں ہو سکتا۔چنانچہ جب بھی کوئی سمجھانے والا سمجھانے کی کوشش کرتا ہے،لوگ خود کو آخری حق سمجھ کر بات ماننے سے انکار کر دیتے ہیں۔یوں اصلاح کا راستہ بند ہو جاتا ہے۔یہی فساد کی جڑ ہے۔یہ فرقہ واریت کی جڑ ہے۔یہی رویہ نفرت پھیلانے اور دین کی بدنامی کا سبب ہے۔ہم نے اپنی اصلاح نہیں کی تو ہر گھر میں مائیں ایسے ہی رو رہی ہوں گی۔

عبداللہ جمیلہ کو دیکھتے ہوئے کچھ دیر کے لیے رکا اور مغموم انداز میں بولا۔

کاش اس وقت سے قبل ہم کو سمجھ آ جائے کہ ہم میں سے کوئی بھی نبی نہیں۔ہم غلط ہو سکتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کسی کو بھی استعمال کر کے صحیح بات واضح کر سکتے ہیں۔ لوگ جھوٹے پروپیگنڈے اور مہم بازی کو بند کر کے علمی اختلاف کو علمی طریقے سے بیان کرنے تک خود کو محدود کر لیں تو اللہ تعالیٰ صحیح بات کو خود ہی عام کر دیتے ہیں۔مگر یہاں تو ہر سمجھانے والے کو بدنام کرنا عین دینی عمل بن گیا ہے۔ایسے میں صحیح بات تو کبھی عام نہیں ہو گی۔نفرت اور فساد کا بازار گرم رہے گا۔کاش مکمل تباہی سے قبل ہم لوگوں کو اس بات کی سمجھ آ جائے۔

تھوڑی دیر تک خاموشی رہی۔پھر عبداللہ کی آواز بلند ہوئی

یہ قوم بری نہیں ہے۔یہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرنے والی قوم ہے۔مگر اسے ٹھیک بات نہیں بتائی جا رہی۔اسی سے خرابی پیدا ہوئی ہے۔مگر یہی اللہ کے حضور ہماری معذرت ہے۔مجھے یقین ہے کہ اسی عذر کی بنا پر اللہ تعالیٰ ہماری قوم کو مکمل تباہی سے قبل ایک موقع ضرور دیں

گے۔ اب ایسے لوگ اٹھیں گے جو اللہ کی مرضی اور منشا کو پوری طرح کھول کر رکھ دیں گے۔ وہ نہ کسی سے ڈریں گے نہ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پروا کریں گے۔ یہاں تک کہ لوگ جان لیں گے کہ دین کی اصل دعوت آخرت کی نجات کی دعوت ہے اور اس کا راستہ ایمان و اخلاق ہے۔ مسلمانوں کا اصل کام دوسرے انسانوں سے لڑنا نہیں شیطان سے لڑنا ہے۔ شیطان سے لڑائی یہی ہے کہ لوگوں کو توحید کی دعوت دی جائے۔ اس پیغام کو جاننے کے بعد بھی لوگ باز نہیں آئے تو پھر دنیا کی کوئی طاقت ہمیں مکمل تباہی سے نہیں بچا سکتی۔

یہ کہہ کر عبداللہ نے سر جھکا لیا۔ اس کی باتوں کے بعد کسی کے پاس کہنے کو کچھ نہ تھا۔

-----------------

عبداللہ اپنی اسٹڈی میں خاموشی سے بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے چہرے پر کرب کے آثار تھے اور دل رنج سے بھرا ہوا تھا۔ ایک طرف داؤد کی موت نے اس کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ دوسری طرف اس کے خلاف ہونے والے شدید پروپیگنڈے نے ایک طوفان اٹھا رکھا تھا۔ جھوٹ، الزام، بہتان اور کردار کشی کے اس طوفان میں ہر سچائی چھپ چکی تھی۔ وہ سوچ رہا تھا کہ ایک تنہا چراغ کی ٹمٹماتی ہوئی لو کب تک ان تیز آندھیوں کا مقابلہ کر سکے گی۔

اسی عالم میں اس نے بے خیالی میں سامنے رکھا ہوا قرآن مجید اٹھایا اور بغیر کسی خاص مقصد کے ایک جگہ سے کھول لیا۔ اس کے سامنے جو صفحہ کھلا اس پر جیسے ہی اس کی نگاہ پڑی تو سورہ آل عمران کی یہ آیت اس کے سامنے تھی۔

''اگر تم صبر کرو گے اور تقویٰ اختیار کرو گے تو ان کی چالیں تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گی۔''

اس لمحے عبداللہ کو لگا کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے مخاطب ہو کر خود یہ بات کہی ہو۔ اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ اس نے بے اختیار قرآن مجید کو اپنے سینے سے لگا لیا۔ اسے لگا کہ اس



کے جلتے ہوئے سینے میں ٹھنڈک پڑ گئی ہے۔

وہ اسی حال میں تھا کہ اس کے فون کی گھنٹی بجی۔ نمبر اجنبی تھا بلکہ ملک سے باہر کا تھا۔ عبداللہ نے فون پر السلام علیکم کہہ کر کال وصول کی۔

جواب میں انگریزی زبان میں، مگر کچھ مختلف لہجے میں ایک نسوانی آواز آئی۔

کیا میں عبداللہ صاحب سے بات کر سکتی ہوں۔

جی میں عبداللہ ہی بات کر رہا ہوں۔

سینیور! میں مارگریٹ بات کر رہی ہوں۔

ایک لمحے کے لیے عبداللہ خاموش ہو گیا۔ وہ اپنی یادداشت کھنگال رہا تھا کہ مارگریٹ کون ہے۔ پھر مارگریٹ کے نام سے زیادہ سینیور کے الفاظ نے عبداللہ کی مدد کی۔ اس کے ذہن میں الحمرا آ گیا۔ اسپین کا سفر۔ داؤد سے ملاقات اور اس کے ساتھ الحمراء میں ملنے والی لڑکی...... مارگریٹ۔ جسے عبداللہ نے اسلام سے متعلق کتاب پڑھوائی تھی۔

کیسی ہیں مارگریٹ آپ؟

سینیور! کیا آپ مجھے پہچان گئے؟

جی سینیوریٹا! میں آپ کو پہچان گیا ہوں۔

سینیور! میں آپ کو کچھ بتانا چاہتی ہوں۔

جی بالکل ضرور بتائیے۔ میں سن رہا ہوں۔

میں مسلمان ہو گئی ہوں۔ میں اللہ کی توفیق اور آپ کی مہربانی سے مسلمان ہو گئی ہوں۔

عبداللہ ایک لمحے کے لیے گنگ ہو گیا۔ اس کے لیے یہ خبر بالکل غیر متوقع تھی۔

سینیور آپ سن رہے ہیں۔

جی ۔میں سن رہا ہوں ۔آپ کو بہت بہت مبارک ہو۔ ہدایت کے راستے اور جنت کی منزل کی طرف بڑھنے والے قدموں پر سلام ہو۔ میرے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اس راہ پر میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں ۔

شکریہ سینیور۔ میں آپ کو کچھ سنانا چاہتی ہوں ۔

جی ضرور۔ میں سن رہا ہوں ۔

اشھدان ......لااله الاالله ......و اشهد ان...... محمدا رسول الله۔

مارگریٹ کے اٹکتے ہوئے یہ الفاظ عبداللہ کی سماعت سے ٹکرائے تو اسے یوں لگا کہ داؤد مرتے وقت جو کلمہ مکمل نہیں کرسکا، مارگریٹ نے اسے پورا کردیا۔اس کی زبان سے اللہ اکبر کا کلمہ نکلا اور اس کی آنکھوں سے بے اختیار شکر گزاری کے آنسو جاری ہو گئے ۔

----------------

جنید اپنی دونوں بہنوں سارہ اور صبا سمیت عبداللہ سے ملنے آیا ہوا تھا۔اس کا چہرہ اترا ہوا تھا۔ جوان بھائی کی موت نے اسے توڑ کر رکھ دیا تھا۔اس نے عبداللہ کو بتایا کہ پولیس کے مطابق سعد اور مرنے والے دیگر لوگ دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث تھے۔ وہ جنید سے بہت کچھ پوچھتے رہے، مگر وہ اپنے بھائی کی سرگرمیوں کے بارے میں زیادہ جانتا تھا نہ ان کو کچھ بتا سکا۔

اس کی بات ختم ہوئی تو صبا نے سہمے ہوئے لہجے میں کہا۔

عبداللہ بھائی اب مجھے بہت ڈر لگنے لگا ہے۔

صبا بیٹا تم ڈرو نہیں۔ اللہ سے مدد مانگو۔ جو اللہ سے مانگتے ہیں انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

اس کی بات پر سارہ بولی۔



عبداللہ بھائی ہم کیا کریں ۔ہم پر ایک کے بعد ایک مصیبتیں آئے جا رہی ہیں ۔

مصیبتوں سے نجات پانا چاہتی ہو تو اللہ کی فوج میں شامل ہو جاؤ۔اس وقت اسلام کے نام پر ڈیڑھ ارب سے زیادہ لوگ کھڑے ہیں۔ مگر اپنی خواہشات اور تعصّبات سے بلند لوگ ڈھونڈے سے نہیں ملتے۔اگر تم ان سے بلند ہو جاؤ گی تو خدا کی فوج میں شامل کرلی جاؤ گی۔ ہر بادشاہ اپنی فوج کا خود خیال رکھتا ہے۔اللہ کی فوج میں شامل ہو گی تو وہ غم اور دکھ کے ہر موقع پر تم کو بچائے گا اور تمہاری مدد کرے گا۔

مگر ہمیں کرنا کیا ہو گا؟

صبا نے گہرے جذبے کے ساتھ سوال کیا۔

انسان اور شیطان کے درمیان تاریخ کی آخری جنگ اب شروع ہونے والی ہے۔ اس جنگ میں شیطان کے ساتھ بے گنتی لوگ ہیں ۔مگر میرے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تنہا کھڑے ہیں۔آپ کے ساتھ کوئی نہیں۔آج آپ فرقہ پرست مسلمانوں کی بھیڑ میں تنہا ہیں۔

یہ کہتے ہوئے عبداللہ کی آنکھیں نمناک ہو گئیں ۔وہ بولتا رہا......

تم اپنی خواہشات اور تعصّبات سے بلند ہو کر ان کے ساتھ جا کر کھڑی ہو جاؤ اور شیطان کے خلاف جنگ کرو۔ یہی اللہ کی فوج کا اصل کام ہے۔

مگر شیطان نظر نہیں آتا ہم اس کے خلاف کیسے جنگ کریں؟اس دفعہ سارہ نے سوال کیا۔

شیطان نظر نہیں آتا، مگر اس کے اثرات نظر آتے ہیں ۔وہ اللہ کے بندوں کو اللہ کی بندگی سے دور کرتا ہے۔ ہمیں اللہ کے بندوں کو دوبارہ اللہ کے قدموں میں لا کر ڈالنا ہے۔اس کے لیے ان کو ایمان اور اخلاق کی دعوت دینا ہوگی۔قرآن مجید کی تعلیمات کو دوسروں تک پہنچانا ہوگا۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور اخلاق عالیہ کا عملی نمونہ بننا ہوگا۔تم جہاں کہیں بھی کھڑی ہو وہیں

پر سراپا ہدایت سراپا روشنی بن جاؤ۔ تب ہی شیطان کے اثرات کا خاتمہ ہوگا۔ اب بتاؤ کون ہے جو شیطان کے خلاف اس جنگ کو لڑنے کا ارادہ کرتا ہے؟

عبداللہ کی بات پوری بھی نہیں ہوئی تھی کہ صبا پورے جوش کے ساتھ بولی۔

میں اٹھوں گی۔ میں لڑوں گی شیطان کے خلاف۔ میں ہوں اپنے نبی کے ساتھ۔

سارہ نے بھی پر عزم لہجے میں کہا۔

میں بھی شیطان کے خلاف اس جنگ میں اپنے آقا کے ساتھ ہوں۔

جنید جو ابھی تک خاموشی سے بیٹھا تھا اپنی جگہ سے اٹھا اور عبداللہ کے قریب آ کر اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر پر عزم لہجے میں گویا ہوا۔

میری ماں اور بھائی کے ساتھ جو کچھ ہوا، اب میں کسی اور کی ماں اور بھائی کے ساتھ یہ نہیں ہونے دوں گا۔ میں شیطان کو بتا دوں گا کہ یہ میدان جنگ اسے خالی نہیں ملے گا۔ میں اپنی موت تک شیطان سے جنگ کروں گا۔ میں ہوں اپنے نبی کے ساتھ۔

اس کی بات سن کر عبداللہ اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا اور اسے گلے لگاتے ہوئے بولا۔

اللہ اکبر۔ انسان نے شیطان کے خلاف اعلان جنگ کر دیا ہے۔ انشاء اللہ اب یہ جنگ شیطان کی مکمل شکست کے ساتھ ہی ختم ہوگی۔

-----------------




# ''جب زندگی شروع ہوگی''

(مصنف: ابو یحییٰ)

- ☆ ''آخری جنگ'' کا پہلا حصہ......''آخری جنگ'' کا ابدی انجام
- ☆ ایک ایسی کتاب جس نے دنیا بھر میں تہلکہ مچا دیا
- ☆ ایک ایسی تحریر جسے لاکھوں لوگوں نے پڑھا
- ☆ ایک ایسی تحریر جس نے بہت سی زندگیاں بدل دیں
- ☆ ایک ایسی تحریر جو اب ایک تحریک بن چکی ہے
- ☆ آنے والی دنیا اور نئی زندگی کا جامع نقشہ ایک دلچسپ ناول کی شکل میں
- ☆ ایک ایسی تحریر جو اللہ اور اس کی ملاقات پر آپ کا یقین تازہ کر دے گی
- ☆ علم و ادب کی تاریخ میں اپنی نوعیت کی پہلی تصنیف

**کتاب رعایتی قیمت پر گھر بیٹھے حاصل کرنے کے لیے رابطہ کیجیے**

**03323051201**

**03458206011**

## ’’قسم اُس وقت کی‘‘

(مصنف: ابویحییٰ)

- ☆ ابویحییٰ کی شہرہ آفاق کتاب ’’جب زندگی شروع ہوگی‘‘ کا دوسرا حصہ
- ☆ ایک ایسی کتاب جس نے کفر کی طرف بڑھتے کئی قدموں کو تھام لیا
- ☆ ایک منکر خدا لڑکی کی داستان سفر جو سچ تلاش کرنے نکلی تھی
- ☆ ایک خدا پرست کی کہانی جس کی زندگی سراپا بندگی تھی
- ☆ اللہ تعالیٰ کی ہستی اور روز قیامت کا ناقابل تردید ثبوت
- ☆ رسولوں کی صداقت کا نشان دور رسالت کی زندہ داستان
- ☆ کفر و الحاد کے ہر سوال کا جواب ہر شبہے کا ازالہ
- ☆ ایک ایسی کتاب جو آپ کے ایمان کو یقین میں بدل دے گی


**کتاب رعایتی قیمت پر گھر بیٹھے حاصل کرنے کے لیے رابطہ کیجیے**

**03323051201**

**03458206011**


## ابویحییٰ کی دیگر کتب

### ’’قرآن کا مطلوب انسان‘‘

قرآن و حدیث کی روشنی میں جنت میں داخلے کا یقینی راستہ

---

### ‘‘When Life Begins’’

English Translation of Abu Yahya Famous book

**Jab ZindagiShuruHo Gee**

---

### ’’بس یہی دل‘‘

دل کو چھو لینے والے مضامین ذہن کو روشن کر دینے والی تحریریں

---

### ’’تیسری روشنی‘‘

نفرت اور تعصب کے اندھیروں کے خلاف روشنی کا جہاد

---


**کتابیں رعایتی قیمت پر گھر بیٹھے حاصل کرنے کے لیے رابطہ کیجیے**

**03323051201**
**03458206011**

# ابو یحییٰ کی دیگر کتب

## ''رحمتوں کے سائے میں''

رمضان کریم کی حکمت اور فلسفے کا دلنشین بیان

---

## ''کھول آنکھ زمیں دیکھ ''

مغرب و مشرق کے سات اہم ممالک کا دلچسپ اور معلوماتی سفرنامہ

---

## ''حدیثِ دل''

موثر انداز میں لکھے گئے علمی، فکری اور تذکیری مضامین کا مجموعہ

---

## ''ملاقات''

اہم علمی، اصلاحی اور اجتماعی معاملات پر ابو یحییٰ کی ایک نئی فکر انگیز کتاب

---


کتابیں رعایتی قیمت پر گھر بیٹھے حاصل کرنے کے لیے رابطہ کیجیے

**03323051201**

**03458206011**